آثارِ نوشاہیہ

۱۷۲

☆

سید شرافت نوشاہی

Collection of Prof. Muhammad Iqbal Mujaddidi
Preserved in Punjab University Library.

پروفیسر محمد اقبال مجددی کا مجموعہ
پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ شدہ

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝

رسالہ فیض مقالہ

بحق

بخدمت جناب محمد اسمٰعیل صاحب مجددی

اذکارِ نوشاہیہ

مشتمل بر

حالات و مقالات حضرات مشائخ قادریہ نوشاہیہ رضوان اللہ علیہم اجمعین

تالیفِ لطیف

حضرت مولٰنا ابو الظفر سید شریف احمد صاحب شرافت قادری نوشاہی مدظلہٗ

مقیم آستانہ عالیہ حضرت نوشہ گنج بخش مجدد اکبر قدس اللہ سرہ العزیز

مقام ساہن پال شریف ۔ ضلع گجرات

شرافت نوشاہی
۳
۱۵ / ۶۸



ناشر

انجمن ساداتِ نوشاہیہ ۔ ساہنپال شریف (گجرات)

Marfat.com

13053

بارِ اوّل

جُملہ حقُوق بحقِ ناشِر محفُوظ ہَیں

ناشِر
"انجمن سادات نوشاہیہ" ساہن پال شریف ضلع گجرات

تصنیف : ۴ محرم ۱۳۵۲ھ
اضافۂ حواشی: ۱۳۸۳ھ ۱۹۶۳ء

اشاعت: ۱۹۶۴ء

(فی جلد: ایک روپیہ)

مندرجہ ذیل پتوں سے کتاب ہذا طلب فرمادیں :-
۱۔ مکتبہ نوشاہیہ - ساہنپال شریف - ڈاکخانہ ٹھٹہ عالیہ - ضلع گجرات
۲۔ جدید کتاب خانہ - چوک شاہ دولہ مُسلم بازار - گجرات سٹی -
۳۔ دارالاشاعت علُوم اسلامیہ - حسین آگاہی - ملتان شہر
۴ - مولوی شمس الدین تاجر کُتب - زیر مُسلم مسجد - لوہاری گیٹ - لاہور

مطبُوعہ استقلال پریس - چوک مینار - انارکلی - لاہور

Marfat.com

Marfat.com

فہرست مضامین اذکارِ نوشاہیہ

مضمون	صفحہ
اُلّف کا عکس۔	
رفِ اوّلین	۷
بش لفظ	۱۱
رض حال	۱۳
غاز کتاب	۱۵
شجرہ شریف قادریہ نوشاہیہ برخوردار	۱۷
شجرہ نوشاہیہ رحمانیہ	۲۱
شجرہ نوشاہیہ قلندریہ	۲۲
حضرت سید حافظ حاجی محمد نوشہ گنج بخش صاحبؒ	۲۳
ام و لقب	″
نسب نامہ	″
تحصیل علوم۔ بیعت۔ خلافت۔	۲۸

مضمون	صفحہ
حج حرمین الشریفین	۲۸
غوثیت۔ قطبیت۔ محبوبیت۔	″
فضائل و مناقب	۲۹
جاگیر	″
تصانیف۔	۳۰
اولاد	″
یارانِ طریقت	۳۱
وفات و مدفن	۳۳
تاریخِ وفات کی تحقیق	″
بعض مؤرخین کی تاریخی غلطیاں	۳۵
حضرت سید حافظ محمد برخوردار بحر العشق	۴۲
نام۔ نسب۔ خلافت۔ نیابت۔	″

Marfat.com
Marfat.com

مضمون	صفحہ
تحصیل علوم - فن کتابت - زہد -	۴۳
منصب قطبیت - غوثیت -	۴۴
فضائل و کمالات -	//
معرفت کا خزانہ ملنا -	۴۵
سخی بادشاہ کی بشارت -	//
ادب و اعتقاد -	//
مدار المہام ہونا -	//
قابلیت امور مشکلہ -	۴۷
سیف اللسان ہونا -	//
حج کی سعادت پانا -	//
تصانیف -	//
اولاد -	۴۸
یارانِ طریقت -	۵۰
وفات و مدفن -	//
حضرت سید حافظ جمال اللہ فقیہ اعظم رح	۵۱
نام - ارادت - خلافت -	//
تحصیل علوم - تدریس - وعظ -	۵۲
خرقہ - تبرک - جذبہ - تطہیر -	۵۳
فضائل - مجاہدہ - ریاضت -	۵۴
اولاد -	//
یارانِ طریقت	۵۴
وفات - مدفن -	۵۵
حضرت سید حافظ محمد حیات ربانی رح	۵۶
نام - ارادت - خلافت -	۵۷
تحصیل علوم - خرقہ تبرک - سیاحت	//
فیاضی - ولایت - تدریس -	//
تصانیف -	۵۸
اولاد -	۵۹
یارانِ طریقت	۶۰
وفات - مدفن -	//
حضرت سید حافظ نور اللہ رح فرشتہ صفات	۶۱
نام - نسب	//
تحصیل علوم - وعظ - منصب قضا -	//
بیعت - خلافت - خرقہ تبرک - کشف	۶۲
سکھ حاکموں کی آپ سے عقیدت -	//
فضائل و مناقب -	۶۳
تصانیف -	//

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

مضمون	صفحہ
اولاد -	۶۴
یاران طریقت -	"
وفات - مدفن -	۶۵
حضرت سیّد حافظ الٰہی بخش مظہر حق رح	۶۶
نام ونسب -	"
تحصیل علوم - بیعت - خلافت - ولایت	"
خوارق - تصرّفات -	۶۷
خصائل حمیدہ -	"
تصانیف	۶۸
اولاد -	"
یارانِ طریقت -	۶۹
وفات و مدفن -	"
حضرت سیّد حافظ قُل احمد نوشاہ ثانی رح	۷۱
نام ونسب	"
بشارت غیبی - ارشاد سلیمانیہ	"
تحصیل علوم - بیعت - خلافت	۷۲
شہنشہیت - غوثیت	
قطبیت - تصرفات	"

مضمون	صفحہ
تصانیف -	۷۳
اولاد -	"
یاران طریقت -	۷۴
وفات ، مدفن	۷۵
حضرت سیّد محمد امین مختار السالکین رح	۷۶
نام ونسب -	"
تحصیل علوم - بیعت - خلافت -	"
ریاضت - مجاہدہ - معمولات -	۷۷
خصائل - فضائل -	"
زراعت - سخاوت - کرامت -	"
اولاد	۷۸
یاران طریقت	۷۹
وفات - مدفن -	"
حضرت سیّد حافظ محمد شاہ نیک اختر رح	۸۱
نام ونسب -	"
تعلیم - دعائے والد	"
تلقین ذکر - بیعت - خلافت	۸۲
خرقہ تبرک	
غوثیت - استعداد باطنی -	"

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

مضمون	صفحہ
تصانیف -	۸۳
اولاد -	″
یارانِ طریقت -	″
وفات و مدفن -	۸۴
اعلیٰحضرت سیّد غلام مصطفےٰ نوشاہی	۸۵
نام ونسب -	″
تحصیل علوم - مطالعۂ کتب	″
بیعت - خلافت - کلاہ تبرک -	۸۶
بیعت روحی - زیارتِ بزرگاں -	″
حضور نبوی - فیضانِ نبوت وولایت	″
فضائل وکمالات -	۸۷
تصانیف -	″
اولاد -	۸۸
یاران طریقت	۸۹

مضمون	صفحہ
عمر مبارک	۹۰
اورادِ ضروری	۹۲
نقشہ تاریخ - اعراسِ مشائخ قادریہ نوشاہیہ	۹۵
خاتمہ -	۹۹
نقشہ مزارات مقبرۂ نوشاہیہ	۱۰۰
فہرست اسمائے مزارات مقبرۂ نوشاہیہ	۱۰۰
قصیدۂ مدحیہ - از علامہ صوفی محمد افضل صاحب طور	۱۱۰
قطعات تاریخ طباعت - از جناب فدا حسین صاحب فدا	۱۱۲

Marfat.com

Marfat.com

حرفِ اوّلین

از جناب مولانا علامہ اقبال احمد صاحب فاروقی فاضل جامعہ عباسیہ بہاولپور
منشی فاضل، ایم اے، ایل ایل بی، مدظلہ العالی

اہل اللہ جہاں بیٹھے۔ ایک جہان آباد کر کے اُٹھے۔ جہاں قدم رکھے وہاں سے قیامت تک کیف و سُرور کے چشمے پھُوٹتے رہے۔ جو بات مُنہ سے نکلی، وہ داستانِ حیات بن گئی۔ اور جو اشارہ کیا، وہ اہل دل کے لئے سبق محبّت بن گیا۔ زمانے کے انقلاب ان نقوش کو مٹا نہ سکے۔ اور صدیاں گزرنے پر بھی اہل اللہ کے نقوش نہ مٹ سکے ؎

شدیم خاک ولیکن زبوئے تربتِ ما
تواں شناخت کزیں خاک مردمے خیزد

اہل ذوق ان ہستیوں کے نقش کف پا کا سُراغ لگانے کی کوشش میں رہے۔ اور اپنی بساط کے مطابق، اذکار و افکار کے چند ٹکڑے اکٹھے کر کے داستانیں بناتے گئے۔ بزرگانِ دین کے تذکرہ نویس اپنے قلم کی نارسائی کا اعتراف کرنے کے باوجود حالات و کوائف قلمبند کرتے رہے۔ انہوں نے پوری کوششیں کیں کہ اہل دل کے سوانحی حالات کو الفاظ کے آبگینوں میں اتار کر ہمارے ذوق کی تسکین کریں۔ مگر ہر بار اعترافِ عجز ہی میں بن آئی۔ اس حقیقت کو سمجھنے کے لئے یہ بات کم وزنی نہیں کہ بزرگانِ دین کے

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

تذکرہ نویسوں نے تاریخ پیدائش و وصال میں ہمیشہ ٹھوکریں کھائیں۔ حالات و کوائف میں تضاد و تواتر سے کام لیا۔ جب اس طرح بھی داستان ادھوری رہی تو کرامات و اقوال کو اکٹھا کر کے "سوانحعمری" کی شکل دے دی۔

پیش نظر کتابچہ "اذکارِ نوشاہیہ" بھی ایک صاحب ذوق کی قلمی کوشش ہے۔ جس میں نوشاہی خاندان کے چند بزرگوں کے مختصر حالات و کوائف کو ناظرین کے مطالعہ میں پیش کیا جا رہا ہے۔

اس تذکرہ کی امتیازی حیثیت اس بات سے تسلیم کرنا پڑے گی۔ کہ مصنف سید شریف احمد شرافت زید مجدہٗ۔ نہ صرف صاحب قلم۔ صاحب تصنیف اور فنِ تذکرہ نویسی کے شناسا ہیں۔ بلکہ جن بزرگانِ دین کے حالات قلمبند کر رہے ہیں۔ اُن سے ان کا نسبی تعلق ہے۔ اور ان بزرگوں کے کئی پشتوں کے علمی ذخائر۔ مخطوطات۔ خود نوشت حالات انکی ذاتی لائبریری میں موجود ہیں۔ جن کی روشنی میں یہ حالات جمع کیے گئے ہیں۔ فاضل مصنف نے کرامات و اقوال کی گرانباری سے ہٹ کر نوشاہی بزرگوں کے ضروری حالات و کوائف کو سپرد قلم کرنے کی کوشش کی ہے۔ آج تک مختلف تذکروں سے جو حالات پہنچے ہیں ان میں تضاد و تواتر حالات نے اتنا خلط مبحث کر دیا ہے کہ ان بزرگوں کی تاریخ پیدائش و وفات تک کی ضروری چیزیں غلط درج ہیں۔ اور بعض حالات کو جب ان تاریخوں سے تطبیق دی جاتی ہے۔ تو وہ مضحکہ خیز بن جاتے ہیں۔ زیر نظر تذکرہ مستند ماخذ اور قریب ترین ذرائع کے استدراک کا نتیجہ ہے۔ اور جس اقتصار۔ جامعیت اور

Marfat.com

سند سے تیار کیا گیا ہے۔ وہ مستقبل کے تذکرہ نویس کے لئے مشعل راہ کا کام دے گا۔

پاک و ہند میں صُوفیائے اسلام میں نوشاہی قادری مکتب رُوحانیت کو جو مقام حاصل ہے۔ وہ اہلِ نظر سے پوشیدہ نہیں۔ مغلیہ خاندان کے عُروج و کمال کے زمانہ میں ان صُوفیائے رُوحانی دُنیا کی تشو و نما میں حصّہ لینا شروع کیا۔ حاجی محمد نوشاہ گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ نے اس مکتب کی داغ بیل ڈالی۔ اور ان بزرگوں کے فیضان نظر نے جو ہستیاں پیدا کیں۔ وہ آسمان روحانیت پر آفتاب و ماہتاب بن کر چمکے۔ انکی خانقاہیں رُوحانیّت کی بہترین درس گاہیں بنیں۔ ان کی مجلسیں دُکھی انسانیت کا دارالعلاج تھیں۔ اور ان کے اقوال بھٹکتے دلوں کے لئے چراغ راہ تھے۔ نوشاہی بزرگوں نے عوام کے قلب و نظر کو نکھارنے میں جو اہم کام کیا ہے۔ وہ بڑا تفصیل طلب موضوع ہے۔ مگر ہم اتنا کہے بغیر نہیں رہ سکتے۔ کہ شہنشاہوں کے درباروں سے لیکر فقراء کے بوریا تک فیضان نظر نے ہر جگہ کام کیا۔ نقشبندیوں کا جذب۔ چشتیوں کا وجد۔ سہروردیوں کی ہاؤ ہو۔ اور قادریہ کا ذکر "ہو" اپنا اپنا مقام رکھتے ہیں۔ مگر نوشاہی مکتب رُوحانیت نے قلب و جگر کو جو ضرب عنایت کی ہے، وہ ہر ایک کا حصّہ نہیں ؎

گریز داز صفِ ما ہر کہ مرد غوغا نیست
کسے کہ کُشتہ نہ شد از قبیلۂ ما نیست

؎ سلسلۂ قادریہ کی ایک شاخ۔

Marfat.com

اس تذکرہ میں ایک اہم چیز یہ ہے۔ کہ سادات نوشاہیہ کے ابتدائی دور سے لے کر موجودہ ایام کے تمام افراد کے اذکار کو جمع کیا گیا ہے۔ اور حاشیہ پر مقامات و تواریخ کا اضافہ مصنف کی محنت شاقہ کی دلیل ہے۔ یہ مختصر حاشیہ کی افادیت عوام کے لئے نہ سہی، تذکرہ نویسوں کی بہت بڑی ضرورت کو پورا کیا گیا ہے۔

عقیدت کیش اور صاحب ذوق حضرات کے لئے شجرہ جات اور معمولات و اوراد کا اضافہ ایک بیش بہا نعمت ہے۔

فاضل مصنف نے حالات کے ساتھ ساتھ مقامات و مساکن کے جو اشارے پیش کئے ہیں۔ اس سے بزرگان نوشاہیہ کے روحانی فیضان کو سمجھنے میں بڑی مدد ملتی ہے۔ اور جو لوگ ان مقامات سے گزرتے ہیں۔ انہیں اس عظیم کام کی اہمیت واضح ہو جاتی ہے۔ فاضل مصنف کی یہ مختصر تصنیف ان صاحب علم حضرات کو ایک دعوت ہے۔ جو بزرگان دین کے مفصل حالات لکھیں گے۔ خداوند تعالیٰ مصنف کی اس کوشش کو قبول فرمائے اور ناظرین اس کتابچہ سے فائدہ اٹھائیں۔

یکم جنوری ۱۹۶۴ء
لاہور

نیازمند
اقبال احمد فاروقی

Marfat.com

Marfat.com

شبیہ حضرت مولانا سید شریف احمد صاحب شرافت مؤلف کتاب ہذا

Marfat.com

پیش لفظ

از جناب حکیم محمد موسیٰ صاحب امرتسری

مغربی پاکستان کے مشائخ و سجادگان کے اکثر خاندانوں اور خانوادوں میں اُن کے اسلاف کرام کے مخطوطات اس قدر موجود و محفوظ ہیں کہ اگر اُن کے اخلاف افادۂ عام کے لئے ان نوادر کو شائع کر دیں تو تاریخ کے طالب علموں پر احسان عظیم کے علاوہ یہ نہایت قیمتی جواہر ضائع ہونے سے بچ جائیں گے۔ کیونکہ علم و عرفان نہ کسی خاندان میں ہمیشہ رہا ہے اور نہ ہی اپنے اسلاف کے کارناموں کو محفوظ رکھنے کی ہر انسان میں صلاحیت ہوتی ہے۔

اس حقیقت کو حضرت مولانا پیر غلام دستگیر نامی لاہوری رحمۃ اللہ علیہ نے خوب سمجھا تھا۔ چنانچہ انہوں نے اپنے دودمانِ جلیلہ کے بزرگوں کی تصانیف اور حالات کی خوب اچھی طرح اشاعت کی۔ جس کی بدولت یہ نادر و نایاب علمی تبرکات تباہ و برباد ہونے سے بچ گئے اور ان کے محفوظ ہو جانے سے مؤرخین و مصنفین پر بہت سی نئی راہیں کھل گئیں۔ اس ایثار عظیم کے بدولت حضرت نامی صاحب رح کا نام نامی و اسم گرامی ہمیشہ صفحاتِ تاریخ پر درخشندہ و تابندہ رہے گا ؎

نام نیک رفتگاں ضائع مکن
تا بماند نام نیکت یادگار

حضرت نامی صاحب مغفور کی طرح ان کے دوست حضرت سید شرافت نوشاہی کے خاندان میں صدیوں سے اہل علم و عرفان بزرگ پیدا ہوتے چلے آرہے ہیں اور ان کے فیضان علمی و روحانی سے ایک زمانہ مستفید و مستفیض ہوتا چلا آرہا ہے۔ جناب نامی رح والا جذبہ شرافت مآب سید شرافت نوشاہی مدظلہ العالی میں بھی بدرجۂ اتم پایا جاتا ہے۔ چنانچہ انہوں نے اپنے خاندان کے بزرگوں کے مخطوطات کو مرتب کرنے کے علاوہ اُن کے حالات و کمالات پر بھی کئی کتابیں تصنیف کی

Marfat.com

ہیں۔ ان تصانیف کے منظرِ عام پر آنے کے بعد اہل علم، مؤرخین اور دلدادگان تصوّف واحسان کو ایک گراں بہا اور نہایت قابلِ قدر مواد ہاتھ آئے گا۔

پیش نظر رسالہ "اذکار نوشاہیہ" جناب مصنف مدفیوضہم کی ایک پرانی تصنیف ہے جو اب حلیہ طبع سے آراستہ ہو رہی ہے۔ دراصل آپ کی یہ تصنیف ایک تعارف کی حیثیت رکھتی ہے۔ اس موضوع پر انہوں نے ایک نہایت مبسوط اور جامع کتاب "شریف التواریخ" (در سہ جلد) تصنیف فرمائی ہے۔ "شریف التواریخ" کا مسوّدہ احقر راقم الحروف کی نظر سے گزر چکا ہے۔ جناب مصنّف علّام کی یہ مایۂ ناز کتاب جب زیورِ طبع سے مزیّن ہو کر شائقین کے ہاتھوں میں پہنچے گی تو جو تشنگی رسالہ "اذکار نوشاہیہ" میں ایجاز و اختصار کی وجہ سے پائی جاتی ہے، اس کا پورے طور پر ازالہ ہو جائے گا۔

"شریف التواریخ" نہ صرف حاجی نوشہ گنج بخش قادری علیہ الرحمۃ والغفران اور انکی اولادِ امجاد کا جامع تذکرہ ہے، بلکہ سلسلۂ نوشاہیہ کے تمام بزرگوں اور اُن کے ہزاروں اہل علم متوسّلین و مریدین کے سیر و حالات کی ایک مبسوط تاریخ ہے، اسکے ابتدائی دو صد صفحات میں مسائل تصوّف نہایت شرح و بسط سے بیان کئے گئے ہیں۔ یہ کتاب قیّم سالہا سال کی محنت شاقہ کے بعد پایۂ تکمیل کو پہنچی ہے۔

ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ "شریف التواریخ" نیز اس سلسلے کی دیگر کتب کی طباعت کا سامان پیدا فرمائیں اور اس رسالہ "اذکارِ نوشاہیہ" کو قبولیّت دوام کا مرتبہ بخشیں۔ آمین ثم آمین۔

آرام گلی۔ لاہور۔ ۴ جنوری ۱۹۶۴ء

محمد موسیٰ عفی عنہ

Marfat.com

عرضِ حال

حضرت مولانا ابوالریاض سیّد شریف احمد شرافت قادری نوشاہی مدّ فیوضہم۔ قطب الاقطاب حضرت نوشہ گنج بخش قادری قدس سرّہ العزیز بانی سلسلہ نوشاہیہ کی اولاد اور موجود الوقت سجّادہ نشین ہیں۔ موصوف نمونہ سلف صالحین اور گوناگون صفات کے حامل بزرگ ہیں۔ دینی علوم کے ساتھ ساتھ تاریخ و سیر پر بھی آپ بہت گہری نظر رکھتے ہیں۔

ایک عرصہ سے طالبانِ راہِ ھُدیٰ آپ کے رُوحانی فیوض و برکات سے فیض یاب ہو رہے ہیں۔ اور اگرچہ آپ اسی حیثیّت سے معروف بھی ہیں۔ لیکن مصنف و مؤلف کی حیثیّت سے آپ کا مرتبہ بلند اور قابل قدر ہے۔ مختلف موضوعات پر آپ کی تصنیفات و تالیفات کی تعداد ستّو سے زائد ہو چکی ہے۔ اور ان میں سے اکثر رسائل زیورِ طباعت سے آراستہ ہو کر مطبوع محبّان اولیائے کرام ہو چکے ہیں۔

پیشِ نظر رسالہ فیض قبالہ مسمّیٰ بہ "اذکارِ نوشاہیہ" اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ اس رسالے میں حضرت نوشہ گنج بخش قادری رحمۃ اللہ علیہ اور اُن کے جلیل القدر خلفاء اور سجادہ نشینوں کے مختصر حالاتِ زندگی تحریر کیے گئے ہیں۔ حالات کو واقعات اور ترتیب کی صحّت ملحوظ رکھتے ہوئے نہایت خوبی سے قلم بند کیا گیا ہے۔ مصنّف مدظلہ نے یہ رسالہ ۱۳۵۴ھ میں مرتب فرمایا تھا۔ جو اب تک طبع نہیں ہو سکا تھا۔ بعض احباب و معتقدینِ سلسلہ کے اصرار پر طباعت کے لیے انجمن ساداتِ نوشاہیہ ساہنپال شریف کے حوالے کیا گیا۔ کُلُّ اَمْرٍ مَرْھُوْنٌ بِاَوْقَاتِھَا کے تحت رسالے کے سنہ تصنیف یعنی ۱۳۵۴ھ اور سالِ طباعت ۱۳۸۳ھ میں انتیس سال کا طویل فصل پڑ گیا ہے۔ اس اثنا میں

بہت سے حضرات واصل الی اللہ ہو گئے - اور کئی اس جہانِ رنگ و بُو میں رونق افروز ہو چکے ہیں - ان تغیرات کے پیش نظر محترم مصنف مدظلہٗ نے جابجا حواشی کا اضافہ فرما دیا ہے - یہ حواشی بڑی اہمیت رکھتے ہیں - اور قارئین کے لئے مزید دلچسپی کا باعث ہوں گے -

ناشر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

تمام حمد و ثنا اُس ذاتِ باری تعالیٰ کو شایان ہے جس نے اپنی ذات پاک کی معرفت[1] کے لیئے انسان کو احسن تقویم[2] میں پیدا فرما کر خلافت[3] و کرامت[4] کا تاج پہنایا۔ اور تمام نعت و توصیف اُس محبوبِ پاک سیدالمرسلین صلوٰت اللہ و سلامہٗ علیہ کو سزاوار ہے جس نے من رآنی فقد رای الحق فرما کر اپنی حقیقت کے چہرہ سے رُو شناس کرایا۔ اور مشتاقانِ جمالِ باکمال کے واسطے ایک ایسا سلسلہ یداللّٰہی[5] باقی چھوڑا۔ جن کی بیعت[6] و صحبت[7] سے ہر ایک طالب صادق شرفِ زیارت حضور و حصول مجلس محمدی سے مشرف ہو سکتا ہے۔ اور

---

[1] وَمَا خلقت الجنّ والانس الّا لیعبدون (ای لیعرفون) حدیث:۔ کُنتُ کنزاً مخفیاً فاحببت ان اُعرف فخلقت الخلق ۱۲

[2] آیۃ ولقد خلقنا الانسان فی احسن تقویم ۱۲

[3] " اِنی جاعلٌ فی الارض خلیفۃ ۱۲

[4] " ولقد کرّمنا بنی آدم ۱۲

[5] " اولٰئک الذین ھدی اللّٰہ فبھدٰھم اقتدہ ۱۲

[6] " ان الذین یبایعونک انما یبایعون اللّٰہ ۱۲

[7] " کونوا مع الصّٰدقین ۱۲ شرافت

Marfat.com

جن کے وجودِ مسعود محو بشہودِ ذات اور متصف بصفات کمالات ہیں اَللّٰھُمَّ صل علیٰ سیدنا محمد وآلہ واصحابہ وعلیٰ جمیع المشائخ والاولیاء وسلم تسلیما کثیرًا دَائِمًا ابدًا ۔

امّا بعد :۔ خادم الاصفیا فقیر سید ابوالریاض شریف احمد شرافت عفا اللہ عنہ ۔ ابن جامع الکمالات اعلیٰ حضرت مولانا سیّد غلام مصطفےٰ صاحب علوی قادری نوشاہی ساہنپالوی ادام اللہ برکاتہٗ ۔ برادرانِ طریقت کی خدمت میں ملتمس ہے کہ مَیں نے یہ ایک رسالہ موسُوم بہ "اذکارِ نوشاہیہ"۔ حسب التماس برادر عزیز وافر تمیز سعادت اطوار، نجابت آثار رفیع القدر مولوی سید بشیر احمد بشارت زاد اللہ قدرہٗ ومنزلتہٗ تالیف کیا ہے۔ جو خاندانِ عالیہ سادات نوشاہیہ کے مختصر حالات پر مشتمل ہے۔ نیز محبّان سلسلہ کے واسطے آغاز رسالہ میں شجرہ شریف اُردو اور خاتمہ میں اوراد و وظائف ضروری اور نقشہ اعراسِ مشائخ بھی درج کیا ہے۔ ناظرین کرام سے استدعا ہے کہ وہ بزرگان دین کے فاتحہ خیر کے بعد مؤلّف کو بھی ضرور دعا سے خوش وقت فرمائیں ۔ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُضِیْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ ۔

لہ میری دوسری کُنیت ابوالظّفر ہے جو زیادہ مشہور ہے ۱۲ شرافت

Marfat.com

شجرہ شریف قادریہ نوشاہیہ برخورداریہ

یاالٰہی ذاتِ پاک کبریا کے واسطے
اور اسماؤ شیونات بقا کے واسطے

فضل کر مجھ پر طفیل حضرتِ احمد رسول[1]
سیّدِ کونین ختم الانبیاء کے واسطے

کھولدے مشکل میری کوئے میرے مولائے پاک
حضرتِ مولا علی[2] مشکل کشا کے واسطے

دے مجھے چشمِ بصیرت اور حسنِ اعتقاد
شاہ حسن بصری[3] امام الاولیا کے واسطے

قطرۂ بحرِ محبت سے مجھے سرشار کر
شاہ حبیب عجمی[4] اہل التقا کے واسطے

دے مجھے ذوقِ مودت اور صفائی کر عطا
حضرت داؤد طائی[5] ذوالعطا کے واسطے

نورِ عرفاں سے منور کر مجھے عارف بنا
خواجۂ معروف[6] کرخی بے ریا کے واسطے

سرِ مخفی کر عیاں اور سختیاں سب دور کر
شاہِ سری سقطی[7] نورالہدیٰ کے واسطے

کر میری قسمت کو یاور پردۂ غفلت ہٹا
شاہ ابوالقاسم جنید[8] اہل صفا کے واسطے

شعلۂ حرص و ہوا سے کر مجھے یارب جدا
خواجۂ بوبکر شبلی[9] رہنما کے واسطے

---

[1] وفات سوموار ۱۲ ربیع الاوّل ۱۱ھ مدفون مدینہ طیبہ ۱۲ + [2] وفات اتوار کی رات ۲ رمضان ۴۰ھ۔ مدفون نجف اشرف ۱۲ + [3] وفات ۴ محرم ۱۱۱ھ مدفون بصرہ ۱۲ + [4] وفات ۳ ربیع الآخر ۱۵۶ھ مدفون بغداد شریف ۱۲ + [5] وفات ۲۸ ربیع الاوّل ۱۶۵ھ مدفون بغداد ۱۲ + [6] وفات ۲ محرم ۲۰۰ھ مدفون بغداد ۱۲ + [7] وفات ۳ رمضان ۲۵۳ھ مدفون بغداد ۱۲ + [8] وفات ۲۷ رجب ۲۹۷ھ مدفون بغداد ۱۲ + [9] وفات ۲۸ ذی الحجہ ۳۳۴ھ۔ مدفون بغداد ۱۲ + (شرافت)

Marfat.com

پردۂ کثرت اُٹھا کر جلوۂ وحدت دِکھا — شیخ عمار ابو احمد[1] اہل ہُدیٰ کے واسطے
دو جہاں میں شادی و فرحت سے رکھ اے پاک ذات — حضرت شاہ ابو الفرح[2] صاحب سخا کے واسطے
اے خدا حُسنِ عقیدت سے مجھے معمور کر — خواجہ شاہ ابو الحسن[3] فرخ لقا کے واسطے
دے سعادت کا خزانہ اور کر مجھ کو سعید — شیخ قاضی بُو سعید[4] باصفا کے واسطے
دستگیری کر میری اے دستگیرِ بے کساں — غوثِ اعظم دستگیر و مقتدا کے واسطے
موھبت کر فیضِ غیبی اے شہِ کون و مکاں — سیّد عبد الوھاب[5] اہلِ رضا کے واسطے
گنجِ صفوت دے مجھے اور کر میرے سینہ کو صاف — سیّد صوفی امام[6] الاصفیا کے واسطے
احمدِ محمود کا ہر دم حضوری کر مجھے — سیّد احمد وحید[7] الاتقیا کے واسطے
دین و دنیا میں مجھے نورِ سعادت کر نصیب — سیّدِ مسعود[8] شمعِ اہتدا کے واسطے
درجۂ عالی عطا کر اے علیّ العالمین — حضرتِ سیّد علی[9] علم الہُدیٰ کے واسطے
رتبۂ میری و پیری سے مجھے کر سرفراز — سیّد شاہ میر[10] حلبی بو العلا کے واسطے
آسمانِ دینِ حق کا کر مجھے شمس و قمر — شاہ شمس[11] الدین شمس الاولیا کیواسطے
شانِ غوثیّت عطا کر اے غیاث المستغیث — شاہ محمد[12] غوث مخدوم العلی کیواسطے

---

[1] وفات ۹ جمادی الاُخریٰ ۴۲۵ھ مدفون بغداد ۱۲ + [2] وفات ۳ شعبان ۴۴۷ھ مدفون طرطوس ۱۲ + [3] وفات یکم محرم ۴۸۶ھ مدفون بغداد ۱۲ + [4] وفات ۷ محرم الحرام ۵۱۳ھ مدفون بغداد ۱۲ + [5] وفات ۱۱ ربیع الثانی ۵۶۱ھ۔ مدفون بغداد ۱۲ + [6] وفات ۲۵ شوال ۵۹۳ھ مدفون بغداد ۱۲ + [7] وفات ۳ رجب ۶۱۱ھ مدفون بغداد ۱۲ + [8] وفات ۶۳۰ھ مدفون بغداد ۱۲ + [9] وفات ۶۶۰ھ مدفون حلب ۱۲ + [10] وفات ۷۱۵ھ مدفون حلب ۱۲ + [11] وفات ۷۶۲ھ مدفون حلب ۱۲ + [12] وفات ۸۳۳ھ مدفون حلب ۱۲ + [13] وفات ۷ رجب ۹۲۳ھ مدفون اوچ متبرکہ ۱۲ + (شرافت)

Marfat.com

اجتبا کی برکتوں سے کر مبارک دل میرا — حضرتِ سیّد[1] مبارک مجتبےٰ کے واسطے
عارفوں کی بزم میں معروف کر رتبہ کمال — شاہ معروف[2] مکرّم بوالوفا کے واسطے
دے مجھے ایمان سلامت اور سلیم القلب کر — حضرت شاہ سلیمان[3] رضیا کے واسطے
گنج بخشش کر عطا اے گنج بخش دو جہاں — نوشہ حاجی گنج[4] بخش حق نما کے واسطے
بہر نعمت حفظ مراتب سے تو بر خوردار کر — شاہ برخوردار[5] قطب الاتقیا کے واسطے
فضل و رحمت سے جمال اپنا عیاں کر اے جمیل — شاہ جمال اللہ[6] جمال اصفیا کے واسطے
کر حیاتِ سرمدی سے بہرہ ور مجھ کو خدا — سیّد محمد شاہ[7] حیات اہل بقا کے واسطے
نور وحدت سے میری آنکھوں کو روشن کر شتاب — شاہ نور اللہ[8] نور الاولیا کے واسطے
یا الٰہی بخش مجھ کو دین و دنیا میں کمال — شاہ الٰہی بخش[9] فخر الاتقیا کے واسطے
دل میرا پُر نور کر کل احمدی انوار سے — شاہ قل احمد[10] نوری ماہ لقا کے واسطے
ہوں غرقِ بحرِ عصیاں دے مجھے امن و اماں — سیّد محمد امین[11] یار اللہ جے کے واسطے
کر لوا الحمد کے نیچے جگہ روزِ حساب — حضرت سیّد محمد شاہ[12] علا کے واسطے

---

[1] وفات ۹۵۶ھ مدفون اوچ متبرکہ ۱۲ + [2] وفات ۱۰ محرم ۹۸۰ھ مدفون خوشاب شریف ۱۲ +
[3] وفات ۲۷ رمضان ۱۰۱۱ھ مدفون بہلوال شریف ۱۲ + [4] وفات ۸ ربیع الاوّل ۱۰۶۴ھ
مدفون ساہنپال شریف ۱۲ + [5] وفات ۱۵ ذیقعدہ ۱۰۹۳ھ مدفون ساہنپال شریف گورستانِ
نوشاہیہ ۱۲ + [6] وفات ۱۲ ربیع الآخر ۱۱۴۲ھ مدفون گورستانِ نوشاہیہ ۱۲ + [7] وفات ۱۱۰۳ھ
مدفون گورستان نوشاہیہ ۱۲ + [8] وفات ۶ صفر ۱۲۲۹ھ مدفون گورستان نوشاہیہ ۱۲ + [9]
وفات ۷ رمضان ۱۲۵۲ھ مدفون گورستان نوشاہیہ ۱۲ + [10] وفات ۲۳ ربیع الآخر ۱۲۸۶ھ
مدفون گورستان نوشاہیہ ۱۲ + [11] وفات ۱۸ جمادی الآخرہ ۱۳۰۱ھ مدفون گورستان نوشاہیہ ۱۲
[12] وفات ۲۲ محرم ۱۳۳۷ھ مدفون گورستانِ نوشاہیہ ۱۲ + (مشرا فت)

Marfat.com

اصطفا کا جام مجھ کو دے لیا لب و المنن — حضرت سید غلام[1] مصطفےٰ کے واسطے
مسند آرائے طریقت ہیں جو سانہیال میں — اُس ولی اہلِ دل اور پارسا کے واسطے
دے شرافت کا خزانہ اور کر مجھ کو شریف — شاہ شریف احمد[2] شرافت یا خدا کے واسطے
حرص و بخل و حسد و کینہ عُجب اور کبر و ریا — دُور کر دل سے بزرگانِ خدا کے واسطے
حُبِّ دُنیا یا الٰہی میرے دل سے دُور کر — تو ہی تو ہو دل میں دُوری ماسوٰی کے واسطے
ذکر و فکر و شکر و توبہ صدق و اخلاص و رضا — اور توکّل زُہد دے سب اصفیا کے واسطے
میری جانب سے الٰہی صد دعا و صد سلام — انبیاؑ و اولیاؑ و اتقیا کے واسطے

یا الٰہی کر تمنائیں شرافت کی قبول
حرمتِ پیرانِ شجرہ اولیا کے واسطے

---

[1] ولادت ۱۳۰۷ھ +
[2] ولادت شرافت ۱۳۲۵ھ یہ شعر صاحبزادہ سید بشیر احمد صاحب بشارت نے بنا کر شجرہ میں داخل کیا +

Marfat.com

شجرۂ نوشاہیہ رحمانیہ

گنج بخشش کر عطا اے گنج بخش دو جہاں — نوشہ حاجی گنج بخش حق نما کے واسطے
پاک کر داغ گناہ سے یا رحیم الراحمین — شاہ رحماں[۱] پاک صاحب ذوالحیا کے واسطے
خلعتِ عصمت سے کر دے سرفرازی مجھ کو — حضرت شاہ عصمت[۲] اللہ باوفا کے واسطے
عظمت و عزت سے مجھ کو بہرہ ور کر اے عظیم — سیّد محمد عظیم[۳] البرکات کے واسطے
دین احمد کے حقائق کھول دے اے کبریا — شاہ فتح الدین[۴] فتح الاتقیا کے واسطے
فتح و نصرت دے الٰہی نفس و شیطاں پر مجھے — سیّد فتح محمد[۵] اولیا کے واسطے
زندگی جاوید کی اور عمر با اقبال بخش — شاہ عمر بخش[۶] ولی باصفا کے واسطے
فیض روحانی سے کر آباد یہ سینہ مرا — پیر مکھن[۷] شاہ فرید الاولیا کے واسطے
عشق و ذوق اپنا عطا کر اے جناب ذوالجلال — حضرت سیّد محمد شاہ رضا کے واسطے
زینتِ سجادۂ نوشہ امام عارفاں — حضرت سیّد غلام مصطفےٰ کے واسطے
شرفِ علم و فقر سے کر دے مشرف اے خدا — شاہ شریف احمد شرافت باخدا کے واسطے

سب شرافت کی دعائیں اے خدا منظور کر

خاندان قادری نوشاہیہ کے واسطے

---

[۱] وفات ۲ محرم ۱۱۱۵ھ مدفون جھڑی شریف ۱۲ + [۲] وفات ۱۲ رجب ۱۱۳۰ھ مدفون نوشاہی ۱۲ +
[۳] وفات ۱۱۵۰ھ مدفون دھماوا شریف ۱۲ + [۴] وفات ۶ صفر ۱۲۲۷ھ مدفون دھمل شریف ۱۲ +
[۵] وفات ۱۲۶۱ھ مدفون گورستان نوشاہیہ ۱۲ + [۶] وفات ۲ ربیع الاول ۱۲۸۱ھ مدفون گورستان نوشاہیہ ۱۲ + [۷] وفات ۹ شعبان ۱۳۳۶ھ مدفون گورستان نوشاہیہ ۱۲ ۹ یہ شجرہ صاحبزادہ صاحب نے دیا +

Marfat.com

شجرۂ نوشاہیہ قلندریہ

گنج بخشش کر عطا اے گنج بخش دو جہاں — نوشہ حاجی گنج بخش حق نما کے واسطے
تاج محمودی عطا کر اے جنابِ ذات حق — تاج محمود[1] قلندر یا صفا کے واسطے
معرفت کے آسماں کا کر مجھے تو آفتاب — شاہ محمد آفتاب[2] بے ریا کے واسطے
علم و اخلاص و شجاعت میں مجھے کر پہلوان — شیخ حمزہ[3] شاہ ولی پارسا کے واسطے
فقر کے پھولوں سے میرا باغ دل معمور کر — شیخ پھلے شاہ[4] کمالِ اصفیا کے واسطے
اے خدایا بخش مجھ کو عشق و حبِ اہلِ بیت — شاہ خدا بخش[5] وحید الاتقیا کے واسطے
حشر میرا کر غلامانِ علی میں اے خدا — شاہ غلام علی[6] مرشد رہنما کے واسطے
اُنس اور صبر و تحمل سے مجھے موصوف کر — کاکو بی بی[7] سیدہ خیر النسا کے واسطے
مسندِ عز و کرم پر کر میرا درجہ بلند — شاہ شریف احمد[8] شرافت باخدا کے واسطے

التماسِ عجز یارب کر شرافت کا قبول
سلسلہ نوشاہیانِ نور العلا کے واسطے

---

[1] وفات ۱۰۸۴ھ مدفون بھلوال شریف ۱۲ + [2] مدفون بھلوال شریف ۱۲ + [3] مدفون جوکالیاں ۱۲ + [4] مدفون رسول نگر ۱۲ + [5] وفات ۱۲۷۰ھ مدفون گورستان نوشاہیہ ۱۲ + [6] وفات ۲۰ ربیع الاول ۱۳۲۶ھ مدفون گورستانِ نوشاہیہ ۱۲ + [7] وفات ۱۴ شوال ۱۳۵۲ھ مدفون گورستان نوشاہیہ ۱۲ +
[8] یہ شعر سید بشارت مرحوم نے بنایا تھا + اشرافت)

130537

Marfat.com

قطب العالم شیخ الاسلام
حضرت سیّد حافظ شاہ حاجی محمد نوشہ گنج بخش رح
قدّس سرّہٗ

آپ شیخ الاسلام والمسلمین۔ فخر المشائخ والعارفین۔ برہان الاولیا۔ سلطان الاصفیا۔ وارث الانبیاء۔ رئیس الاتقیاء۔ غوث الخلائق۔ غیاث الخفائق۔ صاحب عظمت وکرامت وابہت وجلالت تھے۔

نام ولقب۔

آپ کا نام نامی حاجی محمد۔ کنیت سامی ابوہاشم۔ لقب گرامی۔ نوشہ۔ خطاب گنج بخش، مجدد اکبر۔ وارث الانبیاء۔ غالب الاولیا۔ بھورے والا تھا۔

آپ کی ولادت بقول صاحب مناقبات نوشاہیہ یکم رمضان المبارک سنہ ۹۵۹ھ مطابق ۲۱ اگست سنہ ۱۵۵۲ء میں ہوئی۔

نسب نامہ۔

آپ صحیح النسب سادات علوی عباسی[1] کے روشن چراغ تھے۔ والد بزرگوار

---

[1] مرزا احمد اختر کیرانوی بن میراں شاہ دارا بخت بن سراج الدین بہادر شاہ ظفر مؤلف کتاب تذکرہ اولیائے ہند نے اپنی کتاب تذکرۃ الفقرا صـ۴۵ میں (باقی حاشیہ بر صفحہ ۲۴)

Marfat.com

کا اسم شریف حاجی الحرمین الشریفین سید علاؤالدین حسین غازی الملقب بہ حاجی غازی صاحب تھا۔ جن کا مزار اطہر موضع گھگانوالی تحصیل پھالیہ ضلع گجرات

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۳) حضرت نوشہ صاحبؒ کو سادات گیلانی میں شامل کیا ہے اور یوں سادات اوچ متبرکہ حضرت غوث الاعظم سے شجرہ ملایا ہے جو یہ ہے "حضرت حاجی محمد نوشہ صوفی بن علی ہاشم گیلانی بن بدرالدین اسمٰعیل بن سید عبداللہ ربانی بن بندگی سید محمد غوث گیلانی اوچی"۔
پیرزادہ گوہر شاہی نے ماہنامہ گل خنداں لاہور۔ بزرگان دین نمبر بابت اکتوبر ۱۹۶۲ء میں صفحہ ۳۴۸ پر اور روزنامہ حالات لاہور بابت ۲۴ مارچ ۱۹۶۳ء صفحہ ۵ کالم ۱ میں لکھا ہے۔
"آپکی قوم جالپ کھوکھر تھی۔ محمد ماہ صداقت لکھتے ہیں۔ آں آفتاب برج فاکی زمین کہ گرمی شعلہ شوق او تنگ ظرفاں خام را پختگی آشنا کردہ و آں ابر رحمت رب العالمین کہ ذرا قطار روزگار بہ نسبت جالپ کھوکھر مشہور گشتہ"۔ گوہر صاحب نے یہاں تک عبارت لکھ کر ختم کر دی ہے۔ حالانکہ آگے یہ عبارت ہے "اما فی الحقیقت ذات آں محو حقیقت ذات و عارف گذشتہ از عرفیات بقوم قریش علوی ارتباط دارد" (تواقب المناقب صفحہ ۵، مطبوعہ اورینٹل کالج میگزین لاہور مئی ۱۹۶۰ء) خلاصہ مطلب یہ کہ اگرچہ آپ کی قوم جالپ کھوکھر مشہور ہو چکی ہے۔ لیکن اصل میں آپ کا خاندان قریش کے علوی سلسلہ سے نسبی تعلق رکھتا ہے۔ گوہر صاحب حوالہ دینے میں اس شخص کا تتبع کیا ہے جس نے لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوۃَ پڑھ دیا۔ مگر آگے وانتم سکاریٰ کو چھوڑ دیا۔ حالانکہ علامہ صداقت نے اپنی عبارت میں جالپ کھوکھر قومیت کی تردید کر کے حضرت نوشہ صاحبؒ کا علوی ہونا ثابت کیا ہے۔ گوہر صاحب کا یہ حوالہ دینا حق پوشی کا مترادف ہے، جو مورخ کی شایانِ شان نہیں۔
نیز گوہر صاحب کو خود بھی اس امر کا اعتراف ہے کہ حضرت نوشہ صاحب علوی النسب ہیں۔ چنانچہ اسی حوالہ کے بعد لکھتے ہیں "آپ کا شجرۂ نسب امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے صاحبزادے حضرت عباس علمدار سے ملتا ہے۔ آپ کے مورثِ اعلیٰ عون قطب شاہ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی المعروف غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے زمانے میں بغداد سے وارد ہندوستان ہوئے تھے" بلفظہ۔
یہ معلوم نہیں کہ باوجود علوی عباسی تسلیم کرنے کے جالپ کھوکھر لکھنے سے گوہر صاحب کی کیا غرض ہے۔ اور علامہ صداقت کی عبارت سے کیوں ان کی تسکین نہیں ہوئی۔ ۱۲
"سید شرافت"

Marfat.com

میں زیارت گاہ ہے - ابن سید شمس الدین سنگی شہید[1] بن سید جلال الدین محمد
بن سید عبداللہ ذاکر ہو - بن سید شاہ محمد المعروف شاہ شاہ[2] بن سید گل محمد[3] بن سید معز
الدین بن سید عبدالصمد بن سید عطاء اللہ بن سید عبدالاول بن سید محمود شاہ المعروف
پیر جالب[5] بن سید کمال الدین احمد شاہ بن سید جلال الدین سلطان شاہ[6] بن سید محمد شاہ
بخت مند[7] بن سید سعید الدین سکندر شاہ بن سید برہان الدین ہبیر[8] بن سید جلال الدین
گوہر علی بن سید عز الدین عزت بن سید جمال الدین اسحاق[9] بن سید عبدالحق سجن[10] بن سید
زمان علی محسن[11]

---

[1] پشاوری شجرہ جات میں ان کا لقب شاہ مسکین اور شاہ شوقین لکھا ہے ۱۲ [2] سید شیر علی شاہ ہاشمی اعلوی کے خاندانی شجرہ میں ان کا لقب صاحب الدین تحریر ہے ۱۲ [3] خاندان حمایہ کے مملوکہ قلمی شجرہ میں ان کا لقب گلاب شاہ لکھا ہے ۱۲ [4] شجرہ نسب سیتھلائی میں ان کا نام عبدالبر لکھا ہے ۱۲ [5] سر لیپل گریفن نے کتاب رائیسز اینڈ کلاسس آف پنجاب میں لکھا ہے - کہ پیر جالب کی قبر رام دیا نہ ضلع شاہ پور (حال سرگودھا) میں ہے ۱۲ [6] انکے فرزندوں اور اولاد کی رشتہ داری حضرت خواجہ فرید الدین شکر گنج چشتی رح کے سجادہ نشینوں سے تھی (جواہر فریدی) [7] سید شیر علی شاہ والے شجرہ میں ان کا لقب منور لکھا ہے ۱۲ [8] کتاب خزن تواریخ میں ان کا لقب حضرت تحریر ہوا ہے کہ بادشاہ وقت کے مقرب تھے - اور شاہی حکم سے تمام ہندوؤں پر حملہ کر کے اسکو فتح کیا - اور وہ ریاست اپنے بھتیجے بابا کنہ پیر دکر کے خود دہلی کو تشریف لیگئے ۱۲ [9] کتاب سیرۃ الاولیا میں ان کا نام سید محمد یعقوب شاہ کوٹ لکھا ہے ۱۲ [10] سیرۃ الاولیا میں ان کا نام سید قطب الدین سجن ملتان لکھا ہے ۱۲ [11] میزان الاولیا اور میزان ہاشمی اور سیرۃ الاولیا میں ان کا لقب شاہ لکھ کر لکھا ہے ۱۲ زاد الاخوان میں لکھا ہے کہ انکی والدہ کا نام زینب تھا اور انکی سکونت کوہ کرانہ (ضلع سرگودھا) میں تھی -

کتاب انوار الشیخ میں لکھا ہے کہ سید زمان علی شاہ ولی بہت بہادر ہوئے ہیں انہوں نے خونخوار کہنا شروع کیا - جو ہندی کے لفظوں میں کھونکھار بولا جاتا تھا - جو اب استعمال میں نہیں ہو کر رہ گیا -

کتاب مخزن تواریخ - ۱۲ میں حضرت امام باقر کے القاب ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے "ہفتم از ان بنام کسے برنامزد شد چگانہ نہاد" یعنی ساتویں جو نامزد ہوئے میں کھوکھر مشہور ہوئے - یہ بھی انکے اصحاب میں تھے -

Marfat.com

بن سیّد عون قطب شاہ۔ بغدادی[1] بن سیّد یعلے قاسم بن سیّد حمزہ ثانی بن سیّد طیّار بن سیّد قاسم بن سیّد علی بن سیّد جعفر بن سیّد ابوالقاسم حمزہ الاکبر[2] بن سیّد ابوالعبّاس حسن بن سیّد عبیداللہ مدنی[3] بن سیّدنا امام ابوالفضل عبّاس علمدار[4] شہید کربلا بن حضرت سیّدنا امام ابوالحسن علی المرتضیٰ رضوان اللہ علیہم اجمعین[5]۔

---

[1] سیّد غلام حسن شاہ راجپوری ملتانی رحؒ نے سیرۃ الاولیا میں ان کا نام سیّد قمرالدین قطب شاہ لکھا ہے۔ اور ان کا نسب نامہ اس طرح پر سادات زیدی سے ملایا ہے۔ سیّد قطب شاہ بن سیّد داؤد بن سیّد مالک بن سیّد زید شہید بن امام زین العابدین بن امام حسینؓ شہید کربلا بن حضرت امام ابوالحسن علی ابن ابی طالب رضؓ ۱۲

مخزن تواریخ فارسی صـ۲۱۹ میں ہے کہ "جب حضرت علی رضؓ کی اولاد میں اختلاف واقع ہوا، تو امام باقر کے بھائی ان سے جدا ہو کر دوسرے بھائی اسمٰعیل سے مل گئے۔ اور فرقہ اسمٰعیلیہ قائم کیا۔ حضرت قطب بھی انہیں کے بھائیوں میں سے تھے جو بعد میں قطب شاہ مشہور ہوئے۔ وہ فساد خانہ جنگی سے کنارہ کر کے اپنے متعلقین کو ساتھ لیکر عرب سے فارس کو چلے گئے اور وہیں اقامت اختیار کی اور کثیر الاولاد ہوئے"۔

کتاب مرآت سکندری صفحہ ۲۹۷ میں ہے کہ "دیگر صلاح آثار تقویٰ اشعار سیّد قطب قادری کہ از بغداد آمدہ بودند" یعنی نیکبخت و پرہیزگار سیّد قطب قادری بغداد سے یہاں (ہندوستان میں) آئے تھے۔

صاحب ادالاعوان نے بحوالہ میزان قطبی و میزان ہاشمی لکھا ہے کہ سیّد عون قطب شاہ کے آباو اجداد ہی بغداد میں آکر سکونت پذیر ہو چکے تھے۔ یہ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی کے حکم سے تبلیغ کیواسطے ہندوستان آئے۔ ہندو راجوں سے جنگ کر کے فتح پائی۔ بعض راجپوت اقوام کو حلقہ اسلام میں داخل کر کے اپنی اولاد کو اس ملک میں چھوڑ کر واپس بغداد چلے گئے اور ۵۵۶ھ میں انتقال کیا۔ [2] انکی والدہ کا نام ام الحارث بنت الفضل بن عباس بن ربیعہ بن الحارث بن عبدالمطلب بن الہاشم تھا ۱۲ (کتاب نسب قریش صـ۷۹ لابی عبداللہ المصعب الزبیری (متوفی ۲۳۶ھ) [3] انکی والدہ کا نام لیابہ بنت عبیداللہ بن العباس بن عبدالمطلب تھا ۱۲ (کتاب نسب قریش صـ) باقی برصفحہ ۲۷

Marfat.com

آپ کے آبا و اجداد شروع سے ہی اہل ریاست و امارت اور صاحب ولایت و کرامت چلے آئے ہیں۔ نعمت فقر و تصوّف آپ کے خاندان میں موروثی[1] تھی۔ چنانچہ آپ کے جد امجد سید شمس الدین نگلی شہیدؒ اور آپ کے عم بزرگوار سید رحیم الدین صاحبؒ اور آپ کے والد بزرگوار قدس سرہٗ کمال اولیا زمانہ تھے۔

آپ کے بزرگان چار پشتوں سے گھگانوالی میں آباد تھے۔ کنز الرحمت میں ہے ؎

گھگانوالی وطنِ قدیم آن ولی ست　　زھلوال دُور اسد کوہ ہفت و بیست

آپ کی والدہ ماجدہ کا نام حضرت بی بی جیونی صاحبہ تھا۔ جو شیخ عبداللہ بن شیخ فرید الدین صاحب مفتی قصبۂ ہیلاں کی صاحبزادی تھیں بڑی اہل تقویٰ اور پرہیزگار عابدہ و زاہدہ تھیں۔

آپ کے آبا و اجداد کے تاریخی حالات تفصیل سے میری کتاب تاریخ عباسی[2] میں درج ہیں۔

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۶) [4] ان کی والدہ ام البنین بنت حزام بن خالد بن ربیعہ بن الوحید بن کعب بن عامر بن کلاب بن ربیعہ تھی اکتاب نسب قریش صفحہ ۲۳ [5] یہ شجرہ نسب خلاصۃ الانساب۔ انساب الاقوام۔ زاد الاعوان اور خاندانی قلمی مخطوطات سے لکھا گیا ہے (حاشیہ صفحہ ہذا) [1] ملا شیخ محمد ماہ صداقت کنجاہی رح نواقب المناقب میں آپ کے خاندان کے متعلق لکھتے ہیں۔

"دودمان مجموعہ کرامت ایشاں در قلمرو پنجاب بمشیخ صلاح و تقویٰ شہرت دارد ۱۲"

[2] یہ کتاب ۱۳۵۴ھ میں تالیف ہوئی۔ اس کا نام تاریخی ہے۔

(شرافت)

Marfat.com

تحصیل علوم۔ بیعت۔ خلافت

آپ نے علم ظاہری کی تحصیل حضرت مولانا حافظ قائم الدین قادری حنفی جاگوئی رح سے کی۔ علوم معقول و منقول سے فارغ ہوئے۔ قرآن مجید چند ماہ میں حفظ کیا۔ بعد ازاں سلوک قادریہ قطبیہ اپنے والد بزرگوار حاجی الحرمین امام الثقلین حجۃ العارفین حضرت سید علاؤالدین حسین غازی رح سے اخذ کیا۔ اور مجاز ہوئے۔ پھر مقبول بارگاہ سبحان شہباز اوج لامکان حضرت سخی شاہ سلیمان لوری قادری بھلوالی رح کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر بیعت سے مشرف ہوئے۔ ان کی نگاہ سے تین ماہ تک حالت سکر میں محو و مدہوش رہے۔ پھر حالت صحو میں تبدیل ہوئی۔ تمام مقامات و منازل طے کر کے خلافت کبریٰ[1] حاصل کی۔

حج حرمین الشریفین

شاہ شریف احمد مراد سہروردی نے کتاب ہفتاد اولیا میں لکھا ہے کہ آپ نے سات حج پا پیادہ کئے۔

غوثیت۔ قطبیت۔ مجبوبیت

آپ کی طبیعت آغاز طفولیت سے ہی یاد خدا کی طرف مائل تھی۔ بڑے بڑے ریاضات اور مجاہدات کئے۔ صائم الدہر۔ قائم اللیل[2] رہے۔ پھر آپ کو طریق جذب و محبت یعنی راہ اجتبا عطا ہوا۔ جو دوسرے سب راستوں سے اقرب اور نہایت النہایت تک پہنچانے والا ہے۔ جو مرادوں اور محبوبوں سے تعلق رکھتا ہے۔ اور جس کے ذریعہ تمام انبیاء علیہم السلام اور صحابہ کرام رضہ مرتبۂ وصول تک پہنچے ہیں۔

[1] ثواقب المناقب۔ تذکرہ نوشاہیہ۔ [2] کنز الرحمت مناقب نوشاہی ۱۲۔ شرافت

Marfat.com

آپ حضرت غوث الاعظم قطب الافخم شیخ عبدالقادر جیلانی رح کی ذات بابرکات سے تبعیت و وراثت کے طور پر مرتبہ غوثیت و قطبیت و محبوبیت پر فائز ہوئے۔ جیسا کہ حضرت علامہ شیخ محمد ماہ صداقت کنجاہی رح (متوفی ۱۱۴۸ھ) نے ثواقب المناقب میں اور حضرت شاہ غلام علی مجددی دہلوی رح (متوفی ۱۲۱۶ھ) نے اپنے مکاتیب شریفہ میں بتصریح لکھا ہے جو چاہے ان کا مطالعہ کرے۔

فضائل و مناقب

آپ کے تصرفات و کرامات اور خوارق عادات نیز فضائل و مناقب بیشمار ہیں جن کا احاطہ کرنا طاقت تحریر سے بعید ہے۔ احیائے اموات۔ طی زمان۔ قبض ارض۔ کشف کونی و الٰہی۔ تقلب احوال۔ مطالعہ لوح محفوظ۔ تصفیہ قلوب زائرین و وجد و حال آپ کی نظر فیض اثر کا ادنیٰ کرشمہ تھا۔ آپ کے مفصل حالات مقامات حاجی بادشاہ یعنی رسالہ احمد بیگ۔ تذکرہ توشاہیہ ثواقب المناقب۔ تحائف قدسیہ کنز الرحمت وغیرہ کتابوں میں موجود ہیں۔

جاگیر

حضرت شاہ جہان بادشاہ رح (متوفی ۱۰۷۵ھ) کو آپ کی دعا سے قزلباش پر فتح حاصل ہوئی تو اس نے دو گاؤں "موضع ٹھٹہ عثمان" و "بادشاہ پوتا" معارف لنگر کے واسطے بطور جاگیر التمغا ۲۰۷۱ء میں دیئے۔ جن کا خراج ایک لاکھ تیرہ ہزار ایک سو ساٹھ دام یعنی دو ہزار اکہتر روپیہ رائج الوقت سالانہ درگاہ عالیہ کو موصول ہوتا تھا۔[1]

---

[1] تمامی فرامین و دستاویزات موجودہ کتب خانہ شرافت ۱۲۔

تصانیف

آپ کی زبان حق ترجمان سے ایک مختصر رسالہ منظوم موسومہ "گنج الاسرار" موجود ہے، جس میں اشغال و اذکار طریقہ قادریہ بزبان ہندی درج فرمائے ہیں۔[1]

یہ دو شعر بھی آپ کے تبرکات میں سے ہیں ؎

منادی ست در کوچۂ مے فروش — کہ امروز در ہر کہ یابند ہوش
گریبانش گیرند و دامن کشند — کشاکش بدیوان مستاں برند[2]

اولاد۔

آپ کے دو فرزند ارجمند تھے۔

۱۔ حضرت سیّد حافظ محمد برخوردار بحر العشق۔ ان کا ذکر آگے آئیگا۔

۲۔ حضرت سیّد محمد ہاشم دریادل رح (متوفی جمعہ ۲۲ ذی الحجہ ۱۰۹۲ھ) علم تصوّف، حدیث اور طب میں کمال رکھتے تھے۔ اخفا پسند تجرد شعار تھے۔ ان کی اولاد کثیر ہے اور کئی اضلاع میں آباد ہے۔ زیادہ تر موضع رمل شریف میں سکونت رکھتے ہیں۔

ان میں سے اس وقت سیّد غلام رسول صاحب[3] زندہ ہیں۔ ستو سال کے قریب عمر ہے۔ اہل عبادت و پارسا بزرگ ہیں۔ درگاہ نوشاہیہ

---

[1] آپ کی زبان سے کتاب چہار بہار مرتبہ شیخ محمد ہاشم تھرپالوی۔ اور کتاب کلمات طیبات و ذخائر الجواہر و جواہر مکنون و لطائف الاشارات مرتبہ سیّد شرافت بھی موجود ہیں ۱۲ شرافت۔

[2] لطائف گل شاہی۔ روضۃ الزکیہ ۱۲

[3] وفات جمعرات ۳۰ رمضان ۱۳۵۲ھ۔ شرافت

Marfat.com

میں بیٹھ کر تلاوتِ قرآن مجید اکثر کیا کرتے ہیں۔ ان کا شجرہ یہ ہے۔ ابن سید کریم بخش بن سیّد محمد بخش بن سید محمد جعفر بن سیّد عبدالرّسول بن سیّد محمد سعید دولا بن سیّد محمد ہاشم دریا دل رحمہم اللہ۔

یارانِ طریقت۔

آپ کے خلفا بکثرت تھے۔ بعض اکابر یاروں کے نام لکھے جاتے ہیں۔

۱۔ حضرت شیخ رحیم داد بن سخی شاہ سلیمان نوری رح	بھلوال شریف	ضلع سرگودھا
۲۔ حضرت شیخ تاج محمود بن سخی شاہ سلیمان نوری رح	〃	〃
۳۔ حضرت مولانا حافظ معمور صاحب رح	ہیلاں	ضلع گجرات
۴۔ حضرت سیّد صالح محمد صاحب رح (متوفی ۱۰۷۴ھ)	چک سادہ	〃
۵۔ حضرت شیخ پیر محمد سیچیار رح (متوفی ۲۵ ربیع الاوّل ۱۱۱۹ھ)	نوشہرہ شریف	〃
۶۔ حضرت شیخ محمد تقی مجذوب رح	〃	〃
۷۔ حضرت قاضی خوشی محمد صاحب نور رح	کنجاہ	〃
۸۔ حضرت قاضی رضی الدین صاحب مفتی رح	〃	〃
۹۔ حضرت شیخ مٹھا صاحب رح	〃	〃
۱۰ حضرت شیخ جیون صاحب حجام رح	باہو کے	〃
۱۱۔ حضرت شیخ سدرالدین صاحب رح	رکھ چھٹہ	ضلع گوجرانوالہ
۱۲۔ حضرت شیخ عبدالرحمٰن پاک صاحب رح	بھڑی شریف	〃
۱۳۔ حضرت شیخ الہ داد صاحب سخی رح	〃	〃
۱۴۔ حضرت شیخ نانک شہید المعروف نانو مجذوب رح	کیلاسکے چیمہ	〃

Marfat.com

۱۵- حضرت سید شاہ محمدؐ شہید بھاکھری رح — قلعہ رہتاس - ضلع جہلم
۱۶- حضرت شیخ فتح محمد قلندر المعروف شاہ فتا دیوان رح — ساگری — "
۱۷- حضرت شیخ عبداللہ صاحب رح — چوکھ — میرپور
۱۸- حضرت میاں شاہا صاحب رح — پشاور
۱۹- حضرت حافظ طاہر صاحب مجذوب رح — کشمیر
۲۰ حضرت شیخ نور محمدؐ صاحب رح — سیالکوٹ
۲۱- حضرت مولانا عبدالحکیم صاحب آفتاب پنجاب رح (متوفی ۱۰۶۸ھ) — "
۲۲- حضرت مولانا کمال الدین محمد کشمیری رح، سیالکوٹی ثم لاہوری (متوفی ۱۰۸۰ھ) — "
۲۳- حضرت سیّد عاشق محمد صاحب رح — بن باجواہ — "
۲۴- حضرت شیخ اسمٰعیل صاحب رح — کوٹلی جلال — "
۲۵- حضرت سید عبداللہ صاحب بخاری مجذوب رح — لاہور
۲۶- حضرت شیخ نور محمد صاحب عاشق رح — ہندوستان
۲۷- حضرت شیخ فرخ محمدؐ صاحب رح — سنبھل — "
۲۸- حضرت شاہ بلبل دیوان صاحب رح — پیلی بھیت — "
۲۹- حضرت شیخ مہدی المعروف میاں ماجھی صاحب — سندھ
۳۰- حضرت سید شاہ محمد صاحب قطب۔ قندھار رح — قلعہ قندھار
۳۱- حضرت خواجہ سید محمد فضیل صاحب وحی رح — بینی حصار — کابل
۳۲- حضرت شیخ درویش صاحب مجذوب رح
۳۳- حضرت شیخ صادق صاحب مجذوب رح

Marfat.com

۳۴۔ حضرت شیخ محمد صادق چشتہ رح ۔ وغیرہم رحمۃ اللہ علیہم اجمعین ۔

وفات مدفن۔

حضرت نوشاہِ عالی جاہ رح کی وفات بروز سہ شنبہ آٹھویں ربیع الاوّل ۱۰۶۴ھ مطابق ۱۷ جنوری ۱۶۵۴ء بعہد شاہ جہاں بادشاہ ہوئی ۔ آپ کا روضہ اطہر بمقام ساہنپال شریف ضلع گجرات پنجاب۔ گاؤں سے نصف میل شمال کی طرف مرجع خلائق ہے (رحمۃ اللہ علیہ)

مادۂ تاریخ "فیض قدسی" ہے۔

مفتی علی الدین بن مفتی خیر الدینؒ صاحب لاہوری اپنی کتاب سکھوں کے عہد کی تاریخ الموسوم بہ عبرت نامہ فارسی جلد دوم ۔ دفتر چہارم صفحہ (۱) میں خاندانِ قادریہ کے مشائخ کے ضمن میں لکھتے ہیں ۔

"برگزیدہ خاندان دریں ملک حضرت حاجی نوشہ صاحب ست کہ خوابگاہِ ایشاں در موضع ساہن پال برساحل دریائے چناب محاذی رسُول نگر واقع است"۔

تاریخ وفات کی تحقیق:۔

حضرت نوشہ گنج بخش کی وفات کی تاریخ جو لکھی گئی ہے۔ یہ خاندانی مدخوں کی متفق علیہ ہے۔ چنانچہ

۱۔ حضرت سید حافظ محمد حیات ربانی نوشاہیؒ (متوفی ۱۱۷۳ھ) اپنی کتاب تذکرہ نوشاہیہ میں جو ۱۱۴۶ھ کی تصنیف ہے۔ آپ کی وفات ۱۰۶۴ھ میں لکھتے ہیں۔ ۱۔ شیخ عبدالرحیم سدا کنبوہ رح کا قطعہ تاریخ وفات

Marfat.com

طویل درج کرتے ہیں۔ جس میں کئی مادہ ہائے تاریخ ہیں ایک شعر یہ ہے ؎

زتاریخ وصالِ او دلم در جستجو چوں شد
بگوش دل ندا آمد کہ "خاتم پاک" برخوانش ۱۰۶۴ھ

۲۔ حضرت سید گل محمد بن سید شاہ عصمت اللہ صاحب نوشاہی (متوفی سنہ ۱۱۷۰ھ) اپنی کتاب لطائف گل شاہی جو سنہ ۱۱۳۰ھ اور سنہ ۱۱۷۰ھ کے درمیانی زمانہ کی تصنیف ہے اس میں لکھتے ہیں۔

"فی التاریخ ہشتم ربیع الاوّل سنہ ۱۰۶۴ھ یکہزار و شصت و چہار ہجری نبوی حضرت مغفوری شاہ حاجی محمد نوشہ قدّس سرّہ بانتقال ازیں دار پُر وبال بدولت حضور و وصال مشرّف شدند۔ از عددِ "خاتم پاک" ۱۰۶۴ھ تاریخ مے برآید" بلفظہ

۳۔ حضرت شیخ پیر کمال لاہوری کتاب تحائف قدسیہ میں جو ۲۵ ذیقعدہ سنہ ۱۱۸۶ھ کی تصنیف ہے آپ کی وفات ۹ ربیع الاول سنہ ۱۰۶۵ھ لکھتے ہیں۔ جو اس شعر سے ظاہر ہے۔ ؎

عجب تاریخ شد مقبول تحقیق کہ = نوشوہ بود شاہ فقر = تصدیق

میرے خیال میں کاتب کی غلطی ہوگی۔ کیونکہ "نوشوہ" کا لفظ غلط ہے صحیح لفظ "نوشہ" ہے۔ یہ مصرعہ اس طرح صحیح ہے۔

"کہ = نوشہ بودہ شاہ فقر = تصدیق"

یہ تاریخ پہلی کتابوں کے مطابق بھی ہے۔ اور صحیح بھی۔

۴۔ حضرت مولانا محمد اشرف فاروقی میچری (متوفی سنہ ۱۲۲۵ھ)

Marfat.com

کتاب کنزالرحمت میں جو ۱۲۲۰ھ کی تصنیف ہے لکھا ہے۔ کہ آپ کی وفات ۱۰۶۴ھ میں ہوئی۔ تاریخ کے لئے یہ شعر درج کیا ہے ؎

چو شد رحلتِ آں شہ نامدار ز تاریخ شاں فیض قدسی شمار ۱۰۶۴

۵۔ حضرت سید حافظ الٰہی بخش بن سید حافظ نوراللہؒ صاحب نوشاہی (متوفی ۱۲۵۳ھ) کتاب روضۃ الزکیہ میں اور :۔

۶۔ حضرت سید حافظ قُل احمد پاک ذات نوشاہ ثانی بن سید حافظ الٰہی بخشؒ صاحب نوشاہی (متوفی ۱۲۸۶ھ) کتاب تحفۃ الافکار میں اور :۔

۷۔ حضرت مولانا سید غلام قادر بن سید عبداللہؒ صاحب نوشاہی (متوفی ۱۳۰۶ھ) کتاب بیاضِ قادری میں۔ اور :۔

۸۔ حضرت سید عمر بخش بن سید محمد بخشؒ صاحب نوشاہی سُول نگری (متوفی ۱۳۱۱ھ) کتاب مناقباتِ نوشاہیہ میں اور :۔

۹۔ حضرت سید حافظ محمد شاہ بن سید محمد امینؒ صاحب نوشاہی (متوفی ۱۳۳۷ھ) کتاب الفوائد میں

تصریح لکھتے ہیں۔ کہ حضرت نوشہ صاحبؒ کی وفات ۱۰۶۴ھ میں ہوئی۔ کسی مؤرخ کو اس میں اختلاف نہیں۔

بعض مؤرخین کی تاریخی غلطیاں۔

مفتی غلام سرورؒ لاہوری (متوفی ۱۳۰۶ھ) نے کتاب خزینۃ الاصفیا جلد اوّل میں جو ۱۲۸۰ھ میں تصنیف کی ہے۔ تحریر کیا ہے کہ حضرت نوشہ گنج بخش کی وفات ۱۱۰۳ھ میں ہوئی۔ اور اس پر حوالہ تذکرہ

نوشاہیہ کا دیا ہے۔ حالانکہ اُس میں بتصریح ۱۰۶۴ھ لکھا ہے جیسا کہ اوپر درج ہو چکا ہے۔

مفتی صاحب کو حوالہ سمجھنے میں غلطی لگ گئی ہے۔ جس کے وجوہات یہ ہیں۔

۱۔ حضرت مرزا احمد بیگ لاہوری نے "مقامات حاجی بادشاہ" المومُوم بہ رسالہ "الاعجاز" حضرت نوشہؒ صاحب کے حالات و کرامات میں لکھا۔ جو بعد میں بنام "رسالہ احمد بیگ" مشہور ہو گیا۔ یہ رسالہ حضرت نوشاہِ عالمؒ کی وفات سے تینتالیس (۴۳) سال بعد کی تصنیف ہے۔ اور خاندان نوشاہی کے تذکروں میں اس کو بنیادی حیثیت حاصل ہے۔

۲۔ حضرت سید حافظ محمد حیاتؒ ربانی کو ۱۱۴۶ھ میں رسالہ احمد بیگ کا ایک نامکمل نسخہ ملا۔ جس کے متعلق لکھتے ہیں "اکثر عبارات اش از بیاری کہنگی ریختہ بُود" یعنی بہت پُرانا ہونے کی وجہ سے اس کی اکثر عبارتیں مٹ چکی تھیں۔ انہوں نے اس کی اصل عبارتوں کو بھی بدستور رہنے دیا اور اپنی طرف سے مزید حالات اضافہ کر کے تذکرہ نوشاہیہ مرتب کیا۔

اب ثابت ہوتا ہے کہ مفتی غلام سرورؒ لاہوری کو تذکرہ نوشاہیہ قلمی کی عبارتوں میں اشتباہ و التباس واقع ہو گیا ہے۔ وہ یہ تحقیق نہیں کر سکے کہ اس میں رسالہ احمد بیگ کی کونسی عبارت ہے اور تذکرہ کی کونسی۔ چنانچہ ایک جگہ مرزا احمد بیگ لکھتے ہیں۔ "ہنگام نوشتن رسالہ کہ بعد از وصال حضرت شاہ چہل و سہ (۴۳) سال گذشتہ بُود" یعنی رسالہ تصنیف کرنے کے

Marfat.com

دوران میں جب کہ حضرت نوشہ صاحبؒ کی وفات کو تینتالیس ۴۳ سال گزر چکے تھے۔ مفتی صاحب نے اس عبارت کو سید حافظ محمد حیاتؒ صاحب کی عبارت سمجھا۔ اور چونکہ تذکرہ نوشاہیہ کے دیباچہ میں اس کا سال تصنیف ۱۱۴۶ھ تحریر تھا۔ اس میں سے تینتالیس سال تفریق کر کے ۱۱۰۳ھ کو حضرت نوشاہ عالیجاہ رح کا سنہ وفات قرار دے دیا۔ حالانکہ وہ عبارت مرزا احمد بیگؒ کی تھی۔ جس سے ثابت ہوتا تھا۔ کہ حضرت نوشہ صاحب کی وفات یعنی ۱۰۶۴ھ سے تینتالیس سال بعد یہ رسالہ تصنیف ہوا جس سے ۱۱۰۷ھ متعین ہوتا تھا۔

مرزا احمد بیگ صاحب رسالہ۔ اور سید حافظ محمد حیات صاحب تذکرہ کا طریقہ ہے کہ وہ حضرت نوشہ صاحبؒ کا نام نامی اپنی اکثر عبارتوں میں بوجہ ادب کے "حضرت شاہ صاحب" یا "حضرت شاہ جیو" لکھا کرتے ہیں، مفتی صاحبؒ کو جب تذکرہ میں یہ عبارت نظر پڑی کہ حضرت شاہ جیو رح کی وفات ۱۰۶۴ھ میں ہوئی تو انہوں نے شاہ جیو سے حضرت شاہ سلیمان نوری رح کو مراد لیا۔ جو حضرت نوشہ صاحبؒ کے پیر طریقت تھے۔ اور ۱۰۶۴ھ اُن کا سال وفات درج کر دیا۔ غالباً اُس کے بھی کسی مادہ تاریخ کے اعداد و شمار کرنے میں ایک عدد کی غلطی لگ گئی۔ تو اُن کی وفات ۱۰۶۵ھ لکھ دی۔ حالانکہ تذکرہ نوشاہیہ میں اُن کی تاریخ درج ہی نہیں۔ خاندان کے دوسرے تذکروں روضۃ الزکیہ وغیرہ میں اُن کی تاریخ وفات ۱۰۱۲ھ لکھی ہے۔ جو اس شعر سے ظاہر ہوتی ہے ؎

Marfat.com

شاہ سلیماں رفت در دار البقاء غیب ۱۰۱۲ھ = تاریخش سن ہجری بجا

مفتی صاحبؒ اگر غور کرتے تو اُن کو معلوم ہو جاتا کہ تذکرہ نوشاہیہ کے مصنف حضرت نوشہ صاحبؒ کو "حضرت شاہ جیو" لکھا کرتے ہیں۔ اور اُن کے پیشوا حضرت شاہ سلیمان رحؒ کو "حضرت شاہ شاہاں"

بہر کیف مفتی صاحب نے اپنی کتب خزینۃ الاصفیا۔ اور حدیقۃ الاولیا۔ اور گنجینہ سروری المعروف گنج تاریخ وغیرہ میں نوشاہی خاندان کے بزرگوں کی جو تاریخیں لکھی ہیں۔ سب غلط ہیں۔ صرف دو بزرگوں کی تاریخیں یعنی سید عصمت اللہ۔ اور سید حافظ جمال اللہ فرزندان سید حافظ محمد برخوردار صاحبؒ کی تاریخیں صحیح درج ہوئی ہیں۔

تذکرہ نوشاہیہ میں صرف حضرت نوشہ گنج بخش رح اور آپ کے دونوں نبیرگانِ موصوفؒ کی تاریخیں ہی درج ہیں۔ ان تینوں کے سوا کسی بزرگ کی تاریخ اس میں تحریر نہیں۔ مفتی صاحبؒ نے حضرت نوشہ صاحبؒ کے فرزندوں اور خلیفوں کے حالات تو تذکرہ نوشاہیہ میں سے نقل کئے۔ اور تاریخیں محض اپنے قیاس اور تخمین سے درج کر دیں۔ اور ان کو مستند بنانے کے واسطے تذکرہ نوشاہیہ کا حوالہ دے دیا۔ حالانکہ تذکرہ میں ان تاریخوں کا نام تک نہیں۔ کما لا یخفی علی ارباب العلم والتحقیق۔

اساتذہ کرام کا مقولہ ہے۔ زلۃ العالِم زلۃ العالَم یعنی عالِم کی لغزش سارے جہان کی لغزش کا موجب ہوتی ہے۔ یہی امر یہاں واقع ہوا۔ مفتی صاحبؒ کے بعد جس مؤرخ نے کوئی کتاب لکھی۔ چونکہ نوشاہی خاندان کے

مستند و معتبر تذکرے بوجہ قلمی اور نایاب ہونے کے اس کی نظر سے نہ گزرے اس نے خزینۃ الاصفیا کو ہی اپنا ماخذ اور چراغ راہ بنایا۔ اور اسی کی مندرجہ تاریخوں کو اپنی کتاب میں بلا تحقیق درج کر دیا۔ اور انہیں کے اعتماد پر تذکرہ نوشاہیہ کا حوالہ بھی بغیر ملاحظہ کئے دے دیا۔ چنانچہ کتب ذیل کے مصنفین مفتی غلام سرور صاحب کے اقتداء اتباع میں نوشاہیہ سلسلہ کے بزرگوں کی تاریخیں لکھنے میں اسی غلطی کا شکار ہیں۔ مثلاً :۔

۱۔ تحقیقات چشتی ۔ مولوی نور احمد مثیل چشتی لاہوری

۲۔ تحفۃ الابرار (کلیات[1] جدولیہ فی احوال اولیاء اللہ) مرزا آفتاب بیگ عرف محمد نواب مرزا بیگ چشتی نظامی دہلوی۔

۳۔ حدیقۃ الاسرار فارسی قاضی امام بخش جام پوری

۴۔ تذکرہ اولیائے ہند مرزا احمد اختر کیرانوی

۵۔ تذکرۃ الفقرار " " "

۶۔ انیس الواصلین ترجمہ تذکرۃ الفقرار۔ مولوی انیس احمد فاروقی نقشبندی شیرکوٹی۔

۷۔ گلشن مشاہیر[2]۔ مولوی نیاز علی خاں تاجر کتب امرتسر۔

۸۔ ہفتاد اولیاء۔ شاہ شریف احمد مراد سہروری

۹۔ پنجاب میں اردو۔ حافظ محمود شیرانی۔

۱۰۔ نور نہال[3] قادری۔ میاں محمد ابراہیم خاں اعوان

---

[1] سال تالیف سنہ ۱۳۲۳ھ۔

[2] سال تالیف سنہ ۱۳۰۹ھ۔

[3] سال تالیف سنہ ۱۹۱۵ء۔

Marfat.com

۱۱۔ سبیل سلسبیل[1] ۔ مولوی مقبول محمد جلالوی

۱۲۔ باغ اولیائے ہند (پنجابی منظوم) مولوی محمد الدین ساکن دیہڑ رکاں (گوجرانوالہ)

۱۳۔ گلزارِ نوشاہی ۔ مرزا معظم بیگ بفرمائش سائیں جیون شاہ ۔ ساکن گوجرانوالہ

۱۴۔ سوانح شاہ محمد غوث ۔ پیر غلام دستگیر نامیؒ لاہوری

۱۵۔ نزہۃ الخواطر و بہجۃ المسامع والنواظر[2] (عربی) علامۃ الشریف عبدالحی بن فخر الدین الحسنی مدیر سابق ندوۃ العلماء لکھنؤ۔

۱۶۔ تذکرہ صوفیائے پنجاب ۔ مولانا اعجاز الحق قدوسی ۔

۱۷۔ تاریخ سیال کوٹ ۔ ماسٹر رشید نیاز ۔ سیالکوٹی ۔

۱۸۔ سوانح عمری شاہ عبدالرحمان[3] ۔ صاحبزادہ غلام مصطفےٰ رحمانی بھڑیوالہ

۱۹۔ عرس اور میلے[4] ۔ امان اللہ خاں آرمان سرحدی

۲۰۔ شجرہ شریف نوشاہی[5] ۔ سید ابوالکمال غلام رسول شاہ صاحب برق نوشاہی ۔ سجادہ نشین ڈوگہ شریف (گجرات)

۲۱۔ ماہتاب پنجاب (مجدد الف) مندرجہ ماہنامہ قادری نوشاہی لاہور چوہدری سلطان علی ساکن چک دادن (گوجرانوالہ)

---

[1] سال تالیف ۱۳۴۲ھ ۔

[2] سال تصنیف ۱۳۴۱ھ اسمیں سید محمد ہاشم دریادل رح کی تاریخ وفات غلط لکھی ہے باقی تاریخیں صحیح ہیں۔ [3] سال تالیف ۱۹۵۸ء [4] ۵۴ سال تالف ۱۹۵۵ء

[5] اس میں حضرت نوشہ صاحب اور سید محمد ہاشم دریادل اور شیخ پیر محمد معیار کی تاریخیں صحیح ہیں۔ باقی خلفائے نوشاہیہ کی سب تاریخیں غلط ہیں ۱۲ شرافت

Marfat.com

Marfat.com

حضرت نوشہ گنج بخش رحؒ کے روضۂ اقدس کی زیرِ تعمیر عمارت کا شرقی منظر
معہ مزارات فرزندان در ۱۳۷۶ھ

۲۲۔ ذکرِ خیر ساہنپال شریف۔ مندرجہ ماہنامہ "القادر نوشاہی گمٹالہ"
مولوی محمد حامد شاہ۔ ساکن گمٹالہ (گورداسپور)

ان کے علاوہ بھی کئی ایسے مؤرخین ہیں۔ جنہوں نے تاریخیں لکھنے میں غلطی کی ہے۔

فائدہ:۔

حضرت نوشہ صاحبؒ کی سوانح حیات بنام "تذکرۂ نوشاہِ عالی جاہ" مفصل زیرِ تالیف ہے۔ عنقریب مکمل ہو جائے گی۔

(شرافت)

Marfat.com

حضرت سیّد حافظ محمد برخوردار صاحب بحر العشقؒ

آپ سلطان العارفین۔ بُرہان العاشقین۔ زبدۃ الاصفیا۔ قطب الاولیا۔ فخرِ خاندان قادریہ۔ افتخار سلسلہ نوشاہیہ۔ صاحب ولائیت و سعادت و عشق و محبّت تھے۔

نام۔ نسب۔ خلافت۔ نیابت۔

آپ کا نام محمد برخوردار۔ کنیت ابو العنائت۔ لقب بحر العشق خطاب زندہ دل۔ مشہور نام حافظ برخوردار تھا۔

آپ حضرت توشہ گنج بخشؒ کے فرزند اکبر و خلیفہ اعظم و سجادہ نشین تھے۔ والد بزرگوار نے اپنے تمام اکابر خلفا کے سامنے آپ کو دستار نیابت عطا کر کے اپنا ولی عہد اور سر حلقہ مشائخ مقرر[1] فرمایا۔

---

[1] زمانہ حاضرہ کے بعض مضمون نگار لوگ آپ کی مسلمہ اجماعی خلافت میں اختلاف ڈالنے کی کوشش کرتے ہیں۔ لہذا چند کتابوں کی عبارتیں اس کے متعلق لکھی جاتی ہیں۔

۱۔ حضرت مرزا احمد بیگ لاہوریؒ مقامات حاجی بادشاہ المعروف رسالہ اعجازیں لکھتے ہیں "حقیقت سجادگی ایشاں برایں منوال بودہ کہ حضرت شاہ صاحب بموجب التماس یاراں میاں برخوردار جیو فرزند کلاں را دستار نیابت عطا فرمودہ بودند۔

۲۔ حضرت علامہ شیخ محمد ماہ صدا قت کنجاہیؒ ثواقب المناقب میں لکھتے ہیں:۔
"ازاں جا کہ خلعت الصدق پیرانِ صبح نفس آفتاب دار عالمگیری باشد"

۳۔ حضرت مولانا محمد اشرف فاروقی میخریؒ کنز الرحمت میں لکھتے ہیں:۔ ؎

عطا شد نیابت بہ پسر بزرگ ۔۔۔ نمودند تحسیں بکار ستر گ

(باقی بر صفحہ ۴۶۳)

Marfat.com

تحصیل علوم۔ فنِ کتابت۔ زُہد۔

آپ نے علم ظاہری کی تحصیل حضرت مولوی عبداللہ لاہوری رح صاحب کتاب انواع۔ اور آفتاب پنجاب حضرت مولانا عبدالحکیم سیالکوٹی (متوفی ۱۰۶۸ھ) اور دیگر علمائے وقت سے کر کے سند فضیلت حاصل کی۔ قرآن مجید بھی حفظ کیا۔ فن کتابت میں یہاں تک کمال پایا کہ خوشنویسان وقت سے سبقت لے گئے۔ کنز الرحمت میں ہے۔ ۵

خطِ خوش نوشتے برادر کلاں — کہ ننوشتے ہرگز کسے آں چناں

آپ کا لکھا ہوا ایک جزو وزارت پناہ نواب سعداللہ خاں (متوفی ۱۰۶۶ھ) کی نظر سے گذرا۔ اُس نے بہزار کوشش درخواست کی۔ کہ اگر آپ شاہی دفتر میں دیوان ہونا قبول کرلیں تو مَیں آپ کو حضرت شاہ جہان بادشاہ کی طرف سے منصب ہزاری دلا دوں۔ لیکن آپ نے بحکم والد بزرگوار جواب دیا کہ ہم منصب دار خداوندی ہیں۔ اس لئے بندوں کے منصب کو نہیں چاہتے۔

(بقیہ صفحہ ۴۲) ۴۔ حضرت مفتی غلام سرور لاہوریؒ خزینۃ الاصفیا جلد اول میں لکھتے ہیں "حافظ برخوردار قدس سرہٗ۔ فرزند عالی جاہ وخلیفۂ حق آگاہ حاجی محمد نوشاہ بود"۔

۵۔ حضرت مولوی نور احمد چشتی لاہوریؒ تحقیقات چشتی ص ۴۲۹ میں لکھتے ہیں۔ "بعد وفات اول حافظ برخوردار سجادہ نشین ہوئے۔ ——— ۶۔ سید محمد حسن بن سید بندے شاہ صاحب نوشاہی ہاشمی ساکن رسُل شریف جو حضرت سید محمد ہاشم صاحب دریادلؒ کی اولاد میں سے تھے۔ وہ اپنی کتاب تحائف اصفیا میں لکھتے ہیں کہ جب حضرت نوشہ صاحبؒ نے اپنے بیٹے سید حافظ محمد برخوردار صاحبؒ کو حضرت سخی بادشاہ کی توجہ سے مقام جذب وسکر سے عبور کروا کر مقام سلوک سے مشرف کرایا تو اُس وقت اُن کو لنگی اور دستار خلافت عطا فرمائی ؎

سکاری کی چھپ سے گئی سب دِقت — ملی کملی دستار تھی اُس وقت ۱۲ شرف

Marfat.com

منصب قطبیت۔غوثیت

آپ محبوب بارگاہِ الٰہ۔حضرت سخی بادشاہ رح کے خاص منظور نظر تھے۔ انہوں نے اپنی توجہ سے آپ کو حضرت نوشہ صاحبؒ کے رتبہ پر پہنچا دیا۔کنز الرحمت میں ہے۔ ؎

بفرمودحضرت سلیماں چنیں　　کہ حاجی زتو کم ندادم یایں

آپ اپنے والد بزرگوار کی طرح مرتبۂ غوثیت پر فائز ہوئے۔حضرت نوشہ صاحبؒ نے آپ کے بہت زیادہ فضائل بیان فرمائے ہیں۔آپ کو "منصب دار معبود" کے مقام سے خوشخبری دی جس سے درجہ قطب الاقطاب مراد ہے۔جیسا کہ امام ربانی مجدد الف ثانی حضرت شیخ احمد سرہندیؒ (متوفی ۱۰۳۴ھ) اپنے مکتوبات شریف میں لکھتے ہیں۔"صاحب منصب صاحب علم ہے یعنی قطب الاقطاب صاحب علم ہے اور شہروں کے اقطاب اُس کے اَجزار اور ہاتھ پاؤں کی طرح ہیں۔"

فضائل وکمالات۔

آپ کے درجات ولایت ومقامات ہدایت وخوارق وکرامات وعلو ہمت خارج از حیطہ بیان ہیں۔حضرت نوشہ صاحب رح نے آپ کے متعلق فرمایا ہے۔

۱۔"دلداری صادر و وارد ہمیں جگر گوشہ تعلق دارد ونگہبانی خاطر ہر نزدیک ودور ازیں نور دیدہ سرانجام مے پذیرد" (ثواقب المناقب)

ترجمہ:۔ ہر آنے جانے والے مہمان کی دلجوئی کرنا اسی لخت جگر سے تعلق رکھتا

ہے۔ اور ہر قریب اور دُور کے رہنے والے دوستوں کے دل کی نگہبانی بھی اسی نُورِ چشم سے سرانجام ہو سکتی ہے۔

۲۔ نیز فرمایا ہے۔ مَیں نے اسرار خداوندی میں سے ایک ایک سِرّ کا کچھ حصّہ اپنے خلیفوں پر ظاہر کیا ہے۔ تو وہ ضبط نہیں کر سکے اور ھَاھُوْ کے نعرے لگاتے۔ اور اضطرابی حالت میں تڑپتے ہیں۔ بخلاف ان کے ہزاراں ہزار اسرار الٰہیہ اپنے فرزندوں کے سینوں میں ڈال دئے ہیں۔ وہ اتنے پُرحوصلہ اور صاحب استعداد کمال ہیں کہ کبھی ظاہر تک نہیں کیا۔ ان کے سینے "ارضی اللّٰہ واسعۃ" کا مصداق ہیں[1]۔

معرفت کا خزانہ ملنا:۔

حضرت سخی بادشاہؒ کی توجّہ سے آپ پر عرفانِ الٰہی کا دروازہ کھل گیا۔ اور معرفت کا خزانہ مل گیا۔ حضرت نوشاہ عالی جاہؒ نے شکریّہ کے طور پر فرمایا۔ ؎

کہ فرزندِ ما نیز مقبول شد　　باو گنج عرفان موصول شد[2]

سخی بادشاہ کی بشارت:۔

حضرت شاہ سلیمان نوریؒ نے آپ کے متعلق بشارت دی اور یہ طور پیشگوئی فرمایا۔ کہ یہ عزیز سالک ہوگا۔ اور مقاماتِ ولایت سے واقف ہوگا۔ اور جہان کو گمراہی سے نکال کر راہ ہدایت پر لگائے گا۔ یعنی

---

[1] تذکرۂ نوشاہیہ ۱۲

[2] کنز المعرفت ص۸۱۔ ۱۲

Marfat.com

پیشوائے خلق ہوگا۔ ؎

براہِ سلوک آید و آگہی　　جہاں را براہ آرد از گمرہی[1]

ادب واعتقاد۔

آپ اپنے والد بزرگوار کے ادب واحترام کرنے میں سب یاروں سے سبقت لئے ہوئے تھے۔ حضرت نوشہ صاحبؒ استغراقی حالت میں ہوتے تو آپ دست بستہ پاس مؤدّبانہ کھڑے رہتے۔ جب اُن کو افاقہ ہوتا۔ تو دیکھ کر فرماتے بیٹھ جاؤ۔ تب بیٹھتے۔ بغیر امر کے کوئی کلام نہ کرتے۔ اور تعمیل ارشاد میں ذرا بھی تاخیر نہ کرتے۔ ؎

چناں بود در اعتقاد و ادب　　کہ بے امر سخنے نہ کردے بلب

بجز امر نشستے ہرگز بجا　　نہ برخاستے از مکاں بے رضا

شب و روز نوشہ بہ بحر شہود　　بہر لحظہ در صحو و در محو بود

نشستے چو فرمودے اورا نشیں　　نمودے چو گفتے بکن ایں چنیں[2]

مدار المہام ہونا۔

حضرت نوشہ گنج بخش رحؒ نے اپنی نیابت میں خانگی اور بیرونی تمام کاروبار آپ کے سپرد کئے ہوئے تھے۔ آنجناب کی موجودگی میں مکانات کی تعمیر آپ نے ہی کرائی اور مسجد نوشاہیہ کا اہتمام بھی آپ نے ہی کیا۔ آپ مدار المہام اور مختارِ کار تھے۔ آپ قابلیت ولیاقت میں بالکل یگانہ ویکتا تھے ؎

بخانہ از و بود ہر کار و بار　　ہم از جہد شاں گشت مسجد تیار

---

[1]، [2] کنز الرحمت ص۱۸ ۱۲

Marfat.com

چناں بود در کارشاں دسترس　　کہ ہمزور ایشاں نشد ہیچکس[1]

قابلیت امور مشکلہ

ایک مرتبہ شاہ جہاں بادشاہؒ کو کابل جانے کا اتفاق ہوا۔ اُس نے حکم بھیجا کہ دریائے چناب پر کشتیوں کا پُل تیار کیا جائے۔ جب حضرت نوشہ صاحبؒ نے یہ خبر سنی تو فرمایا کہ اگر بادشاہ۔ میرے بیٹے حافظ برخوردار کو یہ حکم بھیجتا۔ تو وہ ایک دن میں پُل تیار کرا دیتا۔ ؎

چو در گوش حضرتؒ سید ایں امر　　بفرمود گویید بہ پسرم اگر
نماید یک روز پل را تیار　　چناں بود او را تردد بکار[2]

سیف اللسان ہونا۔

آپ بڑے صاحب یُمن و برکت تھے۔ آپ کی زبان سیف تھی۔ جو کچھ مُنہ سے فرماتے وہ پُورا ہو جاتا۔ ؎

چناں بود ذاتش ببرکت چناں　　کہ بودش دہاں از قضا ناودان
بروں آمدے ہر چہ سخن از زباں　　ز لطف الٰہی شدے ہمچناں[3]

حج کی سعادت پانا۔

قاضی امام بخش جام پوریؒ نے کتاب حدیقۃ الاسرار میں آپ کا نام نامی "حاجی برخوردار" لکھا ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ اپنے والد بزرگوار اور جد امجد کی طرح حج و زیارت کی سعادت سے بھی مشرف ہوئے۔

تصانیف:۔

آپ کی زبان مبارک سے ایک فارسی مناجات حضرت غوث الاعظمؒ

---

[1] کنز الرحمت ص۱۱ [2] و [3] کنز الرحمت ص۸۲ ۱۲ شرافت

Marfat.com

اور ایک پنجابی منظوم یادگار موجود ہیں۔ جن سے آپ کا عشق غوثیہ بدرجۂ کمال ظاہر ہوتا ہے[1]۔

اولاد۔

آپ کے چھ فرزند تھے۔

۱۔ حضرت سیّد عنایت اللہ زآہدؒ (متوفی ۱۱۴۰ھ) مقام صمدیت ان پر منکشوف تھا۔ انہوں نے اولادِ نرینہ نہیں چھوڑی۔

۲۔ حضرت سید سعد اللہ حکیمؒ (متوفی ۱۱۲۵ھ) امراض جسمانی و رُوحانی کے طبیب تھے۔ ان کی اولاد بہت ہے اور مختلف مواضعات میں آباد ہے۔ ان میں سے

اس وقت سیّد غلام رسُول صاحب[2] ساہنپال شریف میں سکونت رکھتے ہیں۔ میری جدّہ محترمہ مرحُومہ کے حقیقی بھائی ہیں۔ چونسٹھ سال عمر ہے۔ منکسر المزاج متواضع ہیں۔ سلمہ اللہ تعالیٰ۔ ان کا شجرہ یہ ہے:۔

ابن سید فضل الٰہی بن مولانا سیّد غلام قادر بن سیّد عبداللہ بن سیّد خیر اللہ بن سید فتح اللہ بن سید شاہ نظام بن سید سعد اللہ حکیمؒ۔

۳۔ حضرت سید رحمت اللہ عارفؒ (متوفی ۱۱۶۷ھ) صاحب جلالیت وسیف اللّسان تھے۔ ان کی اولاد کے افراد بہت ہیں۔ اُن میں سے

---

[1] دونو مناجاتیں اور دعائے کیمیائے سعادت کو جمع کر کے مَیں نے آپ کا رسالہ جوامع الاسرار مرتب کیا ہے۔

[2] وفات ۱۳۶۸ھ ۱۲ شرافت

اِس وقت سیّد محمد عالم صاحب[1] سلمہ اللہ موضع بڑجن[2] علاقہ کس گماں ضلع میرپور۔ ریاست جمّوں میں سجّادہ نشین ہیں۔ میری والدہ صاحبہ کے حقیقی ماموں زاد بھائی ہیں۔ اڑتالیس[48] سال عمر ہے۔ کوہستانی علاقہ میں ان کا فیض عام ہے۔ ابن سید نظام الدّین بن سید شاہ نواز بن سیّد فضل الدین بن سیّد خدا بخش بن سید شاہ تقن بن سید رحمت اللہ عارفؒ۔

۴۔ حضرت سید نصرت اللہ محدّثؒ (متوفی ۱۱۷۰ھ) ان کی اولاد دولپشت پر جا کر ختم ہو گئی۔

۵۔ حضرت سیّد شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوانؒ (متوفی شب سہ شنبہ ۱۲ رجب ۱۱۳۷ھ) یہ اپنے وقت میں یگانہ دوران اور صاحب فیض کثیر تھے۔ ان کا سلسلہ فقر بے شمار ہے ان کی اولاد میں سے اس وقت سیّد محمد شریف بمقام ڈھل شریف متصل سرائے عالمگیر سجّادہ نشین ہیں۔ میرے حقیقی خالہ زاد بھائی ہیں۔ بتیس[32] سال عمر ہے[3]۔ صاحب علم ہیں۔ سلمہ اللہ۔ ان کا نسب نامہ یہ ہے۔ ابن سید پیر محمد عالم بن سیّد پیر محمد مجذوب بن سید شمس الدّین بن سید اللہ دتہ بن سید فتح الدّین بن سیّد محمد عظیم بن سیّد شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوانؒ۔

۶۔ حضرت سید حافظ [illegible] اللہ فقیہ اعظمؒ ان کا ذکر آگے آئے گا۔

---

[1] وفات ۱۳۶۱ھ ۱۲۔

[2] اس وقت یہ علاقہ [illegible] کشمیر میں ہے۔

[3] اس وقت بعمر ۵۲ سال نوشہرہ پور شرقیہ میں سکونت پذیر ہیں ۱۲ شرافت

Marfat.com

یارانِ طریقت۔

آپ کے چار یار خاص[1] یہ تھے۔

۱- چوہدری ابوالخیر بن محب علی تارڑ، ساکن اگرویہ
۲- چوہدری عبدالوہاب بن محب علی تارڑ، 〃 〃
۳- چوہدری عنایت خاں بن بکھا خاں تارڑ 〃 〃
۴- چوہدری یتیم خاں بن شریف خاں تارڑ 〃 〃

وفات و مدفن۔

حضرت سید حافظ محمد یہ خوردار[2] بحر العشق رح کی وفات شریف بقول صاحب لطائف گل شاہی اتوار کے دن پندرھویں ماہ ذیقعد ۱۰۹۳ھ مطابق ۵ نومبر ۱۶۸۲ء بعہد سلطنت سلطان اورنگ زیب عالمگیر ہوئی۔ مزار مبارک ساسنپال شریف۔ گورستان نوشاہیہ میں درگاہ عالیہ سے مشرقی جانب سنگ مرمر سے پختہ بنا ہوا ہے۔ مادۂ تاریخ "امام اعظم"[3] ہے۔

---

[1] سب بزرگوں کے خلفا تو بہت تھے۔ یہاں سب کی گنجائش نہیں۔ اسلئے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اتباع کی سنت میں حضور کے چار یاروں کے مطابق ہر ایک بزرگ کے صرف چار یار لکھ دئے ہیں ۱۲ منہ

[2] آپ کی دو مستقل سوانحعمریاں بنام ارشاد الاخیار۔ اور مقامات برخوردار یہ لکھی جا چکی ہیں۔

[3] (ایک تاریخی غلطی کی تصحیح) شاہجہانی اور عالمگیری عہد میں چند بزرگ آپ کے ہم نام ہوئے ہیں۔ (۱) حافظ برخوردار بحر العشق۔ یعنی صاحب ذکر ہذا۔ یہ سید علوی تھے۔ ان کے حالات رسالہ احمد بیگ تذکرۂ نوشاہیہ۔ ثواقب المناقب کنز الرحمت۔ خزینۃ الاصفیا میں موجود ہیں۔ (۲) حافظ برخوردار۔ یہ موضع بچہ چٹھہ ضلع گوجرانوالہ کے قاضی زادوں سے تھے۔ پنجابی زبان کے مشہور شاعر تھے (باقی برصفحہ ۵۱)

Marfat.com



عکس تحریر حضرت سید حافظ محمد برخوردار صاحب بحر العشق - لکھنؤ - ۱۰۱۵ھ

Marfat.com

Marfat.com

حضرت مولانا سیّد حافظ جمالُ اللہ صاحب فقیہ اعظمؒ

آپ سلطان الاولیاء دلیل الاتقیا۔ عارف ربانی۔ محبُوب یزدانی امام اہل شریعت۔ مقتدائے اصحاب طریقت۔ صاحب جذب و عشق و محبّت و وجد و سماع تھے۔

نام۔ ارادت۔ خلافت۔

آپ کا نام جمال اللہ۔ کنیت ابوالحیات۔ لقب فقیہ اعظم صُوفی تھا۔ آپ سید الاخیار امام الابرار حضرت سید حافظ محمد برخوردار بحرالعشقؒ کے فرزند ارجمند اور مرید و خلیفہ اعظم و سجادہ نشین تھے۔ تمام فرزندوں

(بقیہ صفحہ ۵۰) قصّہ یوسف زلیخا۔ اور قصّہ مرزا صاحباں اُنکی یادگار ہیں۔ اُن کا مزار بچہ چھٹہ میں ہے۔ (۳) حافظ برخوردار۔ یہ قوم رانجھا سے تھے۔ ضلع سرگودھا کے ایک مشہور گاؤں دستی شاہاں والی میں سکُونت رکھتے تھے۔ یہ بھی شاعر تھے۔ پنجابی زبان میں فقہ حنفی کی کتاب انواع۔ اور ایک قصّہ یُوسف زلیخا۔ ان کی تصانیف سے موجود ہیں۔ (۴) شیخ برخوردار گجراتی سنہ ۱۰۲۰ھ میں حاجی پور پٹنہ کی سیر کر کے بُرہان پور کو گئے۔ ان کا ذکر مولانا محمد غوثی بن شیخ حسن شطاری سندی نے اپنی کتاب اذکار الابرار کے صفحہ ۵۷۲ پر لکھا ہے۔ (۵) حافظ برخوردار۔ جن کا مزار چنی ضلع سیالکوٹ میں ہے۔ ان کی شاعری کا کوئی ثبوت نہیں۔ (۶) حافظ برخوردار۔ یہ موضع ٹاہیانوالہ تحصیل کھاریاں ضلع گجرات میں سکونت رکھتے تھے۔ قرآن مجید کا درس دیتے اور سینکڑوں طلبا ان سے فائز المرام ہوتے۔ (۷) حافظ برخوردار۔ ان کا مزار جنڈیالہ شیر خاں ضلع شیخوپورہ گاؤں سے شرقی جانب ہے۔ بلند گنبد ہے۔ حالات کا کچھ پتہ نہیں۔ (۸) میر سید برخوردار پسروری۔ ان کا مزار پسرور ضلع سیالکوٹ میں ہے۔ یہ سید تھے۔ ان کا ذکر فتی علی الدین (باقی برصفحہ ۵۲)

Marfat.com

میں سے آپ کے ساتھ والد بزرگوار کی کمال محبّت تھی۔
آپ کی ولادت ۱۰۷۸ھ مطابق ۱۶۶۸ء میں ہوئی۔

تحصیل علوم۔ تدریس۔ وعظ۔

آپ نے پہلے اپنے والد ماجد سے قرآن مجید حفظ کیا۔ پھر موضع بسّی چیٹھہ میں جو بعہد سلاطین مغلیہ مرکز علوم تھا۔ حافظ مفتی شکر اللہ صاحبؒ اور مولانا مفتی محمد صدّیق صاحبؒ سے علوم معقول و منقول حاصل کیے۔ مدّت ستائیس سال کے بعد وہاں سے فارغ التحصیل ہو کر دستار فضیلت

(بقیہ حواشی ۵۱) لاہوری نے کتاب عبرت نامہ جلد دوم میں کیا ہے ——— ہمارے ایک معاصر مؤرخ ماسٹر رشید نیاز سیالکوٹی نے تاریخ سیالکوٹ میں موضع چیٹی والے حافظ برخوردار کا تذکرہ کیا ہے۔ چونکہ ان کا ذکر کسی کتاب میں درج نہ تھا۔ اس لئے انہوں نے چار ہمنام بزرگوں کے حالات مخلوط کر کے ان کے نام چسپاں کر دئے ہیں۔ مثلاً۔

۱۔ تذکرہ تو چیٹی والے حافظ برخوردار کا کیا ہے قبر بھی چیٹی میں لکھی ہے۔

۲۔ شجرۂ نسب گلزار نوشاہی سے۔ اور کرامات اور فرزندوں کے نام خزینۃ الاصفیا سے لکھ دئے ہیں جو حافظ برخوردار بحر العشق نوشاہی کے ہیں۔ جن کا مزار سہنپال شریف میں ہے ؎

مزار شریفش بجاہ و جلال — بنزدیک نوشاہ در سہنپال

۳۔ اشعار پنجابی حافظ برخوردار بسّی والے کے کلام سے لکھ دئے ہیں۔

۴۔ قوم اُن کی رانجھا لکھ دی ہے۔ جو حافظ برخوردار اوستی شاہ توالی کی قومیت ہے۔

ماسٹر صاحبؒ نے یہ بھی خیال نہیں کیا کہ جب حافظ صاحب کی قومیت رانجھا لکھ رہے ہیں۔ تو پھر شجرہ نسب علی المرتضیٰؓ کیسے ملا دیا ہے۔ رانجھا تو ایک الگ قوم ہے جن کا علویوں سے کوئی تعلق نہیں۔

مورخ حضرات کو چاہیے کہ جو مضمون لکھا کریں تحقیق کر لیا کریں۔ ۱۲ مدیر شرافت

Marfat.com

باندھی، اور دینی دنیوی مقاصد حاصل کر کے واپس آئے۔ اور ورگاہِ نوشاہیہ میں مدرسہ کی بنا ڈالی۔ اور درس و تدریس کا سلسلہ شروع کیا۔ علم حدیث و فقہ میں وہ کمال تھا۔ کہ علمائے وقت رشک کرتے تھے۔ وعظ و تقریر اس درجہ شیریں ہوتی تھی کہ سامعین پر حالت وجد طاری ہو جاتی تھی۔ فصاحت و بلاغت حد بیان سے باہر تھی۔ درس کے وقت بڑے لطیف نکات و معارف بیان فرماتے۔ آپ کو والدہ ماجدہ کی دعا تھی کہ تم ہر میدان میں مظفر و منصور رہو گے۔ چنانچہ ہر طرح کے علمی مناظروں اور مباحثوں میں آپ فتحیاب ہوتے۔ ایک مرتبہ حافظ یار محمد کنگڑ کے جنازہ پر علمائے علاقہ سے آپ سے مناظرہ کیا۔ آپ سب پر غالب آئے۔[1]

خرقہ تبرک۔ جذبہ۔ قطبیت۔

آپ نے اپنے والد بزرگوار سے خلافت کبریٰ حاصل کر کے حضرت شیخ عبدالرحمن پاک صاحب بھڑیوالہؒ سے بھی فیض باطنی پایا۔ اور خرقہ تبرک حاصل کیا۔ نسبت جذب و محبت انہیں کی توجہ سے غالب ہوئی۔ انہوں نے آپ کے حق میں فرمایا تھا کہ "تاثیر ایں صاحبزادہ خیلے سخت خواہد بود" یعنی اس صاحبزادہ کی تاثیر بہت سخت ہوا کرے گی چنانچہ آپ جس کسی پر نگاہ توجہ ڈالتے۔ وہ مست و مجذوب ہو جاتا۔[2] اپنے والد

---

[1] رسالہ احمد بیگ ۱۲ [2] تذکرہ نوشاہیہ ۱۲ شرافت۔

بزرگوار اور جدامجدؒ کی کمال تبعیت وراثت سے آپ بھی درجہ قطبیت سے مشرف ہوئے۔ اور صاحب منصب تھے جیسا کہ تذکرہ نوشاہیہ سے ظاہر ہے۔

آپ کی دو مہریں تھیں، ایک کا سجع تھا "نوشہ حاجی جمال اللہ است" دوسری کا سجع تھا "حافظ جمال اللہ"

فضائل۔ مجاہدہ۔ ریاضت۔

آپ علم تصوف و اشارات فقر میں استاد کامل و مکمل تھے۔ آپ فرمایا کرتے کہ فقیروں کے مراتب و منازل میں اپنے ہاتھ میں چراغ کی طرح دیکھتا ہوں "مجاہدہ و ریاضت سے کبھی فارغ نہ ہوتے۔ سلطان الاذکار آپ کو جاری تھا۔[1] (تذکرہ)

اولاد۔

آپ کے دو فرزند تھے۔

۱۔ حضرت سیدا بو سعید صاحب مُرتاضؒ (متوفی ۱۱۶۷ھ) اہل جذبہ و جلالیت تھے۔ ان کے دو لڑکے تھے جو بچپن میں ہی فوت ہو گئے۔

۲۔ حضرت سید حافظ محمدؒ حیات ربّانیؒ ان کا ذکر آگے درج ہو گا۔

یاران طریقت۔ آپ کے چار یار خواص یہ تھے۔

---

[1] آپ کی تالیف حقائق آثار کو میں نے مرتب کیا ہے ۱۲ سید شرافت

Marfat.com



عکس تحریر حضرت سید حافظ جمال اللہ صاحب فقیہ اعظم مکتوبہ ۱۱۲۰ھ

Marfat.com

Marfat.com

۱۔ حضرت میر احمد خاں فوجدارؒ گجرات۔
۲۔ حضرت شیخ وانا سیالکوٹیؒ
۳۔ چوہدری جمال خاں بن ابوالخیر تارڑ ساکن اگرویہ۔
۴۔ چوہدری محمد امین بن عبدالوہاب تارڑ ساکن اگرویہ۔

وفات و تدفین

حضرت سید حافظ جمال اللہ فقیہ اعظمؒ[1] کی وفات بقول صاحب تذکرہ نوشاہیہ شب سہ شنبہ[2] بوقتِ نماز مغرب بارہ[12] ہوئیں ربیع الآخر ۱۱۴۲ھ مطابق اکتوبر ۱۷۲۹ء بعہد سلطنت محمد شاہ بادشاہ ہوئی۔ مزار مبارک سامنپال شریف مقبرہ نوشاہیہ میں درگاہ نالیہ سے مغربی جانب چبوترہ پر پختہ بنا ہوا ہے[3]۔
مادۂ تاریخ "شیخ العالمین" ہے۔

---

[1] آپ کی سوانح حیات بنام معائر الجمال میں نے لکھی ہے۔ ۱۲

[2] تقویم ہجری و عیسوی شائع کردہ انجمن ترقی اردو پاکستان کے مطابق ۲ ربیع الآخر کو سہ شنبہ کا دن ہوتا ہے۔ منگلوار کا دن ۹ یا ۱۶ تاریخ کو پڑتا ہے۔

[3] حضرت علامہ الشریف عبدالغنی بن فخرالدین الحسنی مدیر سابق ندوۃ العلماء لکھنؤ نے اپنی کتاب نزھۃ الخواطر وبھجۃ المسامع والنواظر (عربی)، مطبوعہ دائرۃ المعارف العثمانیہ حیدرآباد دکن ۱۳۷۰ھ کے الجزء السادس (یعنی جلد ششم)، رویف جیم ص ۱۰۵ میں سید جمال اللہ صاحبؒ کا تذکرہ ان الفاظ میں کیا ہے

(باقی حاشیہ صفحہ ۵۶)

حضرت مولانا سید حافظ محمد حیات صاحب ربّانیؒ

آپ شمس المقربین۔ سراج السالکین۔ زبدۃ الاتقیا۔ خاتم الاولیا۔ بدرِ طریقت۔ ضیائے حقیقت۔ صاحب ذوق و شوق و علم و حلم تھے۔

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۵۵)

۱۱۸
الشیخ جمال اللہ اللاہوری

المشیخ الفاضل جمال اللہ بن برخوردار بن محمد بن العلاء اللاہوری احد المشائخ القادریۃ کان شیخًا جلیلًا وقورًا عالمًا صاحب کشوفٍ وکراماتٍ مات فی ثانی عشر من ربیع الثانی سنۃ اثنین واربعین ومائۃ والف۔

شیخ فاضل جمال اللہ بن برخوردار بن (حاجی) محمد بن علاؤ الدین لاہوری۔ مشائخ قادریہ میں بڑے بزرگ جلیل القدر اور زبردست عالم۔ صاحب کشف و کرامات تھے بارہویں ربیع الثانی ۱۱۴۲ھ میں رحلت فرمائی۔

چونکہ دیار اور مصار۔ بعیدہ اور ممالک دور و دراز میں لاہور شہر کا نام مشہور ہے اس لئے مورخین حضرات کا طریقہ ہے۔ کہ اصلاح قرب و جوار۔ اور مواضعات مضافات کو بھی لاہور میں ہی شامل کر دیتے ہیں۔ اور ان کا اصل نام بوجہ غیر مشہور ہونے کے نہیں لکھتے۔ اسی طریقہ کے مطابق صاحب نزھۃ الخواطر نے سید جمال اللہ صاحب کو بجائے ساہنپال یا گجراتی لکھنے کے لاہوری لکھدیا ہے ۱۲۔

سید شرافت۔

Marfat.com

نام۔ارادت۔ خلافت۔

آپ کا نام محمد حیات۔ کنیت ابوالضیاء۔ لقب ربانی تھا۔

آپ شہباز پنجہ پدا اللہ حضرت سید حافظ جمال اللہ صاحب فقیہ اعظمؒ کے فرزند ارجمند اور مرید و خلیفہ اعظم و سجادہ نشین تھے۔ اپنے تمام برادران ہم جدی میں علم و فضل و معرفت میں لاثانی اور صاحب کمالات ظاہری و باطنی تھے۔

تحصیل علوم۔ خرقہ تبرک۔ سیاحت۔

آپ نے علوم ظاہری کی تحصیل اپنے والد بزرگوار سے کی۔ قرآن مجید حفظ کیا۔ تفسیر۔ حدیث۔ فقہ۔ تصوف۔ اور طب میں کمال حاصل کیا۔ سلوک قادریہ پورا کر کے والد ماجد سے خلافت حاصل کی۔ نیز اپنے عم بزرگ حضرت شاہ عصمت اللہ صاحب حمزہ پہلوانؒ سے خرقہ تبرک پایا۔ فن کتابت نسخ و نستعلیق میں بھی خاص مہارت رکھتے تھے۔ آپ نے دور دور تک سیاحت کی شاہجہان آباد میں بھی پہنچے۔ وہاں کے بزرگوں اور مشائخ سے ملاقاتیں کیں۔ اور وہاں کے لوگوں کو فیض نوشاہی سے مستفیض فرمایا۔ حضرت خواجہ فخر الدین فخر جہان چشتی دہلویؒ (متوفی ۱۱۹۹ھ) سے بھی ملاقات کی۔

فیاضی۔ ولایت۔ تدریس۔

آپ نہایت فیاض۔ غریب پرور۔ مسکین نواز تھے۔ آپ کا

Marfat.com

دروازہ ارباب حاجت کے لئے ہر وقت مفتوح رہتا۔ ایک مرتبہ موضع اگرویہ کا ایک آدمی قتل کے جرم میں ماخوذ ہوا۔ چونکہ اُس کے عیال و اطفال خورد سال تھے۔ آپ نے ازراہ غریب نوازی ایک ہزار روپیہ اُس کا خون بہا ادا کرکے اُس کا جرم اُس کے وارثوں سے بخشوالیا۔ آپ اجابت دعا۔ اور کشف و کرامت میں منصب عالی رکھتے تھے۔ مشائخ معاصرین نے آپ کے سکہ ولایت کو تسلیم کیا ہوا تھا۔ اپنے والد ماجد کے بعد مدرسہ نوشاہیہ کے مدرس اعلیٰ آپ ہی تھے۔ علوم ظاہری و باطنی کی تعلیم سے اکثر مخلوق کو نوازا۔ آپ کے زمانہ سجادگی و خلافت میں ۱۱۰۷ھ میں حضرت نوشاہ عالیجاؒ کا مزار شریف دوسری جگہ منتقل ہوا۔

تصانیف۔

سلسلہ تدریس اور حلقہ شغل باطنی کے علاوہ آپ تالیف و تصنیف میں بھی کچھ وقت صرف فرماتے تھے۔ چنانچہ چند تصانیف کے نام یہ ہیں۔ جو سب فارسی میں ہیں۔

۱۔ تذکرہ نوشاہیہ۔ اس کتاب میں آپ نے حضرت نوشہ صاحب اور اُن کے مشائخ۔ اور ان کی اولاد اور خلیفوں کے مستند حالات جمع کئے ہیں۔ ۱۱۴۶ھ میں اس کو تصنیف کیا۔

۲۔ مجمع اللطائف۔ اِس کتاب میں رموز و نکات تصوف بطور

Marfat.com

سوال وجواب درج فرمائے ہیں۔

۳۔ شرح اسمار اربعین۔ اس کتاب میں خدا تعالےٰ کے چالیس[۴] ناموں کی عمدہ شرح کی ہے۔

۴۔ رسالہ سماع۔ اس[۵] میں حدیث وفقہ کی رو سے سماع کا جواز ثابت کیا ہے۔

آپ کی مُہر کا سجع یہ تھا۔ "محمد حیات جمال اللہ است"۔

اولاد۔

آپ کے چار فرزند تھے۔

۱۔ حضرت سید حافظ نور اللہ صاحب فرشتہ صفات رح ان کا ذکر جمیل آگے آئے گا۔

۲۔ حضرت سید ضیاء اللہ صاحب رسول نگری[۶] (متوفی ۱۳۰۳ھ ۱۹ ربیع الآخر ۱۲۳۴ھ) پابند شریعت اہل علم وتقوےٰ تھے۔ ان کی اولاد بہت ہے۔ ان میں سے اس وقت سید حسن عالم صاحب قصبہ رسول نگر ضلع گوجرانوالہ میں سجادہ نشین ہیں۔ صاحب حلم وفقر ودانش محتشم بزرگ ہیں۔ ستاسی[۸۷] سال عمر سے ساہ اللہ تعالےٰ سلسلہ نسب یہ ہے۔ ابن سید عمر بخش[۱]

---

[۴] آپ کی تصنیف سے مناجات بدرگاہ الٰہی منظوم۔ مناجات بدرگاہ نبوی۔ مناجات فریاد نامہ بجناب غوث الاعظم۔ مناجات نوشہ صاحب۔ فالنامہ۔ علوم اور دعا تحریرات کو میں نے بنام تسدیع القلوب مرتب کر دیا ہے۔ [۵] وفات بعمر ۵۲ سال ۱۲ محرم ۱۲۶۱ھ مدفون رسول نگر۔ [۶] ۱۲۷۱ھ سید عمر بخش صاحب کی تصنیف سے مناقبات غوثیہ۔ آب حیاتی۔ سالہ بخشش گدا پنجابی منظوم موجود ہیں ۱۲ شرافت۔

Marfat.com

بن سید محمد بخش بن سید ضیاء اللہ صاحب رسولنگری
۳۔ حضرت سید مراد اللہ صاحب رح۔ لاولد فوت ہوئے۔
۴۔ حضرت سید عباد اللہ صاحب لاولد انتقال کیا۔

یارانِ طریقت۔

آپ کے چار اصحاب خاص یہ تھے۔
۱۔ حضرت شیخ عبدالرحمٰن دہلوی
۲۔ چوہدری برخوردار بن جمال خان تارڑ۔ ساکن اگرویہ۔
۳۔ چوہدری محمد باقر بن محمد امین تارڑ۔ ساکن اگرویہ۔
۴۔ چوہدری اختیار خاں بن گل محمد تارڑ۔ ساکن اگرویہ

وفات۔ مدفن

حضرت سید حافظ محمد حیات صاحب[1] ربانی کی وفات حسب تحریر صاحب مناقبات نوشاہیہ جو انہوں نے حاشیہ کنز الرحمت پر کی ہے ۱۱۷۳ھ مطابق ۱۷۶۰ء میں بعہد عزیز الدین عالم گیر ثانی بن جہاندار شاہ ہوئی۔ مزار مبارک ساہنپال شریف۔ مقبرہ نوشاہیہ میں اپنے والد بزرگوار کے پاس غربی رُخ بنا ہوا ہے۔ رحمۃ اللہ علیہ
مادۂ تاریخ "پاک نظر" ہے۔

---

[1] آپ کی سوانح عمری بنام حیات ربانی میں نے مفصل لکھی ہے ۱۲ شرافت

Marfat.com



عکس تحریر حضرت سید حافظ محمد حیات صاحب ثانی

مصنف کتاب تذکرہ نوشاہیہ ملتوبہ ۱۱۲۶ھ

Marfat.com

Marfat.com

حضرت مولانا سید حافظ نور اللہ صاحب فرشتہ صفاتؒ

آپ قبلۃ الصادقین۔ کعبۃ المتقین ۔ عاشق ذات خدا۔ محبوب حضرت کبریا۔ عمدۃ العلما۔ زبدۃ الفضلا ۔ امام جہان۔ قطب زمان صاحب زہد و تقوے و ورع و خوارق و کرامات تھے۔

نام۔ نسب۔

آپ کا نام نور اللہ۔ کنیت ابو احمد۔ لقب فرشتہ صفات۔ قاضی القضاۃ تھا۔ آپ فخر ان البرکات حضرت سید حافظ محمد حیات صاحب ربانیؒ کے فرزند اکبر اور مرید و خلیفہ اعظم و سجادہ نشین تھے۔ ولایت و نجابت و علم مورو ثی رکھتے تھے۔ آپ کی ولادت بروز سہ شنبہ ۱۹ جمادی الآخرۃ ۱۱۴۷ھ مطابق ۵ نومبر ۱۷۳۴ء میں ہوئی۔ (روضۃ الزکیہ)

تحصیل علوم۔ وعظ۔ منصب قضا۔

آپ نے تحصیل علوم ظاہری اپنے والد بزرگوار۔ اور دوسرے اساتذہ سے کی۔ قرآن مجید حفظ کیا۔ معقول و منقول ازبر کیا۔ تفسیر و حدیث و فقہ میں بلند پایہ رکھتے تھے۔ واعظ۔ مقرر خوش بیان تھے۔ بوقت وعظ سامعین کو رقت قلب اور وجد ہوا کرتا تھا۔ آپ کا علوم شرعیہ میں بے مثل ہونا۔ اس بات سے بخوبی ظاہر ہے

Marfat.com

کہ چوہدری غلام محمد[1] بن پیر محمد چٹھہ (متوفی ۱۲۳۳ھ) رئیس اعظم منچر چٹھہ ضلع گوجرانوالہ نے جو زمانہ حوالف الملوکی میں اپنے تمام علاقہ کا حدودِ ملتان تک خود مختار حاکم تھا۔ اپنے زیر حکومت علاقہ میں سے ستر علما منتخب کئے ہوئے تھے۔ اور ستر میں سے چار۔ اور چار میں سے ایک حضور پر نور بعہدۂ قاضی القضات مقرر تھے۔ آپ نے اپنا جائے قیام اور دارالافتا قصبہ رسولنگر میں رکھا تھا۔ تمام ملک میں آپ کا فتوےٰ مقبول تھا۔

بیعت۔ خلافت۔ خرقہ تبرک۔ کشف۔

آپ نے بیعت طریقت اپنے والد بزرگوار سے کی۔ اور مقامات سلوک طے کرنے کے بعد خلافت و اجازت حاصل کی۔ نیز اپنے عم بزرگ حضرت سید ابو سعید مرتاض رح سے خرقہ تبرک حاصل کیا مراتب توحید میں درجہ کمال رکھتے تھے۔ کشف قبور۔ کشف قلوب کشف ملکوت آپ کو بدرجہ اتم حاصل تھا۔

سکھ حاکموں کی آپ سے عقیدت۔

چوہدری غلام محمد چٹھہ رح کی شہادت کے بعد اس علاقہ پر سکھوں کا قبضہ ہو گیا۔ وہ بھی آپ سے نہایت عقیدت رکھتے تھے۔ ایک مافی نلہ فصل بفصل۔ اور کچھ روزینہ بھی آپ کو دیا کرتے۔ اور فقیر

---

[1] چوہدری غلام محمد کی حکومت کا تذکرہ منتخب التواریخ پنجاب۔ تاریخ پنجاب۔ عمدۃ التواریخ وغیرہ کتابوں میں موجود ہے ۱۲ شرافت

سید عزیز الدین رضا لاہوریؒ (متوفی ۱۲۶۰ھ) جو مہاراجہ رنجیت سنگھ کے وزیر اعظم تھے۔ مع اپنے دوسرے بھائیوں کے آپ کے کمال معتقد تھے۔ اور آپ سے سلسلہ مراسلت[1] جاری رکھتے تھے۔

فضائل۔ مناقب۔

آپ کے تصرفات عجیب و غریب تھے۔ کرامت کا ظہور آپ کی نظر تجلی اثر کا ادنیٰ کرشمہ تھا۔ ایک مرتبہ اپنے صاحبزادہ سید حافظ الٰہی بخش صاحبؒ کو ملک الموت کا دیدار کروایا۔ آپ قوی الجذبہ مستقیم الاحوال تھے۔ تصوف و حقایق میں آپ کا کلام عالی تھا۔ آپ کا ارشاد ہے۔ "ہمارے جسم ہماری روحیں ہیں۔ اور ہماری روحیں ہمارے جسم ہیں"

تصانیف۔

آپ کی متعدد تصنیفیں ہیں۔

۱۔ انشائے نور اللہ فارسی۔ فن ادب و انشا پردازی میں بہترین کتاب ہے۔ اس میں خط و کتابت کے طریقے درج ہیں۔

۲۔ مصطلحات الصوفیہ فارسی۔ اس میں آپ نے اصطلاحات فقرا کی تشریح کی ہے۔

---

[1] نقل سید عزیز الدین رضا کے ہاتھ کا لکھا ہوا ایک مکتوب ہے جو ان کی مہر سے مزین ہے۔ مہر کا نقش یہ ہے۔ "خادم اللہ فقیر عزیز الدین رضا" آپ اپنے نام کے ساتھ متخلص تھے۔ بعض جا رضا لکھتے ہیں۔ اور بعض جا عزیز۔ آزاد واقعات

Marfat.com

۴۔ نورالفتاویٰ۔ المعروف فتاویٰ نوشاہیہ عربی۔ اس میں کتب معتبرہ فقہ حنفیہ سے مسائل منتخب کر کے لکھے ہیں۔ یہ اُس زمانہ کی تصنیف ہے۔ جب آپ مفتی رسولؐ نگر تھے۔

اولاد۔

آپ کے دو فرزند تھے۔

۱۔ حضرت سیّد حافظ الٰہی بخش صاحب مظہر حقؒ۔ ان کا ذکر آگے ہوگا۔

۲۔ حضرت سید خدا بخش صاحبؒ (متوفی ۱۲۷۶ھ) اہلِ تصرفات قویہ تھے۔ ان کی اولاد میں سے چند افراد موجود ہیں۔ ان میں سے سیّد کرم حیات صاحب[1] موضع چنبھل ضلع شیخوپورہ میں اس وقت سجادہ نشین ہیں۔ فقیر دوست صاحب تاثیر ہیں۔ انتالیس ۳۹ سال عمر ہے۔ سلمہ اللہ تعالےٰ شجرہ یہ ہے۔ ابنِ سیّد غلام حسین بن سیّد نور احمد بن سیّد خدا بخش

یارانِ طریقت۔

آپ کے چار خاص اصحاب یہ تھے۔

۱۔ حضرت مولانا سیّد غلام قادر بن سید عبداللہ صاحب برخورداری ساہنپاوؒی (متوفی ۱۳۰۶ھ)

۲۔ حضرت حکیم مولانا شیخ احمد صاحب فاروقی رسولنگریؒ (متوفی ۱۲۴۳ھ)

---

[1] وفات پنج شنبہ ۲۰ ربیع الاول ۱۳۵۲ھ مدفون چنبھل ۱۲ شرافت

۳- چوہدری غازی خاں بن محمد یار تارڑ ساہنپالوی (متوفی ۱۲۳۵ھ)
۴- چوہدری حافظ فیض بخش بن دریام خاں تارڑ ساکن اگرہیہ۔

وفات۔ مدفن۔

حضرت سید حافظ نور اللہ صاحب[1] فرشتہ صفات کی وفات بقول صاحب روضۃ الزکیہ بروز جمعہ۔ ششم[6] ماہِ صفر ۱۲۲۹ھ مطابق ۲۸ جنوری ۱۸۱۴ء میں بعہد محمد اکبر شاہ ثانی بن شاہ عالم بادشاہ ہوئی۔ مزار مبارک ساہنپال شریف۔ مقبرہ نوشاہیہ میں اپنے والد بزرگوار کے پاس غربی رخ پختہ بنا ہوا ہے۔ "شیخ شہید" مادۂ تاریخ ہے۔

---

[1] آپ کی ایک سوانح حیات بنام صحیفہ نوریں سنے لکھی ہے ۱۲ منہ

Marfat.com

حضرت مولانا سیّد حافظ الٰہی بخش صاحب مظہر حقؒ

آپ امام العابدین۔ رئیس العارفین۔ قبلۂ قبلہ پرستان۔ کعبۂ کعبہ شناسان۔ شاہسوار عرصہ احدیت۔ جانباز میدان محبت۔ عالم صوری و محقق معنوی۔ صاحب جذب و وجد و سماع تھے۔

نام۔ نسب۔

آپ کا نام الٰہی بخش۔ کنیت ابوالفیض۔ لقب مظہر حق تھا۔

آپ مقبول بارگاہ الٰہ۔ حضرت سیّد حافظ نور اللہ صاحب فرشتہ صفات مفتیِ رسولنگر رح کے فرزند اکبر اور مرید و خلیفہ اعظم و سجادہ نشین تھے۔

آپ کی ولادت ۱۱۸۲ھ مطابق ۱۷۶۸ء میں ہوئی۔

تحصیل علوم۔ بیعت۔ خلافت۔ ولایت۔

آپ نے علوم ظاہری کی تعلیم اپنے والد بزرگوار سے پائی۔ قرآن مجید حفظ کیا۔ علم طب میں بھی جالینوس وقت ہوئے۔ جسمانی اور روحانی امراض کے بیمار آپ سے شفا پاتے تھے۔

آپ نے اپنے والد بزرگوار سے بیعت کر کے سلوک قادریہ پورا کیا۔ اور خلافت کبریٰ پائی۔ نیز حضرت سیّد فتح الدین صاحب برخورداری ڈھلوی رح (متوفی ۶ صفر ۱۲۲۷ھ) کے فیض صحبت سے

مستفیض ہوئے۔ اور خرقہ تبرک حاصل کیا۔ کمالاتِ ولایت آپ کو پورے طور پر حاصل تھے۔ آپ کا دربار فیض آثار۔ مہبطِ انوارِ الٰہی تھا۔ طالبانِ حق جوق در جوق آتے تھے۔ اور فیوضات زارین حاصل کرکے جاتے تھے۔

خوارق۔ تصرفات۔

آپ کے خوارق و کرامات بے انتہا ہیں۔ اجابت دعا۔ و تصرف میں آپ کا مرتبہ عالی تھا۔ آپ کی زبان ناموران قضا تھی۔ جو کچھ منہ سے نکلتا وہی ہو جاتا۔ مہاراجہ رنجیت سنگھ والیِ پنجاب (متوفی ۱۲۵۴ھ) آپ کے کمالات سن کر زیارت کو آیا۔ اور سرکاری درہم ارتھ یعنی بیت المال سے آپ کا روزینہ مقرر کر گیا۔

حضرت شیخ کبیر شاہ قادری رح (متوفی ۱۲۸۱ھ) ساکن ولیانوالی ضلع گوجرانوالہ جو حضرت میاں میر صاحب لاہوری رح (متوفی ۱۰۴۵ھ) کے سلسلہ فقر میں ایک مشہور بزرگ گذرے ہیں۔ وہ آپ کی دعا سے ہی تولا ہوئے تھے۔ اور جو کچھ ان کو ملا۔ آپ کی توجہات سے ملا۔

خصائل حمیدہ۔

آپ بڑے مہمان نواز غریب پرور۔ فیض رسان تھے یتیموں اور مسکینوں کی امداد کیا کرتے۔ آپ کا دروازہ مرجع حاجتمندان تھا۔ آپ کے زمانہ خلافت میں ۱۲۳۹ھ میں حضرت نوشہ صاحب رح

Marfat.com

کا مزار شریف تیسری جگہ منتقل ہوا۔

تصانیف

آپ کی تالیف سے ایک قلمی بیاض[1] موجود ہے۔ جس میں شاعروں کے کلام کا انتخاب اور تواریخ بزرگان اور طبی نسخے وغیرہ مفید مضامین درج ہیں۔

اولاد

آپ کے تین فرزند تھے۔

۱۔ حضرت سید حافظ فضل احمد صاحب پاکذات نوشاہ ثانی رح۔ ان کا ذکر خیر آگے آئے گا۔

۲۔ حضرت سید غلام احمد المعروف پیر نوٹے شاہ صاحب رح (متوفی شب دوشنبہ ۱۱ رجب ۱۳۱۵ھ) بڑے مدبر و لائق بارعب درویش تھے۔ ان کی اولاد کافی ہے۔ ان کے حقیقی بیٹوں میں سے چھوٹے صاحبزادہ سید علی احمد صاحب بعمر ستر سال اس وقت ساہنپال شریف میں موجود ہیں۔ فقیر انہ گفتگو کیا کرتے ہیں۔ سلمہ اللہ۔

۳۔ حضرت سید فیض احمد المعروف پیر مکھن شاہ صاحب لاہوری رح (متوفی بدھوار ۱۹ شعبان ۱۳۳۴ھ) صاحب برکات وافرہ و فیوض

---

[1] یہ بیاض بلحاظ مضامین ابواب و فصول پر مرتب کرکے میں نے بنام الروضۃ المذکیہ فی حقایق العلمیہ جمع کر دیا ہے ۱۲ سنہ وفات مرقومہ ۴ محرم ۱۲ھ

Marfat.com

متکاثرہ تھے۔ لاہور کی تعلیمیت ان کے سپرد تھی۔ جبکہ حضرت نوشہ صاحبؒ لاہور چلے گئے تھے۔ اپنے عہد میں یگانۂ وقت تھے۔ ان کی اولاد لاہور میں سکونت گزین ہے۔ دنیوی حیثیت میں بارسوخ وصاحب اقتدار ہے۔ ان کے حقیقی بیٹوں میں سے فرزند ارجمند سید درصل[1] حق صاحب آجکل لاہور میں سجادہ نشین ہیں۔ فقیر صورت درویش سیرت ہیں تریسٹھ سال عمر ہے۔ سلمہ اللہ۔

یارانِ طریقت

آپ کے خواص احباب اربعہ یہ تھے۔

۱۔ حضرت شیخ کلیم اللہ مجذوب گجراتیؒ

۲۔ حضرت شیخ محمد بخش گھمن ساکن کوٹلی شہانی متصل جلال پور جٹاں۔

۳۔ حضرت مولوی برخوردار صاحب بھٹی واسٹ کوٹلیؒ

۴۔ حضرت مولوی محمد عزیز بن حافظ بڈھا حیدرآبادیؒ

وفات۔ مدفن

حضرت سید حافظ الٰہی بخش[2] صاحب مظہر حقؒ تلاوت قرآن مجید کرتے ہوئے۔ جبکہ یہ آیت شریف پڑھ رہے تھے۔ کَمْ مِنْ فِئَةٍ قَلِيلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيرَةً بِإِذْنِ اللَّهِ وَاللَّهُ مَعَ الصَّابِرِينَ

---

[1] وفات ۴ رجب ۱۳۶۳ھ

[2] آپ کی مکمل سوانح عمری بنام کلید بخشش میں نے لکھی ہے۔ ۱۲ اشرافت

Marfat.com

توجان بحق ہوئے۔ روز ہفتہ[1] وقت نماز ظہر ساتویں رمضان المبا
سنہ ۱۲۵۳ھ مطابق دسمبر سنہ ۱۸۳۷ء عہد بہادر شاہ ثانی بن اکبر شاہ ثانی
تھا۔ مزار مبارک ساہنپال شریف مقبرہ نو شاہیہ میں
اپنے والد بزرگوار کے پاس غربی رُخ پختہ بنا ہوا ہے
مادہ تاریخ وصال "مظہر حق" ہے۔

---

[1] تقویم تحریر "سوموار" کی ہے اس حساب سے ۷ رمضان ۱۲۵۳ھ کو منگل ہوتا ہے مگر آپ کے
حضرت خواجہ نثار نے تحریر فرمایا ہے اور آپ سے پڑھتے
حافظ محمد نثار صاحب نے "الفوائد" میں تحریر فرمایا ہے رمضان
لکھا ہے واللہ اعلم۔

حضرت مولانا سیّد حافظ فضل احمد صاحب پاکذات نوشاہِ ثانیؒ

آپ پیشوائے سالکین۔ راہنمائے طالبین۔ نقاوۂ دودمان مصطفوی سلالۂ خاندان مرتضوی۔ عارف ربانی۔ محبوب یزدانی۔ مطلوب سبحانی۔ نوشاہِ ثانی۔ قطب دوران غوث زمان تھے۔ زہد و تقدس و علم و حلم و معرفت میں شان بلند رکھتے تھے۔

نام۔ نسب

آپ کا نام فضل احمد۔ کنیت ابوالامین۔ لقب پاکذات۔ خطاب نوشاہِ ثانی فخر الاولیاء تھا۔

آپ سعادت نقش حضرت سیّد حافظ الٰہی بخش صاحب مظہر حقؒ کے فرزند اکبر اور مرید و خلیفہ اعظم و سجادہ نشین تھے۔

آپ کی ولادت ۱۲۱۲ھ مطابق ۱۷۹۷ء میں ہوئی۔

بشارت غیبی۔ ارشادِ سلیمانیہ۔

آپ کے والد بزرگوار بھلوال شریف جا کر مزار حضرت سخی شاہ سلیمان نوریؒ پر مراقب ہوئے۔ تو انہوں نے بعالم مثال جلوہ گر ہو کر ان کو بشارت دی کہ اللہ تعالےٰ تم کو فرزند نرینہ عطا فرمائے گا۔ جو مرتبہ میں نوشاہِ ثانی اور قطب ربانی ہوگا۔ بلکہ شانوں سے پکڑ

لہ فضل کی زبان میں غلام کر کہتے ہیں۔ فضل احمد کا مطلب غلام احمد ۱۲ منہ

کر آپ کی صورت بھی دکھادی۔ چنانچہ حضور جب پیدا ہوئے۔ تو آپ کے کتفین کے درمیان پنجہ مبارک سلیمانیہ کا نشان موجود تھا اور تمام عمر ظاہر رہا۔ خاتم الانبیا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مہر نبوت کی وراثت میں آپ کو مہر ولایت عطا ہوئی۔ جو یا الفاظ دیگر مہر سلیمانی یا تمغہ سلیمانی کے نام سے موسوم کی جاتی ہے۔

تحصیل علوم۔ بیعت۔ خلافت

آپ نے علوم ظاہری کی تحصیل اپنے جد امجدؒ اور والد اکرمؒ سے۔ اور حضرت مولانا سید غلام قادر بن سید عبداللہ صاحب بخورداریؒ سے کی۔ چند سے علم موضع چکری میں اپنے جد مادری سے بھی حاصل کیا۔ قرآن مجید حفظ کیا۔ فن کتابت نسخ اور نستعلیق سیکھا۔ آپ کی بیعت اپنے جد امجد۔ گوار حضرت سید حافظ نور اللہ صاحب فرشتہ صفات سے تھی۔ تربیت و تکمیل اپنے والد ماجد سے پائی۔ دو نو بزرگوں سے آپ کو خلافت و اجازت حاصل تھی۔ حضرت شیخ بڈھا بن شیخ فیض بخش سلیمانی سجادہ نشین بھلوال شریف (متوفی ۱۲۴۴ھ) کی دعائے باصفا سے آپ پر علوم لدنی کے دروازے کھل گئے۔

نوشہیت۔ غوثیت۔ قطبیت۔ تصرفات۔

آپ حضرت سخی بادشاہؒ کی روحانیت سے بھی بطور اویسی مستفیض ہوئے۔ اور آپ کو نوشاہ ثانی یا دوم نوشہ کا خطاب مرحمت ہوا۔ آپ

Marfat.com

کو زیر سایہ نوشاہی مرتبہ محبوبیت و مطلبیت موصول ہوا۔ آپ کے تصرفات و مکاشفات قوی تھے۔ طبقہ علما خصوصاً آپ کا معتقد و مرید تھا۔ کرامات کا احصا اندازہ قلم سے باہر ہے۔ آپ کو بھی حکومت خالصہ کی طرف سے روزینہ ملتا تھا۔ اور کچھ رقبہ زمین بھی بطور عطیہ ملا تھا۔

آپ کے زمانہ خلافت میں ۱۱۷۵ھ میں حضرت نوشہ صاحب رح کا روضہ شریف پالکی کی طرز پہ تعمیر ہوا۔

تصانیف۔

آپ کے معمول وظائف و عملیات میں نے ایک جگہ کتابی صورت میں بنام بستان الاوراد جمع کر دیئے ہیں۔ آپ کے ہاتھ کی لکھی ہوئی قلمی کتابیں۔ عربی۔ فارسی۔ جو علوم تفسیر۔ فقہ۔ فرائض۔ قصص ادب۔ اخلاق پر مشتمل ہیں۔ کافی تعداد میں میرے کتب خانہ میں موجود ہیں۔

آپ کی مہر کا سجع تھا۔ "ہو گل احمد متوسل بہ نور اللہ"

اولاد۔

آپ کے دو فرزند تھے۔

۱۔ حضرت سید محمد امین صاحب مختار السالکین رح ان کا ذکر آگے

ملہ آپ کے سپرد لکھے ہوئے مضامین مختلف جو کتابوں کے حاشیوں یا متفرق اوراق وغیرہ پر تھے۔ وہ جمع کرنے میں نے آپ کی دو کتابیں ثمرات الافکار۔ اور وسائل العلوم نام مرتب کر دی ہیں ۱۲

آئے گا۔

۲۔ حضرت سید محمد شفیع صاحبؒ (متوفی ۱۹ جمادی الاخر ۱۳۱۱ھ) صاحب علم و حلم بڑے متواضع و منکسر المزاج تھے۔ ان کے فرزند سید شبیر علی[1] صاحب اِس وقت بعمر تریسٹھ سال۔ زندہ موجود ہیں۔ ساہنپال شریف میں سکونت رکھتے ہیں۔ صاحب علم و فقر ہیں لباس درویشانہ زیب تن رکھتے ہیں۔ حاضر جواب۔ وقیفہ شناس ہیں۔ سلمہ اللہ۔

یارانِ طریقت۔

آپ کے چار یار اکابر یہ تھے۔

۱۔ حضرت مولانا غلام قادر شائی ثم مولانا شیخ احمد صاحب فاروقی ساکن رسولنگر۔ (متوفی ۱۲۹۹ھ)

۲۔ حضرت مولوی شیخ فیض رسول بن مولوی غلام نبی صاحب فاروقی ساکن لدھیوالہ چیمہ (متوفی دوشنبہ ۱۶ شعبان ۱۲۹۹ھ)

۳۔ حضرت مولوی حکیم کرم الٰہی بن مولوی غلام نبی صاحب فاروقی ساکن بیگووالہ (متوفی آنور۔ ۱۲ ذیقعدہ ۱۳۲۱ھ)

۴۔ حضرت شیخ سکندر شاہ صاحب جوگی ساکن نور پور چاہلاں۔ (متوفی ہفتہ۔ ۳۰ محرم ۱۳۳۶ھ)

---

[1] وفات اتوار ۲۳ رشیبان ۱۳۸۶ھ ۱۲

وفات۔ مدفن

حضرت سید حافظ قل احمدؒ[1] صاحب پاکذات نوشاہ ثانیؒ کی وفات بقول صاحب کتاب الفوائد شب سہ شنبہ وقت نماز تہجد تیئیسویں[۲۳] ربیع الآخر ۱۲۸۶ھ مطابق ۳ اگست ۱۸۶۹ء میں ہوئی۔ دوسرے روز دفن ہوئے۔ مزار مبارک ساہنپال شریف مقبرہ نوشاہیہ میں اپنے والد بزرگوار کے قدموں میں یعنی جنوبی طرف پختہ بنا ہوا ہے۔

مادہ تاریخ "فروغ" ہے

---

[1] آپ کی سوانح حیات بنام نوشہ نساں میں ہے: یل لکھی ہے۔ ۱۲ شرافت

Marfat.com

حضرت مولانا سید محمد امین صاحب مختار السالکینؒ

آپ مقبول درگاہ رب العالمین۔ منظور بارگاہ سید المرسلین ۔ صاحب مرتبہ فنا و بقا۔ مرکز دائرہ تسلیم و رضا۔ غرق بحر توحید۔ سائر میدان تجرید ۔ اہل عبادت و ریاضت و خوارق و کرامات تھے۔

نام۔ نسب۔

آپ کا نام محمد امین۔ کنیت ابو الفاضل۔ لقب مختار السالکین تھا۔

آپ محبوب بارگاہِ سبحانی حضرت سید حافظ قل احمد صاحب پاکذات نوشاہِ ثانیؒ کے فرزند اکبر اور مرید و خلیفہ اعظم و سجادہ نشین تھے۔

آپ کی ولادت ہفتہ کے دن ۱۵ ذیقعدہ ۱۲۴۱ھ مطابق یکم جولائی ۱۸۲۶ء میں ہوئی۔ (ثمرات الافکار)

تحصیل علوم۔ بیعت۔ خلافت

آپ نے علوم دینیہ مروجہ کی تحصیل اپنے والد بزرگوار سے اور حضرت مولانا سید غلام قادر صاحبؒ سے کی۔ بیعت طریقت اپنے والد ماجد سے کر کے سلوک قادریہ کو انتہا تک طے کیا۔ اور خلافت و اجازت حاصل کی۔

ریاضت۔مجاہدہ۔معمولات

آپ ریاضت ومجاہدہ میں لاثانی تھے۔روزانہ بوقت نصب شب اٹھ کر نوافل تہجد ادا فرماتے۔ صبح تک وظائف قادری نوشاہی کو پورا فرماتے۔ نماز فجر کے بعد تلاوت قرآن مجید اور درود مستغاث بلاناغہ فرماتے۔

خصائل۔فضائل۔

آپ کی طبیعت میں انکسار وعجز ونیستی بدرجہ اتم تھی۔اتباع نبوی سے مقام مسکنت وغربت آپ کو پورا حاصل تھا۔مراتب فقر ودرویشی میں پایۂ عالی رکھتے تھے۔ جو اوصاف فقیر میں ہونے چاہئیں۔ وہ سب آپ کی ذات میں موجود تھے۔ اِس آخری زمانہ میں خدا کی آیات میں سے ایک آیت (نشان) تھے۔آپ کے تمام حالات صلحائے متقدمین سے مطابق تھے۔ عبادت وسخاوت میں اپنی نظیر آپ ہی تھے۔

زراعت۔سخاوت۔کرامت

آپ قوت حلال کے لئے اپنی ہبتی ملکیت زمین میں اپنے ہاتھوں سے زراعت کیا کرتے تھے۔جو کچھ اس سے پیدا ہوتا۔ وہ اپنا اور اہل وعیال کا خرچ چلاتے۔ اور یتیموں۔بیواؤں۔ درویشوں کو بھی فی سبیل اللہ دیتے۔جو شخص آپ کی زراعت سے نقصان کرتا۔وہ سزایاب ہوتا۔ آپ کی کرامات وخوارق بے مثل تھیں۔

Marfat.com

وجد و حالت اور طے ارض وغیرہ جیسی کرامتیں آپ سے منقول ہیں۔

اولاد۔

آپ کے تین فرزند تھے۔

۱۔ حضرت سید حافظ روح اللہ صاحبؒ (متوفی ۱۶ صفر ۱۲۹۴ھ) کامل وقت امام الاصفیا تھے۔ پچیس ۲۵ سال کی عمر میں لاولد فوت ہوئے

۲۔ حضرت سید پیر فاضل شاہ صاحب رح (متوفی جمعرات ۹ صفر ۱۳۳۷ھ) صاحب جذبہ و تاثیر تھے۔ اورادِ نوشاہیہ پہ مواظبت رکھنے والے سیف اللسان تھے۔ ان کے تین بیٹے اس وقت ۱۳۵۴ھ میں زندہ موجود ہیں۔

اوّل[1] سید پیر کرم الٰہی صاحب۔ روشن دماغ۔ سخن شناس شاعر مدبر۔ درویش مرد ہیں۔ اس وقت بعمر اٹھاون ۵۸ سال موجود ہیں۔

دوئم[2] سید پیر نور الٰہی صاحب۔ عقلمند۔ نیک مزاج۔ متواضع ہیں بعمر اکاون ۵۱ سال موجود ہیں۔

---

[1] پیر کرم الٰہی صاحب۔ منگلوار کی رات ۲۱ ربیع الاول ۱۳۶۷ھ کو فوت ہو گئے۔ اب ان کا لڑکا صاحبزادہ ممتاز احمد متولد ۱۳۳۹ھ موجود ہے۔ اس کا ایک فرزند دلنواز احمد آٹھویں جماعت میں تعلیم پاتا ہے، مدعمرہٗ۔

[2] پیر نور الٰہی صاحب بدھوار۔ ۳۰ جمادی الاخریٰ ۱۳۶۹ھ کو وفات پا گئے۔ ان کے دو لڑکے موجود ہیں۔

۱۔ صاحبزادہ وزیر محمد متولد ۱۳۳۸ھ۔ یہ لاہور میں سکونت رکھتا ہے اس کے چار لڑکے اعجاز احمد آفتاب احمد اطہر عباس مظہر باد موجود ہیں۔

۲۔ صاحبزادہ فقیر محمد متولد ۱۳۴۲ھ۔ یہ کراچی میں سکونت گزیں ہے۔ ان کے دو لڑکے جمشید اختر اور جاوید اختر نام موجود ہیں۔

Marfat.com

سوم سید پیر غلام احمد کاشف - اہل علم - شاعر - عاشق مزاج - حسن پسند
خلیق ہیں - بعمر چوتالیس ۴۴ سال موجود ہیں - سلمہم اللہ -
۲ - حضرت سید حافظ محمد شاہ صاحب نیک اختر رح ان کا ذکر آگے
آتا ہے -

یارانِ طریقت -

آپ کے خواص چار دوست یہ تھے -
۱ - چوہدری اللہ دتہ چیمہ - ساکن ہسن والی -
۲ - میاں پیر محمد ماچھی ساکن گاگھرہ کلاں
۳ - میاں سرمند المعروف سرمندھی لوہار ساکن سرانوالی (متوفی ۱۳۴۴ھ)
۴ - میاں کرم الٰہی ترکھان - ساکن چک نہالو -

وفات - مدفن -

حضرت سید محمد امین[1] صاحب مختار السالکین کی وفات بقول صاحب کتاب الفوائد شب یکشنبہ - وقت نماز تہجد اٹھارہویں جمادی الآخرہ

---

[1] پیر غلام احمد صاحب بعمر ات یکم ذیقعدہ ۱۳۶۳ھ کو انتقال کر گئے ان کے تین بیٹے ہیں -
۱ - صاحبزادہ مقبول حسین متولد ۱۳۳۱ھ موجود ہے اور اسکے ۲ لڑکے مرسوم باہم تاریخی حسب حسین متولد ۱۳۵۱ھ صاحبزادہ محمد ظفر علی متولد ۱۳۶۲ھ موجود ہیں -
۲ - صاحبزادہ حکیم مظفر حسین متولد ۱۳۳۲ھ پیشہ دوکانداری کرتے اکلی ایک لڑکا شفیق الرحمن نام موجود ہے
۳ - صاحبزادہ مدثر حسین - متولد ۱۳۶۲ھ - اس کا ایک لڑکا بنام حبیب الزمان موجود ہے -
آپ کی مدح و مناقب میں چند قصائد اور غزلیں فارسی - ۱۲ - بنام سلطان العیفیہ شائع کئے ہیں
صاحب کی سوانح عمری بنام مرآۃ الاولیاء میں مکمل لکھی ہے ۱۲ شرافت -

سنہ ۱۳۱۰ھ مطابق ۸ جنوری سنہ ۱۸۹۳ء میں ہوئی۔ مزار مبارک سانہپال شریف۔ مقبرہ نوشاہیہ میں اپنے والد بزرگوار کے قدموں میں یعنی جنوبی طرف پختہ بنا ہوا ہے۔

مادۂ تاریخ لفضل ہے

Marfat.com

حضرت مولانا سید حافظ محمد شاہ صاحب نیک اخترؒ

آپ قطب الاقطاب۔ فرد الاحباب۔ عاشق ذاتِ خدائے لایزال۔ محبوب ایزدِ متعال۔ وجود انوار رحمانی۔ نمونہ صفاتِ ربانی۔ یوسف وقت، ابراہیم سیرت صاحب خلق و محبت و شوق و ذوق تھے۔

نام و نسب۔

آپ کا نام محمد شاہ۔ کنیت ابو المصطفےٰ۔ لقب نیک اختر۔ شاہ صاحب تھا۔

آپ حضرت سید محمد امین صاحب مختار السالکینؒ کے فرزند ارجمند اور مرید و خلیفہ اعظم و سجادہ نشین تھے۔

آپ کی ولادت ۱۲۸۱ھ مطابق ۱۸۶۵ء میں ہوئی (۲) (شرافت، الاذکار)

تعلیم۔ دعائے والد۔

آپ نے علوم ظاہری کی تحصیل اپنے والد بزرگوار۔ اور عم حقیقی حضرت سید محمد شفیع صاحبؒ اور حضرت مولانا سید غلام قادر صاحبؒ سے کی۔ پھر چند سال گاکھڑ، کلان میں حضرت مولوی جمال الدین صاحب حنفیؒ کے پاس رہے۔ اور فقہ و حدیث و طب کی سند حاصل کی۔ آپ کا سلسلہ تلمذ حضرت مولانا عبدالحکیم سیالکوٹی آفتاب پنجاب تک منتہی ہوتا ہے۔

آپ جب بچے تھے تو والد بزرگوار آپ کو دعا دیا کرتے تھے۔ کہ ہمارا دل

Marfat.com

چاہتا ہے کہ تمام لوگ علم میں تیرے محتاج ہوں چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ کہ آپ فاضل متبحر ہوئے۔ کثرت تلاوت سے آپ کو قرآن مجید حفظ ہو گیا تھا۔ آپ کو اٹھائیس ۲۸ علموں میں مہارت تھی۔

تلقین ذکر۔ بیعت۔ خلافت۔ خرقہ تبرک۔

آپ کو پانچ سال کی عمر میں اپنے جدامجد حضرت سید حافظ قل احمد صاحب پاکذات نوشاہِ ثانی نے تلقین ذکر کلمہ طیبہ سے نوازا۔ اور آپ کے حق میں بہت بشارتیں فرمائیں۔ بعدازاں آپ نے والد بزرگوار کی بیعت سے سرفراز ہوکر مقاماتِ سلوک قادریہ کو طے فرمایا۔ اور خلافت کبریٰ حاصل کی۔ اور سلسلہ رحمانیہ کی خلافت واجازت اپنے جد بزرگوار کے چھوٹے بھائی حضرت سید مکھن شاہ صاحب لاہوریؒ سے حاصل کی۔ نیز حضرت سید محمد علی شاہ صاحب شیرگڑھیؒ (متوفی ۱۳۲۸ھ) سے جو حضرت بندگی شیخ داؤد کرمانی قادریؒ (متوفی ۹۸۷ھ) کی اولاد سے باکمال ولی تھے۔ فیض کامل پایا۔ اور ان کی توجہ سے کشائش احوال ہوئی۔

غوثیت۔ استعداد باطنی۔

آپ ظاہر بشریعت آراستہ اور باطن بطریقت پیراستہ تھے۔ اپنے جدامجد کی زندگی میں ہی مقام غوثیت پر فائز ہوئے۔ سب سلاسل کے درویش حضور میں حاضر ہوکر سبق حاصل کرتے تھے۔ آپ کی استعداد بہت اعلیٰ تھی۔ خوارق اکثر صادر ہوتے تھے۔

Marfat.com

آپ کی خلافت کے پہلے سال ۱۳۱۱ھ میں روضہ عالیہ حضرت نوشہ صاحبؒ کی مرمت و سفیدی ہوئی۔

تصانیف

آپ کا کلام معرفت و حقائق میں پسندیدہ تھا۔ چند تصانیف یہ ہیں۔

۱۔ کتاب الفوائد۔ اس میں متفرق عملیات و مناقبات و تواریخ بزرگان اور اشعار نصیحت آمیز درج کئے ہیں۔

۲۔ روزنامچہ محمد شاہی۔ یہ آپ کا ستر[۷۰] سالہ روزنامچہ ہے۔

۳۔ مکتوبات محمد شاہی[۱]۔ یہ آپ کے مکاتیب کا مجموعہ ہے۔

۴۔ ملفوظات محمد شاہی[۲]۔ یہ آپ کے ارشادات کا مجموعہ ہے۔

۵۔ فہرست تفسیر حسینی۔ تین مرتبہ مطالعہ کے بعد مرتب فرمائی ہے۔

اولاد۔

آپ کے دو[۲] فرزند ہوئے۔

۱۔ حضرت سید سردار عالم صاحب بعمر ہفت روز انتقال کیا۔

۲۔ اعلیٰ حضرت سید غلام مصطفےٰ صاحب مدفیوضہٗ۔ ان کا ذکر آگے مرقوم ہوگا۔

یارانِ طریقت۔

آپ کے خواص چار یار یہ تھے۔

---

[۱] یہ مکتوبات آپ کے پوتے صاحبزادہ سید بشیر احمد صاحب بشارت مرحوم نے جمع کئے ہیں۔ ۱۲

[۲] یہ ملفوظات میں نے مرتب کئے ہیں ۱۲ شرافت

Marfat.com

۱- شیخ غلام محمد فقیر ساکن اگرویہ۔ مدفون گاگھرا۔ (متوفی سنہ ۱۳۳۰ھ)
۲- شیخ عمر شاہ درویش ساکن کوٹلی مہاراں (متوفی سنہ ۱۳۴۰ھ)
۳- شیخ مائے شاہ[۳] درویش ساکن ہیگر۔ بعمر چھہتر[۷۶] سال زندہ موجود ہے۔
۴- شیخ فرمان علی مجذوب[۱] ساکن غیر کنتو۔ بعمر پچانوے[۹۵] سال زندہ موجود ہے۔

وفات۔ مدفن۔

حضرت سید حافظ محمد شاہ صاحب[۳] نیک اختر کی وفات شب سہ شنبہ۔ وقت نماز تہجد۔ بائیسویں محرم الحرام سنہ ۱۳۳۷ھ مطابق ۲۹ اکتوبر سنہ ۱۹۱۸ء میں ہوئی۔ مزار مبارک۔ ساہنپال شریف۔ مقبرہ نوشاہیہ میں اپنے والد بزرگوار سے مشرقی جانب بفاصلہ ایک قبر درمیانی کے واقع ہے۔ اور پختہ بنا ہوا ہے۔ اور وہ قبر جو آپ کے اور والد بزرگوار کے درمیان ہے۔ وہ آپ کے بڑے بھائی سید پیر فاضل شاہ صاحب رح کی ہے۔

مادہ تاریخ "چراغ مجلس" ہے۔

---

[۱] وفات سنہ ۱۳۴۰ھ وفات جمعہ یکم ذیقعدہ سنہ ۱۳۶۲ھ بعمر ایک سو نو سال ۱۲ سنہ آپ کی سوانح بنام تذکرہ محمد شاہی بڑی بسوط و ضخیم میں نے لکھی ہے۔ جس کے مسودہ کی ضخامت بیک سو صفحہ تک ہے ۱۲ شرافت۔

اعلیٰ حضرت مولانا سیّد غلام مصطفےٰ صاحب نوشاہی دام برکاتہٗ

آپ سراج الواصلین، شمس العارفین، قبلہ کونین، شہید رسول الثقلین
علامہ الحدیث خلاصہ ہویت، خاتم الاولیا، افضل الفضلا، صاحب
مراتب بلند او مدارج ارجمند، سلطان الوقت مناسب حال ہیں

نام، نسب

آپ کا نام غلام مصطفےٰ، کنیت ابوالرشید، تخلص، لقب نوشاہی ہے۔

آپ مجبوب یزدانی حضرت سید حافظ محمد شاہ صاحب نور اللہ مرقدہٗ کے فرزند ارجمند اور مرید و خلیفہ و سجادہ نشین ہیں۔ ۲۰ جمادی الاخریٰ ۱۳۲۶ھ مطابق ۱۸ فروری ۱۹۰۸ء میں پیدا ہوئے۔ (کتاب الفوائد)

مادۂ تاریخ "فیاض رسول" ہے۔

تحصیل علوم، مطالعہ کتب

آپ نے تعلیم ظاہری اپنے والد بزرگوار سے پائی۔ علم ادب کی فارسی درسی کتابیں پڑھیں۔ پھر حضرت مولوی محمد شیخ احمد صاحب حنفی نقشبندی مجددی وزیرآبادی (متوفی ۱۳۲۸ھ) سے علم صرف نحو متعلق حاصل کیا۔ چند اسباق حضرت مولوی قاضی محمد امین صاحب

فاروقی بھکھڑیالوی (متوفی پنجشنبہ - ۲۵ جمادی الآخرہ ۱۳۴۵ھ) سے بھی پڑھے - اب اکثر کتب فقہ - حدیث - تفسیر - تصوف کا مطالعہ رکھتے ہیں -

بیعت - خلافت - کلاہ تبرک -

آپ کی بیعت طریقت اپنے والد بزرگوار سے ہے - وظائف و اوراد قادریہ اعظمیہ کی اجازت اور خلافت سے مشرف ہیں حضرت سید مکھن شاہ صاحب لاہوری نے وفات کے بعد مثالی صورت میں ظاہر ہو کر آپ کو کلاہ تبرک عنایت فرمایا -

بیعت روحی - زیارات بزرگاں

آپ کو ایک مرتبہ حضرت نوشہ صاحب نے خواب میں بیعت کر اور ذکر کلمہ طیبہ بطریق نفی اثبات جہر تلقین فرمایا - اور دوسری مرتبہ خواب میں اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ کے لفظ سے نوازا -

آپ خواب میں متعدد بار حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ اور حضرت خضر علیہ السلام حضرت عمر فاروقؓ - حضرت بلال حبشیؓ حضرت سخی شاہ سلیمان نوریؒ - حضرت نوشہ گنج بخشؒ حضرت شیخ پیر محمدؒ حضرت شیخ برخوردار ہریلؒ اور کعبہ مکرمہ کی زیارات سے مشرف ہوئے ہیں -

حضور نبویؐ - فیضان نبوت و ولایت

آپ کو اکثر عالم بیداری میں بھی حضور نبویؐ کا شرف حاصل ہے

رہتا ہے۔ انبیاء اور اولیاء کے ساتھ آپ کا روحانی تعلق ہے۔ قرآن مجید کے ختم کرکے بارواح انبیائے کرام واولیائے عظام ایصال ثواب کرتے رہتے ہیں۔ اور ان کے فیضان سے مستفیض ہوا کرتے ہیں[1]

فضائل وکمالات

آپ اس وقت زمانہ حاضرہ میں سلفِ صالحین کا نمونہ ہیں۔ آپ کے کمالات علمی وعملی ومقامات ومشاہدات وکرامات اندازہ تحریر سے باہر ہیں۔ اکثر لوگ آپ سے فیضیاب ہو رہے ہیں۔

تصانیف۔

آپ کے متعدد تصانیف بھی ہیں۔

۱۔ ترجمہ کریما سعدی۔ ۲۔ ترجمہ پندنامہ شیخ عطار ۳۔ ترجمہ نام حق ۴۔ ترجمہ محمود نامہ ۵۔ ترجمہ گلستانِ سعدی ۶۔ ترجمہ بوستانِ سعدی یہ سب پنجابی زبان میں تحت اللفظ ترجمے ہیں۔ ۷۔ گنج نوشاہی منظوم ۸۔ دیوان نوشاہی منظوم۔ یہ حضرت نوشہ صاحب کی مدح میں ہے۔ ۹۔ رسالہ رفع سبابہ اردو ۱۰۔ رسالہ طاعون۔ ۱۱۔ رسالہ الخواص ۱۲ مکتوبات نوشاہی۔ ۱۳ کتاب فیض محمد شاہی۔ یہ ہزاروں صفحات کا بے ترتیب مسودہ ہے۔ جو حالات مشائخ نوشاہیہ اور دیگر بیشمار مفید علمی مضامین

---

[1] آپ کے مکاشفات والہامات کو میں نے شریف التواریخ کی دوسری جلد وسوم بطبقات النوشاہیہ کے پہلے طبقہ میں مفصل درج کیا ہے۔ آپ کو عالم مشاہدہ میں محمد عبدالرحمٰن۔ اور فیاض الانام، اصابین نور الشد وغیرہ خطاب ملے ہیں۔ ۱۲ شرافت۔

Marfat.com

کا خزانہ ہے۔ وہ شخص بڑا ہی خوش نصیب ہوگا۔ جس کو اس کے مرتب کرنے کی توفیق عطا ہوگی۔

اولاد

آپ کے دو[۲] فرزند ہیں۔

۱۔ مولف رسالہ ہذا فقیر سید شریف احمد شرافت عفا اللہ عنہ۔ میری پیدائش ہفتہ۔ وقت عصر ۱۹ شعبان ۱۳۲۵ھ مطابق ۲۸ ستمبر ۱۹۰۷ء میں ہوئی۔ مادہ تاریخ "خدائے سخن" ہے۔ میں نے تعلیم اپنے جد امجد اور والد بزرگوار سے پائی۔ فن کتابت اور ترجمہ قرآن مجید معہ تفسیر حضرت مولوی محمد حسین صاحب مبارک رقم عادل گڑھی سے سیکھا بیعت و خلافت اپنے والد عالی قدر سے حاصل کی۔ اشغال قادریہ نوشاہیہ کی اجازتیں پائیں۔ اب سلسلہ تصنیف و تالیف[۱] میں مشغول رہتا ہوں ایک ضخیم کتاب بنام شریف التواریخ[۲] تالیف کر رہا ہوں جس میں خاندان قادری نوشاہی کے بزرگوں کے مفصل حالات درج ہوں گے۔ میری عمر اس وقت انتیس[۲۹] سال[۳۳] سال ہے۔ اور میرا ایک[۱] لڑکا صاحبزادہ

---

[۱] میری تصنیف و تالیفات جو اس وقت ۱۳۳۳ھ تک لکھی جا چکی ہیں ان کی تعداد ایک[۱] سو پندرہ تک پہنچ چکی ہے
[۲] یہ کتاب تین حصوں پر مشتمل ہے (۱) تاریخ الاقطاب (۲) طبقات النوشاہیہ (۳) تذکرۃ النوشاہیہ
[۳] اب میری عمر اس وقت (۱۳۴۲ھ) اڑتالیس[۴۸] سال ہے [۴] اب میرے اب دو لڑکے ہیں
اوّل صاحبزادہ سید [illegible] متولد پنجشنبہ ۱۴ ربیع الآخر ۱۳۴۲ھ تاریخی نام افتخار اللہ
[illegible] تک تعلیم رکھتا ہے۔ اب محکمہ برقیات لاہور میں [illegible] اس وقت اس کی عمر پینتیس[۳۵] سال ہے ماشاء اللہ
دوم صاحبزادہ سید سعید الظفر مدظلہ۔ متولد سوموار ۱۷ رجب ۱۳۵۵ھ یہ نام تاریخی ہے جد بزرگوار نے اس کو دعا دی کہ یہ غزالی وقت ہوگا۔ فاضل پنجاب الدنی اسے تک تعلیم رکھتا ہے محکمہ برقیات لاہور میں خانسامان کے عہدہ پر ہے اب اس وقت اس کی عمر چھتیس[۳۶] برس کے ہے ماشاء اللہ تعالیٰ یہ بھی

Marfat.com

سید ریاض الحسن مدظلہ العمر کی عمر ۶ سال ہے۔ اور سکول میں پڑھتا ہے۔
۲۔ صاحبزادہ مولوی سید بشیر احمد صاحب بشارت۔ متولد ۱۳۲۵ھ
مادۂ تاریخ "عارض انور" ہے۔ یہ صاحب علم و عبادت ہیں۔ حلم و حیا
و سخاوت و تواضع و توکل و انکسار میں خاص مقام رکھتے ہیں۔ تجرد و شعار
اخفا پسند۔ خاموش طبقے ہیں۔ اطاعت اللہ اور اطاعت رسول اللہ
ان کا شیوہ ہے۔ والدین کے نہایت فرمانبردار ہیں۔ تلاوت کلام اللہ
شریف میں اکثر مشغول رہتے ہیں۔ اِس وقت ان کی عمر چھبیس سال
ہے۔ سلمہ اللہ تعالیٰ۔

یارانِ طریقت۔
آپ کے خواص چار اصحاب یہ ہیں،

سلہ سید بشارت صاحب کی وفات بعمر تریپن سال بیمارئہ تپدق شب یکشنبہ وقت عشاء آٹھویں صفر ۱۳۸۱ھ کو ہوئی۔ مادۂ تاریخ "شام غم" ہے۔ ان کی تالیفات سے آٹھ کتب القول البشارت، ختمات القرآن صد ختم کلام اللہ شریف۔ اور چند تقریری بیاض ہیں جو بیشمار علمی فوائد پر مشتمل ہیں ان کے تین بیٹے ہیں۔
اول۔ صاحبزادہ قدوس اختر جو تاریخی نام ہے۔ متولد سنہ ۱۳۵۱ھ اس وقت گورنمنٹ ہائی سکول باغبان پورہ لاہور میں ساتویں جماعت میں پڑھتا ہے۔
دوم صاحبزادہ رضاء اللہ شاہ جو تاریخی نام ہے متولد شب یکشنبہ ۱۲ شعبان ۱۳۷۰ھ اس وقت سکول رائل ضلع گجرات میں چوتھی جماعت میں پڑھتا ہے۔
سوم صاحبزادہ افضال السبطین شاہ جو تاریخی نام ہے متولد بعمر ۲۶ محرم ۱۳۷۱ھ یہ ابھی تین سال بچہ ہے لہ اعلیٰ حضرت قبلہ دام برکاتہ کے کچھ خواص احباب یہ ہیں۔ سید غلام احمد ابن سید کرم الٰہی برخورداری ساہنپالوی مرحوم سید رحمت علی بن سید ہلال شاہ برخورداری مرحوم ساکن پانڈوکے۔ سید محمد انور بن سید پیر محمد برخورداری ساہنپالوی۔ سید مشتاق حسین بن سید فضل حسین برخورداری ساہنپالوی سید رسول شاہ بن سید حسین شاہ بخاری سکنہ چک وساوا۔ چوہدری جلال بن ہمایوں ساہنپالوی چوہدری محمد بن مولا داد ساہنپالوی۔ حکیم سلطان احمد بن ولی، فرید و غلام مرحوم ساکن ناڑہ

باقی بر صفحہ ۹۰

Marfat.com

۱۔ سائیں خدا بخش فقیر ساکن وڑائچ والہ - مدفون مقبرہ نوشاہیہ۔ (متوفی ۱۳۶۹ھ)

۲۔ سائیں اللہ دتہ درویش المعروف جمعدار مجلعہ (متوفی ۱۳۶۲ھ) مجاور و سجادہ نشین درگاہِ حضرت میراں سید باقی رحمۃ اللہ علیہ گاگھڑہ کلاں ضلع گجرات۔

۳۔ میاں کرم الدین کشمیری[۳۷] ساکن پنڈوری کلاں۔ اِس وقت بعمر اٹھتیس[۳۸] سال موجود ہے۔

۴۔ میاں علی احمد خلیفہ[۳۹] ساکن نور پور چاہلاں ضلع گوجرانوالہ۔ اس وقت بعمر چونتیس[۴۰] سال موجود ہے۔

عمر مبارک۔

اعلیٰ حضرت مولانا سید غلام مصطفےٰ[۴۱] صاحب آج چوتھی محرم ۱۳۵۴ھ میں جو سال تالیف رسالہ اذکار نوشاہیہ ہے بعمر سینتالیس[۴۷] سال حیات

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۸۹)

سائیں امام الدین درویش ابدالوی۔ مولوی حمد اسحاق کاہلوں ساکن قلعہ دیدار سنگھ۔ سائیں محمد حسین بی۔ ساکن سویہ۔ سائیں محمد حسین درویش المعروف سائیں ننگا ساکن کوٹ سارنگ۔ سائیں کرامت علی ساکن کوٹ کیسو۔ سائیں مستے علی نومسلم ساکن مرھل سندھواں۔ سائیں شاہ ساکن کوٹلی مہاراں۔ سائیں لال شاہ ہیروالہ ساکن مچھرانوالی۔ سائیں محمد نذیر بن بدھا تارڑ ساکن اگرویہ۔ سائیں سلطان علی المعروف ہیرا ساکن ابوالفتحوالی۔ میاں خوشی محمد امام مسجد بھٹہ نیک۔ میاں شیدے محمد گوجر گورسی ساکن جھنڈیوالی۔ میاں راجہ موچی ساکن جھنڈیوالی۔ چوہدری ماسٹر نذر حسین بل ساکن بل متصل ساہلاں چوہدری عاشق بیسی اور لکھ ایم اے ساکن اوکھ بھائی کے۔ چوہدری ذوالفقار علی چھٹہ بی اے منشی فاضل ساکن چک ۸۴۔ ملتان۔ چوہدری بشیر احمد بن علی محمد وڑائچ ساکن راہ والی انسپکٹر بینک۔ چوہدری شیر باز گوجر ساکن راولپنڈی۔ مستری محمد امین ترکھان ساکن آلوشدر وغیرہم سنہ یہ وفات پا چکا ہے ۱۲ علاہ اس کی عمر اب ترسٹھ سال ہے۔ اور تلعدید میں سکونت پذیر ہے ۱۲ سنہ اعلیٰ حضرت قبلہ نوشاہی مدظلہ کی عمر مبارک اب چھبیس سال

شرانت

Marfat.com

بابرکات ہیں۔ اور سامنپال شریف میں اپنے آباؤ اجداد کے مسند آرائے طریقت ہیں۔ متع اللہ المسترشدین بطول حیاتہٖ ونفع اللہ المستفیدین بفیوضہٖ وبرکاتہٖ۔

فائدہ

مولف رسالہ ہذا فقیر سید شرافت نوشاہی عفا اللہ عنہ چند اپنے یاران طریقت کے نام بھی درج کرتا ہے جو سلسلہ نوشاہیہ کے مشائخ سے محبت رکھنے والے ہیں۔

۱۔ سید عبدالکریم عباسی ساکن جنڈھیل ۲ سید عبدالغنی بن سید رحمت علی ابرخورداری ساکن بڑمبن ۳۔ صاحبزادہ علی محمد بن حیات محمد مرحوم ساکن بھیڑی ۴۔ صاحبزادہ محمد اسمٰعیل بن حیات محمد ساکن بھیڑی ۵ صاحبزادہ عبدالرحیم مرحوم بن غلام رسول ساکن بھیڑی ۶ صاحبزادہ عمرالدین ساکن بھیڑی ۷۔ مولوی غلام نبی صوفی ساکن کھیک صوبہ ۸۔ حافظ غلام رسول ساکن چک صوبہ۔ ۹ حکیم محمد حیات جراح ساکن دایانوالی چک ۱۰۔ حکیم سردار علی حجام ساکن دایانوالی۔ ۱۱ منشی نیاز احمد مدرس ساکن باورے ۱۲ خلیفہ بشیر احمد المعروف کنور شاہ ساکن پشاور ۱۳ سید محمد اسمٰعیل شاہ بخاری ساکن پشاور ۱۴ سید غلام علی شاہ مشہدی ساکن ڈھوک شہانی ۱۵ سائیں اللہ دتہ درویش ساکن ڈھوک شہانی ۱۶ مولوی غلام حیدر امام مسجد غنیمی ۱۷ سید حیات شاہ بن حسن شاہ بخاری ساکن چک وساوا ۱۸ شہزادہ شاہد رضا ساکن لوڑ بکی ۱۹ چوہدری غلام محمد بن سید چیمہ ساکن لوڑ بکی ۲۰ چوہدری احمد دین بن راجہ تارڑ سانگ ۲۱ صوفی شاہ محمد موچی سارنگ ۲۲ ماسٹر احمد دین بن محمد دین درزی ساکن اگرویہ ۲۳ مرزا محمد نذیر اختر ساکن سامنپال شریف ۲۴ سائیں غلام رسول درویش ساکن چک جانو ۲۵ سائیں بشیر احمد بن مولاداد ساکن بھکھی ۲۶ مستری امدرکھا عاشق ساکن چھام والہ ۲۷ مستری صوفی ابراہیم کشمیری ساکن گوجرانوالہ، ۲۸ صوفی محمد عالم ساکن نواں پنڈ ۲۹ حکیم قاضی عبدالحق قریشی صدیقی ساکن چک بیگ ۳۰ مستری محمد اسمٰعیل آہن فروش ساکن مریدکے ۳۱ چوہدری نذیر احمد زمانہ ساکن لاہور ۳۲ سائیں اللہ دتہ موچی ساکن منصوروالی ۳۳ چوہدری غلام رسول عاشق ساکن ابوالفتحوالی ۳۴ میاں شکرالدین شاکر ساکن ابدال، ۳۵ مولوی محمد فضل امام مسجد ابدال۔ ۳۶۔ صوفی بشیر احمد نعت خواں ساکن ابدال، ۳۷ حکیم جلال الدین منجار ساکن جھنگ، ۳۸ صوفی محمد بشیر ساکن جھنگ ۳۹ میاں محمد صادق ارائیں ساکن کوٹلی ارب خاں ۴۰ مستری محمد اسمٰعیل ساکن اٹک ۴۱ چوہدری معاذ جھنڈ ساکن لائلپور۔ ۴۲ حکیم آغا اللہ خان ساکن شیخوپورہ۔

Marfat.com

اورادِ ضروری

سالک طریقت کو بیعت ہونے کے بعد اپنے پیر روشن ضمیر کے حکم سے دخل عملوں پر کاربند رہنا ضروری ہے۔ جن میں سے پانچ کا تعلق ظاہر سے ہے۔ (۱) قلت الطعام یعنی کم کھانا۔ (۲) قلت الکلام یعنی کم بولنا (۳) قلت المنام یعنی کم سونا۔ (۴) تفرد عن الانام یعنی لوگوں سے علیحدہ رہنا۔ (۵) ذکر الدوام۔ یعنی ہمیشہ خدا کی یاد میں رہنا۔

اور پانچ عملوں کا تعلق باطن سے ہے (۱) صدق (۲) توکل (۳) یقین (۴) صبر (۵) عزم۔

جب طالب صادق ان اوصاف سے موصوف ہو جائے تو وظائف ذیل پر کاربند ہو جو مبتدی کے لئے نہایت مفید ہیں۔ اور منتہی کے لئے علو مقام کا باعث ہیں۔

اوّل بوقت نصف شب یا ثلث شب اٹھ کر وضو کر کے نوافل تہجد بارہ ۱۲ رکعت ادا کرے پھر ایک ہزار بار کلمہ طیبہ بطریق نفی اثبات ذکر کرے۔ اور گیارہ ۱۱ سو مرتبہ درود شریف ہزارہ پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ مِّائَۃَ اَلْفَ اَلْفِ مَرَّۃٍ۔

Marfat.com

دوم۔ نماز فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اکتالیس بار سورۂ فاتحہ پڑھے۔ اور نماز کے بعد لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ ایک سو بار۔ اور درود کبریت احمر اور درود مستغاث ایک مرتبہ پڑھے۔ پھر تلاوتِ قرآن کرے۔

سوم۔ نماز ظہر کے بعد درود شریف اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ وَصَلِّ عَلَیْہِ ایک سو بار۔ اور آیہ کریمہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ایک سو بار پڑھے۔

چہارم۔ نماز عصر کے بعد استغفار اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ ... ایک سو بار پڑھے۔

پنجم۔ نماز شام کے بعد کلمہ طیبہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ایک سو بار پڑھے۔ پھر دوگانہ صلوٰۃ الاسرار پڑھ کر اسم شریف غوثیہ یَا شَیْخُ عَبْدُ الْقَادِرْ شَیْئًا لِلّٰہِ ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھے۔

ششم۔ نماز عشاء کے بعد کلمہ تمجید۔ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ایک سو بار پڑھے۔ اس کے بعد قصیدہ غوثیہ خمریہ ایک بار اور شجرہ طریقت ایک بار پڑھے۔

وظائف مذکورہ کا پورہ طریقہ اپنے پیر طریقت سے سمجھ لے۔ اور باجازتِ شیخ پڑھے۔ سید الاقطاب حضرت نوشہ گنج بخش رح کا ارشاد ہے۔

Marfat.com

ص

پُرسش اُس کی پیر سوں پاوے — جو لکھنے میں رسم نہ آوے
جیوں کر پیر کرے تلقین — لاگ رہے جیوں جُل میں مین

اجازت عام

مولف کی طرف سے ہر ایک طالب حق کو جو ہمارے مشائخ عظام نوشاہیہ کی محبت رکھنے والا ہو۔ ان وظائف کے پڑھنے کی اجازت ہے۔

Marfat.com

نقشہ تاریخ اعراس مشائخ قادریہ نوشاہیہؒ

محرم الحرام

۱- شیخ ابوالحسن مکّاریؒ
۲- شیخ معروف کرخیؒ
۴- شیخ حسن بصریؒ۔ شیخ عبدالرحمٰن پاک صاحب بھڑیوالہؒ
سید علی احمد بن سید لوٹے شاہ برخورداری ساہنپالویؒ
۵- قاضی شیخ ابوسعید مبارک مخزمیؒ
۱۰- شیخ محمد معروف خوشابیؒ
۱۲- سید حسن عالم بن سید عمر بخش صاحب برخورداری رسولنگریؒ
۲۲- سید حافظ محمد شاہ صاحب نیک اختر ساہنپالویؒ
۳۰- شیخ سکندر شاہ نورپوریؒ

صفر المظفر

۶- سید فتح الدین صاحب ڈھلوالہؒ۔ سید حافظ نور اللہ صاحب سفرشتہ صفات ساہنپالوی۔
۸- مولانا سید بشیر احمد صاحب بشارت برخورداری ساہنپالویؒ

۹- سید فاضل شاہ بن سید محمد امین صاحب برخورداری ساہنپالویؒ
۱۶- سید حافظ روح اللہ بن سید محمد امین صاحب برخورداری ساہنپالویؒ

ربیع الاوّل

۸- حضرت نوشہ گنج بخش مجدد اکبر علوی قادریؒ
۱۲- حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
۱۳- سید عمر بخش بن سید محمد بخش برخورداری رسولنگریؒ
۲۰- سید غلام علی بن شید قدم الدین برخورداری ساہنپالویؒ۔ سید کرم حیاتؒ بن سید غلام حسین چنیلیؒ
۲۱- سید کرم الٰہی بن سید فاضل شاہ صاحب برخورداری ساہنپالویؒ
۲۵- شیخ پیر محمد سیچیار نوشہرویؒ
۲۸- شیخ داؤد طائیؒ

ربیع الآخر

۲- شیخ حبیب عجمیؒ
۱۱- غوث الاعظم سید شیخ عبدالقادر جیلانیؒ
۱۲- سید حافظ جمال اللہ صاحب فقیہ اعظم برخورداری ساہنپالویؒ
۱۹- سید ضیاء اللہ رسولنگری بن سید حافظ محمد حیات ربانیؒ
۲۳- سید حافظ قتل احمد صاحب پاکذات نورشاہ ثانی برخورداری ساہنپالوی

Marfat.com

جمادی الاُولیٰ

سلسلہ شریف کے مشائخ میں سے سیّد احمد۔ سیّد مسعود۔ سیّد علی۔ بدرشاہ میر سیّد شمس الدین۔ سیّد مبارک حقانی۔ سیّد حافظ محمد حیات باقیؒ کی صحیح تواریخ وفات ابھی تک نہیں مِل سکیں۔ اس لئے ان سب بزرگوں کا عُرس اِس مہینہ کی گیارہویں تاریخ کو اکٹھا ہی منانا چاہیئے۔

جمادی الاُخریٰ

۹۔ شیخ عبدالواحد تمیمیؒ
۱۸۔ سیّد محمد امین صاحب مختار السالکین برخورداری ساہنپالویؒ
۱۹۔ سیّد محمد شفیع بن سیّد حافظ قل احمد صاحب پاکذات نوشاہِ ثانیؒ
۲۰۔ سیّد نور الٰہی بن سیّد فاضل شاہ صاحب برخورداری ساہنپالویؒ

رجب المرجب

۱۰۔ سیّد صفی الدین صوفی گیلانی بغدادیؒ
۲۔ سیّدنا اصل حق بی سیّد مکھن شاہ صاحب برخورداری لاہوریؒ
۔ مخدوم سیّد محمد غوث گیلانی اوچیؒ
۱۱۔ سیّد بوٹے شاہ بن سیّد حافظ الٰہی بخش صاحب مظہر حق جنداری ساہنپالویؒ

Marfat.com

۱۲- سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوان برخورداری ساہنپالویؒ
۲۷- سید الطائفہ شیخ جنید بغدادیؒ

شعبان المعظم

۳- شیخ ابوالفرح یوسف طرطوسیؒ
۱۶- شیخ فیض رسول فاروقی ساکن لدھے والہ چیمہ۔
۱۹- سید پیر مکھن شاہ صاحب لاہوریؒ
۲۳- سید شیر علی بن سید محمد شفیع صاحب برخورداری ساہنپالویؒ۔

رمضان المبارک

۳- شیخ ابوالحسن سری سقطیؒ
۷- سید حافظ الٰہی بخش صاحب مظہر حق برخورداری ساہنپالویؒ
۲۱- حضرت سید امام ابوالحسن علی المرتضےٰ رضؓ
۲۷- حضرت سخی شاہ سلیمان نوری بھلوالیؒ
۳۰- سید غلام رسول بن سید کریم بخش صاحب ہاشمی رنماویؒ

شوال المکرم

۱۴- سیدہ [illegible] بی صاحبہ بنت سید غلام علی صاحب برخورداری ساہنپالویؒ
۲۵- سید سیف الدین عبدالوہاب جیلانی بغدادیؒ۔

Marfat.com

ذیقعدہ

۱۔ سائیں فرمان علی درویش خیر کتوئی رح۔
سید غلام احمد کاتب بن سید فاضل شاہ صاحب ساہنپاوی رح
۱۲۔ مولوی حکیم کرم الٰہی صاحب فاروقی ساکن بگووالہ رح
۱۵۔ سید حافظ محمد برخوردار صاحب بحر العشق بن نوشہ گنج بخش رح

ذی الحجہ

۲۲۔ سید محمد ہاشم صاحب دریادل بن نورشاہ عالیجاہ رح۔
۲۸۔ شیخ ابوبکر شبلی بغدادی رح

خاتمہ

آج بفضل اللہ تبارک وتعالےٰ بروز سوموار۔ چوتھی محرم الحرام ۱۳۵۲ھ کو رسالہ ہذا اذکار نوشاہیہ مکمل ہوا۔ اللہ تعالےٰ عزاسمہ اس کو مقبول خاص و عام کرے۔ اور بطفیل بزرگان دین مولف کو دونوجہان میں سعادت ازلی سے بہرہ ور فرماوے۔ آمین

Marfat.com

فہرست اسمائے مزارات مقبرہ نوشاہیہ

۱ - قطب الاولیا حضرت نوشہ گنج بخش قدس سرہٗ -
۲ - میاں شاہ محمد بن شیخ شرف الدین سلیمانیؒ
۳ - شیخ شرف الدین بن شیخ ناصر الدین سلیمانیؒ
۴ - سید محمد بخش بن سید ضیاء اللہ برخورداری رسولنگریؒ -
۵ - سید فتح محمد بن سید ضیاء اللہ برخورداری رسولنگریؒ -
۶ - سید ضیاء اللہ بن سید حافظ محمد حیات ربانی رسولنگریؒ
۷ - سید حافظ جمال اللہ فقیہ اعظم بن سید حافظ محمد برخورداریؒ
۸ - سید حافظ محمد حیات ربانی بن سید حافظ جمال اللہ برخورداریؒ
۹ - سید حافظ نور اللہ فرشتہ صفات بن سید حافظ محمد حیات برخورداریؒ
۱۰ - سید حافظ الٰہی بخش مظہر حق بن سید حافظ نور اللہ برخورداریؒ
۱۱ - سید خدا بخش بن سید حافظ نور اللہ برخورداریؒ -
۱۲ - سید نور احمد بن سید خدا بخش برخورداریؒ
۱۳ - سید نیاز محمد بن سید بوٹے شاہ برخورداریؒ
۱۴ - سید بوٹے شاہ بن حافظ سید الٰہی بخش برخورداریؒ
۱۵ - سید عطا محمد بن سید بوٹے شاہ برخورداریؒ
۱۶ - سید عمر بخش بن سید محمد بخش رسولنگری برخورداریؒ

Marfat.com

۱۷- سید مکھن شاہ لاہوری بن حافظ آلہی بخش برخورداریؒ
۱۸- سید حافظ صبح اللہ بن سید محمد امین مختار برخورداریؒ۔
۱۹- سید حافظ قل احمد نورشاہِ ثانی بن سید حافظ آلہی بخش برخورداریؒ
۲۰ سید قدم الدین بن سید خدا بخش برخورداریؒ
۲۱- سید غلام حسن بن سید نور احمد برخورداریؒ۔
۲۲- مولوی سید غلام قادر بن سید عبداللہ برخورداریؒ
۲۳- نامعلوم۔ سید برخورداریؒ
۲۴- سید فضل الٰہی بن سید غلام قادر برخورداریؒ۔
۲۵- سید حاکم شاہ بن سید عطا محمد برخورداریؒ
۲۶- سید حیدر شاہ بن سید عطا محمد برخورداریؒ
۲۷- سید علی احمد بن سید بوٹے شاہ برخورداریؒ
۲۸- سید محمد صادق بن سید میراں بخش برخورداریؒ
۲۹- سید شیر عالم بن سید عمر بخش رسولنگری برخورداریؒ
۳۰- سید چراغ علی بن سید پیر عالم رسولنگری برخورداریؒ
۳۱- سید عارف حق بن سید مکھن شاہ لاہوری برخورداریؒ
۳۲- سید حافظ محمد شاہ نیک اختر بن سید محمد امین برخورداریؒ
۳۳- سید فاضل شاہ بن سید محمد امین برخورداریؒ
۳۴- سید محمد امین مختار بن سید حافظ قل احمد برخورداریؒ
۳۵- سید غلام علی بن سید قدم الدین برخورداریؒ

Marfat.com

۳۶ - سید محمد شفیع بن سید حافظ قتل احمد برخورداریؒ
۳۷ - سید اقبال علی بن سید غلام محی الدین برخورداریؒ
۳۸ - میاں سراج الدین بھٹی امام مسجد چھنی ساہنپال
۳۹ - سید میراں بخش بن سید کریم اللہ برخورداریؒ۔
۴۰ - سید بڈھے شاہ بن سید پیراں دتہ برخورداریؒ
۴۱ - سید محمد الدین بن سید بڈھے شاہ برخورداریؒ۔
۴۲ - سید آلہدین بن سید امام بخش برخورداریؒ
۴۳ - فرزند سید حسیب اللہ برخورداریؒ
۴۴ - سید برکت علی بن سید حسیب اللہ برخورداریؒ
۴۵ - سید عمر حیات بن سید حسیب اللہ برخورداریؒ
۴۶ - سید کریم اللہ بن سید اقبال علی برخورداریؒ۔
۴۷ - سید محمد حیات بن سید حسیب اللہ برخورداریؒ
۴۸ - سید محمد بن سید نبی بخش برخورداریؒ
۴۹ - سید سراج الدین شہید بن سید محمد علی پاتڑو کے والہ برخورداریؒ
۵۰ - نامعلوم . . . . . .
۵۱ - سید قبض احمد بن سید آلہدین برخورداریؒ
۵۲ - سید سید احمد بن سید علم الدین ٹرجن والہ برخورداریؒ
۵۳ - سید محمد عالم بن سید آلہدین برخورداریؒ
۵۴ سید محمد حسین اکبر بن سید امام الدین برخورداریؒ۔

Marfat.com

۵۵ - سید سرفراز احمد بن سید ممتاز احمد برخورداریؒ
۵۶ - سید کرم الٰہی بن سید فاضل شاہ برخورداریؒ
۵۷ - سید صوبے شاہ بن سید کرم الٰہی برخورداریؒ
۵۸ - سید حبیب اللہ بن سید اقبال علی برخورداریؒ
۵۹ - سید عزیز احمد بن سید کرم الٰہی برخورداریؒ
۶۰ - نامعلوم ..... "
۶۱ - فرزند سید حبیب اللہ برخورداریؒ
۶۲ - سید ناظر حسین بن سید نبی بخش برخورداریؒ
۶۳ - سید ابوالرضا البشیر احمد لشارت بن سید غلام مصطفےٰ برخورداریؒ
۶۴ - فرزند سید حبیب اللہ برخورداریؒ
۶۵ - سید جناب دین بن سید امام الدین پانڈوکی والہ برخورداریؒ
۶۶ - سید غلام محمد بن سید غلام رسول برخورداریؒ
۶۷ - سید نور الٰہی بن سید فاضل شاہ برخورداریؒ
۶۸ - سید غلام احمد کاتب بن سید فاضل شاہ برخورداریؒ
۶۹ - بخت روشن زوجہ سید میراں بخش بن سلطان عالم ہاشمی
۷۰ - تعجب چوہدری الہ دتہ بن موحد بن تارڑ ساہنپالیہ۔
۷۱ - سید غلام رسول بن سید کریم بخش ہاشمی
۷۲ - سید دارے شاہ بن سید فضل الدین ہاشمی
۷۳ - سید برکت علی بن سید نور علی ہاشمی

Marfat.com

۷۴ - سید اللہ دتہ بن سید غلام قادر ہاشمی
۷۵ - سید محمد ..... "
۷۶ - نامعلوم ..... "
۷۷ - سید میراں بخش بن سید غلام رسول ہاشمی
۷۸ - سید حیدر شاہ بن سید محمد نیک ہاشمی
۷۹ - نامعلوم ..... "
۸۰ سید گامے شاہ بن سید ناصر الدین ہاشمی
۸۱ - سید غلام رسول بن شاہ مغل ہاشمی
۸۲ - سید داؤد شاہ
۸۳ - سید فضل الدین بن سید حیدر شاہ ہاشمی
۸۴ - سید کرم الٰہی بن سید حیدر شاہ ہاشمی
۸۵ - سیدہ امیر بی بی بنت سید علم الدین برخوردار رحمی
۸۶ - سید نور علی بن سید غلام رسول ہاشمی
۸۷ - حافظ خیر الدین شاعر قوم مصلی رملوی
۸۸ - سید نظام الدین بن سید سبحان علی ہاشمی۔
۸۹ - شیخ ماہی شاہ بن شیخ معرج الدین سلیمانی
۹۰ - سید شیر شاہ بن سید الٰہی بخش ہاشمی۔
۹۱ - حکیم فقیر محمد بن سید بنے شاہ ہاشمی
۹۲ سید بنے شاہ بن شیر شاہ ہاشمی۔

Marfat.com

۹۳- سید محمد حسین بن سید بنے شاہ ہاشمی
۹۴- سیدہ غلام فاطمہ بنت سید محمد عالم ڈھلوالہ برخوردارؒ
۹۵- سیدہ بیگم بی بی بنت سید شمس الدین ڈھلوالہ "
۹۶- سید فضل حسین بن سید غلام حسن ڈھلوالہ "
۹۷- سید محمد عالم بن سید پیر محمد ڈھلوالہ "
۹۸- سید غلام حسن بن سید قطب الدین ڈھلوالہ "
۹۹- سید قطب الدین بن سید اللہ دتہ ڈھلوالہ "
۱۰۰- سید حافظ غلام محمد بن سید احمد بخش ڈھلوالہ "
۱۰۱- سید احمد بخش بن سید اللہ دتہ ڈھلوالہ "
۱۰۲- سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوان بن سید حافظ محمد برخوردگر
۱۰۳- سید حافظ محمد برخوردار بحر العشق فرزند اکبر حضرت نوشہ گنج بخشؒ
۱۰۴- سید محمد ہاشم دریادل فرزند اصغر حضرت نوشہ صاحبؒ
۱۰۵- سید محمد سعید مدولا بن سید محمد ہاشم دریادل
۱۰۶- نامعلوم۔ صاحبزادہ نوشاہی
۱۰۷- سید شیر علی بن سید سلطان علی ہاشمی
۱۰۸- سید سلطان علی بن سید گوہر شاہ ہاشمی
۱۰۹- نور بیگم زوجہ سید سلطان علی ہاشمی
۱۱۰- سید گوہر شاہ بن سید تدم الدین ہاشمی

Marfat.com

۱۱۱- یہاں پورانی قبریں زمین سے ہموار ہوگئی تھیں ۱۳۷۶ھ
۱۱۲- میں اولادِ شاہ عصمت اللہ برخورداری نے بھرتی ڈال کر
۱۱۳- چبوترہ بلند بنایا۔ اور آس پاس دیوار بنا کر اپنے خاندان
۱۱۴ کی آئندہ قبروں کے واسطے احاطہ محفوظ کر لیا۔ ۱۳۸۱ھ
میں اولادِ شاہ ہاشم دریا دل نے اُن کی بلا اجازت اپنا قبضہ
جما لیا۔ اور اس چبوترہ پر چار فرضی قبریں پختہ بنوا دیں۔ جن
کے کوئی نام تاحال متعین نہیں کر سکے۔

۱۱۵- سید لطف الدین بن سید علی محمد برخورداری
۱۱۶- سید عمر بخش بن سید لطف الدین برخورداری
۱۱۷- سیدہ عمر بی بی زوجہ سید عمر بخش برخورداری
۱۱۸- سید علم الدین بن سید علی محمد برخورداری
۱۱۹- سید بوٹے شاہ بن سید عمر بخش برخورداری
۱۲۰- منظور حسین بن سید بوٹے شاہ برخورداری
۱۲۱- سید محمد حسن بن سید خدا بخش برخورداری
۱۲۲- سید عزیز اللہ بن سید براہم شاہ ہاشمی
۱۲۳- سیدہ حیات بی بی زوجہ سید قدم الدین برخورداری
۱۲۴- سیدہ عمر بی بی بنت سید قدم الدین برخورداری
۱۲۵- سیدہ سید بیگم زوجہ سید عطا محمد برخورداری
۱۲۶- سیدہ بھاگ بھری زوجہ سید احمد بخش ڈھلوالہ "

Marfat.com

۱۲۷- سیدہ بلقیس خانم بنت سید بشیر احمد بشارت برخورداری
۱۲۸- سید مختار حسن بن سید ممتاز احمد برخورداری
۱۲۹- سیدہ بشیر بیگم زوجہ سید بشیر احمد بشارت برخورداری
۱۳۰- سیدہ محمد بی بی بنت سید محمد امین مختار برخورداری
۱۳۱- سیدہ طالعہ بی بی بنت سید قطب الدین برخورداری
۱۳۲ حسین بی بی زوجہ فضل حسین بن سید بوٹے شاہ برخورداری
۱۳۳- سیدہ کاکو بی بی بنتِ سید غلام علی برخورداری
۱۳۴- سیدہ شمس بی بی زوجہ سید غلام علی برخورداری
۱۳۵- سیدہ حسین بی بی زوجہ سید شیر علی برخورداری
۱۳۶- سیدہ عمر بی بی زوجہ سید شیر عالم بڑھن والہ برخورداری
۱۳۷- سیدہ سید بی بی زوجہ سید کریم اللہ برخورداری
۱۳۸- سیدہ فضل بیگم بنت سید فیض احمد برخورداری
۱۳۹- سیدہ فاطمہ بی بی بنت سید امام الدین برخورداری
۱۴۰- سیدہ حاکم بی بی بنت سید امام الدین برخورداری
۱۴۱- سیدہ حسن بی بی زوجہ سید حافظ فضل احمد توشاہِ ثانی برخورداری
۱۴۲- سیدہ نور بھری زوجہ سید حبیب اللہ برخورداری
۱۴۳- سیدہ حیات بیگم زوجہ سید فاضل شاہ برخورداری
۱۴۴- نامعلوم سیدہ ..... "
۱۴۵- نامعلوم سیدہ ..... "

۱۴۶ - سیدہ جواہر بی بی زوجہ سید شیر علی ہاشمی
۱۴۷ - سیدہ فہمیدہ بیگم بنت سید پیر محمد بہ خورداری
۱۴۸ - سیدہ فاطمہ بی بی زوجہ سید حافظ محمد شاہ نیک اختر بہ خوردائی
۱۴۹ مستورہ از قوم کستر ساکن رنمل۔
۱۵۰ - ولایت بیگم زوجہ سید کرم الٰہی بہ خورداری
۱۵۱ - گوہر بی بی زوجہ سید محمد امین مختار بہ خورداری
۱۵۲ - ستار بی بی زوجہ سید حافظ روح اللہ بہ خورداری
۱۵۳ - سیدہ رسول بی بی زوجہ سید گیلانی بخش بہ خورداری
۱۵۴ - سیدہ حسین بی بی زوجہ سید فیض احمد بہ خورداری
۱۵۵ - سیدہ تاج بی بی زوجہ سید امام بخش بہ خورداری
۱۵۶ - سیدہ جنت بی بی بنت سید آلہ دین بہ خورداری
۱۵۷ - سیدہ شرف بی بی زوجہ سید علم الدین بہ خورداری
۱۵۸ - سیدہ گوہر بی بی بنت سید علم الدین بہ خورداری
۱۵۹ - نامعلوم سیدہ . . . . . "
۱۶۰ - سیدہ نواب بیگم بنت سید نور عالم رسولنگری بہ خورداری
۱۶۱ - سیدہ نواب بیگم زوجہ سید عارف حق لاہوری بہ خورداری
۱۶۲ - نامعلوم سیدہ . . . . . "
۱۶۳ - سیدہ حاکم بی بی بنت سید حبیب اللہ بہ خورداری
۱۶۴ - سیدہ ریشم بی بی بنت سید نور عالم رسولنگری بہ خورداری

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

۱۶۵- سلطان بیگم زوجہ سید نور عالم رسول نگری بہ خورداری

۱۶۶- سیدہ برکت بی بی بنت سید علی احمد برخورداری

۱۶۷- سیدہ نور بیگم بنت سید نیاز محمد برخورداری۔

۱۶۸- سیدہ رشید بیگم بنت سید نبی بخش برخورداری

نوٹ

جتنی جگہ نقشہ میں خالی نظر آتی ہے۔ یہ سب قبرستان ہے۔
تمام لوگوں کی قبریں ہیں۔

Marfat.com

قصیدہ مدحیہ

در شانِ والا مولف کتاب ہذا حضرت سید شریف احمد صاحب شرافت نوشاہی

مدظلہ العالی دامت برکاتہم

از نتیجہ طبع

جناب علامہ صوفی محمد افضل صاحب طور قریشی قادری نوشاہی

بی اے، منشی فاضل ادیب فاضل ساکن گوندلانوالہ ضلع گوجرانوالہ

صبا بہار مدوش و شمیم عطر افشاں — چمن بہشت بداماں رہ عذہ رضواں

قلم حدیقہ تفسیر آیۂ تحریر طاس! — زبان شگوفہ تشریح ناطقِ قرآن

فضا فریب فضائے بوادی کشمیر — ہوا فریب ہوائے بخطۂ ایران!

فتادہ مست بہر سو نہال و غنچہ و گل — گشادہ مست گل لالہ سنبل و ریحان

بہا سیادہ بہر باغ خیام و سعوا من — فتادہ اند بہ بستیم ہر طرف مستان

ہوا مسیحا اثر ہست ہم چو آبِ بقا — مریضِ غم شدہ فارغ ز رنج بارِ گران

وِ ال گلاں بہ پیام تبسم آوارہ — دماغِ غنچہ بہ شانِ تکلم ست عیاں

شہِ شرافت عالم پناہ پیرِ من ست — شدست پایہ بطلاں ز ہیبتش لرزاں

خبر ز حکمِ خبیر ادنیاست تاصر ماند — کسے کہ رفت ازیں عالم از تو بے خبراں

نشانِ نیامت ز منزل شدست کوچ — کسے کہ طوق غلامی تو یافت نشان

تبسمِ اسدے تو گشت ز سہ دید — شہید نرگسِ مستِ تو ہست شد بجہاں

خراب بادہ لعلِ تو ہست ہشیارے — غلامِ نرگسِ مستِ تو تاجدارِ جہاں

Marfat.com

مخالفِ تو زبادِ مخالف آغشتہ
عدوئے تو شدہ مجروح و ہائم و حیراں

بخوبیِ عملِ جودِ تو زمانہ بخیل
بہ حسنِ خلقِ تو جنسِ وفا شدہ ارزاں

حدیثِ یاخت فروغ آنچناں ز حسنِ مقال
برقص وجد فتادند چہلد و انایاں

بغیرِ او نہ گویم حدیثِ دردِ دلالم
بغیرِ او نہ بنیم فروغ امن و اماں

حذر ز زاہر منال و الحذر ز رنج و الم!
حریفِ جام بلب طور من تہی و اماں!

Marfat.com

قطعاتِ تاریخ طباعت "اذکارِ نوشاہیہ"

نتیجہ فکر جناب ابو الطاہر فدا حسین صاحب فدا مدیر ماہنامہ "معرفت" لاہور

یہ جو تصنیفِ شرافت ہے ضیائے حق نما ! ! تذکرے اوصافِ نوشہؒ کے ہیں اس میں لاجواب
اس کا اک اک حرف تک ہے مظہرِ انوارِ حق نصرِ انسان کی سدا جس سے بڑھے گی آب و تاب
بادۂ توحید کے انعام کا کیف و سرور کوثر و تسنیم کی اس میں جھلکتی ہے شراب
مٹ گئیں کفر و ضلالت کی ہیں سب تاریکیاں نورِ مصطفوی کا روشن ہو گیا اک آفتاب
اس کی تنویرِ حقیقت کا بڑھے گا عکس جب فرقہ ہوں گے بے خطر کبر و خودی کے سب حجاب
لائقِ صد تہنیت اس کی اشاعت ہو نہ کیوں جبکہ ہر اہلِ نظر کا ہے یہ حسنِ انتخاب

اس کی تاریخ طباعت پر خدا بے ساختہ
مکرم غیبی پکارا "مسودِ مندِ شیخ و شاب"
۱۳۸۳ھ
۱۲

(۲)

حضرتِ نوشاہؒ کا ذکرِ جمیل اصل میں ہے مخزنِ "محبوبِ غوث"
مہرِ تاریخ طباعت اے خدا صاف کہدے "گلشنِ محبوبِ غوث"
۱۳۸۴ھ
۱۹

(۳)

ہے عنایت کی جو اک تصنیف یہ ہر طرف چرچا ہے اس کا برملا
سالِ طبعِ ذکرِ نوشہؒ پر خدا "تذکرہ کیا خوب" رضوان نے کہا
۱۳۸۴ھ
۱۹

Marfat.com

Marfat.com

مولف کتاب ہذا کی

جو کتابیں زیر طبع ہیں

فیض القادریہ
لطائف علمیہ
کشف الحقائق

جو کتابیں زیر طبع ہیں

شریف التواریخ
اول تاریخ الاقطاب
سوم تذکرۃ النوشاہیہ
طراز الاولیا (عربی)
مخصائص القادریہ
در یتیم فی فضائل بسم اللہ الرحمٰن
ظہور الانوار
نظائر والاشباہ
حدیقۃ الانساب
سیادت علویہ
اول زادالعاملین

نوشاہی سلسلہ کے دوسرے

کنز الرحمت فارسی
لمعات التصوف
گنجینہ قادری نوشاہی
مجموعہ ابیات
شجرہ نسب حضرت نوشہ صاحب
شجرہ طریقت حضرت نوشہ صاحب

Marfat.com

شاہ عبدالرحمٰن پاک رحمۃ اللہ علیہ

سید شرافت نوشاہی

Marfat.com

Marfat.com

شاہ عبدالرحمٰن پاک

بھڑی والے

حالات حضرت شاہ عبدالرحمٰنؒ الملقب

بہ پاک رحمٰن قادری نوشاہی قدس سرہٗ

سنہ ۹۹۵ھ ـــــــــ سنہ ۱۱۱۵ھ

مؤلفہ

سید شرافت نوشاہی

سنہ ۱۳۹۱ھ ـــــــــ سنہ ۱۹۷۱ء

Marfat.com

سلسلہ مطبوعات

خاندان نوشاہیہ برخوردار یہ

کتاب ——— شاہ عبدالرحمٰن پاکؒ

مولف ——— سید شرافت نوشاہی سجادہ نشین
ساہن پال شریف ضلع گجرات

پیش لفظ ——— محمد اقبال مجددی

مطبع ——— حمایت اسلام پریس لاہور

کتابت ——— قمر عظیم نوشاہی

تعداد ——— ۴ سو

بار اول ——— ۱۳۹۱ھ، ۱۹۷۱ء

قیمت ——— ۵۰ پیسے

ناشر۔ ادارہ معارف نوشاہیہ اعظمیہ سیالی سٹریٹ بانڈر نوشہرہ

مرید کے ———

ملنے کا پتہ:۔ مکتبہ نبویہ گنج بخش روڈ ——— لاہور

Marfat.com

پیش لفظ

شاہ عبدالرحمٰن پاکؒ بھڑی والے (۹۶۵ھ-۱۱۱۵ھ)

مولفہ مولانا سید شرافت نوشاہی مدظلہ

از

محمد اقبال مجددی

پنجاب کی علمی اور ثقافتی تاریخ کی تدوین کو ہمیں اپنے اہم ترین فرائض میں شامل کرنا چاہئے

قدیم تذکرہ نویسوں نے ہمارے پنجاب کو بہت حد تک نظر انداز کر دیا ہے۔ متحدہ ہندوستان میں سب سے بہتر تذکرہ "اخبار الاخیار" سمجھا جاتا ہے۔ مگر طرفہ یہ ہے کہ اس میں عالم اسلام کے مایہ ناز عالم و صوفی حضرت شیخ علی ہجویری المعروف بہ داتا گنج بخش لاہوری رحمۃ اللہ علیہ کے حالات درج کرنا ضروری نہیں سمجھا گیا جس کتاب میں حضرت گنج بخشؒ کے حالات نہ ہوں اس میں

Marfat.com

مدینۃ الاولیاء لاہور کے دیگر بزرگوں کے ذکر کی کیا گنجائش ہو سکتی تھی۔ غرض کہ اکثر مطبوعہ تذکروں کا قریب قریب یہی حال ہے۔

۱۰۱۲ھ سے قبل لعل بیگ لعلی نے ثمرات القدس تصنیف کی تو اس میں اس نے لاہور کے پندرہ بیس صوفیائے کرام کے تراجم شامل کیے۔ لیکن افسوس کہ ہنوز یہ کتاب حلیہ طباعت سے آراستہ نہ ہو سکی اور اس طرح اس میں مشمولہ اولیائے لاہور کے حالات گمنامی میں پڑے ہوئے ہیں

۱۰۲۲ھ میں محمد غوثی بن حسن بن موسیٰ شطاری نے گلزار ابرار تالیف کی تو اپنا تمام تر زور علم گجرات، احمد آباد کے اعیان کے تراجم پر صرف کر دیا۔ فقط چند نامور اولیائے پنجاب کے حالات ہی لکھے اور وہ بھی اس قدر بے سروپا کہ نہ ہونے کے برابر۔

اس کے ایک سال بعد محمد صادق نے کلمات الصادقین کے نام سے ۱۰۲۳ھ میں ایک کتاب تالیف کی اور اس نے اپنی کتاب کو فقط مدفونین دہلی کے حالات تک محدود کر لیا۔ یہ کتاب بہت حد تک اخبار الاخیار کا چربہ ہے وہ طباعت میں شمائل ہند سے تذکرہ علمائے ہند، تذکرہ علمائے حال اور نزہۃ الخواطر وغیرہ طبع ہونے والے تذکروں کا بھی قریب قریب یہی حال ہے۔

Marfat.com

اس دور میں مفتی غلام سرور لاہوری اور مولوی فقیر محمد جہلمی متوفی ۱۳۴۴ھ پنجاب کے اکابر کے بارے میں کچھ نہ لکھ جاتے تو شاید پنجاب میں کوئی عالم و عارف نظر ہی نہ آتا۔ بہرحال اس کمی کو یہیں کے لوگوں کو پورا کرنا تھا۔

پنجاب کی بہت خوش قسمتی ہے کہ یہاں کے ایک نہایت ہی جلیل القدر روحانی خانوادہ نوشاہیہ کے اعیان کی تصانیف سکھ گردی کی نذر ہونے سے بہت حد تک بچ گئیں۔ ہمارے واجب الاحترام بزرگ مولانا سید شرافت نوشاہی مدظلہ کو ان نوادر کی لگن پنجاب کے ایک ایک قصبہ میں لے گئی جہاں سے مولانا صاحب نے وہ گوہر بے بہا تلاش کئے کہ آج ان کی مثال پاک و ہند کے کسی قصبے اور خطے میں مفاد شوار ہے بے شک مولانا نوشاہی کا یہ کارنامہ جوئے شیر لانے کے مترادف ہے۔ اب تک مولانا نوشاہی اپنے سلسلہ کے بزرگوں کے حالات پر کم و بیش اڑھائی سو کتابیں تالیف کر چکے ہیں۔ جن میں ایک نہایت ضخیم و جسیم کتاب شریف التواریخ ہے جو تقریباً پانچ ہزار صفحات پر مشتمل ہے اور تین جلدوں پر منقسم ہے۔ لیکن افسوس کہ ابھی تک اس کی اشاعت کا کوئی اہتمام نہیں ہو سکا۔

پیش نظر کتاب مولانا نوشاہی مدظلہ کے سلسلہ تالیفات نوشاہیہ کی ایک کڑی ہے جو حضرت شاہ عبدالرحمٰن مدفون بھڑی متوفی ۱۱۱۵ھ کے حالات پر مشتمل ہے۔

راقم حقر نے مولانا نوشاہی دمولف کتاب ہذا کے احوال و آثار پر ایک مستقل کتابچہ تالیف کیا ہے جو ادارہ دارالمورخین کی طرف سے انشاءاللہ جلد شائع ہوگا

محمد اقبال مجددی

دارالمورخین
چاہ میراں، محبوب پارک
گلزار کالونی ـــــ لاہور

Marfat.com

حضرت شیخ عبدالرحمٰن پاک صاحب نوشاہی

(بھڑی شریف ضلع گوجرانوالہ)

آپ ان منفرد اور عظیم الشان شخصیتوں میں سے ہیں۔ جنہوں نے اپنی زندگیاں تبلیغ اسلام کے لئے وقف کی ہوئی تھیں آج بھی آپ کے نام لیواؤں کی تعداد پاک و ہند میں ہزاروں تک پہنچتی ہے۔ آپ کا سلسلہ فقر دور دراز دیار و امصار میں پھیلا ہوا ہے۔ آپ کے آباؤ اجداد تو گجرات کے رہنے والے تھے۔ مگر آپ کی پیدائش کا شرف ایک چھوٹے سے گاؤں "بھڑی" کو حاصل ہوا۔ جو تحصیل و ضلع گوجرانوالہ میں آجکل بنام "بھڑی شاہ رحمان" یا "بھڑی شریف" مشہور ہے۔ آپ کی ولادت ۹۹۵ھ میں اکبر بادشاہ کے زمانہ میں ہوئی۔ آپ کے والد صاحب کا نام شیخ صالح محمدؒ اور دادا کا نام شیخ منصورؒ تھا جو اہل

Marfat.com

تقوےٰ و طہارت بزرگ تھے۔ والدہ ماجدہ کا اسم گرامی حضرت سلطان بیگم صاحبہؒ تھا۔ جو عفیفہ و پارسا تھیں۔ آپ کی طبیعت بچپن سے ہی مجتہدانہ تھی۔ جب پانچ سال کے ہوئے تو والدین نے مدرسہ میں داخل کیا۔ مگر چونکہ آپ مستانہ اطوار تھے اس لئے پڑھنے کی طرف کم توجہ کرتے۔ چھ سال میں کتب خوانی کا کچھ ملکہ حاصل ہوا۔ مگر اپنے پیرِ روشن ضمیر کی توجہ سے آپ پر ظاہری و باطنی علوم کے دروازے کھل گئے۔ کوئی شخص معلوم نہ کر سکتا تھا کہ آپ ان پڑھ ہیں۔ علمی حقائق اکثر آپ کی زبان پر جاری رہتے تھے۔

آپ کی عمر چار سال تھی بچوں کے ساتھ کھیل رہے تھے کہ اتفاقاً امام العاشقین، قطب الواصلین سیّد العارفین و رئیس الموحدین حضرت نوشہ گنج بخش قادریؒ کا گذر ہوا۔ حضرت کو سب بچوں نے سلام کیا۔ آپ نے سب سے آگے بڑھ کر سلام نیاز پیش کیا۔ انہوں نے شفقت کی نظر سے آپ کی طرف دیکھا اسی نگاہ سے آپ پر عشقِ حقیقی کا دروازہ کھل گیا۔ علامہ صداقت کنجاہی آپ کے متعلق لکھتے ہیں۔

"مانند دعائے ماثورہ مقبول نظر نوشہ گنج بخش قادری گردیدہ طفلِ اشک وار سبق عشق رواں یافت[1]۔ اس کے بعد آپ پر حالت جذب

---

[1] علامہ شیخ محمد ماہ صداقت کنجاہی مناقب المناقب ص

Marfat.com

مستی طاری ہوگئی۔ گاہ بگاہ بے ہوش ہو جاتے والدین نے خیال کیا کہ شاید اس پر آسیب کا اثر ہے اس لئے آپ کے پاؤں میں زنجیر ڈال دیئے اور طبیبوں اور عاملوں کی طرف رجوع کرنے لگے مگر کوئی افاقہ نہ ہوا۔ آخر سنا کہ جو شخص زبدۃ الواصلین عمدۃ الکاملین، مقرب بارگاہ احدیت، مقبول درگاہ صمدیت عارفِ معارفِ نورِ ایماں، عاکفِ معاکفِ شہودِ احسان واقفِ مواقفِ خلوص دایقان جناب افاضت مآب حق آگاہ حضرت سیّد حاجی نوشہ صاحبؒ کی خدمت میں حاضر ہو ان کی زیارت کرنے سے آسیب دفع ہو جاتا ہے۔ چنانچہ آپ کے بڑے بھائی شیخ الہدیٰؒ آپ کو ساتھ لے کر زبدۃ الواصلین، عمدۃ الکاملین۔ حضرت سید حاجی نوشہ صاحبؒ کی خدمت میں بمقام ساہنپال شریف ضلع گجرات حاضر ہوئے۔ حضور نے آپ کو پہچان لیا اور فرمایا کہ یہ ہمارا منظور نظر ہے اس کو آسیب نہیں یہ وجد و جذب کا نشان ہے۔ چنانچہ اسی وقت مقرب بارگاہ احدیت، مقبول درگاہِ صمدیت، عارفِ معارفِ نورِ ایمان، واقفِ مواقفِ خلوص دایقان جناب افاضت مآب حق آگاہ حضرت نوشاہ گنج بخشؒ نے قادری سلسلہ میں بیعت کر لیا اور

Marfat.com

اپنی نظر کیمیا اثر سے مظہر نورؒ علی نور کر دیا۔ آپ بیعت ہونے کے بعد اپنے مُرشدِ ارشد کی خدمت میں رہے۔ حضور نے آپ کو مزارعین کو کھانا پہنچانے کی خدمت سپرد کر دی۔ آپ گھر سے کھانا لے جاتے اور جو درویش زراعت کے کاروبار میں مشغول ہوتے ان کو پہنچا دیتے۔ اہل خانہ سمجھتے کہ آپ باہر جا کر درویشوں کے ہمراہ روٹی کھا لیتے ہوں گے اور مزارعین کا خیال تھا کہ آپ گھر سے کھا کر آتے ہوں گے۔ اس لئے آپ کو کوئی بھی نہ پوچھتا۔ حتیٰ کہ چالیس روز گذر گئے اور آپ نے نہ کچھ کھایا نہ پیا۔ آخر ایک روز امام العاشقین، قطب الواصلین، سید العارفین وزمیں الموحدین حضرت نوشہ گنج بخشؒ نے ازراہ کشف معلوم کر کے آپ کو کوٹلی پر خود روٹی پکا کر کھلائی۔ اور آپ کے حال پر اس قدر مہربان ہوئے کہ آپ کو "مقام صمد بت" پر پہنچا دیا۔[1]

اس کے بعد آپ کو کنواں چلانے کی خدمت سپرد ہوئی۔ آپ گاہی پر بیٹھ کر کنواں چلاتے۔ ایک روز خیال آیا کہ میرا گاہی پر بیٹھنا اور بیلوں پر اپنا بوجھ ڈالنا خلاف ادب ہے۔ پھر نیچے چل کر چلانے لگے۔ پھر خیال آیا کہ بیل گاہی کو کھینچتے ہیں اور میں

---

[1] سید حافظ محمد حیات ربانی نوشاہی کتاب تذکرہ نوشاہی قلمی۔ ورق ۱۱

Marfat.com

فارغ آزاد پھیے چلتا ہوں یہ بھی ادب کے منافی ہے۔ اس کے بعد آپ نے بیلوں کو چھوڑ دیا اور خود بنفس نفیس کنواں چلانے لگے۔ اور اپنے پیر کا عشق اس قدر غالب تھا کہ ہر ایک چکر میں جب آنجناب کے بالمقابل آتے تو سر جھکا کر آداب بجالاتے آپ کی ایسی مودبانہ حرکات کو دیکھ کر عوام الناس آپ کو دیوانہ سمجھتے [۳]

آپ کی خدمات و آداب، ریاضات و عبادات کو دیکھ کر قطب الاولیا شیخ الاسلام حضرت شاہ حاجی محمد نوشہ گنج بخش قدس سرہ العزیز نے آپ کو خرقہ خلافت و اجازت سے مشرف فرمایا۔ اور حکم دیا کہ اب اپنے مسکن "بھڑی" میں رہ کر مخلوق خدا کو حق کی طرف رہنمائی کرو آپ حضرت نوشہ عالیجاہؒ سے خلافت پاکر اپنے گاؤں "بھڑی شریف" میں پہنچے اور گاؤں سے باہر شمال کی طرف اپنا ڈیرہ لگایا۔ مخلوق خدا جوق در جوق آپ کی خدمت میں آنی شروع ہوگئی۔ جو شخص آتا فائز المرام ہو کر جاتا آپ کے ڈیرہ کے قریب ایک ہندو فقیر "دندو رام" کی کٹیا تھی۔ وہ بھی صاحب استدراج تھا۔ اس نے آپ کی مخالفت

---

[۳] مرزا احمد بیگ لاہوری۔ رسالہ الاعجاز عملی ۱۲

Marfat.com

کی اور ڈیرہ اٹھوا دینا چاہا تو آپ نے فرمایا میں اپنے پیر کے حکم سے یہاں آیا ہوں اور اس علاقہ کی خدمت باطنی میرے سپرد ہے۔ دُندو رام نے اپنے تصرّف سے آپ کا مقابلہ کیا۔ وہ سانپوں کا عامل تھا اس نے سانپوں کو آپ پر مسلط کرنا چاہا۔ آپ نے جونہی نگاہ کی ان کا زہر کھینچ لیا اور فرمایا کہ ہم نے اس رقبہ کے سانپوں کا زہر کھینچ لیا ہے۔ چنانچہ جب وہ مقابلہ میں ناکام رہا تو ناچار وہاں سے اٹھا اور دو میل دور جا کر ڈیرہ لگا لیا چنانچہ اس کی سمادھ وہیں موجود ہے اور حافظ آباد سے گوجرانوالہ جانے والی سڑک پر وہ گاؤں بنام "ڈیرہ دُندو رام" مشہور ہے۔ آپ بفراغ خاطر بھڑی میں سکونت گزین ہو گئے۔ وہ آپ کے نام پر "بھڑی شاہ رحمان" مشہور ہوئی۔ آپ کے زمانہ سے پہلے اس کا نام "رنگ شاہ پورہ" تھا۔ پھر کچھ عرصہ بعد "رنگن پور ڈلا" سے موسوم ہوا۔ پھر جب وہ ویران ہو کر ٹیلہ کی شکل اختیار کر گیا (ٹیلہ کو پنجابی میں بھڑ کہتے ہیں چونکہ وہ چھوٹا سا ٹیلہ تھا اسلئے اس کو یائے تصغیر سے بجائے بھڑ کے بھڑی کہنے لگے) اسی ملک گوت ہر نے اپس از سر نو آبادی کی تو اس کا نام بھڑی ہراداں مشہور رہا۔ کچھ عرصہ بعد قوم دھوتھڑ کے افراد وہاں قابض ہو گئے تو وہ "بھڑی

Marfat.com

دھوتھڑاں کے نام سے مشہور ہو گئی۔ جب حضرت شاہ عبدالرحمٰن لوشاہیؒ نے وہاں ڈیرہ لگایا تو پہلے سب نام کالعدم ہو گئے اور بھڑی شاہ رحمٰن مشہور ہو گئی۔ جو آج تک اسی نام سے مشہورِ عالم ہے۔

Marfat.com

شجرہ شریف قادریہ

۱۔ حضرت شیخ عبدالرحمٰن پاک صاحبؒ بھڑوالہ مرید وخلیفہ

۲۔ حضرت سید حافظ شاہ حاجی محمد نوشہ گنج بخشؒ متوفی ۶۴۲ھ کے، وہ مرید

۳۔ حضرت سخی شاہ سلیمان نوری بھلوالیؒ متوفی ۶۱۲ھ کے، وہ مرید

۴۔ حضرت مخدوم شاہ معروف خوشابیؒ کے متوفی ۹۸۶ھ کے، وہ مرید اپنے والد

۵۔ حضرت مخدوم سید مبارک حقانی اوچیؒ متوفی ۹۵۶ھ کے، وہ مرید اپنے والد

۶۔ حضرت مخدوم سید محمد غوث گیلانی اوچیؒ متوفی ۹۲۳ھ کے، وہ مرید اپنے والد

۷۔ حضرت سید شمس الدین محمد اعظم جلبیؒ متوفی ۸۳۴ھ کے، وہ مرید اپنے والد

۸۔ حضرت سید سراج الدین شاہ میر جلبیؒ متوفی ۷۶۶ھ کے، وہ مرید اپنے والد

۹۔ حضرت سید ضیاء الدین ابوالحسن علی جلبیؒ متوفی ۷۱۵ھ کے، وہ مرید اپنے والد

۱۰۔ حضرت سید نورالدین ابوالبرکات مسعود جلبیؒ متوفی ۶۶۰ھ کے، وہ مرید اپنے والد

۱۱۔ حضرت سید حمید الدین ابوالعباس احمد جلبیؒ متوفی ۶۳۰ھ کے، وہ مرید اپنے والد

۱۲۔ حضرت سید صفی الدین ابوالمنصور عبدالسلام ہمونی بغدادیؒ متوفی ۶۱۱ھ کے، وہ مرید اپنے والد

۱۳۔ حضرت سید سیف الدین ابوعبداللہ عبدالوہاب جیلانی بغدادیؒ متوفی ۵۹۳ھ کے، وہ مرید اپنے

۱۴۔ حضرت سید شیخ ابومحمد محی الدین عبدالقادر جیلانیؒ متوفی ۵۶۱ھ کے

Marfat.com

لاہور میں تشریف لے جانا

آپ سماع سنتے اور وجد کرتے تھے آپ کی مجلس میں سوز و گداز رقت قلب اور وجد بہت ہوا کرتا تھا۔ مولانا حافظ برخوردار متقی پرگنہ بچہ چیٹھہ کو آپ کے یہ افعال ناگوار گذرے تو اس نے نواب صاحب ناظم لاہور اور قاضی القضاۃ قاضی عبدالرحمٰن مفتی اعظم لاہور کو شکایت لکھ بھیجی۔

نواب نے آپ کو لاہور طلب کیا تا لہ شرعی احتساب کیا جائے آپ لاہور پہنچے تو اس وقت شیخ صالح محمد چنیاں والے۔ شاہ غریب گاجر گولہ والے اور میاں علی قوال وغیرہ یاران طریقت آپ کے ہمراہ تھے۔ آپ پہلے حضرت مخدوم علی ہجویری داتا گنج بخشؒ کے مزار پر حاضر ہوئے۔ زیارت کا شرف حاصل کیا۔ استمداد کی جب وہاں سے اٹھے تو آپ کے مرید راسخ الاعتقاد مرزا احمد بیگ لاہوری نے جو نواب صاحب کا بڑا مقرب اور معزز عہدہ دار تھا نے آپ کا شاندار استقبال اور خیر مقدم کیا اور اپنے مکان پر ٹھہرایا دوسرے دن شاہی مسجد لاہور میں علماء کا اجتماع ہوا اور آپ کو

طلب کیا گیا۔ آپ مع یاران خاص تشریف لے گئے۔ آپ پر سوال کیا گیا کہ آپ سماع کیوں سنتے ہیں۔ حالانکہ فقہائے حنفیہ نے اس کی حرمت پر فتویٰ دیا ہے۔ آپ امّی تھے۔ لیکن صاحب خزینۃ الفقرا نے لکھا ہے کہ آپ نے اس وقت صحیح بخاری سے وہ حدیث سماع کے جواز میں پیش کی جس میں عید کے دنوں میں دو لڑکیوں کا حضرت عائشہ صدیقہؓ کے گھر میں دف کے ساتھ گانا اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا بمعہ حضرت صدیق اکبرؓ سننا مروی ہے۔ نیز کتاب احیاء العلوم مصنفہ امام غزالیؒ کی عبارات جواز سماع کے متعلق زبانی پڑھ کر سنائیں اور اس قدر احادیث سے سماع کی اباحت میں دلائل پیش کئے جو کفایت کرتے تھے۔ علمائے ربانی آپ کے علم لدنی کے معترف ہوئے اور آپ کے جواب سے عاجز آ گئے۔ آپ جب علمی مناظرہ میں فتحیاب ہو گئے تو میاں علی قوال سے فرمایا کہ کچھ بولو۔ اس نے ملک الاپ کر امام العاشقین، قطب الواصلین سید العارفین رئیس الموحدین حضرت سیّد نوشہ گنج بخشؒ کی تعریف میں ایک کافی شروع کی آپ نے نعرہ لگایا تو سب حاضرین جلسہ کو وجد ہو گیا اور ہو حق کے نعرے بلند

Marfat.com

ہونے لگے حتیٰ کہ قاضی القضاۃ اور دوسرے نوسو علما فرطِ تاثیر سے ماہی بے آب کی طرح تڑپنے پھڑکنے لگ گئے۔ آخر سب علمائے لاہور آپ کے حلقۂ ارادت میں داخل ہو گئے اور قاضی القضاۃ قاضی عبدالرحمٰن تو خلعت خلافت سے مشرف ہوئے اور ان کا سلسلہ فقر جاری ہوا۔ ان کے درویشوں میں سے شاہ فاضل قلندر لاہوری مشہور ولی اللہ گذرے ہیں۔ جن کا مزار و تکیہ علامہ اقبال روڈ، علامہ مرحوم کی کوٹھی کے عقب میں واقع ہے۔

حضرت شاہ عبدالرحمٰن پاک صاحب نوشاہیؒ کچھ عرصہ تک لاہور اندرون بھاٹی دروازہ بازار حکیماں میں ایک کمرہ میں معتکف رہے آپ کی وہ چلہ گاہ اب تک وہاں موجود اور زیارت گاہِ خلائق ہے۔ بعدازاں واپس بھڑی شریف میں تشریف لے گئے۔ ابتدائے احوال میں جب آپ بیعت ہونے کے بعد واپس ہوئے اور ذکر جہر کرتے تو ساری ساری رات نعرے لگانے میں مصروف رہتے۔ لوگوں میں مشہور ہو گیا تھا کہ آپ دیوانہ ہو گئے ہیں۔ خواجہ فضیل کابلیؒ سے منقول ہے کہ ایک مرتبہ ہم نزہۃ الواصلین، عمدۃ الکاملین

Marfat.com

حضرت سید نوشہ صاحبؒ کی خدمت میں بیٹھے تھے کہ بھڑی کا ایک کھتری سوداگر دوشن حضور کی خدمت میں آکر بیٹھ گیا۔ حضور نے پوچھا کہ تمہارے گاؤں بھڑی میں ہمارا ایک درویش رحمٰن نامی رہتا ہے اس کا کیا حال ہے اس نے نفرت آمیز لہجہ میں کہا۔ ہاں وہ ایک دیوانہ سا ہے۔ ساری رات گیدڑ کی طرح گاؤں کے گرد چکر لگاتا چلاتا رہتا ہے اور لوگوں کو آرام نہیں لینے دیتا" یہ سُنکر مقربِ بارگاہ احدیت۔ مقبولِ درگاہِ صمدیت، عارفِ معارفِ نور ایمان حضرت نوشاہ عالیجاہؒ کی طبیعت پر جلال غالب آگیا اور پرجوش لہجہ میں فرمایا۔ اے گدھے تم کیا جانو! وہ تو خدا کا شیر ہے۔ ایک ایسا وقت آئے گا کہ وہ شیر کی طرح غرائے گا اور اس کی حالت خود بخود ظاہر ہو جائے گی۔ مولانا اشرف صاحب آپ کے متعلق لکھتے ہیں

رحمے شاہ عشق دے رحمے
بگے شیر دانگوں نت گجے
دوہیں جہانیں نوبت وجے
بل بل پیا پکاری دا ہے[1]

[1] مولانا محمد اشرف خاروقی منجری۔ مناقب نوشاہی ۱۲۔

Marfat.com

آپ شریعت نبوی کے پورے پورے پابند تھے۔ نماز تو پنجگانہ اور نوافل تہجد وغیرہ پر مواظبت رکھتے اور ہر وقت یاد الٰہی میں مشغول رہتے کوئی دم آپ کا غفلت میں نہ گذرتا تھا۔ رات کو گاؤں سے باہر جنگل میں نکل جایا کرتے اور ذکر اللہ میں مشغول ہو جاتے اور شیر کی طرح گرجتے۔ کبھی ذکر نفی اثبات بلند آواز سے کرتے اور عشق الٰہی میں نعرے لگاتے آپ ریاضت و مجاہدہ میں یگانہ آفاق تھے۔ نفس کشی کے لئے آپ نے عجیب و غریب طریقے اختیار کئے تھے۔

۱۔ پاؤں سے سر باندھ کر بیلوں کے نیچے باندھ دیتے اور زمین پر گھسیٹتے جاتے [1]

۲۔ کبھی مکوس ہو کر کنوئیں میں الٹے رہتے [2]

۳۔ کبھی کبھی تمام رات حبس دم سے ذکر خفی کیا کرتے [3]

۴۔ گرمیوں میں اوپر کمبل رکھتے اور دوپہر کے وقت دھوپ میں بیٹھ کر آگ جلا کر سینکتے۔ [4]

---

[1] شیخ پیر کمال لاہوری کی تحائف تم سیر تھی

[2] تذکرہ نوشاہی ورق ۱۶۱۔

[3] مفتی غلام سرور لاہوری حدیقۃ الاولیاء۔

[4] تذکرہ نوشاہی قلمی ورق ۱۶۱

۵۔ سردیوں میں رات کو کوسے گھڑے پانی سے بھر دا کر رکھ دیتے اور صبح کو ان کا ٹھنڈا پانی سر پر ڈلواتے ۹

۶۔ دریا میں کھڑے ہو کر یاد الٰہی کرتے۔ کہتے ہیں کہ آپ کی حرارت عشق سے آس پاس کا پانی گرم ہو جاتا تھا۔

۷۔ معکوس لٹک کر دو ہزار ۲۰۰۰ مرتبہ ذکر اسم ذات کیا کرتے

۸۔ جو اور پوہلی (کسم) کی روٹی کھاتے۔ سالن کی بجائے مٹھی کوار جو نہایت تلخ ہوتی ہے استعمال کرتے ۱۰

۹۔ صاحب حدیقۃ الاولیا نے لکھا ہے کہ آپ کبھی کبھی خلوت کے وقت زمین میں قبر کھود کر اس میں بیٹھتے اور اوپر سے منہ بند کرا دیتے۔ چالیس روز کے بعد جب قبر کھولی جاتی تو آپ کو بحالت زار نکالا جاتا

۱۰۔ کبھی کبھی تین چار روز تک قبر میں بند رہتے۔ کئی مرتبہ ایسا اتفاق ہوا ۱۱

ایک مرتبہ مقبول بارگاہ صمدیت، عارف معارف نور ایمان عاکف معاکف شہود و احسان۔ واقف مواقف خلوص و ایقان

۹ ۱۰ ۱۱ تذکرہ نوشاہی قلمی ورق ۶۱۔

Marfat.com

جناب افاضت مآب حق آگاہ حضرت سید حاجی محمد نوشہ گنج بخش رح
مع اپنے مریدوں کے دریائے چناب میں کشتی پر سوار ہوئے۔ راقم
ہمراہ ہی تھا۔ شیخ عبدالرحمٰن بھی ہمراہ تھے۔ آپ کو وجد ہو گیا۔
نعرہ مار کر دریا میں کود پڑے اور پانی کی تہ میں چلے گئے۔ سات
روز کے بعد پھر دریا کے کنارہ پر جا کر قوالی کرائی تو آپ اسی
وجد کی حالت میں نعرہ مار کر باہر آ گئے۔ سب خلقت حیران رہ گئی
شیخ محمد کمال لاہوری نے تحفۂ قدسیہ میں لکھا ہے
کہ آپ دریا میں سات روز رہے اور مولوی نور احمد لاہوری نے
تحقیقات چشتی میں لکھا ہے کہ آپ چالیس روز دریا میں رہے
صوفیوں کی اصطلاح میں اس کو شغل غوطہ کہا جاتا ہے۔ آپ
ہر وقت ذکر و فکر میں مشغول رہتے تھے۔ کوئی دم آپ کا ذکر
حق تعالےٰ سے خالی نہ رہتا تھا۔ تمام اوقات عبادات و اشغال
اوراد و اذکار و افکار سے معمور رکھتے تھے۔ آپ کو دیکھتے ہی خدا یاد آتا
تھا۔ مفتی غلام سرور لاہوری حدیقۃ الاولیاء میں لکھتے ہیں
کہ آپ بعض اوقات نماز معکوس ادا فرمایا کرتے تھے اور اس
سے آپ کو بہت فوائد حاصل ہوئے۔ یہ نماز الٹا لٹک کر پڑھی
جاتی ہے اور بالعموم خواجگان چشت میں سے خواجہ ابو احمد چشتی رح

Marfat.com

خواجہ ابو محمد چشتیؒ، خواجہ فرید الدین گنج شکر چشتی اور خواجہ کلیم اللہ جہاں آبادی رح نے اس نماز کو بہت پڑھا ہے۔

فائدہ

حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلویؒ نے کتاب قول الجمیل میں لکھا ہے للچشتیۃ صلوٰۃ معکوس

حضرت نور الحق در دیزہ ٹنکنہاری نے کتاب ارشاد الطالبین میں تقسیم فقیر ابو البرکات عمر قندی کے حوالہ سے حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا نماز معکوس ادا کرنا تحریر کیا ہے۔

حضرت شیخ عبد الرحمٰن پاک صاحبؒ کے اخلاق بڑے بلند تھے۔ سیرت و صفات میں اولیائے سلف سے مشابہت رکھتے تھے ادب و تعظیم میں مرتبہ کمال پر فائز تھے اپنے پیر روشن ضمیر امام العاشقین، قطب الواصلین، عمدۃ العارفین درمیں الموحدین حضرت نوشاہ خلیجاد اور اپنے پیر خانہ دار الارشاد ساہنپال شریف کی تعظیم حسب مقدور آپ سے ظہور میں آئی کم کسی سے ظاہر ہوئی

Marfat.com

آپ جب کبھی ساہنپال شریف جاتے تو اپنی جوتی صحرائے گاجرگولہ ضلع گوجرانوالہ میں ایک ٹکہ کے بیچ رکھ جاتے اور ننگے پاؤں سفر طے کرتے واپسی پر اسی جگہ سے آکر جوتی پہنتے آپ کے جوتے کی برکت سے وہ "ٹکہ بنام" پیر ٹلہ" مشہور ہو گیا جو تا زمانہ حال موجود ہے۔

؎ برزِ ملتے کہ نشانِ کفِ پائے تو بود
سالہا سجدۂ صاحب نظراں خواہد بود

آپ اپنے پیر خانہ ساہنپال شریف کی سرحد میں کبھی پل برانہ کیا کرتے۔ واپسی پر الٹے پاؤں بھڑی تک جاتے اسطرف کبھی پشت نہ کرتے" آب حیاتی میں" ہے۔

کنڈ نہ کیتی کدے کنڈا ہیں
پچھل پیریں ٹردے راہیں

اپنے پیر خانہ سے کبھی چوہڑا "بھڑی" چلا جاتا تو آپ ایسے آداب بجالاتے جو آجکل کے مرید اپنے پیروں کا نہیں کر سکتے۔ اس کو چارپائی پر بٹھاتے اور خود نیچے بیٹھتے۔ اگر پیر کے دروازہ کا کتا کہیں مل جاتا تو مجنوں عامری کی طرح اس کے بھی پاؤں چوم لیتے [۱۲]

[۱۲] تذکرہ نوشاہی قلمی ورق ۶۱ - ب

Marfat.com

ایک مرتبہ ساہنپال شریف کلاایک خاکروب جھڑی شریف
گیا آپ وضو کر رہے تھے وہ آپ کی پشت کے پیچھے سے گذر
گیا۔ آپ کو جب پتہ چلا تو اپنی آنکھوں پہ بہت ناراضی کا اظہار
کیا کہ تم نے مجھ کو بے ادبوں میں شامل کرا دیا ہے اگر تم دیکھ لیتیں
تو میری آداب شناسی میں فرق نہ آتا۔ غرض کہ آپ مجسم
ادب تھے۔

آپ کا چہرہ نہایت بارعب تھا ہر کس و ناکس کو آپ کے
سامنے کلام کرنے کی جرأت نہ ہو سکتی تھی۔ اگر کسی پر نگاہ شفقت
ڈالتے تو وہ ملک ولایت کا بادشاہ بن جاتا۔ جو شخص آپ
کی خصوصی نظر کا شکار ہو جاتا اسے مقام صمدیت پر فائز المرام
کر دیتے اور بلائے شکم سے خلاصی پا جاتا۔ مرزا احمد بیگ لاہوری
اپنے رسالہ الاعجاز میں لکھتے ہیں کہ میں نے آپ کے مریدوں
سے پوچھا کہ تم نے کھانا قصداً چھوڑا ہے؟ انہوں نے جواب
دیا کہ ہمیں کھانے کی رغبت ہی نہیں ہوتی اور اگر تکلف
میں لقمہ ڈالتے ہیں تو حلق سے نیچے نہیں اترتا اور کھانا نہ کھانے
سے ہم کو کوئی تکلیف بھی محسوس نہیں ہوتی۔

آپ اپنی حالت کو اخفا میں رکھنے کی جہت

Marfat.com

تھے۔ حق الوسع اپنے احوال کو پوشیدہ رکھتے مگر چونکہ آفتاب کا چھپنا محال ہے۔ اس لئے خلائق کا ہجوم ہر وقت آپ کے دروازہ پر رہتا سب آنے والے لوگ ذوق و شوق محبت اور عشق سے لبریز ہو کر جاتے۔

حضرت شیخ عبدالرحمٰن پاک صاحبؒ اپنی مملوکہ زمین میں کبھی کبھی اپنے ہاتھوں سے ہل بھی چلاتے اور کاشتکاری کرتے اس کی پیداوار کو بطور سخاوت و ایثار درویشوں، مسکینوں اور مسافروں کو دے دیتے۔

زبدۃ الواصلین، عمدۃ الکاملین، مقرب بارگاہ احدیت، مقبول درگاہ صمدیت حضرت نوشہ صاحبؒ کی وفات کے بعد ان کی اولاد کی خدمات بھی بڑے پیمانہ پر بجالاتے رہے۔ اپنا تمام مال و اسباب اولاد حضرت نوشہ صاحبؒ کو نذر کر دیا۔ آپ کا تقویٰ بہت بڑھا ہوا تھا۔ بدبودار چیزوں سے نفرت رکھتے۔ آپ اپنے کپڑے دھونے میں صابن استعمال نہیں کرتے تھے۔ کیونکہ صابن کی عفونت کپڑوں سے آتی تھی اور نماز مکروہ ہو جاتی تھی (شاید اس زمانہ میں صابن ایسے ہوتے ہوں جن سے بدبو آتی ہوگی)

آپ اپنے اوپر مھرما (یعنی سیاہ کمبل) رکھتے، جبہ پھٹا پرانا

Marfat.com

استعمال کرتے۔ منقول ہے کہ جب آپ لاہور تشریف لے گئے تو مرزا احمد بیگ نے نئے کپڑے عمدہ جو تا بطور نذر پیش کئے۔ آپ نے اس کی خاطر داری کے لئے زیب تن فرمائے [۱۳]

آپ کو سماع میں بہت توغل تھا۔ میاں علی قوال آپ کو سرود سنایا کرتا۔ آپ کی طبیعت محظوظ ہوا کرتی آپ کو وجد بھی ہوا کرتا۔ وجد کی حالت میں بے حس و حرکت ہو جاتے۔ یہاں تک کہ قریب الموت ہو جاتے پھر افاقہ ہو جاتا۔ منقول ہے کہ ایک روز مقبولِ درگاہ صمدیت، عارفِ معارفِ نورِ ایمان، عاکفِ معاکفِ شہودِ احسان، واقفِ مواقفِ خلوص و ایقان۔ جناب افاضت مآب حق آگاہ حضرت نوشہ صاحب مع اپنے مریدوں کے شاہ مسکین قلندر مدار حق کے مکان پر پہنچے وہاں سماع ہو رہا تھا اور شاہ مسکین رقص کر رہے تھے۔ سب نے باطنی نگاہ سے دیکھا کہ ان کے ہاتھ پہلے آسمان پر پہنچ رہے ہیں۔ آنجناب نے حضرت شیخ عبدالرحمٰن پر توجہ کی۔ آپ بھی غلبۂ شوق سے رقص کرنے لگے۔ سب نے دیکھا کہ آپ چوتھے آسمان پر کھڑے ہو کر رقص کر رہے ہیں اور ہاتھ عرش معلےٰ پر پہنچ رہے ہیں اس وقت شاہ مسکینؒ نے بطور طعن کہا کہ مرشد صاحب تو

[۱۳] تحائف قدسیہ ص ۱۲

نیچے ہیں اور مرید کے پاؤں چوتھے آسمان پہ۔ آپ اس وقت
بے ہوشی کی حالت میں امام العاشقین، قطب الواصلین،
سید العارفین، رئیس الموحدین حضرت نوشاہ علیہ الرحمۃ کے
قدموں پر آگرے آنجناب نے آپ کے پاؤں میں رسہ ڈال
کر درخت پر الٹا لٹکا دیا اور آپ دیر تک وجد و حال میں رہے
اس وقت سے یہ طریقہ شروع ہو گیا کہ جب سلسلہ پاک رحمانی
کے درویشوں کو وجد ہوتا ہے تو پاؤں میں رسہ ڈال کر درخت پر
نشان کر دیتے ہیں۔ تب کہیں عشق کی آگ ٹھنڈی ہوتی ہے۔
اس کو درویشوں کی اصطلاح میں "جیوڑے کا جال" کہتے ہیں۔
سید عمر بخش نوشاہی رسوا نگرہی آبِ حیاتی میں لکھتے ہیں ؎

پہلا جیوڑا او منہ میں پایا
تاہیں چڑھیا رُکھ پہ سوایا

Marfat.com

پاک کا خطاب ملنا

جس وقت چالیس روز تک دریائے چناب کی تہ میں رہنے کے بعد آپ باہر نکلے جیسا کہ اس سے پہلے وہ واقعہ لکھا جا چکا ہے۔ اس وقت زبدۃ الواصلین عمدۃ الکاملین۔ مقرب بارگاہ احدیت، رئیس الموحدین حضرت نوشہ صاحب گنج بخشؒ نے فرمایا اے عبدالرحمٰن۔ آج حق تعالیٰ نے تم کو پاک کر دیا ہے اور تو لکالیف زمانہ سے پاک ہوگیا ہے۔ اس روز سے آپ کا خطاب "پاک رحمٰن" یا "پاک" صاحب مشہور ہوا۔ جو آج تک دنیا میں مشہور و معروف ہے [۱۴]

امام العاشقین، قطب الواصلین، سید العارفین رئیس الموحدین حضرت نوشہ گنج بخشؒ کی درگاہ میں جس قدر آپ کی قدر و منزلت تھی وہ کسی دوسرے درویش کی نہ تھی۔ مفتی غلام سرور لاہوریؒ خزینۃ الاصفیا جلد اوّل میں لکھتے ہیں۔

[۱۴] مولوی نور احمد چشتی لاہوری تحقیقات چشتی ص ۱۲۱

"شیخ عبدالرحمٰن المشہور بہ
پاک رحمان نوشاہی قدس سرہٗ
از کبار خلفائے حاجی محمد نوشاہؒ
است در ولایت رتبہ عالی و
درجہ معلّٰی داشت و عنایت و
مہربانی حضرت پیر چنانکہ بحالِ
وے معروف بود بحال ہیچ کس
از خلفائے عظام نبود بعد یکہ
نوشاہ عالیجاہؒ مریدانِ خود را
برائے تکمیل بخدمت وے
مامور فرمودے و بعد از وفات
آنجناب نیز بسیارے از خلفا کے
نوشاہیہ از خدمت عبدالرحمٰنؒ
بتکمیل رسیدند۔

شیخ عبدالرحمٰن المشہور بہ
پاک رحمانؒ نوشاہی۔ حضرت نوشہ
صاحبؒ کے بڑے خلیفوں میں
سے تھے ولایت میں رتبہ عالی
اور درجہ بلند رکھتے تھے حضرت
پیر صاحب کی عنایت و مہربانی
جتنی آپ کے حال پر مبذول تھی
اتنی بڑے بڑے خلیفوں میں سے
کسی پر نہ تھی۔ جتنے کہ حضرت نوشاہ
عالیجاہؒ اپنے مریدوں کو تکمیل کیلئے
آپکی خدمت میں جانے کا امر کرتے
تھے اور آنجناب کی وفات کے بعد
بھی بہت سارے نوشاہی خلیفے شیخ
عبدالرحمٰنؒ کی خدمت سے تکمیل کو پہنچے

حضرت نوشہ صاحبؒ کی زندگی میں آپ اکثر انہیں کی خدمت میں رہتے تھے۔ آپ کی طبیعت مسکین تھی۔ اس لئے آپ کی مسکنت و غربت، صدق و اخلاص کو مدنظر رکھتے ہوئے آنجنابؒ آپ سے

بہت زیادہ محبت رکھتے تھے۔ اور آپ کے اعمال و اشغال کو محبت و قبولیت کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔ جس وقت قبلہ اہل حق زبدۃ الواصلین۔ عمدۃ السالکین، مقرب بارگاہ احدیت عاکف معاکف شہود و احسان، واقفِ مواقف خلوص و ایقان حضرت سید حاجی نوشہ صاحبؒ کا وقت وفات قریب ہوا تو اس وقت اکثر یارانِ طریقت موجود تھے۔ حضور نے فرمایا میں اب دنیا سے جانے والا ہوں۔ اگر کسی کو کوئی غرض و حاجت ہو تو طلب کر لے چنانچہ سب نے جو جو مقصد تھا طلب کیا۔ حضرت سچیار صاحبؒ نے عرض کیا کہ مجھے دنیا اور دین دونوں چاہئیں۔ آنجناب نے دعائے خیر کی اور فرمایا تیرے سلسلہ میں قیامت تک دولت مندی اور دینداری رہے گی۔ پھر آپ کو اے مستانہ! کہہ کر بلایا۔ آپ حاضر ہوئے فرمایا کچھ مانگو؟ آپ نے عرض کیا قبلہ! مجھے نہ دنیا کی ضرورت ہے نہ دین کی۔ مجھے صرف آپ کی ذات کا عشق مطلوب ہے ؎

کفر کافر را و دیں دیندار را
درد عشقِ دردِ دلِ عطار را

آنجناب نے فرمایا قیامت تک عشق کا ظہور تیرے

سلسلہ میں رہے گا۔ چنانچہ واقعی آج تک آپ کے سلسلہ میں عشق و جذب و مستی متواتر چلا آرہا ہے۔ صاحب خزینۃ الاصفیا نے لکھا ہے۔

مخفی نہ رہے کہ گروہ عالیہ نوشاہیہ میں سب لوگ حال و ذوق و سماع والے ہیں۔ مگر پاک رحمانی گروہ میں حد سے بہت زیادہ مستی ہے جس شخص پر وجد کی حالت طاری ہوتی ہے اس کے پاؤں میں رسہ ڈال کر الٹا لٹکا دیتے ہیں اور اگر اس عمل سے بھی وہ ہوش میں نہ آئے تو پاؤں میں رسہ ڈال کر زمین پر کھینچتے ہیں اور پیر محمد سچیاری گروہ میں بھی اگرچہ حالت و سماع والے لوگ ہیں مگر اس قدر مستی نہیں رکھتے۔

آپ مقام طہارت، صمدیت اور محبوبیت سے مشرف تھے آپ کے خوارق و کرامات لاتعداد ہیں۔ یہاں ان کے ذکر کرنے کا مقام نہیں۔

Marfat.com

اولاد

آپ کی اہلیہ محترمہ کا نام بی بی زہرہ خاتون المعروف
بی بی ظہوری تھا۔ جیسا کہ تذکرہ نوشاہی سے ظاہر ہے
آپ کی اولاد نرینہ نہیں ہوئی۔ تین بیٹیاں تھیں۔

۱۔ بی بی جواہر خاتون۔ یہ تارکہ مجردہ رہیں۔
۲۔ بی بی فتح خاتون، اہلیہ شیخ عبدالکریم المعروف میاں شکر علیؒ
بن شیخ الہداد برادر پاک رحمانؒ
۳۔ بی بی حسین خاتون۔ اہلیہ شیخ عبدالرحیم۔
ان دونوں بیٹیوں کی اولاد درگاہ پاک صاحبؒ کی متولی ہے

Marfat.com

یاران طریقت

آپ (شاہ عبدالرحمٰن بھڑی والہؒ) کے مریدوں اور خلیفوں کا سلسلہ تو بے شمار ہے۔ چند ایک اکابر خلفاء کے نام ذیل میں درج ہیں۔

① سید شاہ عصمت اللہ شعلہ پہلوان نوشاہیؒ م سنہ ۱۱۳۷ھ ساہنپال شریف ضلع گجرات

② حکیم عبدالمجید المعروف حکیم صاحبؒ نواسہ بھڑی شریف ضلع گوجرانوالہ

③ میاں محمد بختاور صاحبؒ نواسہ " "

④ قاضی عبدالرحمٰن مفتی اعظم لاہور

⑤ شیخ جیون شاہ صاحبؒ م سنہ ۱۱۳۵ھ چاہل ضلع گوجرانوالہ

⑥ شاہ غریب صاحبؒ م سنہ ۱۱۴۰ھ گاجر کوٹلہ "

⑦ شیخ برخوردار ہرلیؒ م سنہ ۱۱۴۰ھ ہرلانوالی "

⑧ شیخ صالح محمد صاحبؒ م سنہ ۱۱۵۲ھ جنیاں "

⑨ میاں سشادی آہنگرؒ کیلیانوالہ "

⑩ مولانا فتح محمد متولی و خطیب جامع رام کے چھپڑ "

⑪ سید مستان شاہؒ گودڑی بازار ملتان شہر

Marfat.com

تاریخ وفات

حضرت شاہ عبدالرحمٰن پاک نوشاہیؒ کی وفات چوتھی محرم ۱۱۱۵ھ ایک ہزار ایک سو پندرہ ہجری مطابق بیسویں مئی ۱۷۰۳ء ایک ہزار سات سو تین عیسوی میں بعہد سلطنت اورنگ زیب عالمگیر غازی بعمر ایک سو بیس سال ہوئی۔ بھڑی شریف ضلع گوجرانوالہ میں مزار اطہر بنا ۱۱۳۱ھ ایک ہزار ایک سو اکتیس ہجری میں آپ کے خلیفہ شیخ بہ خوردار ہرل کے اہتمام سے روضہ تعمیر ہوا ۱۳۵۳ھ ایک ہزار تین سو ترپن ہجری میں دختری اولاد نے کافی روپیہ خرچ کر کے روضہ مبارک کی مرمت کرائی۔ اندر اور باہر سنگ مرمر کی تختیاں لگوادیں۔ روضہ کے اندر مزارات کا چبوترہ بلند کر کے اوپر قبریں بنائی گئیں۔ مغربی قبر شیخ عبدالرحمٰنؒ کی اور مشرقی قبر آپ کے بڑے بھائی شیخ الہٰداد

صاحب کی ہے۔ ہر سال نوویں جیٹھ کو بڑا عرس ہوتا ہے ہزارہا فقرا جمع ہوتے ہیں۔ درگاہ شریف پر لنگر جاری رہتا تھا۔ ۱۹۶۲ء ایک ہزار نو سو باسٹھ میں محکمہ اوقاف نے قبضہ کر لیا اور لنگر دینا بند کر دیا۔ اب ۱۳۹۱ھ / ۱۹۷۱ء ایک ہزار تین سو اکاسی ہجری، ایک ہزار نو سو اکہتر عیسوی میں لاہوری حضرات نے جو حضور کے عقیدتمندوں سے ہیں۔ آپ کے روضہ شریف کے آس پاس برآمدہ تعمیر کرا دیا ہے اور تمام چبوترہ کے اوپر لینٹل کی چھت ڈال دی ہے۔ تقریباً پچیس مرلے جگہ مسقف ہو گئی ہے۔ اس کے علاوہ دریا شریف کے سامنے بارہ دری اور مسجد درگاہ کی توسیع اور ٹیوب ویل لگانے اور بیرونی چار دیواری میں برآمدے بنانے کا پروگرام بھی ہے۔ اس کام کو مندرجہ ذیل احباب نے بڑے شوق سے شروع کیا ہے اور چندہ کی فراہمی کا سب اہتمام ان ہی دوستوں نے کیا ہے

۱۔ میاں گلزار احمد ولد حاجی چراغدین بٹالوی ساکن حبیب گنج لاہور۔

۲۔ حاجی دین محمد ساکن حویلی کابلی مل لاہور۔

Marfat.com

۳ ۔ میاں غلام محمد ولد حاجی معراجدین ساکن قلعہ لچھمن سنگھ لاہور
۴ ۔ میاں اللہ دتہ ساکن بھاٹی دروازہ لاہور
۵ ۔ میاں فیروز دین ساکن بھاٹی دروازہ لاہور
۶ ۔ میاں شاہ دین ساکن فاروق گنج لاہور
۷ ۔ میاں محمد دین ولد پیر اندتہ ساکن فاروق گنج لاہور
۸ ۔ میاں محمد دین ولد چوہدری بوٹا ساکن مدھانی گلی پانی والا تالاب لاہور۔
۹ ۔ میاں معراجدین ولد چوہدری اللہ دتہ ساکن پانی والا تالاب لاہور

ان سب میں سے میاں گلزار احمد حبیب گنج والے بھڑی میں رہ کر اپنی نگرانی میں کام کروا رہے ہیں۔
اللہ کریم اپنے فضل و کرم سے پایۂ تکمیل کو پہنچائے اور ان امداد مندوں کو جزائے خیر سے نوازے (آمین)

Marfat.com

کتابیات

حضرت شاہ عبدالرحمٰنؒ کے حالات ان کتابوں سے اخذ کئے گئے ہیں۔

۱۔ رسالہ الاعجاز قلمی — مرزا احمد بیگ لاہوریؒ م ۱۱۳۰ھ مملوکہ راقم الحروف

۲۔ ثواقب المناقب قلمی — علامہ شیخ محمد ماہ صداقت کنجاہی م ۱۱۴۳ھ مملوکہ راقم

۳۔ تذکرہ نوشاہی قلمی — سید حافظ محمد حیات نوشاہی م ۱۱۶۳ھ مملوکہ راقم

۴۔ تحائف قدسیہ قلمی — شیخ پیر کمال لاہوریؒ — مملوکہ راقم

۵۔ مناقب نوشاہی — مولانا محمد اشرف سنچریؒ م ۱۲۳۹ھ

۶۔ خزینۃ الاصفیا — مفتی غلام سرور لاہوریؒ م ۱۳۰۶ھ

۷۔ حدیقۃ الاولیا — مفتی غلام سرور لاہوریؒ — "

۸۔ تحقیقات چشتی — مولوی نور احمد چشتی لاہوری

۹۔ آب حیات — سید محمد بخش نوشاہی رسول نگری م ۱۳۰۱ھ

۱۰۔ خزینۃ الفقرا قلمی — حافظ فخر الدین تجوبیؒ م ۱۳۵۶ھ مملوکہ راقم

Marfat.com

مولف کتاب ہذا سید شرافت صاحب کی دیگر تصانیف وتوالیف جو طبع ہو چکی ہیں

①	مواعظِ نوشہ پیر	قیمت ۱ر۰۰
②	اذکارِ نوشاہیہ	" ۱ر۰۰
③	ذکرِ نوشاہی	" ۱ر۰۰
④	گنج الاسرار	" ۱ر۰۰
⑤	عملیات شرافت حصّہ اوّل	
⑥	شریف الصلوات علےٰ سید الکائنات	
⑦	فیضِ القادریہ	" ۰ر۵۰
⑧	لطائفِ علمیہ	" ۲ر۰۰
⑨	کشفِ الحقائق	" ۰ر۲۵

Marfat.com

⑩ انوار نوشاہیہ — قیمت ۵۰ر

⑪ ارمغان امینیہ — ۵۰

ملنے کا پتہ

۱۔ مکتبہ نوشاہیہ ساہن پال شریف بلاسہ کنجاہ ضلع گجرات

۲۔ مکتبہ نبویہ گنج بخش روڈ لاہور

۳۔ محمد اسلم سلیم قادری نوشاہی۔ نوشاہی منزل۔ نوشاہی سٹریٹ بازار نوشہ پیر پیراں منڈی مریدکے ضلع شیخوپورہ

۴۔ مولوی شمس الدین مرحوم تاجر کتب زیر مسلم مسجد لوہاری گیٹ لاہور۔

Marfat.com

ذرا دیکھو بڑی میں آ کے جلوے پاک درگاہ کے

حضرتِ نوشہ سخی کا فیض جاری ہے

خزانے بٹ رہے ہیں ان کے در پر علم و عرفان کے

ہے فرق کچھ سچیار میں اور پاک رمس میں!

یہ دونوں عکس ہیں اُس نور کی شمعِ فروزاں کے

ان قادری آباد ہے یہ فیض سے ان کا،

جنابِ پاک رمس ہیں اُجالے صبحِ خنداں کے

یہاں دیکھو تو آکر قادری دربار کی رونق!!

کیا نکھرے ہوئے ہیں پھول نوشاہی گلستاں کے

کوئی مستی میں جھومے، وجد میں کوئی کہے نعرے

عجب کچھ رنگ ہیں سرکارِ نوشہ شاہِ خوباں کے

ہوں غلامِ قادر و نوشہ علی جاہ

ہوا ہے کرم مجھ پر فیض سے شاہِ سخاں کے

در نوشاہی پاک رمس پاک

Marfat.com

لطائف الاشارات

یعنی

چالیس ارشادات

از کلام

سلطان الاولیاء ۔ برہان الاصفیاء فخر الاتقیاء

شیخ الاسلام حضرت شاہ حاجی محمد نوشہ گنج بخش رح

علوی قادری قدس سرہ العزیز

المتوفی

۸ ربیع الاول سنہ ۱۰۶۴ھ

مرتبہ:۔ ابوالمظفر شریف احمد شرافت نوشاہی برخورداری

مقیم آستانہ عالیہ نوشاہیہ ساہن پال شریف

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی

اَمَّا بَعْدُ

فقیر سید شرافت احمد شرافت قادری نوشاہی برخوردار

سیاہسنجالوی

اصلح اللہ حالہٗ ومآلہٗ

عرض کرتا ہے

کہ چالیس کے عدد میں کچھ ایسی خصوصیت ہے۔ کہ بعض امور میں چالیس کی پابندی اسلامی شعار سے ثابت ہے۔ مثلاً

۱۔ خدا تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو چالیس رات کوہ طور پر رہنے کا امر فرمایا۔ اور اس چلہ کے پورا کرنے کے صلہ میں ان کو کتاب توریت عطا فرمائی۔

۲۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے۔ جو شخص چالیس خدا تعالیٰ کی خالص عبادت کرے۔ حکمت کے چشمے اس کے دل سے پھوٹ کر اس کی زبان پر جاری ہو جاتے ہیں۔

۳۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:۔

جو شخص میری چالیس حدیثیں یاد کرلے۔ خدا تعالیٰ اس کو قیامت میں اٹھاوے گا۔

مستعمل المتابع ذوالمال

Marfat.com

حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔ میری امت میں چالیس
کس ایسے موجود رہتے ہیں۔ جو بر قلب حضرت ابراہیم علیہ السلام ہوتے
ہیں۔ اُن کی برکت سے اللہ تعالیٰ بلا کو دفع کرتا ہے۔ اور ان کو
ابدال کہتے ہیں۔
اس حدیث کے مطابق چالیس اولیا ہوتے ہیں۔ جن کو رجبیون
اور بقولِ ابدال کہا جاتا ہے۔ چنانچہ اسی مناسبت سے میں نے
سلطان الاولیا۔ برہان الاصفیا۔ زبدۂ اہل بیت کرام۔ عمدۂ آلِ سیدالانام
سرحلقۂ جماعتِ صوفیہ۔ مقتدائے طریقہ نوشاہیہ۔ فخر المشائخ۔ شیخ الاسلام
حضرت حافظ سید حاجی محمد نوشہ گنج بخش مجددِ اکبر علوی۔ قادری قدس
سرہٗ العزیز کے چالیس ارشادات کتابوں سے منتخب کر کے یکجا کر کے
لطائف الاشارات کے نام سے موسوم کیا۔ فللہِ الحمد ط۔

۱۔ علم ظاہری فرمایا۔ پہلے ظاہری علم حاصل کرو۔ پھر باطن
کی طرف رجوع کرو۔

۲۔ علم لدنی فرمایا۔ جب درویش خدا کی درگاہ میں منظور
ہوتا ہے۔ تو حق تعالیٰ ملائکہ سے اس کو تعلیم دلاتا ہے۔

۳۔ علماء فرمایا۔ علما کو چاہیئے کہ اپنے ظاہری علم پر مغرور
نہ ہوں۔ اور نہ اس کو کافی سمجھیں۔ کسی صوفی اہل اللہ سے
باطنی فیض بھی حاصل کریں۔ فرمایا۔ علمائے ربانی کو اپنے
پاس بلوانے کی تکلیف نہ دو۔ بلکہ خود چل کر علمائے دین کے پاس جا

Marfat.com

۵۔ تدریس | فرمایا۔ فقیر کو صاحب علم ہونا چاہیئے۔ تاکہ دوسروں کے واسطے ظاہری علم کی تدریس بھی کرنی چاہیئے۔

۶۔ مسائل | فرمایا۔ درویش کو چاہیئے۔ کہ اپنی مجلس میں علمی مسائل کا تذکرہ کیا کرے۔

۷۔ طالب | فرمایا۔ طالب صادق کو چاہیئے۔ کہ رات کو کنارہ دریا یا جنگل میں جاکر یاد حق میں مشغول رہے۔ اور دن کو مسجد میں گوشہ نشین ہو کر عبادت کرے اور نماز پنجگانہ باجماعت ادا کیا کرے۔

۸۔ فقیر | فرمایا۔ فقیر کا دائرہ نظر اس قدر وسیع ہوتا ہے۔ کہ دونوں جہان کی فراخی اس کی آنکھ کی دھیری میں سما جاتی ہے۔

(۹)

فرمایا۔ فقیر کا قلب علوم غیب کے ظہور سے صفحہ لوح محفوظ کی طرح ہوتا ہے۔

(۱۰)

فرمایا۔ اگر فقیر پر کوئی خاص حالت وارد ہو۔ تو اس کے پاس نہ جاؤ۔ اور اس کی حالت میں خلل نہ ڈالو۔ جب تک کہ وہ تم کو خود طلب نہ کرے۔

۱۱۔ الہام | فرمایا۔ فقیر صاحب کمال خدا کی طرف سے الہام پاتا ہے۔ اور بغیر حکم کے کوئی کام نہیں کرتا۔

۱۲۔ درویش | فرمایا۔ درویش کامل اکثر اوقات مشاہدہ حق میں

Marfat.com

مستغرق رہتا ہے

۱۳۔ فرمایا۔ درویش کسی دُنیوی کام کا بہانہ بنا کر لوگوں کے گھر جاتا ہے۔ حالانکہ ان کا مقصود اُن کو فیض پہنچانا ہوتا ہے۔

۱۴۔ عارف فرمایا۔ عارف کامل مقناطیس کی طرح لوگوں کو جذب کر کے خدا سے ملاتا ہے

۱۵۔ فرمایا۔ عارف تام المعرفت کسی کا محتاج نہیں ہوتا۔ اس کا فقر زوال سے مامون ہوتا ہے

۱۶۔ مُراد فرمایا۔ جب مرید مرادیت پر پہنچتا ہے۔ تو اس کا شیخ اس کی تعظیم کرتا ہے اور اُس کا استقبال کرتا ہے۔

۱۷۔ شریعت فرمایا۔ فقیر کے اخلاص مندوں کو چاہیئے کہ راہ شریعت سے باہر قدم نہ رکھیں۔

۱۸۔ فرمایا۔ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جو طریق ہے۔ وہی ہمارا طریقہ ہے۔ شریعت پر چلنا۔ راہ روشن پر چلنا ہے۔

۱۹۔ مہمان نوازی فرمایا۔ مہمانوں کے ہاتھ خود دُھلاؤ۔ اور ان کے آگے اپنے ہاتھوں سے کھانا رکھو۔

۲۰۔ اولیاء اللہ فرمایا۔ عوام الناس جو کچھ خواب میں دیکھتے ہیں۔ صاحب تصرف اولیاء اللہ وہ کچھ بیداری میں دیکھتے ہیں۔

۲۱۔ اگر جلیل القدر عظیم المرتبت اولیاء اللہ کی خدمت میں حاضر ہونا ہو۔ تو پہلے اجازت حاصل کرو۔ اگر اجازت ملے تو زیارت کو جاؤ۔

Marfat.com

ورنہ پیچھے ہٹ جاؤ۔

۲۲۔ تصرّف اولیا | فرمایا۔ کسی کو منصب دینا اولیاء اللہ کے تصرّف میں ہوتا ہے۔

۲۳۔ | فرمایا۔ اولیاء اللہ کو زمین پر تصرّف حاصل ہوتا ہے۔ اگر وہ چاہیں۔ تو زمین کو سمیٹ دیں۔

۲۴۔ سماع | فرمایا۔ سماع سے سالک کو اپنے شیخ کے مقام تک رسائی حاصل ہو جاتی ہے۔

۲۵۔ | فرمایا۔ ضرورت سے زیادہ سماع نہ کرو۔ جب طبیعت سیر ہو جائے تو سماع موقوف کر دو۔

۲۶۔ وجد | فرمایا۔ وجد کے وقت مرید کو اپنے شیخ کی محبت غالب ہو جاتی ہے۔ اور قدمبوسی کا اشتیاق بڑھتا ہے۔

۲۷۔ | فرمایا۔ منکران سماع و وجد کے واسطے فقیر کو شمشیر بکف ہونا چاہیئے۔ جس طرف نگاہ کرے۔ پھڑکا دیوے۔

۲۸۔ ضرورتِ شیخ | فرمایا۔ انسان خواہ کس قدر عبادت الٰہی میں مشغول رہے۔ علم سینہ بغیر مرشد کامل کے حاصل نہیں ہوتا۔

۲۹۔ شیخ کامل | فرمایا۔ شیخ کامل وہ ہے کہ مرید کو زبانی تلقین کم کرے جس حالت میں وہ جا رہے رہے۔ اپنی باطنی توجہ اس کے حال پر مبذول رکھے اور اس کے اندرونی حالات کو سدھارتا رہے۔ حتیٰ کہ وہ راہِ راست پر آجائے۔ اور کمال کو پہنچے۔

۳۰۔ آداب شیخ | فرمایا۔ مرید کو چاہیئے۔ کہ ہرگز اپنے شیخ کے حکم سے منہ نہ پھیرے۔ اگرچہ وہ حکم بظاہر خلاف ادب معلوم ہوتا ہو ہمیشہ الامر فوق الادب پر کاربند رہے۔

۳۱۔ | فرمایا۔ اپنے شیخ کا کلام چپ چاپ سنو۔ اس میں کسی قسم کا دخل نہ دو۔

۳۲۔ حفظ قرآن | فرمایا۔ قرآن مجید کا تجوید سے حفظ کرنا درویش کو نہایت ضروری ہے۔

۳۳۔ پردہ پوشی | فرمایا۔ شیخ کو چاہیئے۔ کہ جب مرید کو کمال پر پہنچائے۔ تو اپنے لباس پوشیدنی سے اس کو خرقہ عطا کرے۔

۳۵۔ عطائے سائل | فرمایا۔ جو سائل دروازہ پر آئے۔ اس کو خالی نہ چلاؤ۔ کچھ نقد یا غلہ دے کر رخصت کرو۔ اگرچہ اپنے پاس کچھ موجود نہ ہو۔ تو دکان سے دلا دو۔ اور خود بعد میں وہاں ادا کر دو۔

۳۶۔ ذکر رسول | فرمایا۔ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اوصاف و مناقب بیان کرنے سے روحانی ارتقا حاصل ہوتا ہے۔

۳۷۔ سلسلہ قادریہ | فرمایا۔ سلسلہ قادریہ کے مشائخ سے دوسرے سب سلسلوں سے بزرگ فیض پاتے ہیں۔

۳۸۔ سلسلہ نوشاہیہ | فرمایا۔ اس دیار کے بزرگوں کا حکم و ارشاد ان کی

Marfat.com

زندگی تک ہے۔ میری اولاد کا حکم و سلسلہ انتظام دنیا کے
ہونے تک رہے گا۔ کیونکہ اسی طرح حضرت رسالت پناہ صلی
علیہ وآلہ وسلم کا ارشادِ پاک بوساطت مرشدی و مولائی حضرت
سیخی شیخ سلیمان رح نوری قادری رح ہم کو پہنچا ہے۔ کہ اس ملک میں
تمہارا اور تمہاری اولاد کا حکم قیامت تک جاری رہے گا۔

۳۹۔ اظہارِ توحید | اپنے متعلق، فرمایا۔ ہماری نگاہ السلام
خداوندی سے عرش اور کرسی سے آگے گذر چکی ہے

۴۰ | فرمایا۔ ہماری نظر میں کوئی چیز غیر حق مشہود نہیں ہوتی
مَا رَأَيْتُ شَيْئًا إِلَّا رَأَيْتُ اللّٰهَ فِيْهِ۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

کہ آج پانچویں صفر ۱۳۷۴ھ کو یہ رسالہ عاجز ناچیز شرافت
ہاتھ سے تکمیل کو پہنچا۔ خداوند کریم ان نصائح پر عمل کرنے کی توفیق
فرمائے۔ اور خاتمہ بالخیر ہو۔ وَآخِرُ دَعْوَانَا أَنِ الْحَمْدُ
رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔

Marfat.com

الاسرار والمعارف

یعنی

مجموعہ ارشادات

قطب الانام، شیخ الاسلام حضرت سید حافظ

شاہ حاجی محمد نوشہ گنج بخش علوی قادری

قدس سرہٗ، مدفون، ساھوملی شریف

المتوفی ۱۰۶۴ھ

مرتب وجامع

سید ابوالمظفر شریف احمد شرافت قادری نوشاہی عفی عنہ

تحریر ہوئے بتاریخ ۱۵ ماہ شعبان ۱۳۹۰ھ

سجادہ نشین ساھوملی شریف، ضلع گجرات

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العلمین والصلوٰۃ والسلام

علیٰ رسولہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین

بزرگان دین کے ارشادات کو جمع کرنا ایک بہت بڑی دینی خ

یہاں کتاب چہار بہار کے خاتمہ سے حضرت سچیار صاحب زشہرد

سوالات اور حضرت نوشہ گنج بخش قدس سرہٗ کے مختصر جوابات

ایک سو دس سوالکھے جاتے ہیں تاکہ طالبان حق کے حق کے واسطے چراغ را

اور اس کا نام الاسرار والمعارف رکھا گیا ہے

والسلام علیٰ من البتع الھدیٰ

سانبھال شریف ضلع گجرات

۸ ربیع الاول ۱۳۷۶ھ

حضرت شیخ پیر محمد سچیار کے سوالات اور حضرت نوشہ گنج

۱۔ سوال: اے میرے پیر! فقیر پر اول کیا چیز فرض

جواب: علم کا حاصل کرنا۔

۲۔ سوال: علم کیا نفع پہنچاتا ہے؟

جواب: اگر کہتر کو ہوگا تو بہتر ہوگا اگر بہتر کو ہوگا تو دولتمند ہو جائیگا

Marfat.com

سوال : بہتری اور بہتری کیا چیز ہے؟

جواب : بیوقوفی بہتری اور عقلمندی بہتری ہے،

سوال :- بیوقوفی اور عقلمندی کیا چیز ہے؟

جواب :- اپنے نفع ونقصان کو پہچاننا عقلمندی اور نہ پہچاننا بیوقوفی ہے

سوال :- نفع اور نقصان کس کو کہتے ہیں

جواب :- نفع وہ ہے، جو ساتھ ہی رہے اور ساتھ ہی جاوے اور نقصان وہ ہے جو وفا نہ کرے،

سوال :- وہ کیا چیز ہے جو ساتھ رہتی ہے، اور وہ کیا چیز ہے جو وفا نہیں کرتی؟

جواب :- مولا کی محبت ساتھ رہتی ہے، اور ساتھ ہی جاتی ہے اور دنیا کی محبت آخر وفا نہیں کرتی۔

سوال :- مولا کی محبت کس چیز سے حاصل ہوتی ہے؟

جواب :- علم سے۔

سوال :- علم کس طرح آتا ہے؟

جواب :- جب علم سے علم کو پیدا کرے،

سوال :- علم کس طرح حاصل ہوتا ہے؟

جواب :- فضول لباس اور لذیذ کھانے اور زیادہ سونے کو ترک کرنے سے

سوال :- ان ترکوں سے کیا حاصل ہوگا؟

جواب :- دل کی صفائی۔

سوال :- دل کی صفائی سے کیا حاصل ہوتا ہے؟

Marfat.com

جواب : خدا تعالیٰ کی معرفت۔

۱۲۔ سوال : معرفت سے کیا حاصل ہوگا۔

جواب : وہ کچھ حاصل ہوگا۔ جو کہنے اور لکھنے اور سمجھنے میں نہیں آ سکتا۔

۱۳۔ سوال، وہ کیا ہے جو کہنے، لکھنے اور سمجھنے میں نہ آوے،

جواب : وہ ذات جو مکان و نشان، ذات و صفات نہیں رکھتی۔ اپنی تسلی کیلئے اس کا نام مولا (اللہ) مقرر کر لیا ہے۔

۱۴۔ سوال، سالک کس کو کہتے ہیں؟

جواب : اہل سلوک کو۔

۱۵۔ سوال : اہل سلوک کس کو کہتے ہیں؟

جواب : جو ظاہر بین نہ ہو۔

۱۶۔ سوال : ظاہر بین کس کو کہتے ہیں؟

جواب : جو ظاہری رنگوں پر مائل ہوتا ہے۔

۱۷۔ سوال : اگر ظاہری رنگوں کو نہ دیکھے تو کیا دیکھے؟

جواب : ہر جگہ اور ہر صورت میں ذات مولا کو دیکھے۔

۱۸۔ سوال : ذات مولا کو کس طرح دیکھے؟

جواب : اپنے آپ کو اپنے آپ میں گم کر کے

۱۹۔ سوال : اپنے آپ کو اپنے آپ میں کس طرح گم کرے؟

جواب : چپ رہ، جو گم ہو جاوے وہی پاوے

۲۰۔ سوال : دائمی زندگی کس طرح حاصل ہوتی ہے

Marfat.com

جواب : جو نیست ہو جاوے۔

سوال : جو نیست ہو گیا تو پھر باقی کیا رہا؟

جواب : نیست وہ ہے جو دُنیا کی طرف سے نیست ہو جاوے۔ اور دُنیا اُس کے سامنے نیست ہو جاوے

سوال: نیست کس طرح ہو؟

جواب: عشق میں۔

سوال: عشق کیا چیز ہے؟

جواب: عشق ایک آگ ہے۔ جو شخص اس میں پڑ جائے وہ آگ ہو جاتا ہے،

سوال: صوفی کون ہے؟

جواب: صفائی والا۔

سوال: صفائی کس طرح حاصل ہوتی ہے؟

جواب: شہوات (خواہشات) کے دور کرنے سے،

سوال: شہوات کس طرح دفع ہو سکتی ہے؟

جواب: جب اپنے نفس پر غالب آ جاوے۔

سوال: نفس پر غالب کس طرح ہو سکتا ہے؟

جواب: جو کام کرے نفس کے خلاف کرے۔

سوال: نفس کا مخالف ہونا مشکل ہے، کس طرح ہو سکتا ہے؟

جواب: زندگی کی عیش کو اپنے پر کڑوا بنائے اور دُنیا کو فنا جانے

سوال: مست کس کو کہتے ہیں؟

Marfat.com

جواب :- جو بے قید ہو جاوے۔

۳۰۔ سوال : کونسی قید سے بے قید ہو؟

جواب : زندگانی اور موت ، کفر اور اسلام - دوست اور دشمن سب کو یکساں جانے - اور ان قیدوں سے فارغ ہو جاوے۔

۳۱۔ سوال : ایسا شخص تو نقش دیوار ہو گیا - اُس سے کیا فائدہ ہو سکتا ہے؟

جواب : وہ فائدہ اور بے فائدہ سے بھی فارغ ہوتا ہے۔

۳۲۔ سوال : مسلمان کس کو کہتے ہیں ؟

جواب : اہل اسلام کو

۳۳۔ سوال : اسلام کیا چیز ہے؟

جواب : امر و نہی کی پیروی کرنا

۳۴۔ سوال : پیروی کس طرح کرنی چاہئے؟

جواب : خدا کے فرمان کے مطابق اور صدق دل کے ساتھ۔

۳۵۔ سوال : اسلام کی حد کیا ہے؟

جواب :- ایک بال جتنا بھی اسلام سے باہر قدم نہ رکھے۔

۳۶۔ سوال : اسلام کی پختگی کیا ہے۔

جواب : اپنے قیاس دلیل کو درمیان میں دخل نہ دے بلکہ فرمان کی اطاعت کرے۔

۳۷۔ سوال : کافر کس کو کہتے ہیں؟

جواب : گمراہ کو (یعنی جس نے استاد

Marfat.com

۳۸۔ سوال : کس راستہ سے ؟

جواب : سیدھے راستہ سے

۳۹۔ سوال : منافق کس کو کہتے ہیں ؟

جواب : جو چیز ظاہر میں رکھتا ہو باطن میں نہ رکھتا ہو،

۴۰۔ سوال : دیوانہ کس کو کہتے ہیں۔

جواب : جو اپنے خیال میں مستغرق ہو اور دوسروں کے کہنے سننے کے ساتھ کوئی غرض نہ رکھے

۴۱۔ سوال :۔ دائمی دولت کیا ہے

[1] کتاب الفوائد مصنفہ سید حافظ محمد شاہ صاحب" ۔ ۱۲

Marfat.com

ان آیاتِ کلام اللہ شریف سے بھی تاریخیں برآمد ہوتی ہیں۔

۱۔ والذین ھاجروا وجاھدوا فی سبیل اللّٰہ۔

۲۔ ومن یعتصم باللّٰہ فقد ھُدِی الیٰ صِرٰط

۳۔ ذوالعرش

تعلیم

آپ نے تعلیم ابتدائی اپنے والد ماجدؒ سے پائی۔ ساڑھے سات سال کی عمر میں قرآن مجید ختم کیا پھر فارسی علم ادب کی درسی کتابیں۔ گلستان۔ بوستان۔ زلیخا۔ سکندر نامہ۔ انوار سہیلی۔ بہار دانش تک پڑھیں۔ بارہ سال کی عمر میں پرائمری سکول پنڈی کالو ضلع گجرات میں داخل ہوئے۔ تین سال میں پانچ جماعتیں پڑھیں۔ پندرہ سال کی عمر میں مولانا محمد شیخ احمد حنفی نقشبندی[1] کے درس میں بمقام دھریکاں ضلع گجرات داخل ہوئے۔ وہاں سے صرف میر۔ زرادی۔ زنجانی۔ مراح الارواح۔ نحو میر۔ شرح مائۃ عامل عبدالرسول۔ شرح مائۃ عامل دیگر۔ ہدایۃ النحو۔ کافیہ۔ عیسا غوجی۔ قال اقول اور علم الفرائض میں سراجی وغیرہ کتابیں پڑھیں۔

پھر علم نحو یہ کے قواعد حافظ عالم الدین صاحب ساکن اگرویہ ضلع گجرات سے سیکھے بعد ازاں کچھ عرصہ مولانا قاضی محمد امین[2] صاحب فاروقی حنفی کے پاس موضع بھکھڑیانوالی ضلع لائل پور میں بھی تحصیل علم کی۔

---

[1] مولانا محمد شیخ احمد بن مولوی حسن محمد صاحب قوم سپرا سے تھے۔ جید فضلائے وقت سے تھے۔ اور مولوی غلام نبی نقشبندی مجددی للہ شریف والا (متوفی ۱۳۰۶ھ) کے خلیفہ ارجمند تھے۔ اور مولانا سید غلام قادر صاحب نوشاہی ساہنپالوی (متوفی ۱۳۰۶ھ) کے شاگرد تھے۔ ۱۳۲۸ھ میں وفات پائی۔

[2] قاضی صاحب نقشبندی خاندان کے مرید تھے۔ پہلے بھکھڑیانوالی پھر شیخوپورہ۔ پھر گوجرانوالہ میں سکونت رکھی۔ ۱۳۴۷ھ میں انتقال کیا۔ ان کے والد کا نام قاضی عبدالرحیم تھا۔ ۱۲ شرافت

Marfat.com

مطالعہ کتب

آپ ہر ایک علم وفن کی کتابیں مطالعہ کیا کرتے خصوصاً تفسیر۔حدیث ۔فقہ۔تصوّف تاریخ کی کتابوں سے زیادہ دلچسپی تھی۔ سینکڑوں کتابیں مطالعہ فرمائیں۔

بیعت ظاہری و باطنی

آپ کی بیعت طریقت اپنے والد ماجد حضرت مولانا سید حافظ محمد شاہ صاحب نیک اختر نوشاہی ساہنپالوی کے ساتھ تھی اور سلسلہ آبائیہ میں خلافت یافتہ تھے۔

ایک مرتبہ خواب میں حضرت نوشہ صاحبؒ نے آپ کو بیعت فرمایا اور تلقین کلمہ طیبہ سے نوازش کی۔ دوسری مرتبہ خواب میں السلام علیک فرمایا۔

۹ رمضان ۱۳۶۸ھ کو خواب میں حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کا ہاتھ بطور مصافحہ پکڑ کر آپ کو بیعت فرمایا اور ایک بُت شیرینی عطا فرمائی۔

عبادات

آپ کثیر العبادت تھے۔ ریاضت و مجاہدہ سے کبھی فارغ نہ رہتے۔ شریعت و طریقت کے پابند تھے۔ نماز پنجگانہ۔ نوافل تہجد و اشراق وغیرہ اور رمضان شریف کے روزے باقاعدہ رکھتے۔ تلاوت قرآن مجید بلا ناغہ کرتے سات روز میں ختم کیا کرتے۔ اور کبھی تین روز میں ختم کیا کرتے۔ قرآن کریم سے آپ کو عشق تھا۔ آپ فرمایا کرتے تھے مجھے قرآنی فیضان ہے۔

آپ نے تمام عمر میں تقریباً چار ہزار ختم قرآن شریف کئے ہیں اور کلمہ طیبہ کا ذکر دو کروڑ کے قریب اور اسی قدر یا اس سے زیادہ درود شریف کا ورد کیا ہوگا [1]

---

[1] آپ کے روزانہ شبانہ معمولات کو میں نے ۱۳۶۵ھ میں آپ کی زندگی میں بنام ہدایت السالکین المعروف معمولات نوشاہی جمع کر دیا تھا۔ ج ۱ دیکھو ۱۲

Marfat.com

اخلاق و عادات

آپ اخلاق حمدی رکھتے تھے۔غریبوں۔مسکینوں پر شفقت اور امیروں۔رئیسوں کی مجلس سے اجتناب رکھتے۔آپ کے خصائل سلف صالحین سے مطابقت رکھتے تھے۔سخاوت۔ایثار۔شجاعت کے اوصاف سے موصوف تھے۔طبیعت لطافت پسند اور تقوےٰ شعار تھی۔تمباکو نوشی سے اس قدر متنفر رہتے کہ اگر کوئی شخص حقہ کو ہاتھ لگاتا تو جب تک دھو نہ لیتا اس کے ہاتھ سے پانی پینا گوارا نہ فرماتے۔اپنے ہاتھ کی چھڑی کبھی کتے کو نہ لگاتے۔ساری عمر آپ کی زبان سے کبھی گالی یا بدزبانی نہیں سنی گئی۔آپ کی مجلس ہدایت و تذکیر کا سرچشمہ تھی۔

پرہیزگاری

آپ تقوےٰ و ورع میں بلند مقام رکھتے۔کھانا حلال اور پاکیزہ تناول فرماتے۔کئی مرتبہ دیکھا گیا ہے کہ اگر کسی شخص نے دعوت کی اور کھانا مشتبہ تھا اور غلطی سے کھا گئے۔تو اسی وقت قے ہو گئی

حلیہ و لباس

آپ کا قد درمیانہ۔رنگ گورا گندمی۔پیشانی فراخ۔سر کے بال سفید کانوں کی لو تک۔بینی بلند۔ابرو متوسط۔ریش مبارک سفید۔قبضہ سے ذرا بڑی۔بال چمکیلے جیسے طلاّ کی تاریں چمکتی ہیں۔لب باریک۔دانت سفید اور چمکدار۔جب تبسم کرتے تو اُن میں سے چمکارا نکلتا۔بازو گول۔سینہ فراخ۔جسم بھارا۔لباس سفید پہنتے۔کرتہ طریدوں والا۔گریباں سامنے۔دستار سفید ململ کی وظائف یا ادائیگی نماز کے وقت کبھی گول ٹوپی بھی پہن لیتے۔سردیوں میں اونی لوئی[1] سفید اور سویٹر بھی استعمال کرتے۔عمر کے آخری چند سالوں میں تہبند سبز رنگ پہنتے۔اپنے سب کپڑوں کے

---

[1] کمبل ۱۲

کسی کو نہ پر نوشاہی لکھ لیتے۔ آپ کو حضرت نوشہ صاحبؒ سے کمال عشق تھا۔

فضائل و کمالات

آپ کے والد صاحبؒ کے مکتوبات میں آپ کے متعلق بہت کچھ مدحیہ و دعائیہ عبارتیں موجود ہیں۔ چنانچہ "مکتوبات محمد شاہی[1]" میں سے چند کلمے آپکے متعلق یہاں لکھے جاتے ہیں۔

۱۔ وھو معکم اینما کنتم۔ (مکتوب ۷۶، ۹۹)
۲۔ تم خود مجتہد ہو، جس طرح چاہو عمل میں لاؤ (مکتوب ۹۹)
۳۔ تمہارے پر کوئی بدظنی نہیں۔ (مکتوب ۵۸)
۴۔ تمہارا کوئی خیال غلط نہیں معلوم ہوا۔ (مکتوب ۱۱۱)
۵۔ عمل تو معہ خالص نیت محض ہدایت ست و عین صواب (مکتوب ۸۳)
۶۔ آفتاب یمن و اقبال بر سرفرزنداں تابندہ باد۔ (مکتوب ۲۴)
۷۔ ہم شب و روز بجناب ایزدی مستدعی ہیں کہ تم کو حیات، علم، ہدایت نصیب کرے۔ (مکتوب ۲۰)
۸۔ اللہ تعالیٰ در سفر و حضر حامی و معین شما باد۔ (مکتوب ۱۴۵)
۹۔ امید از عنایات الٰہی واثق ہے کہ یتم نعمتہ علیک وعلیٰ آل کما اتمھا علیٰ ابویک (مکتوب ۹۹)
۱۰۔ تم کو پروردگار نے علم اور حلم اور ورع میرے سے زیادہ نصیب کیا ہے۔ امید از عنایات الٰہی واثق ہے۔ کہ اقبال بھی زیادہ دیوے گا۔ اور اپنی نعمت تمام کرے گا تیرے پر (مکتوب ۱۰۲)
۱۱۔ ہر کہ تو محبت کند خدا او را محبت کند و ہر کہ عزت تو کند خدا پاک عزت او

---

[1] یہ مکتوبات سید حافظ محمد شاہ صاحب نیک اختر نوشاہی ساہنپالوی کے ان کے پوتے یعنی میرے چھوٹے بھائی سید بشیر احمد بشارت مرحوم نے جمع کئے تھے۔ ۱۲

Marfat.com

مقامات فقر

آپ کو بتائید الٰہی فقر کے مقامات پورے پورے حاصل تھے۔ ایک دن غلبہ توحید میں آپ کو ظاہر ہوا کہ آپ کے تمام جسم پر اسم ذات اللہ اللہ لکھا ہوا ہے

بروز جمعہ ۱۵ ربیع الاول ۱۳۷۴ھ کو تلاوت قرآن پاک فرما رہے تھے جب اس آیت شریف کو پڑھا وذکر فان الذکریٰ تنفع المؤمنین تو بیداری[1] میں آپ کے سر پر تاج پہنایا گیا۔

بروز چہار شنبہ ۲۷ رجب ۱۳۷۴ھ کو آپ کلمہ طیبہ کا ورد کر رہے تھے کہ آپ کو حکم ہوا "تیرا نام محمد عبدالرحمٰن ہے"[2]

آپ کی بعض تحریرات سے معلوم ہوتا ہے کہ مقام فنا فی الشیخ۔ فنا فی الرسول۔ فنا فی اللہ۔ محبت صرفہ۔ مقام قرب وغیرہ کے آثار آپ پر ظاہر ہوئے۔ یہاں تفصیل کا مقام نہیں۔

کرامات

آپ کا منصب کرامت دکھانے سے بلند تھا۔ تاہم خود بخود خوارق کا ظہور آپ سے ہو جاتا تھا۔ اقسام کشوف۔ کشف کونی۔ کشف الٰہی اور تغیر احوال وغیرہ امور کا بکثرت ثبوت پایا جاتا ہے۔ آپ کے دیکھنے والے لوگ آپ کی زندگی میں ہی آپ کے چشم دید کرامتیں بیان کیا کرتے تھے۔ ایک وقت میں کئی جگہوں پر موجود ہونا۔ قبل از واقعہ وقوع سے اطلاع دے دینا۔ بیماروں کا آپ کی دعا سے شفا پانا، بے اولادوں کا آپ کی دعا سے با اولاد ہونا۔ مفلسوں کا تونگر ہونا، بدکاروں

---

[1] اس بیداری کو صوفیوں کی اصطلاح میں مشاہدہ یا مکاشفہ کہا جاتا ہے شیخ اکبر محی الدین نے فرمایا ہے کہ جب کسی اسم الٰہی کے کمالات کسی بندۂ خدا میں پائے جائیں تو اس کو اس اسم کے ساتھ عبدیت کا اسم دیا جاتا ہے۔ اس سے مراد قطبیت ہوتی ہے اس سے ثابت ہوا کہ کمالات اسم الٰہی سے موصوف تھے۔ ۱۲

کا نیک بن جانا۔ اکثر آپ کے تصرفات سے وقوع میں آیا ہے۔

مشاہدہ میں بزرگوں کی زیارتیں

آپ کو خواب میں۔ اور بیداری میں انبیاء کرام اور اولیاء عظام کی زیارتیں ہوتی رہتی تھیں۔ آپ کے خطی مسودات کو اگر پڑھا جائے۔ تو ہر واقعہ کی تاریخ اور سنہ اور جس آیت شریف یا وظیفہ کے پڑھتے ہوئے آپ کو زیارت ہوئی۔ اور جس بزرگ کی ہوئی وہ سب تحریر ہے اور جو کچھ بزرگوں نے کلام فرمایا یا تحریر لکھی ہوئی سامنے دکھائی گئی۔ وہ آپ نے وقتاً فوقتاً قلمبند کر لی۔

چند بزرگوں کے چند کلمات آپ کی تحریرات سے لکھتا ہوں۔

— حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مشاہدہ میں فرمایا۔

۱۔ فرمایا۔ من احیا سنتی فلہ اجر مائۃ شہید۔

۲۔ فرمایا۔ تو نے ہماری بہت صفت کی ہے لا تقنطوا من رحمۃ اللہ

۳۔ فرمایا۔ چھونا تیرے واسطے تیار ہے۔ بچھا ہوا ہے۔

۴۔ فرمایا۔ مسلمان وہ ہے جو اسلام پر جان قربان کرے۔

— حضرت ابراہیم بن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

"دنیاوی باتیں بکواس ہیں نہ سنی چاہئیں"

— چند مکتوبہ عبارتیں جو مشاہدہ میں سامنے نظر آئیں۔

۱۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم (بخط سبز)

۲۔ یا رحمٰن (بخط نور)

۳۔ ھو معلم۔

لہ اولیاء اللہ کے نزدیک مشاہدات میں ملاقاتیں ثابت اور ممکن ہیں حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی (متوفی ۱۱۷۶ھ) نے کتاب الدر الثمین کی مبشرات النبی الامین میں صرف وہی حدیثیں درج کی ہیں جو ان کو خواب یا مشاہدہ میں آنحضرت سے پہنچیں۔ ۱۲

Marfat.com

۴۔ سیّدی ھاشمی قریشی
۵۔ عثمان بن عفانؓ
۶۔ انک باعیننا
۷۔ فتحاً قلوباً ومالاً۔

آپ کے مکاشفات والہامات کا سلسلہ وسیع ہے۔ لیکن آپ کبھی اظہار نہیں کرتے تھے۔ طبیعت اخفا پسند تھی۔ آپ کی دستی تحریرات سے بہت کچھ معلوم ہو سکتا ہے۔

تصنیفات

آپ کی ادبی، تاریخی، دینی، تبلیغی خدمات بھلائی نہیں جا سکتیں۔ آپ نے ذیل کی کتابیں یادگار چھوڑی ہیں۔

۱۔ پنجابی ترجمہ کریما ۲۔ پنجابی ترجمہ نام حق ۳۔ پنجابی ترجمہ شیخ عطار
۴۔ پنجابی ترجمہ گلستاں ۵۔ رسالہ رفع سبابہ ۶۔ رسالہ طاعون
۷۔ رسالہ الخواص ۸۔ دیوان نوشاہی ۹۔ پنج گنج نوشاہی
۱۰۔ نوشاہی نامہ ۱۱۔ تفسیر نوشاہی (سورہ مزمّل کی تفسیر ہے)
۱۲۔ خطبات نوشاہی ۱۳۔ مکتوبات نوشاہی ۱۴۔ رقعات نوشاہی

۱۵۔ انوار نوشاہی۔ آپ اس کو فیض محمدی یا فیض محمد شاہی کے نام سے موسوم کیا کرتے۔ یہ ہزاروں صفحات میں اور کئی ضخیم جلدوں میں آپ کی بیاض ہے۔ اس میں بیشمار علمی خزائن بلا ترتیب جمع کیے ہیں۔ ۱۶۔ نصائح ضروری منظوم۔
۱۷۔ مجالس نوشاہی آپکی انیس ۱۹ مجلسوں کو بنام ضیاء العارفین میں نے جمع کیا ہے۔
۱۸۔ ملفوظات نوشاہی۔ یہ آپ کی زبان کے ارشادات میں نے بنام کنز المعرفت چند جلدوں میں جمع کئے ہیں
۱۹۔ کنز الفوائد:۔ یہ ملفوظات کا مختصر رسالہ سید بشیر احمد بشارت نے جمع کیا۔

Marfat.com

تاریخ گوئی

آپ کو ملکہ تاریخ گوئی خاصہ تھا۔ مادہ تاریخ بنانے میں ذکی اور فہیم تھے۔ سینکڑوں کی تاریخیں بنائیں۔ جو بیاض فیض محمد شاہی میں دیکھی جا سکتی ہیں۔

ارشادات

آپ کے بعض ارشادات یہ ہیں

۱۔ فرمایا۔ درود شریف کو کثرت سے پڑھنے والا حضور علیہ السلام کا حضوری اور مقرب ہوتا ہے۔

۲۔ فرمایا۔ جس کی نیت میں اخلاص نہ ہو اس کی عبادتیں کام نہیں آتیں

۳۔ فرمایا۔ سالک کو جب مراقبہ یا مکاشفہ یا مشاہدہ میں کچھ انوار و تجلیات مشہود ہوں تو وہ اسی نہ اڑا دے۔ بلکہ مقصود اصلی بہت آگے ہے۔

۴۔ فرمایا۔ فقر ہزاروں پردوں کے آگے ہے۔

۵۔ فرمایا۔ مست فقیر بمنزلہ بادشاہ ہوتا ہے۔

۶۔ فرمایا۔ شریعت کی پابندی ہی ساغر عشق ہے۔ جس نے اس کو نوش کیا وہ عاشق حقیقی ہے۔

۷۔ فرمایا۔ سوائے اتباع نبوی ﷺ کے نجات نہیں ہو سکتی۔

۸۔ فرمایا۔ تین چیزوں کا سوال کرنا منع ہے حقیقت کنہ باری تعالیٰ[1] حقیقت عذاب قبر[2] مسئلہ تقدیر[3]

۹۔ فرمایا۔ انسان چار قسم ہیں۔ عام[1]۔ خاص[2]۔ خاص الخاص[3]۔ اخص الاخص[4] — انبیائے کرام چوتھی قسم سے ہوئے ہیں۔

۱۰۔ فرمایا۔ سخی کے چہرہ پر نور ہوتا ہے

Marfat.com

معترفین کمالات

آپ کے معاصرین صوفیاء و علماء نے آپ کی توصیف میں بہت کچھ فرمایا۔ چند بزرگوں کے کلمات لکھے جاتے ہیں۔

۱۔ حضرت خواجہ سید محمد حسین شاہ صاحب[1] چشتی نظامی اجمیری بہاول پوری نے فرمایا ہے کہ "حضرت سید غلام مصطفےٰ صاحب قوشاہی مقام فنا فی الرسول سے آگے گذر چکے ہیں۔ اور آپ کی سیر مقام فنا فی اللہ میں ہے۔ اسی لئے تلاوت کلام اللہ شریف زیادہ کرتے ہیں۔ آپ کی روحانی پرواز بڑی بلند ہے۔

۲۔ مولانا محمد حسین ابن مولوی خواجہ خدا بخش چشتی صابری امین آبادی نے ۲۷ رجب ۱۳۵۹ھ کو بمقام سیدا شریف ضلع گجرات میں فرمایا "حضرت مولانا سید غلام مصطفےٰ صاحب بڑے مقبول خدا ہیں"۔

۳۔ مولوی حکیم فضل حسین صاحب حنفی نقشبندی مجددی امام مسجد چک ۴۵ علاقہ بوسال ضلع گجرات نے ۱۳۶۹ھ میں فرمایا "میں قسمیہ کہتا ہوں کہ حضرت مولانا سید غلام مصطفےٰ صاحب ولی اللہ اور قطب زماں ہیں۔

۴۔ مولوی محمد صدیق صاحب مخدوم حنفی قادری امام مسجد گاجر گنوا ضلع گوجرانوالہ نے ۱۳۸۱ھ میں فرمایا "حضرت سید غلام مصطفےٰ صاحب قوشاہی بزرگوں کی اولاد اور بڑے صاحب علم و فضل درویش ولی اللہ ہیں"۔

۵۔ میاں غلام محمد بن بھولا ساکن ساہنپال شریف نے ۱۷ صفر ۱۳۶۸ھ کو فرمایا "حضرت شاہ غلام مصطفےٰ صاحب کو ہم اپنے زمانے کا قطب سمجھتے ہیں ——

---

[1] یہ سید صاحب چشتی نظامی شاذلی سفاقسی بلخاوی قادری سلسلوں میں بھی اجازت یافتہ ہیں۔ چشتی طریقہ میں سید علی احمد مدنی خلیفہ خواجہ شمس الدین سیالوی (متوفی ۱۳۰۰ھ) کے مرید ہیں۔ ایشیا اور یورپی ملکوں کے سیاح ہیں۔ محرم ۱۳۶۲ھ میں انہوں نے یہ کلام مجھ سے بیان کیا۔ ابھی یہ بزرگ ۱۳۸۵ھ میں بخیر بازار بہاول پور میں بنام شیخ صحرائی موجود ہیں۔ ۱۲

Marfat.com

حضرات نوشاہیہ میں سے آپ کے پایہ کا آج کل کوئی بزرگ نہیں "

شجرہ اولاد اعلیٰ حضرت سید غلام مصطفےٰ صاحب

۱

سید شریف احمد شرافت مؤلف رسالہ ہذا۔
متولد ہفتہ ۱۹ شعبان ۱۳۲۵ھ
۲۸ ستمبر ۱۹۰۷ء مؤلف کتاب
شریف التواریخ و تاریخ عباسی
و اذکار نوشاہیہ وغیرہ

سید ریاض الحسن
متولد پنجشنبہ ۲۱ ربیع الآخر
۱۳۴۸ھ ۲۶ ستمبر ۱۹۲۹ء
میٹرک تک تعلیم ہے
بنیادی جمہوریت کا
رکن ہے۔

سید سعید الظفر
متولد سوموار ۱۰ رجب
۱۳۵۵ھ ۵ اکتوبر ۱۹۳۶ء
بی اے تک تعلیم ہے
لاہور محکمہ برقیات میں
کثیر ہے

۲

سید بشیر احمد بشارت متولد اتوار کی رات
۱۸ شوال ۱۳۲۸ھ ۲۳ اکتوبر ۱۹۱۰ء
مؤلف رسالہ ختمات القرآن و سد ختم کلام اللہ
شریف متوفی اتوار کی رات ۸ صفر
۱۳۸۱ھ ۲۳ جولائی ۱۹۶۱ء

سید قدوس اختر متولد پنجشنبہ
۲ جمادی الثانی ۱۳۷۱ھ
۲۸ فروری ۱۹۵۲ء
متعلم جماعت نہم

سید ثناء اللہ شاہ متولد یکشنبہ
۲ شعبان ۱۳۷۲ھ ۲۰ مارچ
۱۹۵۳ء متعلم جماعت ششم

افضال السبطین شاہ متولد جمعہ
۲۶ محرم ۱۳۸۰ھ ۱۲ جولائی
۱۹۶۰ء

Marfat.com

یارانِ طریقت

آپ کے ارادت مندوں کا سلسلہ بہت وسیع ہے۔ چند خواص احباب کے نام لکھے جاتے ہیں۔ دونوں بیٹے اور دونوں بڑے پوتے بھی آپ کے مرید ہیں ان کے دوبارہ نام لکھنے کی ضرورت نہیں

۱۔ سید عزیز احمد بن سید کرم الٰہی برخورداری ساہنپالوی متوفی ۲۳ جمادی الاول ۱۳۴۷ھ
۲۔ سید محمد انور بن سید پیر محمد برخورداری ساہنپالوی
۳۔ سائیں خدا بخش فقیر وڑائچ والیہ متوفی ۱۳۴۹ھ مدفون گورستان نوشاہیہ
۴۔ سید مشتاق احمد بن سید عنصل حسین ہاشمی رسل ضلع گجرات
۵۔ سید رسول شاہ بن سید حسن شاہ بخاری چک وساوا "
۶۔ میاں فتح الدین ولد خدا بخش درزی "
۷۔ سائیں محمد نذیر ولد بڈھا تارڑ اگرویہ "
۸۔ میاں خوشی محمد ولد میاں احمد دین ۱۳۴۷ھ مٹھہ نیک "
۹۔ سائیں اللہ دتہ المعروف جمعدار مجذوب متوفی گاکھڑہ "
۱۰۔ سائیں امام الدین ولد کرم الدین درویش " "
۱۱۔ سائیں محمد حسین ولد رحمت موچی سویہ "
۱۲۔ میاں سید محمد ولد نور علی گورسی جھنڈیوالی "
۱۳۔ میاں راجہ ولد نظام الدین موچی "
۱۴۔ چوہدری محمد الدین ولد مولا داد وڑائچ ہیگر خورد "
۱۵۔ سید رحمت علی بن سید جلال شاہ برخورداری پانڈوکے گوجرانوالہ
۱۶۔ میاں کرم الدین ولد عمر بخش کشمیری پنڈوری "
۱۷۔ میاں علی احمد ولد محمد بخش خلیفہ قلعہ دیدار سنگھ "
۱۸۔ مولوی محمد اسحاق کاہلو "

Marfat.com

۱۹۔ سائیں کرامت علی درویش ولد آلہدین خلیفہ	کوٹ کمیسو	ضلع گوجرانوالہ
۲۰۔ سائیں مست علی درویش	موکھل سندھواں	〃
۲۱۔ سائیں سلطان علی عرف ہرا	ابوالفتوالی	〃
۲۲۔ چوہدری عاشق حسین ایم۔اے	اولکھ بھائی کے	〃
۲۳۔ سائیں محمد حسین المعروف نکا	کوٹ سارنگ	کیمبل پور
۲۴۔ چوہدری نذر حسین ولد محمد مالک بل	بل	لائل پور

قصیدہ مدحیہ

در مناقب ذات پاک شاہ غلام مصطفےٰ شاہبازِ اوجِ عرفاں دستگیرِ کاملاں

آفتابِ چرخِ عرفاں سالکِ رازِ نہاں
مرجعِ اہلِ مطالب فخرِ جملہ خاندان

حضرتِ سید غلامِ مصطفےٰ ماہِ لقا
واقفِ سرِّ حقیقت رہنمائے گمرہاں

غنچۂ گلزارِ وحدت زینتِ اہلِ صفا
قبلۂ حاجاتِ عالم مقتدائے واصلاں

افتخارِ مسندِ حاجی نوشہ گنج بخش
در سخاوت ہم شجاعت گشتہ معروفِ زماں

قاسمِ فیضِ الٰہی نورِ چشمِ عارفاں
شاہِ سریرِ لامکاں

کعبۂ اربابِ دانش آستانِ فیضِ او
جبہہ سائی میکنند از صدقِ دل قدوسیاں

ہم چو ماہِ چاردہ سیمائے وے روشن بود
در جہاں انوارِ فقرش مشتہر شد بیگماں

میرسد نزدیک نظر در بارگاہِ ایزدی
ہر کہ او گشت ارادت خادمِ درگاہِ شاں

کے بگنجد وصفِ او در حیطۂ تحریرِ من
آنکہ باشد اسمِ پاکش افضلیت را نشاں

افضلیت در فضائل بیشتر افضال او
فضلِ او بر ہر مفضل افضل التفضیل داں

علم و حکمت ہم ولایت خادمان درگہش
جامع جملہ فضائل پیشوائے انس و جاں

در اماں دارد خداوندا ز حوادثِ روزگار
شادی و عیش و مسرت در فزائد ہر زماں

Marfat.com

یا الٰہی باد دائم سایہ عالی جناب برسر ما بیکساں چوں نجم ہائے کہکشاں
از شرافت دمبدم باد اد عائے بیشمار
عزت و اقبال باشد در رکاب او رواں[1]

واقعہ وفات

اعلیٰ حضرت سید غلام مصطفےٰ صاحبؒ ہر وقت موت کو یاد رکھتے اور گاہ بگاہ تمنائے موت بھی کیا کرتے۔ اور اکثر اپنے بزرگوں اور دوستوں کی یاد میں یہ شعر پڑھا کرتے سہ

ساتھی آہے نال دے اُڈ گئے نی ول گھراں میں بھی اڈیہاندی دانا باونوں جے ہر ندا زور پراں

اور کبھی کبھی اپنے مرحمہ کے متعلق وصیت فرمایا کرتے کہ اپنی حویلی میں ندکا سے مغربی طرف مجھے دفن کرنا۔ اپنے گاؤں کے اکثر لوگوں کو آپ نے وہ جگہ دکھا دی تھی۔ ایک دن میں نے عرض کیا کہ آپ گورستان نوشاہیہ میں کیوں جگہ متعین نہیں فرماتے۔ فرمایا کہ یہاں مجھ کو ایک مرتبہ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوئی تھی اور دوسری مرتبہ اسی جگہ پر حضرت یوسف علیہ السلام کو بھی دیکھا تھا۔ اُس روز سے مجھے یہ جگہ پسند ہے نیز گورستان کے سب بزرگوں کے قدموں کی طرف ہوں گا۔ محرم ۱۳۸۴ھ کی ساتویں تاریخ کو آپ قلعہ دیدار سنگھ ضلع گوجرانوالہ میں تھے وہاں اپنے مرید مولوی محمد اسحاق صاحب کاہلوں کے مقام پر عصر کے وقت آپ نے اپنی تاریخ وفات کے دو[2] شعر بنا کر اپنی کاپی میں لکھ دیئے اور سب یاروں کو فرما دیا کہ اب ہماری سفر آخرت کو تیاری ہے۔ اُس کے بعد آپ تین ماہ باقاعدہ سفر کرتے رہے اور مریدوں پر تبلیغی دورہ ہوتا رہا۔ حضرت نوشہ گنج بخش رح

---

[1] یہ قصیدہ آپ کی زندگی میں نظم ہوا تھا۔ [2] وہ دو شعر یہ ہیں:-

فارسی رفت در فردوس نوشاہی ببوت گفت۔ باغلمان و حورم ہ سال فوت
۱۳۸۴ھ

اردو چوراسی تیرہ سو جب ہوئے رخصت غلام مصطفےٰ جا بیٹھک۔ رحلت
۱۳۸۴ھ ۱۳۸۴ھ

Marfat.com

کے عرس شریف پر ماہ ہاڑ سمت ۲۰۲۱ ب کو جمعہ کے روز جب آپ کے دیوان خانہ میں نماز مغرب کے بعد ختم شریف پڑھا گیا تو ہزاروں اشخاص کے مجمع میں حضور نے اپنی دستارِ خلافت وسجادگی اس عاجز (سید شریف احمد شرافت) کے سر پہ پہنا دی۔ اور اُٹھ کر جلسہ عام میں تقریر کرتے ہوئے فرمایا کہ اب ہماری سفر کی تیاری ہے۔ اور ہمارے پاس جو کچھ ہے وہ اپنے لڑکے شریف احمد کو عطا کرتے ہیں۔ اب یہ ہمارا جانشین ہے۔ سب دوستوں کو چاہیئے کہ ہماری بجائے اب اس کے پاس آمد و رفت رکھا کریں۔ پھر دعائے خیر فرمائی۔ سب حاضرین نے آپ کا فرمان تسلیم کیا۔ عرس شریف کے بعد یار محمد ڈھوک شہانی آپ کو گھوڑے پر سوار کر کے اپنے گاؤں میں لے گئے۔ وہاں ایک مہینہ آپ نے قیام رکھا۔ پھر طبیعت علیل ہو گئی۔ وہ دوست پالکی میں اٹھا کر آپ کو واپس دولتخانہ پر پہنچا گئے۔ علاج کیا تو آپ کی صحت ٹھیک ہو گئی۔ پھر پانچ مہینے آپ مسلسل گھر میں ہی تشریف فرما رہے۔ کہیں سفر میں نہیں گئے۔ حویلی والی بیٹھک میں قیام رکھا۔ طبیعت میں روز بروز نحافت بڑھتی گئی۔ تقویت کے لئے مفرحات اور کشتہ جات استعمال کئے جاتے رہے۔ حکیم محمد حسن صاحب فاروقی ساکن بیگو والہ ضلع سیالکوٹ کا علاج شروع رکھا۔ مگر آپ کو کوئی خاص افاقہ نہ ہوا۔ میں آپ سے اجازت لے کر سفر ملتان کو روانہ ہوا۔ آپ کے پاس عزیز القدر ریاض الحسن معہ غلام محمد درویش پانڈوکی والہ کے حاضر رہے۔ جب میں سفر کرتا ہوا ضلع شیخوپورہ کے موضع ونوٹیانوالی میں پہنچا تو آپ کا پیغام موصول ہوا کہ ملتان نہ جانا۔ واپس آجانا۔ چنانچہ میں عید الفطر کو واپس آپ کے قدموں میں حاضر ہو گیا۔ عید کے بعد سترہ ۱۷ روز تک آپ حیات رہے۔ اگرچہ آپ کمزور بہت ہو چکے تھے۔ لیکن حواس بالکل قائم تھے۔ اور گفت و کلام تندرستوں کی طرح کرتے تھے۔ جو لوگ خبر گیری کے لئے حاضر ہوتے۔ ان کو نصیحتیں کرتے پڑھنے کے لئے اوراد و وظائف کی اجازتیں دیتے۔ اور اولیاء اللہ کے واقعات سناتے دنیا کا کوئی کلام نہ فرماتے۔ شب و روز آپ کے پاس زائرین کا تانتا بندھا رہتا۔ آخری ایام میں کئی دوستوں کو غائبانہ طور پر متجسد ہو کر متفرق مقامات پہلے اور

Marfat.com

وہ دُور جگہوں والے احباب خبر گیری کے لئے آنے لگے۔ اور بتاتے کہ آپ خود ہم کو فلاں جگہ پر ملے ہیں۔ ایک روز حکیم سید مظفر حسین صاحب نے پوچھا کہ کیا ولی اللہ ایک وقت میں کئی جگہ موجود ہو سکتا ہے۔ آپ نے مثنوی مولانا روم کا یہ شعر پڑھا ؎

ہمچو سبزہ بارہا روئیدہ ایم نہصد و ہفتاد قالب دیدہ ایم

حکیم صاحب موصوف نے آٹھ بوری غلہ گندم بیٹھک میں لا رکھا۔ اعلیٰحضرت نے پوچھا۔ یہ کس لئے ہے۔ حکیم صاحب نے کہا کہ یہ سویرے گجرات لے جانی ہے اور وہاں فروخت کرنی ہے۔ آپ نے فرمایا کہ اتوار تک یہاں ہی رہنے دینا۔ شاید یہاں ہی کام آجائے۔ چنانچہ اتوار کی صبح کو آپ میرے چھوٹے لڑکے عزیز سعید الظفر کو کچھ وظائف بتلاتے رہے۔ پھر مستری محمد نذیر اختر حاضر ہوا اور سلام کر کے دربار شریف حضرت نوشہ صاحب کے گنبد کی تعمیر کے واسطے روانہ ہوا۔ آپ نے فرمایا۔ اختر! جب روضہ شریف مکمل ہو جاوے۔ تو اس کے دروازہ پر "دربار حضرت نوشہ گنج بخش قادری" جلی قلم سے خوش خط لکھوانا۔ اور آج جب واپس آؤ تو دربار شریف سے شفا کی پڑیہ لے کر آنا۔

اس کے بعد ریاض الحسن آپ کے واسطے چائے پکا کر لایا اور آپ کو اٹھا کر پیچھے تکیہ رکھ کر بٹھلایا۔ اس وقت آپ نے فرمایا۔ مجھے لٹا دو۔ چائے کی ضرورت نہیں۔ جب آپ کو بستر پر لٹا دیا گیا تو آپ آہستہ آہستہ زبان سے کچھ پڑھنے لگے جس کی سمجھ نہیں آسکی۔ اسی وقت سب کو معلوم ہو گیا کہ اب آپ تیار ہو گئے ہیں۔ سب حاضرین قرآن مجید کی سورتیں پڑھنے لگ پڑے۔ آپ تقریباً دس منٹ تک اس طرح رہے اور فرمایا وعلیکم السلام اور اپنے محبوب حقیقی سے جا ملے رضی اللہ عنہ

تجہیز و تکفین

آپ اتوار کو ۹½ بجے دن رخصت ہوئے۔ آپ کے پاس آٹھ پہر تک درود شریف۔ کلمہ شریف۔ قرآن کریم اور نعتیں وغیرہ پڑھی جاتی رہیں۔ دوسرے

Marfat.com

روز سوموار کو آپ کو غسل دیا گیا۔ میں نے بدست خود۔ اور میاں خدا بخش ولد بدرالدین ترکھان ساہنپالوی اور مولوی غلام رسول مخدوم چشتی نظامی امام مسجد چھپنی لک نے آپ کو غسل دیا۔ سفید لٹھے کا کفن پہنایا گیا۔ چوب دیار کا صندوق تیار کرکے اس میں داخل کئے گئے۔ عہد نامہ اور شجرہ شریف لکھ کر آپ کے سینہ پر کفن کے اندر رکھا گیا۔ اور دربار شریف لے جا کر جنازہ پڑھا گیا۔ مولوی حافظ منظور حسین سلیمانی نے جنازہ پڑھایا۔ مخلوق کا کافی ہجوم تھا۔ پھر درگاہ عالیہ حضرت نوشہ صاحبؒ کے سامنے رکھ کر واپس ساہنپال شریف اپنی حویلی میں لے آئے۔ دوسری مرتبہ یہاں جنازہ پڑھا گیا جو میاں بہادر اگرویہ والا نے پڑھایا۔ پھر صندوق مبارک آپ کے حسب ارشاد جائے متعینہ پر دفن کیا گیا۔ مستری محمد نذیر اور مستری ولی محمد ترکھان ستارکوٹی نے قبر پختہ تعمیر کی۔

تاریخِ وفات

اعلیٰ حضرت سید غلام مصطفےٰ صاحب المتخلص بہ نوشاہی۔ المقلب نوشادِ ثالث کی وفات بروز یکشنبہ بوقت سوا نو بجے دن ۱۸ شوال ۱۳۸۴ھ ۲۱ فروری ۱۹۶۵ء ۱۰ پھاگن سمت ۲۰۲۱ ب کو ہوئی۔ دوسرے روز سوموار کو عصر کے وقت اپنی حویلی کے صحن میں بمقام ساہنپال شریف ضلع گجرات دفن ہوئے رحمۃ اللہ علیہ وبرّد اللہ مضجعہٗ وجعل الجنۃ مثواہ۔

مرثیہ

بروفات حسرت آیات امام العارفین جناب سیّد غلام مصطفےٰ صاحب
نوشاہی سجادہ نشین درگاہِ حضرت حاجی محمد نوشہ گنج بخش قدس اللہ سرّہ العزیز
بمقام ساہنپال شریف ضلع گجرات
از نتیجہ طبع

Marfat.com

جناب مولانا احمد حسین صاحب احمد قریشی قلعداری ایم ۔ اے اردو ایم ۔ اے فارسی ۔ ایم ۔ اے عربی ۔ ایم ۔ او ۔ ایل لیکچرار زمیندار کالج گجرات

دریغا حسرتا دورِ زمانہ — چہ دارد طرزہائے جارحانہ
زدنیا مے بُرد خورد و کلاں را — بعالم میخورد پیر و جواں را
بہ شفقت بر کسے وہمے ندارد — برحمت بر کسے رحمے ندارد
بخاک اندر فشاند دُرِّ شہوار — نہ بیند نا سزاؤ ہم سزاوار
بغم افگندہ زیں ہر جا سخن رفت — ازیں ہر فرد را رنج و محن رفت
کنوں از ما ربود آں تاجدارے — کہ بود اندر جہاں عالی وقارے
کہ در عالم امامِ عارفاں بود — تکلف برطرف قطبِ زماں بود
ز نسلِ حضرتِ نوشہ[1] گرامی — بہ بحرِ عشق[2] دُرِّ نیک نامی
بفرقش چترِ نوشاہی معلّےٰ — شہنشاہِ سریرِ لِیْ مَعَ اللّٰہ
جمال[3] آرائے روئے زندگانی — حیات[4] افزائے لطفِ کامرانی
بہ سیمائش ز نورُ اللہ[5] جلائے — سراسر مظہرِ حق[6] جاں فزائے
گرامی پاکذات[7] و نیک نامے — امین[8] رحمت و اعلیٰ مقامے
ز الطافِ محمد[9] شاہِ نامی — غلامِ مصطفےٰ سیّد گرامی
شہنشاہِ سریرِ پارسائی — بفرقش تاجِ فخر اولیائی
دریغا ناگہانی زیں جہاں رفت — ز رنج فرقتش آہ و فغاں رفت
وقارِ عالماں اندر جہاں بود — مقامِ عارفاں از وے عیاں بود
امیرِ کشورِ اسلامیاں رفت — امین پایۂ عرفانیاں رفت

---

[1] اشارہ بطرف حضرت نوشہ گنج بخش رح [2] اشارہ باسم سید حافظ محمد برخوردار بحر العشق [3] اشارہ باسم سید حافظ جمال اللہ [4] اشارہ باسم سید حافظ محمد حیات صاحب ربانی [5] اشارہ باسم سید حافظ نور اللہ [6] اشارہ باسم سید حافظ الٰہی بخش مظہر حق [7] اشارہ باسم سید حافظ قل احمد پاکذات [8] اشارہ باسم محمد امین [9] اشارہ باسم سید حافظ محمد شاہ صاحب [10] اشارہ بطرف تخلص و لقب اعلیٰ حضرت سید غلام مصطفےٰ صاحب رح

Marfat.com

زدُنیا رفت لطفِ شادمانی — تباہ شد رونقِ عذب البیانی
نشانِ رونقِ بزمِ کہن رفت — زدنیا شاہدِ شیریں سخن رفت
بظاہر گرچہ مردِ پارسا بود — ولے بزمِ علومِ بے ریا بود
برفت ازدہر آہ قرآن خوانے — زدنیا رفت بس تفسیر دانے
حدیث مصطفیٰ را لطفِ ارشاد — بخواہد کرد با او ہر کسے یاد
برفت ازدہر ہم فقہ و معانی — سیہ شد روزگارِ نکتہ دانی
نشاطِ رونقِ شعر و سخن رفت — زدنیا مایۂ بزمِ کہن رفت
نجابت از جہاں آہ رخت برداشت — فصاحت پایۂ حرمت بینداخت
سیاہ شد روزگارِ زندگانی — زفقدانِ مرادِ شادمانی
شرافت[1] را ازیں غم سرنگوں شد — بشارت[2] را دلے راحت فزوں شد
زفقدانِ چنیں غوثِ زمانہ — بجا باشد کہ گریم والہانہ
زآہم سینۂ گردوں فگارم — قیامت بر سرِ دوراں گمارم
ولے جز صبر ما را چارۂ نے — اگرچہ دردرا زیں یارائے نے
بدرگاہِ خدا ایں عرض دارم — برآرم از دل محزوں غبارم

خدا بر مرقدش رحمت کناناد
ازاں پس ماندگاں راحت دہاناد

شریف احمد شرافت مہربانم — مکرم محترم ہم یارِ جانم
چو پدرِ خویش او را جانشیں باد — بخوبی ہائے خود نقشِ نگیں باد

بہ احمد ہر زماں دلدار باشد
بہارِ دوستی درکار باشد

(مارچ ۱۹۶۵ء)

---

[1] مراد از سید شریف احمد شرافت [2] مراد از سید بشیر احمد بشارت کہ در حیات اعلیٰ حضرت جنت خرامیدہ بود۔ یعنی او را از وصالِ والد راحت افزوں شد ۱۲

Marfat.com

یادِ رفتگاں

حضرت شاہ غلام مصطفےٰ نوشاہی ساہنپالی کی وفات پر

از افکار

جناب مولانا صاحبزادہ نور محمد صاحب نصرت نوشاہی بی۔اے منشی فاضل حکیم حاذق۔سجادہ نشین درگاہِ حضرت شاہ مرادؒ شرقپور شریف ضلع شیخوپورہ۔سابق مدیر ہفت روزہ نصرت

لاہور

اُٹھ گیا آہ لوحِ ہستی سے
وہ کہ جس کا وجود بہتر تھا

جس کا اونچا رہا مقامِ نظر
جس پہ راضی خدائے برتر تھا

مصطفےٰؐ کا غلام تھا بالحق
حلقۂ اولیا کا سرور تھا

اُس کی ذاتِ سعید کا سایہ
فقر نوشاہیت میں خوشتر تھا

کتنی برکت تھی اس کے جینے سے
فیض گستر، غریب پرور تھا

نوشۂ گنج بخش کا پیارا
لالۂ گلشنِ مطہر تھا

علم و روحانیت کی دنیا میں
شمعِ عرفاں، چراغ انور تھا

باپ رخصت ہوا شرافت کا
بجھ گیا قمقمہ ہدایت کا

وہ کہ تھا رونقِ سحر گاہی
وہ کہ شب زندہ دار رہتا تھا

اس کی صورت تھی پرتوِ رحمت
حق و ایماں کی بات کہتا تھا

دولت دیں ملی زمانے کو
اس کا دریائے فیض بہتا تھا

زندگی کی بہار کا ساماں
غم کو زندہ دلی سے سہتا تھا

عظمتِ خاندان تھی ذات اس کی
یادِ نصرتؔ رہے گی بات اس کی

زیرِ مرقد وہ مرد سوتا ہے — جس پہ نازاں میری عقیدت ہے
اُس کی ملّت نواز عظمت سے — میرے ہر بال کو محبت ہے
ہجر و غم سے اداس چہرے ہیں — کھوئی کھوئی سی ہر مسرّت ہے
میں نے ہر پھول کی ادا دیکھی — نہ وہ نکہت ملی، نہ فرحت ہے
بجھ گئے دیپ میرے سپنوں کے — دُور تک اک مہیب ظلمت ہے
چھوڑ دو مجھ کو میری حالت پر — دوستو لٹ گئی مروّت ہے
میں ہوں اور شامِ غم کی تنہائی — اک مصیبت ہے اک مصیبت ہے

گہری یادوں میں کھو گئی دُنیا
ہائے بے نور ہو گئی دُنیا

رُک گئے موجِ فیض کے دھارے — آہ کیا ہو گیا مرے پیارے
چاند کی چاندنی نے رُخ پھیرا — جھلملاہٹ سے ہٹ گئے تارے
دشتِ کلفت میں حوصلے ٹوٹے — کچھ مسافر تھے راہ میں ہارے
بہہ گیا خونِ آرزوؤں کا — ہو گئے ہیں اداس نظارے
برسو۔ اشکوں کے بادلو برسو — دھرتی سوکھی ہے پیاس کے مارے
میرے زخموں کو نیند آنے دے — اے غمِ جاں نہ ڈال انگارے
مختصر زندگی کا سودا ہے — موت کے سامنے ہیں گہوارے

اب کہاں علم و فن کی باریکی
حشر تک یہ رہے گی تاریکی (۱۹، مارچ ۱۹۶۵ء)

قطعاتِ تاریخِ وفات

از قریشی احمد حسین صاحب پروفیسر زمیندار کالج گجرات

غلام مصطفےٰ نوشاہ نامی — کہ بود اندر جہاں مردِ یگانہ
ز بزمِ دوستاں چوں ناگہانی — بیکایک سوئے عقبےٰ شد روانہ

بگوشم ہاتف غیبی ندا زد — بگو اندر کمالش والہانہ
بہ ہجری "شمع فضل دین" سالش — دگر نیکو سیر غوثِ زمانہ

۸۴ ۱۳ھ — ۶۵ ۱۹ء

منہ

غلامِ مصطفیٰ نیکو شعارے — ولی اللہ کامل اندریں باب
امامِ عارفان و شاہِ دوراں — زہے غوثِ زمانہ قطب پنجاب
زدُنیا سوئے عقبیٰ شد روانہ — پریشاں شد ازیں ہر شیخ و ہر شاب
برائے سال وصلِ او بنوشتم — برفت از دہر نوشاہی اقطاب

۸۴ ۱۳ھ

منہ

دریغا حسرتا صد آہ و وائے — زدنیا رفت آں گردوں لقائے
بعالم نوشۂ عالی نشاں بود — بہ پنہاں با الٰہی آشنائے
نوشتم سال وصلِ او بجالش — برفت از دہر نوشاہی قبائے

۸۴ ۱۳ھ

مادۂ تاریخ "وصال جاہِ اولیا سید غلام مصطفیٰ شاہ صاحب"

۶۵ ۱۹ء

دیگر — "سیّدی غلام مصطفیٰ"

۸۴ ۱۳ھ

قطعۂ تاریخ

(از سیّد شرافت نوشاہی مؤلف رسالہ ہذا)

شاہِ شہاں قدوۂ زُہّادِ دین — خازنِ گنجینۂ حق الیقین
عالم و فاضل بعلومِ حدیث — مہدیٔ دوران و صداقت گزین

Marfat.com

شمسِ ولایت قمرِ اولیاء — شیخِ هُدٰی سالکِ راہِ یقین
واقفِ اسرارِ ازل نورِ حق — عمدۂ اقطاب شہِ سالکین
قطبِ زماں حضرتِ شاہ مصطفٰے — نوشۂ ثالث نقبش بہترین
زینتِ سجادۂ شاہ گنج بخش — زیبِ دہِ مسندِ نوشاہِ دین
فیضِ کمالش بجہاں مشتہر — وصفِ جمالش بزباں خوشترین
کرد چو رحلت ز سرائے فنا — گشت بفردوسِ معلّٰے مکین
روزِ اُحد ہژدہ ز شوّال بود — وقت ضحےٰ گشت بجنت قرین
رحمتِ حق باد بروحش مدام — منزلِ او باد مقامِ امین
سال وصالش ز شرافت شنو — صاحبِ معراجِ بہشت برین

۸۴ — ۱۳ھ

منہ

عالی جناب قطبِ زماں مصطفٰے ولی — از گنج بخش یافتہ او شانِ منتہی
فیضانِ او بسلسلۂ صوفیاں بس است — در خاندانِ حاجی نوشاہِ منجلی
زیں عالمِ فنا چو سفر کرد سوئے دوست — در جنّت النعیم شدہ شادماں جلی
از آستانِ غیب شرافت ندائے یافت — شاہِ سپید بخت ۔ بگو سالِ متقی

۸۴ — ۱۳ھ

دیگر ز سالِ ہجرت داں نقشِ لوحِ فیض — ہم سالِ عیسوی بشمر، غوث مہتدی

۸۴ — ۱۳ھ — ۱۹۶۵ء

منہ

فخرِ دینِ شاہ مصطفٰے اعظم — مظہرِ ذاتِ ایزدِ متعال
شد مرخص ازیں جہانِ فنا — سکّہ زن شد بملک ہاہ و جلال
چوں شرافت بجست تاریخش — ہاتفِ غیب گفت سالِ وصال
کوکبِ نوشہ گنج بخش ۔ بگو — نیز ترحیل ۔ شیخ شمس جمال

۸۴ — ۱۳ھ — ۸۴ — ۱۳ھ

سلہ مراد یکشنبہ یعنی اتوار ۔ ۱۲

Marfat.com

منہ

چو حضرت غلامِ شہِ مصطفیٰ — ز دنیا رواں شد بہ دارالبقا
چو اندیشہ کردم بتاریخِ او — ہنر پیشہ نوشاہِ ثالث ۔ بگو

۶۵ — ۱۹ء

شرافت دگر سال کردہ قیاس — ز۔ نوشاہ ثالث محبت اساس

منہ

حضرتِ شاہ مصطفیٰ سیّد — در جہاں فیضِ عام او روشن
سال ترحیل دے شرافتؔ گفت — زینتِ آستانۂ گلشن

۸۴ — ۱۳ھ

۸۴ — ۱۳ھ

مادہ تاریخ "قمر فرخندہ طالع"

قطعہ تاریخ

علامہ دہر، فاضل کامل، حامی شریعت، واقف اسرار و رموز عرفان اعلیٰ حضرت
سید پیر غلام مصطفیٰ صاحب المتخلص بہ نوشاہی نور اللہ مرقدہٗ
از نتیجہ تخیّل
(جناب ماسٹر مشتاق احمد صاحب ہاشمی نوشہروی حال ساکن گجرات)

غلام مصطفیٰ آں نوشہ ثالث ازیں دنیا — بہ بستہ رخت سوئے خلد واقف رازِ عرفانی
وجودش مبارک بود بر دنیا نظرش نے — سخندان فاضلِ کامل بسیرت خوئے عثمانی
بزرگانش کشیدہ مے زجامِ غوث محی الدین — نوشیدہ ہماں میخانۂ محبوب سبحانی
خرد گفتا بسال وصل ۔ آہ خورشید انور ۔ گو — شدہ خورشید در مغرب نہاں شد شمع نورانی
بجستم سالِ ترحیلش بگفتہ ۸۴ ہاتفم برخواں ۱۳ — سخنداں فاضلِ کملاء و آں محبوب سبحانی

۶۵ — ۱۹ء

لہ اس مادہ تاریخ میں ایک عدد کم ہے۔ غالباً آہ کے الف کو تعداد بنا کر دو الف سمجھ کر دو عدد لئے ہیں ۱۲ شرافت

Marfat.com

تاریخ وصال

اعلیٰ حضرت سید غلام مصطفےٰ شاہ نوشاہی برخوداری ساہنپالی نوراللہ مرقدہٗ

از نتیجہ فکر

جناب مولانا صاحبزادہ سید ابوالکمال غلام رسول شاہ صاحب برقؔ نوشاہی ہاشمی بحرالعلومی سجادہ نشین ڈوگر شریف ضلع گجرات

آہ غلامِ مصطفےٰ سلطانِ دیں — رفت ازما سوئے فردوسِ بریں
مظہرِ انوارِ برخوردار بود — آں بدیلِ اتقیا سردار بود
قطب و کاملاں را مقتدا — مخزنِ اسرارِ حق بحرِ سخا
غوثِ عالم سیّد و روشن ضمیر — شیخ کامل بے مثال و بے نظیر

در وصالش برق چوں فکرے نمود
گفت ہاتف گو۔ ولی مغفور بود

۱۳۸۴ھ

قطعہ تاریخ

از نتیجہ طبع جناب مولانا میر نذر علی صاحب دردؔ کاکوروی۔ کراچی

کیا کہوں شوّال کی اٹھارہ تھی — اٹھ گیا دنیا سے حق کا اک ولی
رحلتِ حضرت غلامِ مصطفےٰ — ہے مریدوں کے لئے وہ سانحا
ہے تلافی جس کی ممکن ہی نہیں — نوشہ حاجیؒ پیر کے تھے جانشین
دردؔ ہے ارشادِ ہاتف ذوالکرام — سالِ رحلت خوش مکاں دارالسلام

اور یہ ہے سالِ رحلت بے مثال — قادری نوشاہی شیریں وصال ۱۳۸۴ھ
شکر حق ہیں ان کے فرزند ارجمند — حضرت سیّد شرافت ہوشمندؔ
نام، رحلت کا ہے خود دیتا پتا — دردِ دل۔ سیّد غلامِ مصطفےٰ

۱۳۸۴ ۸۴

شاعر صاحب نے یہاں سیّد کی بجائے مشدّد کے بیس اعداد شمار کئے ہیں، ۱۲

Marfat.com

قطعہ تاریخ

از فکر بلند جناب سیّد خورشید علی مہر تقوی جے پوری۔ کراچی ؎

نیک دل سیّد غلام مصطفےٰ والا حسب
دارِ فانی سے ہوئے راہی سوئے دارِ بقا

مہر سے رضوان نے ان کے سال رحلت کیلئے
آئے جنت میں غلام مصطفےٰ صاحب کہا

۱۹ھ ۶۵

دیگر مصرعہ تاریخ

"عازمِ[1] جنت ہوئے سیّد غلام مصطفےٰ"

۱۹ء ۶۵

قطعہ تاریخ

از نتیجہ فکر ممتاز الشعراء جناب ابو الطاہر فدا حسین صاحب فدآ
مدیر اعلیٰ ماہنامہ مہر و ماہ لاہور

؎

چل بسے سیّد غلام مصطفےٰ دنیا سے
داغِ فرقت وہ ہمیں دے گئے ہیں ناگاہ

ہوں بیاں ان کے کمالات و فضائل کیونکر
پاک سیرت تھے وہ قدسی صفت ذی جاہ

معتقد ان کے نہ ہوں کس لئے مغموم و حزیں
وہ دکھاتے تھے انہیں رشد و ہدایات کی راہ

اے فدآ۔ قدسیوں نے ان کا سالِ وصل
کہا۔ شیخ العصر زبدۂ جہاں آہ۔

۱۳ھ ۸۴

---

[1] اس مصرعہ میں ایک عدد زیادہ ہے

۲۔ شرافت

خادمِ سیّد شرافت" کاتب میاں غلام علی قادری نوشاہی ٹھٹہ نیک"

Marfat.com

تصانیف

جناب سیّد شرافتؔ نوشاہی مظلہ العالی

اذکارِ نوشاہیہ	قیمت -/-/۱۲	فیض القادریہ	قیمت
انوارِ نوشاہیہ	" -/-/۵۰	لطائف علمیہ	"
ارمغانِ امینیہ	" -/-/۵۰	کشف الحقائق	"
عملیاتِ شرافت (حصہ اوّل)	" -/-/۱۲		

گنج الاسرار مصنفہ حضرت نوشہ گنج بخش رح مرتبہ سیّد شرافت ——

کنز الرحمت فارسی از مولوی محمد اشرف فاروقی ——

کلیاتِ اشرف " " " مرتبہ سیّد شرافت ——

لمعات التصوّف از سائیں فتح خاں ——

گنجینۂ قادری نوشاہی " " ——

شریف التواریخ (زیرِ طبع)

یہ مبسوط کتاب ضخیم تین جلدوں پر مشتمل ہے جو تقریباً چار ہزار صفحات ہوگی۔ اس کتاب کو جناب شرافت صاحب نے سال ہا سال کی محنت شاقہ مرتب فرمایا ہے۔ اور اس جامع و مانع کتاب میں سلسلہ نوشاہیہ کی تاریخ بیان کی گئی ہے۔ یہ کتاب بلاشبہ اپنے موضوع پر پہلی تصنیف حرفِ آخر بھی۔

الملتمس

ناظم:۔ مکتبہ نوشاہیہ۔ ساہن پال شریف ضلع گجرات (مغربی پاکستان)

Marfat.com

Marfat.com

جملہ حقوق محفوظ ہیں

(سلسلۂ اشاعت کتب نوشاہیہ نمبر ۳)

اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا

یہ نصیحت کی باتیں ہیں۔ تاکہ اگر کوئی چاہے تو اپنے پروردگار کی طرف پہنچنے کا راستہ اختیار کرے

گنج بخش قطبِ عالم شاہِ نوشہ مقتدا

ناقصاں را شیخ کامل، کاملاں را پیشوا

انوارِ نوشاہیہ

یعنی

تذکرۃ السالکین۔ عمدۃ العارفین سلطان العاشقین۔ برہان الواصلین۔ سرتاج اولیاء۔ سرحلقہ اصفیاء شیخ الاسلام۔ مجدد اکبر حضرت حافظ سید حاجی محمد نوشہ گنج بخش قادری قدس سرہ العزیز

بانیٔ سلسلۂ عالیہ نوشاہیہ کے مختصر نقوشِ حیات

مرتبہ

حضرت مولینا سید الواعظ شریف احمد صاحب شرفت قادری نوشاہی برخورداری مدظلہ العالی مقیم

آستانہ عالیہ نوشاہیہ ساہنپال شریف ضلع گجرات

ناشر:- انجمن سادات نوشاہیہ گجرات (پاکستان)

تحفہ برائے مولانا محمد اقبال محمودی سے

سید شرافت نوشاہی ۲۵ جنوری ۹۱ء

Marfat.com

۶ر انشا پریس لاہور تعداد ایک ہزار

سالہا باید کہ تا یک مردِ حق پیدا شود
بایزید و، اندر خراسان یا اویس اندر قرن

ایک نظر

زیرِ نظر کتابچہ میں وہ جواہر ریزے جمع ہیں جن کی قدر و قیمت مذاقِ ہنر مند پر مخفی نہیں نقیش باطن میں بھی ان کی قیمت اربابِ تصوف کے ہاں کہیں کم نہیں البتہ نہیں تنقیدی نظر سے یکسر خالی الذہن ہونے کی قوی دلیل ہے مصنف ممدوح نے جس علمی و ادبی صنف سے قلم اٹھایا ہے وہ بلا مبالغہ قابلِ داد بھی ہے اور لائقِ رشک بھی ہے اگر اس کے تعارف پر بالاختصار بھی کچھ لکھا جائے تو بھی بیشمار صفحات درکار ہیں بہرکیف صرف اتنا لکھ دینا ضروری ہے کہ فاضل مصنف کی کاوش اور محنت نے تحقیقی اعتبار سے ہمارے سامنے فیوضِ دیرینہ کا ایک ایسا عمیق و وسیع چشمہ کھول دیا ہے جس سے تشنگانِ معرفت بفیضِ ذوق کے ساتھ تا ابد سیراب ہوتے رہیں گے ——— حضرت سید شریف کی تصانیف محدود ہیں میرے خیال میں ایک سو کے قریب کتب ایسی ہیں جو افادیت کے لحاظ سے مسلمہ اور ضخامت کے لحاظ سے بھی قابلِ قدر ہیں جن میں زیادہ تر فلسفہ، تاریخ، ادب اور تصوف پر مشتمل ہیں۔ مگر گردشِ ایام کا یہ عالم ہے کہ وہ سب کی سب غیر مطبوعہ ہیں اور کوئی فرد بھی ایسا نہیں ملتا جو انہیں نشر کرنے میں ممد و معاون ثابت ہو۔ آپ ملت کے ان برگزیدہ افراد میں سے ایک ہیں جن پر ملک کے ذرہ ذرہ کو بجا طور پر ناز ہے جس کو مذہب و ملت کا کچھ احساس ہو ایسے لوگ موجودہ فضا میں ڈھونڈنے سے کم ملتے ہیں خدا کا شکر ہے کہ ابتدائے عالم سے ہی خدماتِ ملت آپ کا حقیقی نصب العین رہا ہے یہی وجہ ہے کہ آپ نے روزِ اول ہی سے شغف میں محو رہتے ہیں آپ کی ذاتِ گرامی ہمارے خوشی کو اور دوبالا کر دیتی ہے کہ آپ ہمارے خاندان کے ایک جلیل القدر عالم باعمل اور صفاتِ حسنہ کے لحاظ سے زندہ جاوید مخلوق و مخلص ہونے کے علاوہ کلی طور پر خدمتِ اسلام کی خاطر سرگرمِ عمل ہیں۔

وعدہ ہے کہ مستجاب الدعوات آپ کی اس نیت سے ہر کہ و مہ کو مستفیض و مستفید ہونے کی توفیق عطا فرمائے اور ان کے لئے بجائے خود ہی خدمت جمیلہ آخرت ہو اور وہ کل کو میدانِ حشر میں اپنے اسلاف کے بلند پایہ مقام پر سرور و شاد کھڑے ہوں اور تا دمِ رستخیز بقیدِ حیات ہوں خدا آپ سے اور زیادہ فیض یاب ہوتے ہوئے ہمیشہ ہمیشہ ان کی مداح و معترف ہو غرضیکہ ہر پہلو میں ان کی زندگی احسن طریق پر گزرے اور ہم نہیں جب بھی دیکھیں شاداں و فرحاں نظر آئیں۔

؎ جمنے کہ تا قیامت گلِ او بہار دارد!

بندہ ہاشم
نعمت نوشاہی کان اللہ

شرقپور شریف
۲۰ رجب المرجب ۱۳۸۰ھ

Marfat.com

فہرست اوّل

	صفحہ		صفحہ
مقدمہ	۷	عطائے خلافت کبریٰ	۱۴
تبلیغ کے طریقے	۷	تقرر نوشہرہ	۱۴
طریقہ صوفیہ کی خصوصیت	۸	پیشگویاں	۱۵
حضرت نوشہ گنج بخشؒ	۱۰	عبادت و ریاضت	۱۵
نام و لقب	۱۰	اخلاق و عادات	۱۶
ابتدائی حالات	۱۰	نوشہ کا لقب عطا ہونا	۱۶
تاریخ ولادت	۱۱	گنج بخش کی وجہ تسمیہ	۱۶
تعلیم	۱۲	صدائے فیضِ عام	۱۷
کشفِ علوم	۱۲	کمالاتِ عالیہ	۱۸
بیعتِ طریقت	۱۲	مقاماتِ متعالیہ	۱۸
جذب و سلوک	۱۲	خوارق و کرامات	۱۹

Marfat.com

	صفحہ		صفحہ
دو لاکھ آدمیوں کو مسلمان کرنا	۱۹	تبرکات	۲۶
ایک جوگی کا مشرف باسلام ہونا	۲۰	اولادِ کرام	۲۶
سلاطین سوریہ ومغلیہ کی امداد کرنا	۲۱	خلفائے عظام	۲۷
دوسرے ملکوں میں اسلامی تبلیغ	۲۱	وفات	۲۹
شاہجہاں کو غرق سے بچانا	۲۲	مدفن پاک	۲۹
فتح قندھار کی دعا	۲۲	قطعہ تاریخ	۳۰
لنگر کے واسطے جاگیر	۲۳	انتقال مزارات	۳۰
تصانیف	۲۴	خاتمہ	۳۱
ارشادات	۲۵		

فہرست ثانی

وہ مضامین جو ضمناً یا حاشیہ پر درج ہیں!

شجرہ نسب حضرت نوشہ صاحبؒ (حاشیہ پر)	۲	کرامت نوشاہی اور معجزہ نبوی کی مطابقت (حاشیہ پر)	۲۴
سید ابراہیم عون قطب شاہ علوی رح	۱۰	سید حافظ محمد برخوردار بحر العشق نوشاہیؒ	۲۹
سید نعمان علی محسن علوی رح	۱۱	سید محمد ہاشم دریا دل نوشاہیؒ	۲۷
سید محمود شاہ پیر جالب علویؒ	۱۱	مؤلف کا نسب نامہ حاشیہ پر	۲۷
سید شمس الدین سنگی شہید علوی رح	۱۱	سیدہ سائرہ خاتون نوشاہیؒ	۲۷
حاجی سید علاؤ الدین حسین غازی علویؒ	۱۱	انجمن خاندان نوشاہیہ	۲۱
سلسلۂ طریقت حضرت نوشہ صاحب (حاشیہ پر)	۱۳		

Marfat.com

تقریظ

از قلم جناب شہزادہ شاہد رضا صاحب شرافتی ساکن لوڑھکی ضلع گوجرانوالہ

خلیفہ حضرت پیر شرافت صاحب نوشاہی مولف کتاب ہذا

حضرت پیر شرافت صاحب کامل مرد الٰہی — جن دی ہے تصنیف مبارک ایہہ انوار نوشاہی
پڑھنے والا لطف اٹھاوے چکھے وصل نوالا — میں جہیاں دا رہبر جانو ایہہ انوار رسالہ
صوفی سالک عابد زاہد رمز نرالی پاون — عشق محبت پاون جیہڑے سنوں پڑھن پڑھاون
سچے گوہر سمجھن اس نوں عارف لوک تمامی — مرحبا لکھ وار پکارن واہ انوار گرامی
جنہ عشق حقیقی والا میں بھی انھوں پایا — لکھ مبارک پیر شرافت جس ایہہ چانن لایا
سب مومن مل پڑھو پڑھاؤ ہووے فضل الٰہی — قسم خدا دی پڑھنے والا پاوے قلب صفائی
حضرت نوشہ صاحب سندے خوب حوال لکھائے — بیشک پڑھنے والا صاحب عشق حقیقی پائے
دین دنی دا سہرا یار وہادی نوشہ میرا — کل دلیاں مکھیں جس دا مولا کیتا شان وڈیرا

سچے لال جواہر موتی حرف اُدے نورانی
مخفی راز کھلن سب شاہد ہوئے فضل ربانی

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ

مقدمہ

خداوند ذوالجلال نے اپنے کلام بمثال میں ارشاد فرمایا ہے وَلْتَکُنْ مِّنْکُمْ اُمَّۃٌ یَّدْعُوْنَ اِلَی الْخَیْرِ وَیَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَیَنْھَوْنَ عَنِ الْمُنْکَرِ یعنی چاہیئے کہ تم میں ایک ایسی جماعت موجود رہے جو لوگوں کو نیکی کی طرف دعوت دے اور اچھے کاموں کا حکم کرے اور برائیوں سے روکے

تبلیغ کے طریقے

اس کی تعمیل اہل اسلام نے بالعموم تین طرح پر کی۔

۱۔ علمائے ظاہر نے زبانی تقریروں اور قلمی تحریروں اور مناظروں سے تبلیغ فرمائی۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ دلائل حقہ واضح ہو گئے اور فرقہائے باطلہ کے دلائل ٹوٹ گئے اور وہ خاموش ہو گئے جَآءَ الْحَقُّ وَزَھَقَ الْبَاطِلُ۔

۲۔ ارباب حکومت نے سیف و سنان یعنی جہاد سے تبلیغ کی اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ غیر اقوام نے اسلامی حکومت و قوانین کے آگے سر تسلیم خم کر دیا، اور بعد میں اہل اسلام کے اخلاق اور اسلام کی تعلیمات

Marfat.com

سے متاثر ہو کر حلقہ اسلام میں داخل ہوئیں۔

۳۔ علمائے باطن یعنی صوفیائے کرام اہل اللہ نے تصرفاتِ قویہ و انجذابِ قلبیہ سے تبلیغ کی' لوگوں کو ایمان کی حقیقت سے آشنا کیا' اور ان کے دلوں کو نورِ اسلام سے منور کیا' کافروں کو مومن کامل اور مومنوں کو اولیاء اللہ بنایا۔

طریقۂ صوفیہ کی خصوصیّت

موخر الذکر تبلیغی طریقہ سب سے زیادہ موثر اور مفید ثابت ہوا، کیونکہ اس کا تعلق براہ راست قلوب سے ہے' جو لوگ صوفیہ کے ذریعے داخل اسلام ہوئے' وہ مرتبۂ ایمان کے درجاتِ اعلیٰ یعنی اطمینان احسان سے بہرہ یاب ہوئے۔ یہ طریقہ اُسوۂ حسنہ نبویہ کے عین مطابق تھا' حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق ارشاد الٰہی ہے۔ یُزَکِّیْهِمْ وَیُعَلِّمُهُمُ الْکِتٰبَ وَالْحِکْمَةَ' یعنی حضور پہلے لوگوں کا تزکیہ نفس کرتے ہیں' اور پھر کتاب حکمت کی تعلیم دیتے ہیں' چنانچہ اسی طرح صوفیہ نے توجہ باطنی سے کافروں کو مسلمان بنایا' فاسقوں کو صالح' اور چوروں کو قطب بنایا' ایسے ہی اولیاء اللہ کے متعلق ارشاد نبوی ہے اِنَّ لِلّٰهِ تَعَالٰی عِبَادًا اِذَا نَظَرُوْا اِلٰی عِبَادِهٖ اَلْبَسُوْهُمْ لِبَاسَ السَّعَادَةِ' یعنی خدا تعالیٰ کے کئی ایسے بندے ہیں کہ اگر وہ اس کے بندوں کی طرف توجہ کر دیں' تو ان کو سعادت کا لباس پہنا دیں۔ اسلامی تاریخ کے بہ نظر غائر مطالعہ سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ ترویج و تشہیر اسلام مسلمان بادشاہوں

Marfat.com

سے زیادہ اللہ تعالیٰ کے ایسے پاک بندوں کی مساعی جمیلہ کی مرہون منت ہی ہے جن کی زندگیاں اللہ تعالیٰ کا نام بلند کرنے اور اپنے اعمال و افعال سے اسلام کو دنیا میں پھیلانے میں بسر ہوئیں آج اگر اسلامی عروج و ترقی کی تاریخ صحیح طور پر تحریر کی جائے تو وہ اولیاء اللہ کی اسلام کی نشر و تبلیغ کے سلسلے میں سعی و کوشش کی تاریخ ہوگی جس میں مسلمان فاتحین اور شہنشاہوں کا نام ضمناً درج ہوگا۔

موجودہ مادہ پرستی کی روح فرسا تاریکیوں سے انسانیت کو باہر نکالنے کیلئے ضروری ہے کہ اسے روحانیت کی جاں پرور روشنی سے آشنا کیا جائے اس اعلیٰ مقصد کے حصول کیلئے دنیا کو اولیاء اللہ کے سوانح حیات اور تعلیمات سے روشناس کرنا ضروری ہے، ان بزرگان دین کی مقدس زندگیاں اسلامی اخلاق کا مکمل نمونہ تھیں یہی وہ پاک ہستیاں ہیں جنہوں نے کفر و ضلالت میں بھٹکتے ہوئے لاتعداد انسانوں کو رشد و ہدایت کی روشن شاہراہ کی طرف رہنمائی کی۔

یہ سادہ مختصر سی کوشش ہے ایسی ہی ایک گزیدہ شخصیت ایک جلیل القدر ہستی مخزن اسرار توحید، مظہر انوار تجرید برہان الاتقیاء سلطان الاصفیاء وارث الانبیاء غالب اللہ ولیاء قطب الاقطاب فرد الاحباب حضرت حافظ سید حاجی محمد نوشاہ گنج بخش قادری قدس سرہ العزیز کے سوانح حیات پیش کرنے کی جن کی تمام حیات مقدس اسلامی تعلیمات کا روشن نمونہ رہی اور جس کے نور سے لاکھوں گم کردہ راہ کسب فیض کرتے ہوئے دائرہ اسلام میں داخل ہونے کی سعادت حاصل کر سکے اور فسق و عصیاں کے تعریق سے نکل کر ولایت کے مرتبہ جلیلہ پر فائز ہوئے۔

سید شرافت نوشاہی

ساہنپال شریف ۱۴ رجب المرجب ۱۳۸۱ھ

Marfat.com

حضرت نوشہ گنج بخشؒ

نام ولقب

آپ کا اسم گرامی حاجی محمد کنیت سامی ابوہاشم، لقب نوشہ، خطاب گنج بخش۔ مجدد اکبر، بھوورے والا تھا۔

آپ سادات علوی[1] عباسی کے روشن چراغ تھے،

ابتدائی حالات

آپ کے اجدادِ عالی نہاد میں سب سے پہلے حضرت سید عون قطب شاہ علوی بغداد شریف سے بحکم حضرت غوث الاعظمؒ تبلیغ اسلام کے واسطے ہندوستان وارد ہوئے اور کئی راجپوت اقوام نے ان کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا عرب اور ہند کی تاریخیں ان کے تبلیغی کارناموں سے روشناس کرتی ہیں۔[2]

---

[1] آپ کے والد بزرگوار کا نام حاجی الحرمین الشریفین سید علاء الدین حسین غازی الملقب بہ علی غازی صاحب تھا ابن سید شمس الدین سنگی شہید بن سید جلال الدین محمد بن سید عبداللہ ذاکر ہو بن سید شاہ محمد المعروف شاہنشاہ بن سید گل محمد بن سید معز الدین بن سید عبدالصمد بن سید عطاء اللہ بن سید عبدالاول بن سید محمود شاہ المعروف پیر لب بن سید کمال الدین احمد شاہ بن جلال الدین سلطان شاہ بن سید محمد شاہ بخمند بن سید شمس الدین سکندر شاہ انور بن سید برہان الدین مہتر بن سید جلال الدین گوہر علی بن سید عز الدین عزت بن سید جمال الدین اسحاق بن سید عبدالحق بن سید محمد زمان علی محسن بن سید عبدالعلی ابراہیم عرق قطب ثانی بغدادی بن سید علی قاسم بن سید حمزہ ثانی بن سید طیار بن سید قاسم بن سید علی بن سید جعفر ثانی بن سید حمزہ اکبر بن سید ابوالعباس حسن بن سید عبیداللہ مدنی بن سید امام ابوالفضل عباس علمدار شہید کربلا بن حضرت سید امام ابوالحسن علی المرتضیٰ۔[2] خلاصۃ الانساب وغیرہ

ان کے بیٹے سید زمان علی محسن ؒ نے مجاہدانہ رنگ میں تبلیغی فرائض انجام دیئے' اور علاقہ دوابہ جج میں کرانہ پہاڑی کو اپنے مسکن و موطن کے لئے انتخاب کیا[1]۔

ان کے بعد دسویں پشت میں سید محمود شاہ المعروف پیر جالب ؒ نے ہنگامہ مشیخیت گرم کیا' اور بیشمار مخلوق کو گمراہی سے نکال کر راہ راست پر لگایا' یہ اپنے زمانہ کے کبار مشائخ سے تھے' بعض مؤرخوں میں سے سر لے سراس نے اپنی کتاب ٹرائبز اینڈ کاسٹس آف پنجاب میں ان کا تذکرہ کیا ہے ان کا مزار رام دیانہ ضلع سرگودھا میں ہے'

ان کے بعد نویں پشت میں سید شمس الدین سنگی شہید' عالی قدر مجاہد تھے' طوائف الملوکی کے زمانہ میں مخالفین اسلام سے برسرپیکار رہتے' آخر دشمنوں کے ہاتھ سے جام شہادت نوش کیا۔

ان کے بیٹے حاجی الحرمین سید علاؤ الدین حسین غازی ؒ نے سات حج کئے اور اکثر مرتبہ جہاد میں بھی شرکت کی بیشمار مخلوق کو اپنے باطنی فیض سے نوازا' ان کا مزار آخر بنام حاجی غازی صاحب "گھگھانوالی ضلع گجرات میں ہے[2]'

تاریخ ولادت

حضرت نوشہ صاحب ؒ کی ولادت باسعادت بروز سوم واریکم رمضان المبارک ۹۵۹ھ / ۱۵۵۲ء میں بعہد سلطان سلیم شاہ بن شیر شاہ سوری بمقام گھگھانوالی ہوئی[3]۔

---

[1] زاد الاخوان۔ باب الاخوان ۱۲ [2] اس خاندان کے تمام بزرگوں کے مفصل حالات کیلئے تاریخ عباسی مرتبہ مصنف سالہذا مطالعہ فرمائیں ۱۲۔ [3] خاندانی مخطوطات ۔ اشرافت

Marfat.com

تعلیم

آپ نے موضع جاگو تارڑاں تحصیل بچھالیہ میں حضرت حافظ قائم الدین صاحب قاری حنفی رح اور بقول حافظ بڑھا صاحب رح سے تعلیم ظاہری پائی، قرآن مجید حفظ کیا، علوم منقول و معقول سے فارغ التحصیل ہوئے [1]

کشفِ علوم

زمانہ تعلیم میں آپ کو دو ملائکہ نوری خواب میں ملے انہوں نے آپ کو مخارج حروف بتلائے اور آپکے دہن مبارک میں انگلیاں لگائیں اس سے آپ پر علوم لدنی کے دروازے کھل گئے، اور عَلَّمْنَاهُ مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا۔ نقید وقت ہوا، اور قال سے حال پر پہنچے۔

بیعتِ طریقت

آپ نے پہلے اپنے سلسلہ آبائیہ میں اپنے والد ماجدؒ سے طریقہ سلوک حاصل کیا، اور سلسلہ قادریہ قطبیہ میں مجاز ہوئے [2]

---

[1] ثواقب المناقب تحقیقات چشتی [2] رسالہ احمد بیگ ہوری [3] ثواقب المناقب عنایت

پھر بیعتِ تحکیم و عزیمت متبول درگاہِ سبحان حضرت سخی شاہ سلیمان نوری سے کی [1]

جذب و سُلوک

حضرت سخی بادشاہؒ کی تطر فیض اثر سے آپ پر حالتِ جذب طاری ہوئی، تین ماہ تک اسی حالت میں محو و بیخود رہے، دنیا و مافیہا سے کوئی خبر نہ تھی، اس کے بعد پیر روشن ضمیر نے توجہ فرمائی، تو آپ کی حالت صحو میں تبدیل ہوئی، اسی محویت میں تمام مقاماتِ سلوک پر عبور ہو گیا،

---

[1] سلسلہ طریقت یہ ہے کہ حضرت سخی بادشاہ مرید مجمع البحرین شاہ معروف خوشابی کے، وہ مرید مخدوم سید مبارک حقانی اوچی کے، وہ مرید اپنے والد مخدوم سید محمد غوث اوچی کے، وہ مرید اپنے والد سید شمس الدین اعظم سبزواری کے، وہ مرید اپنے والد سید ابو عبداللہ سید میر گیلانی کے، وہ مرید اپنے والد سید ابو الحسن علی گیلانی کے، وہ مرید اپنے والد سید ابو البرکات سید گیلانی کے، وہ مرید اپنے والد سید ابو العباس احمد گیلانی کے، وہ مرید اپنے والد سید صفی الدین صوفی گیلانی کے، وہ مرید اپنے والد سید سیف الدین عبدالوہاب گیلانی کے، وہ مرید اپنے والد غوث الثقلین قطب الاتقیاء حضرت سید ابو محمد محی الدین عبدالقادر جیلانی کے، وہ مرید اپنے شیخ ابو سعید مخزومی کے، وہ مرید شیخ ابو الحسن علی ہنکاری کے، وہ مرید شیخ ابو الفرح یوسف طرطوسی کے، وہ مرید شیخ ابو الفضل عبدالواحد تمیمی کے، وہ مرید شیخ ابو بکر دلف شبلی کے، وہ مرید سید الطائفہ شیخ امام ابو القاسم جنید بغدادی کے، وہ مرید اپنے ماموں شیخ ابو الحسن سری سقطی کے، وہ مرید شیخ ابو المحفوظ معروف کرخی کے، وہ مرید شیخ ابو سلیمان داؤد طائی کے، وہ مرید شیخ ابو محمد حبیب عجمی کے، وہ مرید شیخ امام خواجہ ابو سعید حسن بصری کے، وہ مرید اسد اللہ الغالب حضرت امام ابو الحسن علی المرتضیٰ کے، وہ مرید سید المرسلین خاتم النبیین حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے رضوان اللہ علیہم (۱۲)

اور وصول الی اللہ حاصل ہو گیا [1]

عطائے خلافتِ کبریٰ

پھر حضرت سخی بادشاہ رح نے آپ کو خلافت کبریٰ عطا فرمائی' اور باطن میں مجلس محمدی میں حاضر کیا' جہاں چہار یار ظاہری اور چہار یار باطنی' اور چودہ خاندانوں کے مشائخ کے ارواح حاضر تھے' سب نے آپ کو اپنے اپنے سلسلہ کا فیض عطا کیا' یہی وجہ ہے کہ جو شخص نوشاہی سلسلہ میں داخل ہو کر ریاضت مجاہدہ کرتا ہے' وہ جلد فیضیاب ہوتا ہے ؎

آنجا کہ زاہداں بہزار اربعین رسند مست شراب عشق بیک آہ میرسد [2]

تقرر نوشہرہ

آپ نے بحکم حضرت سخی بادشاہ رح دریائے چناب کے شمالی کنارہ پر موضع نوشہرہ تارڑاں میں جو بعد میں سامبیال شریف کے نام سے موسوم ہوا' اقامت اختیار فرمائی' اور حضرت پیر روشن ضمیر نے بحکم حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ کو بشارت دی کہ یہ دیار آپ کو اور آپ کی اولاد کو اور مریدوں کو قیامت تک کیلئے سپرد کی گئی ہے' اور آپ کا سلسلہ ارشاد یہاں جاری رہے گا! [3]

---

[1] رسالہ احمد بیگ [2] رسالہ احمد بیگ۔ مناقبات نوشاہیہ۔ سرّ مکتوم۔

[3] تذکرہ نوشاہیہ۔ شرافت

Marfat.com

پیش گوئیاں

حضور اس آخری زمانہ میں خدا کے نشانوں میں سے ایک نشان اور حجۃ اللہ تھے، آپ کے متعلق بہت بزرگوں نے پیش گوئیاں فرمائی ہیں جو کتب مشائخ میں مذکور ہیں، حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت علی المرتضیٰ علیہ السلام[1]، اور حضرت غوث الاعظم رح[2]، اور حضرت سید مبارک حقانی رح[3] اور حضرت شاہ معروف خوشابی[4] اور حضرت سخی شاہ سلیمان نوری رح[5] اور حضرت حاجی سید علاؤ الدین حسین غازی رح[6] اور حضرت سید رحیم الدین علوی رح[7] نے آپ کی ولادت سے پہلے اور حضرت شیخ عبدالوہاب متقی قادری شاذلی قطب مکہ رح[8] نے آپ کے ظہور سے پہلے آپ کے وجود مسعود کی بشارتیں دیں

عبادت و ریاضت

آپ ریاضت و مجاہدہ میں سرگرم رہتے، مدت العمر صائم الدہر و قائم اللیل رہے، اشغال اور اورادِ قادریہ پر مواظبت رکھتے، ذکر جہر نفی اثبات، ذکر اسم ذات، ذکر حبس، شغل محمود، شغل نفیر سلطان الاذکار، پاس انفاس، تصور شیخ پر حضور کامل تھا، اور اپنے درویشوں کو بھی ان پر عمل کرنے کا ارشاد فرماتے تھے۔

---

[1] نفس العشق [2] مناقبات نوشاہیہ [3] خزینۃ الاصفیا جلد اول [4] ثواقب المناقب [5] کنز الرحمت [6] [7] رسالہ حمیدیہ [8] شرائط

Marfat.com

اخلاق وعادات

آپ اخلاق محمدی کا مجسم نمونہ تھے غریبوں مسکینوں سے محبت کرتے سلام دینے میں سبقت فرماتے سائلوں کو دروازے سے خالی نہ لوٹاتے، ہر حاجتمند کی حاجت روائی کرتے مہمانوں کی خدمت خود بنفس نفیس کرتے مسافروں کے واسطے لنگر جاری رہتا علم دوست تھے، اکثر اوقات متغرق اور توجہ الی اللہ میں گذار دیتے [1]

نوشہ کا لقب عطا ہونا

آپ نے بحکم حدیث شریف مَنْ اَخْلَصَ لِلّٰہِ تَعَالٰی اَرْبَعِیْنَ یَوْمًا ظَھَرَتْ لَہٗ یَنَابِیْعُ الْحِکْمَۃِ مِنْ قَلْبِہٖ اِلٰی لِسَانِہٖ یعنی جو شخص خلوص نیت سے چالیس روز اللہ تعالیٰ کی عبادت کرے اس کے دل سے حکمت کے چشمے جاری ہو کر زبان سے ظاہر ہوتے ہیں ایک جنگل میں پرانے کنوئیں کے اندر چلہ کیا، وہاں آپ کو نوشہ کا لقب عطا ہوا، اور ہاتف غیبی نے آپ کو نوشہ نوشہ کہہ کر پکارا، جن انس، چرند و پرند، ہر کہ و مہ نے آپ کو نوشہ پکارنا شروع کیا، درختوں کے پتوں اور فضا سے صدائے نوشہ نوشہ گونج اٹھی، اور آپ کی نوشاہت کا لقاب

---

[1] رسالہ احمد بیگ لاہوری - شرافت

Marfat.com

عالمِ عُلوی و سفلی میں بجایا گیا ۔

صاحب مجمع الاسرار نے لکھا ہے۔ کہ حضرت خضر علیہ السلام نے آپ کو نوشہ کا لقب نوازش کیا" نوشاہت سے مراد مقام محبوبیت کبریٰ ہے یعنی جس طرح براتیوں میں مجازی نوشہ (دولھا) فضیلت رکھتا ہے اسی طرح جماعت اولیاء اللہ میں آپ حقیقی نوشہ ہیں اور فضیلت کلی رکھتے ہیں ۔

گنج بخش کی وجہ تسمیہ

خداوند کریم عزاسمہ نے آپ کو خزائن ملک و ملکوت سپرد فرمائے تمام حاجتمندوں کی ظاہری و باطنی حاجتیں آپ کی درگاہ سے پوری ہونے لگیں اور پورے پورے اسم الٰہی وَھَّابُ کے مظہر بن گئے تو مخلوق نے آپ کو گنج بخش کہنا شروع کیا ۔

کتاب منتخب اولیاء میں ہے کہ حضرت یحییٰ بادشاہ رح نے آپ کو یہ خطاب عطا فرمایا تھا کوئی شخص آپ کے دروازہ سے خالی نہ جاتا تھا ۔

صدائے فیضِ عام

تحائف قدسیہ میں لکھا ہے ۔ کہ پہر دن چڑھے تک آپ کی صدائے عام ہوتی ہے

Marfat.com

شخص کو تنقیح باطنی کی ضرورت ہو، جو عشقِ حقیقی کا طالب ہو، جو خدا سے واصل ہونا چاہتا ہو، وہ آئے اور مستفیض ہو جائے، صاحب کنز الرحمۃ نے ملائکہ کی زبان سے آپ کی نسبت کہا ہے

پُر از عشق دربارِ نو شاہ ہست کہ صباغ من صبغۃ اللہ ہست

کمالاتِ عالیہ

آپ کی ذات میں بوراثتِ محمدی وہ تمام کمالات موجود تھے، جو حضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس میں بدرجہ اتم موجود تھے، کیونکہ آپ ظاہر و باطن، قول و فعل و حال میں سنّت نبوی کے پورے پورے متبع اور شریعت مصطفوی کے بجد کمال پابند تھے آپکا ارشاد ہے

طریقۂ نبوی طریق من ست سوئے شرع رفتن رہِ روشن ست

کنز الرحمۃ

مقامات متعالیہ

مورخین و مصنفین نے آپکے حالات میں بتصریح لکھا ہے۔ کہ آپ کو مقام نوشاہت، مقام گنج بخش، مقام وراثت الانبیاء، مقام مجددیت کبریٰ، مقام فردیت، مقام صدیقیت، مقام امانت، مقام غوثیت، مقام قطبیت، مقام طہارت وغیرہ حاصل تھے، ہر ایک کی تفصیل کے واسطے دفتر درکار ہیں، نوشاہیت کا مرتبہ گویا تمام مراتب کا جامع ہے[1]

[1] ان مقامات کی پوری تفصیل میری کتاب شریف التواریخ جلد اول مرسوم بہ تاریخ خواجہ قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ ملاحظہ فرمائیں۔ شکریہ

Marfat.com

خوارق وکرامات

آپ سے خوارق وکرامات کا ظہور بکثرت ہوتا تھا، چونکہ آپ نائب وارث حضرت غوثِ اعظم تھے، اس لئے متواتر آپ سے کرامتیں ظاہر ہوتی تھیں، احیائے موتیٰ، امانتِ احیاء، طی زمان، طی زمین، قبض ارض، تصرف فی الاشباح، تصرف فی الاکوان، تصرف فی الاجسام، تصرف فی القضا، کشف کونی وآنی، اجلائے قلوب، مژدہ عطائے اولاد، توسیع رزق، التفات توجہ، وجد وذوق کا ہونا، مرتبہ ولایت کو پہنچا دینا، غرضیکہ تمام اقسام کرامات آپ کی نظر کا ادنیٰ کرشمہ تھا۔[1]

دو لاکھ آدمیوں کا مسلمان ہونا

آپ نے روحانی توجہات سے اسلامی خدمات کو بحد کمال انجام دیا، بے شمار مخلوق آپ کی تبلیغ سے متاثر ہو کر کفر سے تائب ہو کر حلقۂ اسلام میں داخل ہوئی، آپ کی اسلامی تبلیغ کا اعتراف یوروپین مورخوں نے بھی کیا ہے،

چنانچہ پروفیسر ٹامس آرنلڈ نے پریچنگ آف اسلام میں ایک فرانسیسی مستشرق کی کتاب خطبات گارساں دی تاسی کے حوالہ سے لکھا ہے کہ ہندوستان میں کوئی باقاعدہ اسلامی تبلیغی

---

[1] تذکرہ نوشاہیہ۔ کنز الرحمت ۱۲ شرافت

سوسائٹی نہیں جس کا کوئی مرکز یا انتظام ہو' البتہ انفرادی طور پر بعض لوگوں نے تبلیغی خدمات انجام دی ہیں چنانچہ اسلام کے ایک محترم بزرگ حاجی محمد کی کوششوں سے دو لاکھ آدمی حلقہ اسلام میں داخل ہوئے

ایک جوگی کا مشرف باسلام ہونا

منقول ہے کہ ایک مرتبہ ایک ہندو جوگی آپ کی خدمت میں حاضر ہوا' اور اپنے کمالات کا تذکرہ چھیڑا' کہنے لگا کہ آپ گاؤں سے باہر چل کر میری کرامات کا ملاحظہ کریں' آپ باہر تشریف لے گئے' وہ جوگی کسی جھاڑی کے پیچھے سے ہو کر باہر آیا' تو ایک خوبصورت بچے کی صورت پر تھا' سامنے آکر سلام کیا' پھر پردہ سے ہو کر آیا تو تیس سالہ نوجوان تھا' پھر اصلی صورت پر ہو گیا' اور عرض کیا کہ میں نے بارہ بارہ سال کی تین ریاضتیں کی ہیں' اور تین جوگ حاصل کئے ہیں اور یہ مرتبہ پایا ہے کہ ان حالتوں میں اپنی شکل تبدیل کر سکتا ہوں' حضرت نوشہ گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا تو نے اپنی تمام عمر ضائع کر دی ہے اگر صورت کا تبدیل ہونا سیکھا تو کیا ہوا' آؤ ہمارے ساتھ عشق الٰہی کا کام کرو' آپ دریا پر پہنچے تو دریا کی طرف منہ کر کے ھُوْ کا نعرہ لگایا' اسی وقت تمام پانی سے اور تمام نباتات اور زمین آسمان شجر و حجر اور مخلوق سے ھُوْ کی صدا گونجنے لگی' اور تمام اشیاء سے الٰہی جاری ہو گیا' جس کو سب حاضرین نے بگوش ظاہر سنا' یہ تصرف دیکھ کر وہ جوگی کفر سے تائب اور اسلام قبول کیا' اور آپ کے دست حق پرست پر بیعت کر کے کمال اولیاء

Marfat.com

سے ہو گیا[1]۔ وہ جو گی کثیر التعداد لوگوں کا رہنما تھا' جب وہ مسلمان ہوا' تو اس کے ہزاروں معتقدین و سیوک بھی اسلام میں داخل ہوئے

سلاطین سوریہ و معتلیہ کی امداد کرنا

آپ نے سلیم شاہ سوری' عادل شاہ' ہمایوں' اکبر' جہانگیر' شاہجہاں کا زمانہ پایا' آپ نے شہنشاہان اسلام کو ہر طرح سے روحانی امداد عطا فرمائی' اور فتوحاتِ اسلامی میں معاونت کی[2]

دوسرے ملکوں میں اسلامی تبلیغ

آپ نے ہندوستان کے علاوہ دوسرے ملکوں میں بھی اپنے خلفاء کے ذریعہ تبلیغ کا فریضہ انجام دیا چنانچہ افغانستان میں خواجہ سید محمد فضیل دہلی رح کو' اور قندھار میں سید شاہ محمد رح کو' اور کشمیر میں حافظ طاہر رح کو' اور علاقہ پوٹھوہار میں شاہ فقاء دیوان' اور سید شاہ محمد شہید بخاری رح وغیرہ کو مناصب قطبیت عطا فرما کر بھیجا' اور ہر ایک کے وجود سے ہزاروں لوگ ربقۂ ضلالت سے نکل کر حلقۂ اسلام میں داخل ہوئے اور ترویج خاندان قادریہ نوشاہیہ فرمود میں آئی[3]

---

[1] تحائف قدسیہ ۱ [2] - [3] تذکرہ نوشاہیہ' ثواقب المناقب۔ کنز الرحمت۔ شرافت

شاہجہاں کو غرق سے بچانا

ایک مرتبہ شاہجہاں بادشاہ کشمیر کی سیر کو گیا ہوا تھا، ایک دن امرا کی معیت میں کشتی پر دریا کی سیر میں مشغول تھا، کہ اچانک کشتی گرداب میں پڑ گئی اور ڈوبنے لگی، سب لوگ زندگی سے مایوس ہو گئے، بادشاہ نے بحکم حدیث شریف اَعِینُوْنِیْ یَا عِبَادَ اللّٰہ کا نعرہ لگایا، اس وقت بامر حق تعالیٰ حضرت نوشہ صاحب فوری طور پر وہاں امداد کو پہنچے، اور کشتی کو سہارا دے کر صحیح سلامت کنارے لگایا اور غائب ہو گئے، [1]

فتح قندھار کی دعا

منقول ہے کہ شاہجہاں بادشاہ نے قندھار کی تسخیر کے لئے پہلے شہزادہ دارا شکوہ کو لشکر دے کر بھیجا، وہ ناکام آیا، پھر شہزادہ اورنگ زیب کو سپہ سالار بنا کر بھیجا، اس نے بھی ہر چند سعی کی۔ لیکن کامیابی کی صورت نظر نہ آئی بادشاہ نے نواب سعد اللہ خاں وزیر اعظم کو حضرت نوشہ گنج بخش رح کی خدمت میں تحائف و ہدایا دے کر بھیجا، اور فتح کے واسطے دعائے خیر کی التجا کی، حضور نے وضو کے واسطے پانی طلب کیا، نواب

---

[1] کنز الرحمت ۱۲ شرافت

Marfat.com

نے خود دریا سے کوزہ پانی کا لاکر حاضر کیا' آپنے وضو کیا' اور تین چھینٹے پانی کے قندھار کی طرف پھینکے' اور فرمایا جاؤ قندھار فتح ہوگیا' بادشاہ کو ہماری طرف سے مبارک باد دے دو اور اپنا ایک دیپڑہ بطور خرقہ تبرک بھی بادشاہ کو بھیجا' نواب نے وہ تاریخ اور وقت لکھ لیا' اور لاہور پہنچ کر بادشاہ کو فتح کی بشارت اور خرقہ پہنچایا' بادشاہ سنکر بہت خوش ہوا' اور سجدۂ شکر بجالایا' ابھی چند روز ہی گذرے تھے' کہ اورنگ زیب کا قاصد مژدہ فتح لے کر پہنچا' اور عرض کیا - کہ جہاں پناہ! ہم نے چھ مہینہ تک قلعہ قندھار کا محاصرہ رکھا' فتح کی کوئی صورت نظر نہ آتی تھی' فلاں تاریخ اور وقت پر تین جگہ سے قلعہ کی دیوار خود بخود گر پڑیں' اور ہم حملہ کرکے داخل ہوگئے اور قلعہ فتح ہوگیا' نواب سعد اللہ خاں نے وہ تحریر دیکھی. تو بعینہ وہی تاریخ اور وقت تھا' جبکہ آپ نے تین چھینٹے پانی کے پھینکے تھے [1]

لنگر کے واسطے جاگیر

شاہجہاں بادشاہ آپ کے ارادتمندوں سے ہوگیا' اور اس نے نذرانہ کثیر حاضر

---

[1] تذکرہ نوشاہیہ ۱۲ ف آپ کی یہ کرامت معجزہ نبوی کے عین مطابق تھی' حضرت سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے جنگ بدر کے موقعہ پر کافروں کی طرف ایک مٹھی بھر خاک پھینکی تھی' وہ سب آنکھوں میں پڑ گئی اور وہ شکست کھا گئے اور فتح مسلمانوں کی ہوئی' اس کے متعلق ارشاد الٰہی ہے وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى ۱۲

کرنا چاہا، مگر چونکہ حضور دنیوی مال سے نفور تھے، اس لئے آپ نے اعتراض کیا، آخر بادشاہ نے معاف
لنگر کے واسطے دو گاؤں موضع ٹھٹھہ عثمان اور بادشاہ پور قتالبطور جاگیر دالتمغا دیئے، جن کا
خراج دو ہزار اکہتر ۲۰۷۱ روپیہ درگاہ عالیہ کو موصول ہوا کرتا تھا، اور لنگر میں خرچ ہوتا تھا، تا اختتام
حکومت مغلیہ وہ جاگیر بحال و برقرار رہی، [1]

حکومت برطانیہ میں ایک چاہ ہمذ والہ بنام درگاہ معاف و اگذار رہا ہے، اور اب
تک وہ عثمانی اولاد کے پاس موجود ہے،

تصانیف

آپ کی زبان پاک سے ایک مجموعہ اشعار اس دور کے عوام کی آسانی اور تبلیغ اسلام و
تصوف کیلئے بزبان ہندی، بنام گنج الاسرار موجود ہے، اس میں طالب حق کے واسطے اذکار و
اشغال قادریہ کو بیان فرمایا ہے، اس کی ایک شرح خلیفہ محمد ابراہیم جالندھری نے بنام
کلید گنج الاسرار فارسی زبان میں نہایت عمدہ لکھی ہے،

آپ کی زبان فیض ترجمان سے ایک رباعی منقول ہے، جو حضرت نے جوش و استغراق
کے وقت فرمائی ہے ؎

---

[1] سلطان فرخ سیر بادشاہ کے وقت کے شاہی فرامین متعلقہ جاگیر مؤلف رسالہ ہذا کے پاس حال موجود ہیں، تحائف

منادی ست در کوچۂ مے فروش — کہ امروز در ہر کہ یابند ہوش
گریبانش گیرند و دامن کشند — کشاکش بدیوانِ مستاں برند

ارشادات

آپ کا کلام سالکوں کے واسطے چراغ راہ ہے جس میں سے چند جواہر پارے یہاں درج کئے جاتے ہیں :-

۱- فرمایا - شریعت کی تابعداری کرو - شریعت پر چلنا راہِ روشن پر چلنا ہے

۲- فرمایا - اگر درویشوں کا کوئی کام ہو تو اسے دوسرے کاموں سے پہلے کر دینا چاہیئے

۳- فرمایا - فقیر کی زبان تلوار ہوتی ہے - بلکہ فقیر کے دل کی دلیل بھی تلوار ہوتی ہے

۴- فرمایا - دنیا گذر جانے والی چیز ہے، اس میں دل نہ لگانا چاہیئے،

۵- فرمایا - ہر طالب حق کو اس کی استعداد و حوصلہ کے مطابق حصۂ باطنی عطا کیا جاتا ہے

۶- فرمایا - خدا کے منصبداروں کو بنیے کا منصب اختیار نہیں کرنا چاہیئے،

۷- فرمایا - اے میرے دوستو! بلاد و امصار بعیدہ میں جا کر گمراہوں کو ہدایت کیا کرو -

۸- فرمایا - مجذوب ہونا آسان ہے اور تعلق میں بے تعلق ہونا مردوں کا کام ہے،

۹- فرمایا - بِئْسَ الْفَقِيْرُ بِبَابِ الْاَمِيْرِ یعنی وہ فقیر بہت برا ہے جو امیر کے دروازہ پر جاوے

۱۰۔ فرمایا۔ مجھ کو کوئی غیر حق نظر نہیں آتا۔ لَا مَوْجُوْدَ اِلَّا اللّٰہ [1]

تبرکات

آپ کے مندرجہ ذیل تبرکات زمانہ حاضرہ میں موجود ہیں :۔

۱۔ قرآن مجید قلمی جس پر حضور تلاوت فرمایا کرتے تھے'

۲۔ عصا مبارک۔ یہ چوب زیتون کا ہے'

۳۔ لنگی مبارک۔ یہ حضرت سخی بادشاہ رح نے بطور خرقہ عطا فرمائی تھی'

۴۔ کلاہ مبارک یہ درویشانہ ٹوپی ہے'

۵۔ چادر مبارک۔ اس پر سورۂ یٰسٓ بطور کشیدہ کاری لکھی ہوئی ہے'

اولادِ کرام

آپ کے دو فرزند ارجمند تھے'

اوّل حضرت سید شاہ حافظ محمد برخوردار صاحب بحر العشق، وہ عالم و حافظ قرآن کریم و فاضلِ جلید و عارفِ تام المعرفت خوشنویس تھے، خوارق و کرامات و تصرفاتِ قویہ رکھتے تھے

---

[1] سب ارشادات رسالہ احمد بیگ تذکرہ نوشاہیہ سے لئے گئے ہیں۔ ۱۲۔ شرافت

Marfat.com

حضرت نوشہ صاحبؒ نے ان کو اپنی حیات طیبہ میں ولی عہد خلافت کر دیا تھا' ان کی وفات پندرھویں ذیقعد ۱۰۹۲ھ میں ہوئی' ان کی اولاد کثیر ہے [1]

دوم۔ حضرت سید محمد ہاشم صاحب ریاولؒ [2] یہ علوم ظاہری باطنی کے عالم' فقیہ' محدث و طبیب جسمانی و روحانی تھے' تصوف و ولایت میں مقام بلند رکھتے' بائیسویں ذی الحجہ ۱۰۹۲ھ کو انتقال کیا ان کی اولاد بھی بہت ہے'

حضرت نوشہ صاحبؒ کی ایک بیٹی حضرت سیدہ سائرہ خاتون صاحبہؒ تھیں جو حضرت مولانا حافظ معموری صاحبؒ کی منکوحہ تھیں' ان کا مزار موضع ہیلاں ضلع گجرات کی مشرق کی جانب واقع مسجد میں ہے'

خلفائے عظام

آپ سے جو سلسلہ جاری ہوا' اس کا نام صنف فقرا میں نوشاہیہ ہے' اس خاندان کے درویش عموماً صوفی سالک' پرہیزگار' پابند شریعت' اور عاشق اولیاء اللہ ہوتے ہیں' یہاں آپ کے بائیس [۲۲] خلیفوں (صوبوں) کے نام لکھے جاتے ہیں :-

۱۔ شیخ رحیم داد بن شیخ شاہ سلیمان نوری قریشی ؒ — جلوال شریف — ضلع سرگودھا

---

[1] مولف ہذا کا شجرہ نسب یہ ہے سید شریف احمد شرافت بن حافظ سید غلام مصطفےٰ صاحب بن سید محمد شاہ صاحب بن سید محمد امین صاحب بن سید حافظ قبول احمد صاحب بن حافظ شاہ ثانی بن حافظ کمی بخش صاحب بن سید حافظ نور اللہ صاحب بن سید حافظ محمد حیات صاحب بن سید حافظ جمال اللہ صاحب فقیہ بن سید حافظ محمد برخوردار صاحب بحر العشق ۱۲۔ شرافت

۲- شیخ تاج محمود بن شیخ سلیمان نوری قریشی رح	بھلوال شریف	سرگودھا
۳- سید حافظ محمد برخوردار بحر العشق بن نوشہ صاحب رح	ساہنپال شریف	گجرات
۴- سید محمد ہاشم دریادل بن نوشہ صاحب رح	〃	〃
۵- مولانا حافظ محمد معمور ی صاحب رح	ہیلاں	〃
۶- شیخ پیر محمد بچیار صاحب کیانی رح	نوشہرہ	〃
۷- شیخ محمد تقی صاحب مجذوب رح	〃	〃
۸- سید صالح محمد صاحب گیلانی رح	چک سادہ	〃
۹- قاضی خوشی محمد صاحب رح	کنجاہ	〃
۱۰- قاضی رضی الدین صاحب رح	〃	〃
۱۱- شیخ مٹھا صاحب مجذوب رح	〃	〃
۱۲- شیخ صدر الدین صاحب عقیلی رح	رکوچھ	گوجرانوالہ
۱۳- شیخ عبدالرحمن پاک صاحب قریشی بہائی رح	بھڑسی شاہ رحمان	〃
۱۴- شیخ الہداد صاحب قریشی بہائی رح	〃	〃
۱۵- شیخ نانک المعروف نانو صاحب مجذوب رح	کلاسکی چیمہ	〃
۱۶- شیخ حافظ نور محمد صاحب رح	محلہ رنگ پورہ	سیالکوٹ

Marfat.com

۱۷۔ شیخ اسمٰعیل صاحبؒ	کوٹلی جلال	ضلع سیالکوٹ
۱۸۔ سید شاہ محمد شہید بھاکھریؒ	رہتاس	جہلم
۱۹۔ شیخ فتح محمد قلندر المعروف شاہ قتا دیوانؒ	ساگری	〃
۲۰۔ سید عبداللہ صاحب مجذوب بخاریؒ		لاہور
۲۱۔ حافظ طاہر صاحب مجذوب بخاریؒ		کشمیر
۲۲۔ خواجہ سید محمد فضیل صاحب چشتیؒ	بنی حصار	کابل[1]

وفات

حضرت نوشہ صاحبؒ کا وصال بعمر ایک سو پانچ سال قمری کے بروز سوموار بتاریخ ہشتم ربیع الاوّل ۱۰۶۴ھ میں بعہد سلطان شہاب الدین شاہجہان بادشاہ ہوا۔[2]

مدفن پاک

حضور کا روضہ اطہر موضع ساہنپال شریف تحصیل چھاچھ، ضلع گجرات میں دریائے چناب کے شمالی کنارہ پر واقع اور مرجع خلائق ہے۔

رحمۃ اللہ علیہ

---

[1] تذکرہ نوشاہیہ [2] تذکرہ نوشاہیہ۔ کنز الرحمت بلطائف محل شاہی، خاندانی مخطوطات ۱۲۔ شرافت

Marfat.com

از کتاب انوار القادریہ

قطعۂ تاریخ

نوشہ گنج بخش فیضِ عالم — چونکہ بہ نمود نوشش جام وصال
مظہرِ فیضِ قدس بود ازاں — فیضِ قدسی فتاد سالِ وصال ۱۰۶۴ھ

انتقالِ مزارات

آپ کے مزار شریف کو دریا کی وجہ سے متعدد مرتبہ منتقل کرنے کی ضرورت پیش آتی رہی ——!

سنہ ۱۱۷۰ھ میں دریائے چناب کی طغیانی کی وجہ سے حضور کا تابوت شریف پہلی جگہ سے نکال کر دریا سے دُور دوسری جگہ دفن کیا گیا۔

سنہ ۱۲۳۰ھ میں دوبارہ خطرہ لاحق ہوا تو نکال کر تیسری جگہ دفن کیا گیا جہاں آج بھی موجود ہے

سنہ ۱۲۵۵ھ میں روضہ شریف بطرزِ پالکی تعمیر ہوا جو تاحال موجود ہے

سنہ ۱۳۱۱ھ میں پھر اس کی مرمت اور سفیدی کی گئی

سنہ ۱۳۵۵ھ میں روضہ مبارک کے اندر اور باہر کا فرش اور بیرونی مطاف کی چار دیواری نئی تعمیر کی گئی

سنہ ۱۳۶۹ھ میں متواتر اکہتر گھنٹے بارش ہوئی جس کی وجہ سے پنجاب کے تمام دریاؤں میں سیلاب عظیم آیا اس

Marfat.com

میں روضہ عالیہ نوشاہیہ کو بھی سخت صدمہ پہنچا' دیواریں اور چھت کی ڈاٹیں متعدد جگہوں سے پھٹ گئیں لہٰذا از سرِ نو روضہ کی تعمیر کے واسطے زیرِ سرپرستی حضرات سادات برخورداریہ تیسری صفر ۱۳۷۱ھ کو "انجمن خاندان نوشاہیہ" قائم کی گئی' اب جلدی ہی تجدید روضہ اطہر کا کام شروع ہونے والا ہے' خداوند کریم اس کو بطفیل حبیب کریم صلی اللہ علیہ وسلم جلد پایۂ تکمیل تک پہنچائے ؛

خاتمہ

ناظرین رسالہ انوار نوشاہیہ سے مولف کی التماس ہے کہ میرے حق میں دعائے حسن عاقبت سے دریغ نہ فرمائیں

وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی رَسُوْلِ خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ؛

Marfat.com

نوشاہی سلسلہ کی کتابیں

(سب زیرِ طبع ہیں)

تصنیفات اعلیٰحضرت سید غلام مصطفےٰ صاحب نوشاہی

مکتوبات نوشاہی

دیوانِ نوشاہی

پنج گنج نوشاہی

تصنیفات حضرت سید شریف احمد صاحب نوشاہی

شریف التواریخ - یہ تین جلدوں پر مشتمل ہے

جلد اول — تاریخ الاقطاب

جلد دوم — طبقات النوشاہیہ

جلد سوم — تذکرۃ النوشاہیہ

تاریخ عباسی

اذکار نوشاہیہ

فیض القادریہ فی سلسلۃ النوشاہیہ

خصائص القادریہ فی فضائل النوشاہیہ

طراز الاولیا عربی

انوار السیادت فی آثار السعادت

تصنیفات شہزادہ شاہد رضا شرافتی لڈھا

سیلابِ عشق

مکتوباتِ شاہد رضا

سی حرفی شانِ نوشاہی

افسانۂ عشق

پتہ ملنے کا: حکیم سید مظفر حسین شاہ مظفر نوشاہی و سیر اعلیٰ انجمن سادات نوشاہیہ مقام ساہنپال شریف۔ ڈاکخانہ پاہڑیانوالی ضلع گجرات۔ پاکستان

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

جملہ حقوق محفوظ ہیں

سلسلۂ اشاعت کتب نوشاہیہ نمبر ۵

سید شرافت نوشاہی
۲۵ رمضان ۱۳۹۱ھ

مبادا ہیچ دل بے عشق بازی
اگر باشد حقیقی یا مجازی

قیمت

ارمغانِ امینیہ

از
[redacted]

قبلۂ ارباب فضائل، کعبۂ اصحاب فواضل شہبازِ اوجِ ولایت عرفان یکہ تازِ میدانِ ہدایت
و احسان جانشینِ قطبیت مآب حضرت سید محمد امین نوشاہی برخورداری قدس سرہ العزیز

از رشحاتِ قلم

ابو الرضا من حضرت مولینا سید شریف احمد شرافت علوی عباسی
قادری نوشاہی برخورداری مدظلہ العالی مقیم آستانہ عالیہ ساہنپال شریف

نبیرہ زادہ حضرت مدوح

[redacted] شریف ضلع بجنور

نذرِ عقیدت

میں اس مجموعہ کو اپنے قبلہ گاہ حقیقی و مرشد تحقیقی زبدۃ الاولیاء محبوب کبریا حضرت مولانا سید غلام مصطفےٰ علوی قادری نوشاہی ادام اللہ برکاتہٗ کی خدمت میں بطور ہدیہ پیش کر کے دعائے خیر کی التجا کرتا ہوں۔

سرکار نوازیں تو نوازش ہے۔ کرم ہے

سید شرافت

Marfat.com

تعارف

از قلم جناب صاحبزادہ مولینا نور محمد نصرت نوشاہی شرقپوری

ارمغانِ اسینیہ حضرت شرافت نوشاہی کے فارسی اور اردو کلام کا ایک چھوٹا سا مجموعہ ہے، جو صرف مناقبات پر ہی مشتمل ہے، آپنے یہ اشعار اپنے والد مرشد حضرت محمد امین طاب اللہ ثراہ کی یاد میں سپردِ قلم کئے ؛

مولینا شرافت ایک کہنہ مشق شاعر، ایک پختہ ادیب، ایک زبردست مقرر ایک عظیم ترین مفکر اور ایک جید عالم ہیں، ان کی حساس طبیعت نے خاندان کی جو جو خدمات انجام دی ہیں وہ آنے والی نسلوں کے لئے باعثِ فخر و ناز ہیں، آپ کی خاندانی تواریخ و سیر کی حقائق نگاری، عام معلومات کی ذخیرہ اندوزی، کتب قدیمہ و جدیدہ کی مطالعہ سے اور مسائل خفیہ و جلیہ کی مطالعت میں، موجودہ روش کے ساتھ ساتھ مقالہ نویسی آج کے ادبی فضا میں امتیازی حیثیت رکھتی ہے، حال و مستقبل کی بدلتی فضاؤں میں خوشگواری پیدا کرنے کے لئے آپ نے جو اسلامی مقالات، اسلامی موضوعات اور اسلامی مباحث پیش کئے ہیں، وہ تنوع و فضول کے آئینہ میں گراں بہا جواہر دھرے معلوم ہوتے ہیں ؛

میں شرافت صاحب کو بچپن ہی سے جانتا ہوں، میرا اور ان کا گہرا واسطہ ہے، ان کے ظاہری و باطنی کیفیات کا جو میں نے مشاہدہ کیا ہے، وہ لوحِ قرطاس پر رقم نہیں ہو سکتا۔ مولینا موصوف بچپن سے لے کر آج تک خاندانی ارتقا کے لئے تالیف و تصنیف کے مشغلہ میں پورے انہماک سے کام کرتے چلے آرہے ہیں اور یہ حقیقت ہے کہ نوشاہیت کے دائرہ عمل کو وسیع تر کرنے کے لئے آپ کا وجود مسعود نعمتِ غیر مترقبہ سے کم نہیں، ان کے خیالات میں فلسفیانی اور ہر قسم کے علمی و ادبی و جذباتی سمندر موجزن ہیں اور فکر رسا ہمیشہ نہیں اسلامی ثقافت کو درخشاں کرنے کے لئے آمادہ کرتی ہے، یہی وجہ ہے کہ روز و شب وہ یک توجہی کے ساتھ محنت کئے جا رہے ہیں

Marfat.com

ان کی ذات کا قریب سے مطالعہ کرنے والا انسان ان کی دن رات کی انتھک محنت دیکھ کر حیران رہ جاتا ہے آپ جب خطاب کرتے ہیں تو لطائف و حقائق معارف ظرائف اور علمی و ادبی بارش کا نزول ہوتا ہے ہر سامع ان کے پھولوں کی دائمی نکہت سے فرحت حاصل کرتا ہے ان کا بولنا۔ بولنا نہیں بلکہ آتش نوائی ہے جو لادینی اور ملحدانہ سامراج پر ایمانی توانائی کی قوت رکھتی ہے ؛

آپ اس وقت پیدا ہوئے جب خاندان نوشاہیہ میں علمی اعتبار سے انحطاط ہوتا جارہا تھا اس وقت میدان علم میں اترے جب ہزاروں نفوس کی تمنائیں بحسرت ان کا ساتھ دے رہی تھیں اور اس وقت خدمات کے لئے میدانِ اجتہاد میں آئے جب برطانیہ نے ہر خاندان کا شیرازہ بکھیر کر اس کی قوتِ ایمان کو غارت کر لیا تھا ؛

آپ کی عمر اس وقت ۵۰ سال کے قریب ہے اس وقت تک آپ تنو سے زائد کتب کے مصنف ہیں کئی کتابیں ایسی ہیں جن کی ضخامت ہزار صفحات سے زیادہ ہے اور ان کو مزید جلدوں پر تقسیم کیا گیا ہے آپ خوشنویس بھی ہیں خطِ نستعلیق خطِ شمسی خط نسخ اور مصری رسم الخط کے ماہرین اساتذہ میں سے ہیں ؛

آج کی تحریر میں میں خاندان نوشاہی کے ہر منسلک فرد کو پیغام دینا چاہتا ہوں، کہ وہ شرافت کے روشن آفتاب کی جگمگاتی کرنوں کو اپنے دل میں سمو لے اور اس کی روشنی لے کر آج کے ہر تاریک گوشہ کو منور کر دے ؛

پُر شد ز فضلِ ایزدی دامانِ آرزو!
صد شکرِ حق کہ یافتے یک عالم یتیم

نوشاہی منزل - شرقپور

۲۸ جنوری ۱۹۵۲ء

Marfat.com

مختصر حالات حضرت سیّد محمد امین نوشاہی قدس سرہٗ

نسب نامہ

والد بزرگوار کا نام سیّد حافظ قل احمد پاک ذات نوشاہ ثانی بن سیّد حافظ الٰہی بخش بن سیّد حافظ نور اللہ بن سید حافظ محمد حیات بن سیّد حافظ حمید اللہ فقیہ اعظم بن سیّد حافظ محمد برخوردار بحر العشق بن حضرت سیّد حافظ شاہ حاجی محمد نوشہ گنج بخش علوی قادری قدس اللہ اسرارہم ؛

ولادت

آپ کی ولادت ۱۲۴۱ھ میں بمقام ساہنپال شریف ہوئی ۔!

کمالات وعبادات

آپ نے تحصیل علوم اور بیعت طریقت اپنے والد صاحب سے کی کمالات و مقامات میں خاندان نوشاہیہ کے افراد میں افضل و اعلیٰ تھے' اخلاق درویشانہ و وضع فقیرانہ رکھتے۔ وظائف قادریہ پر پورا پورا عمل تھا' عبادت و ریاضت میں سرگرم تھے منزل مستمر آن مجید۔ درود مستغاث و درود ہزارہ کا دائمی ورد تھا' نوافل تہجد [illegible] تسبیح ادا فرمایا کرتے۔ مناسب خوارق و کرامات تھے آپ کے

مفصّل حالات میں نے اپنی کتاب شریف التواریخ کی جلد دوم موسوم بہ تذکرۃ الاولیاء کے طبقہ اول میں لکھے ہیں ؛

اَولاد

آپ کے تین بیٹے تھے (۱) سیّد حافظ روح اللہ (۲) سید پیر فاضل شاہ (۳) سید حافظ محمد شاہ نیک اختر ؒ

وفات و مدفن

آپ کی وفات اتوار کی رات اٹھارہویں جمادی الآخر ۱۳۱۱ھ میں ہوئی اور ساہنپال شریف گورستان نوشاہیہ میں مدفون ہوئے ؛

عرض مؤلّف

آپ نے خواب میں مجھ کو اپنے دیدار فیض آثار سے نوازا اور اپنے فیض باطنی سے مفتخر فرمایا۔ تو میں نے آپکے عشق و فراق میں کچھ منظومیں لکھیں، جو کئی سال کے بعد آج ارمغان امینیہ کے نام سے ہدیہ ناظرین کی جاتی ہیں ؛

سیّد شرافت

۲۰ جمادی الثانی ۱۳۶۱ھ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین۔ والصلوٰۃ والسلام علیٰ رسولہ سیدنا

وشفیعنا محمد سید المرسلین۔ وعلیٰ آلہ واصحابہ واہل بیتہ

اجمعین۔ سیما علیٰ شیخنا وسندنا الشیخ محی الدین عبد القادر

الجیلانی المکین الامین

اما بعد

میگوید سوختۂ آتشِ فراق۔ دوختۂ تیر اشتیاق۔ خاکِ آستانِ محبوب حقانی تراب اقدامِ معشوقِ ربانی۔ گوشہ نشینِ کاہبہ گمنامی خلوت گزینِ زاویہ ناکامی مضطر و بیقرار سید شرافت خاکسار رزقہ اللہ رؤیۃ جمال محبوبہ ووصلہ اللہ الیٰ مقصودہ ومطلوبہ کہ ہر چہ در علم آلہی معلوم ست شدنی ست وظہور امور تقدیر بدنی او سبحانہٗ وتعالیٰ وجود انسان را خلعت تکریم عنایت فرمود و مشتہر بمظہریت خویش گردانیدہ است الانسان سری وانا سرہٗ وجمالِ حقیقی خود را بر چہرۂ شاہدانِ سراپا ناز و محبوبان ہمہ تن اعجاز ظاہر ساختہ الانسان مرآۃ الرحمان ذاتِ وے عزاسمہٗ سراپا حسن وکمال ست۔ ورویت مظاہر

شہودی عین رویتِ ذاتِ لایزال۔ کہ حُسنِ حُسنِ اوست جمال جمالِ او فردٌ لاشریک لہٗ ؛

رباعی

عین ست عیاں بمہر و مہ ہمہ اوست در دیر بدل بجاں بکعبہ ہمہ اوست
لاحول ولا قوۃ اِلّا باللہ واللہ ہمہ اوست ثم باللہ ہمہ اوست

ہر کہ بمظہرِ دے تعلقِ محبت و رو و عینِ عشقِ او داشتہ باشد ما ظہرتُ فی شیٔ کظہوری فی الانسان ؎

متاب از عشق رُو گر چہ مجازی ست کہ آں بہر حقیقت کارسازی ست

و ایں علاقۂ محبت در البطۂ مودت اکتسابی نیست بلکہ ہر کرا از عہد ازل جام محبت نوشانیدہ اند و تعلق دے بیکے از اسمائے الٰہی مربوط ساختہ اند ہر گاہ در عالم دنیا مظہر آں اسم ربانی ظہور می کند و کمالاتِ آں اسم شریف بر چہرۂ دے مثل آفتاب مے تابند۔ عاشق چرہ نوش را بخود جذب و کشش میکند ؎

عشق اول در دلِ معشوق پیدا میشود تا نسوزد شمع کے پروانہ شیدا میشود

آں مخمورِ محبت ہر گاہ معشوق حقیقی را در بیداری یا در خواب مشاہدہ کند از خود بیخود گشتہ در دامِ عشق دے اسیرے شود ؎

Marfat.com

ے سپارد

نفی ہیت بگو بندۂ جاناں بودن دل بدستِ دگرے دادن و حیراں بودن

عشق و محبت از لوازم ایمان و اطمینان ست ہر کرا عشق نیست ایمان

کامل نیست۔ صاحبِ دلاں گفتہ اند محبت ایمان ست و ایمان محبت ست پس بمناسبتِ

ایمانی و بمرابطتِ ازلی در عالمِ رؤیا کہ ہزاراں مرتبہ بر لفظہ تفوق داشت۔ قتاہدے

گفتہ آثار۔ و محبوبے مبارک شعار۔ سرِ دفترِ خاندانِ نوشاہیہ سرحلقۂ سادات سخور و ارتہ

ضیائے طیبت متقام۔ یوسف لقائے سید محمد امین نام۔ کہ از اجدادِ امجادِ ایں

سراپا تقصیرست بسرقت ایں درویش دلریش رسیدہ بیک ناوکِ غمزہ متاع

از دل و نقدِ قرار از جان در ربود۔ ہر گاہ کہ بیداری رُو نمود ایں شعر در زبان

ے

سحر کرشمہ دلش بخواب مے دیدم

زہے مراتب خوابے کہ بہ زبیداری ست

صفاتِ کمالِ آں سلطانِ محبوبانِ حق چہ نویسم و اوصافِ جمالِ آں امیرِ

خوبان مطلق چہ املا کنم کہ ہر چہ وصفش کنم ازاں افزون بود۔ گویا کہ تبر

گفتن بود۔ زبان خامہ از بیانِ کمالات و خوبیِ او معترف بقصورست

دیارائے نطق از احصائے صفاتِ محبوبی او بعجز مجبور لمعاتِ ضیائے حسن
صوریِ آں حق آگاہ در دیدہ ہائے ظاہر ایں درویش مستقر گشتہ و تجلیاتِ انوا
جمالِ معنویِ آں عرش بارگاہ در مرآۃِ قلبِ ایں فقیر متجلی گشتہ۔ ازاں روزے
کہ اسیرِ گیسوئے مشکینِ محبوب گشتہ ام۔ از قیودِ ننگ و ناموس فارغ شدہ دل در
بستہ ام۔ نامرادی عین مرادِ من گشتہ و ناکامی عین کامِ من و مہجوری عین وصال
من شدہ و بیچارگی عین عارہ گری امید کہ بر طبقِ ارشادِ المجاز قنطرۃ الحقیقۃ۔ را
حقیقتِ ذاتِ ارزانی فرمائید ارشادِ مولٰنا روم ست ؎

عاشقی گر زیں سر و گر زاں سر ست عاقبت ما را بہ آں سر رہبر ست

دریں اثنا از خورشِ قلبِ اشعار چند در اوصافِ آں سلطان الاولیاء
برہان الاصفیا از زبان ایں فقیر برآمدند آنہا را ترتیب دادہ بنام ارمغانِ
امینیہ موسوم گردانیدم۔ شاید کہ بدرگاہِ آں قبلہ گاہِ عشاق بہ زیورِ قبول مرصع
گردد۔ و بر حالِ عاجز عنایت ورزیدہ بوصول خویش مشرف فرمایند ؎

از انجا کہ من نغمہ سنج مدح دلدار شاعر و ناظم نیستم خالصًا بہ جذبۂ مودت
جوشِ تعشق چند کلماتِ موزون بہ طریقِ محامد و مناقب اضطرارًا صادر شدہ
رجاء آنکہ قارئینِ کرام بر بے بضاعتی و کم سوادیِ من نظر کردہ از خطا

معنوی وعرضی اغماض نمائید۔ بلکہ از جمیع لغزش ہائے ظاہری باطنی چشم پوشی فرمائید کہ ستر عیوب از خامۂ خاصان ست ؛

وایں امر اظہر من الشمس ست کہ ہر حمدے از ہر حامدے بر ہر محمودے در ہر زمانہ کہ صادر شود حمدِ حضرت احدیت ست۔ چرا کہ غیر او اصلاً موجود نیست و موجودِ حقیقی ذاتِ واحد ست عز شانہٗ وجلّ برہانہٗ

الحمد آنچہ از زبان صدر یافتہ بہ دو قسم املا کردہ آید قسمِ اوّل نظم و قسم دیگر نثر و در آخر رسالہ۔ شجرہ طیبہ قادریہ نوشاہیہ درج کردہ شدہ است۔

قسم اوّل ـــــ در نظم

مناقب

در مناقب ذات پاکِ حضرتِ شاہِ امین !

در سہنپال ست بحرِ عشقِ او ہر دم رواں

★

زبدۂ آفاق محمد امین — عارفِ باللہ محقق متین

قدوۂ ابرار وحید الزماں — سدوۂ زہاد سعادت قرین

Marfat.com

فخرِ جہاں قبلۂ نو شاہیاں کعبۂ اقطابِ مہ و ماہیاں
شمعِ جمالش چو قمر روشن ست در رہِ عشّاق محبّت گزیں
ہست شرافت بدرش سائلے
یافتہ از لطفش دُرِّ ثمین
زہے ذاتِ حضرت محمد امین بملکِ تقا جامع فقر و دین
بصدق و صفا کاملِ وقت بود بدوراں خود مثل دے کس نبود
رہِ معرفت جملہ پیشش عیاں ز فیضانِ حق مے شدے شادماں
بسجادۂ پدرِ عالی جناب مشرف شدہ شاہِ عرفاں مآب
ہر آنجا بدرگاہِ او مے رسید جمالِ خدا از جبینش بدید
بیاد خدا محو بودے مدام ز اقرانِ خود داشت الامتیاز
ز صوفیہ ثانی نبودش کسے ز جامِ محبّت بنوشید مے
پسر پاکِ شاں شاہ روح اللہ بود ز ہمزادگاں گوئے سبقت ربود
دگر شاہِ فضل غریب النواز بدرگاہِ حق اہلِ راز و نیاز
سیومی جنابِ محمد شہ است کہ بر آسمانِ کرامت مہ است
بدہ ساقیا جامِ صہبا مرا کہ مستی کند ہوشیارا مرا

Marfat.com

زنوشیدنش راہ یابم بحال! بخلوت گہِ یار یابم وصال

قصیدہ

زہے محبوبِ حق شہبازِ دین ست جنابِ حضرتِ شاہِ امین ست

خجے آں قبلۂ اربابِ تحقیق زنورِ ذاتِ حق روشن جبین ست

چراغِ خاندانِ پیر نوشہ بہ چرخِ معرفت ماہِ مبین ست

چہ گویم وصفِ آں صاحب کمالے کہ در دنیا و دیں اہلِ یقین ست

جمالش بسکہ ہر سو جلوہ دارد بکالِ غمزہ اش سحرِ مبین ست

ملکِ حسن شاہنشاہِ خوباں دُرِ اقلیمِ جاں زیرِ نگین ست

صفِ رویے پاکش نغمہ پرداز بگلشن نالۂ بلبل حزین ست

ثنائے آں سرِ محفل اندام شکستہ رنگِ رویے یاسمین ست

زلفش مثالِ لیلۃ القدر ہزاراں شب چراغش در کمین ست

جبینش مطلعِ صبحِ سعادت چراغِ آسماں زو خوشہ چین ست

ابروانش قابِ قوسین بجانِ بےنوایاں دل نشین ست

بشیخ جنیدش مست میگوں برائے عاشقاں سحر آفرین ست

Marfat.com

لبِ لعلش چو یاقوت ست یاقوت — بآبِ زندگانی ہمچنین ست
مخططِ چہرہ اش چوں مصحفِ پاک — تلاوت ہر سرِ عاشق بہترین ست
عجب خالے ست دامِ دردمنداں — کہ بر رویش نشانِ عنبرین ست
ہر آنکو طالع فرخندہ دارد — ز کشتِ بختِ سبزش خوشہ چین ست
چہ حاجت از ضیائے شمس ہارا — چو ایں خورشیدِ رخشاں در زمین ست
ہر آں جائے کہ باشد جلوۂ دوست — اگر فردوس گوئم ہم چنین ست
مقامِ پارسایاں گشت جنّت — دلم در کوچۂ جاناں مکین ست
مرا در دل جزا و دیگر طلب نیست — برایں شاہد الٰہ العالمین ست
جگر خوں گشتہ از دردِ فراقش — ندانم قسمتِ عاجز ہمین ست
شکایت چوں کنم بر یارِ دلدار — ز بختِ نارسا عالم چنین ست
شہِ خوباں کہ جانم بستۂ اوست — امین ست و امین ست و امین ست
شرابِ جامِ عشقش نوش کردہ — مدامش نالہ و زاری ازین ست

غزل

حبذا پیرِ من جنابِ امین — ہست مختارِ حق بخطاب

Marfat.com

فخرِ مستبوعِ جملہ عالم ہست مخزنِ فیض ہست بابِ امین
ہمہ اغواث و قطبِ ابدالال! دائما اند ہمرکابِ امین
از ملائک کریم تر باشد آنکہ شد مست از شرابِ امین
وصفِ محبوبِ حق چہ مرغوب ست نور باراں شد از سحابِ امین
مدح و الاش کے بسر آید لمعۂ نور شد شہابِ امین
رازِ عشقش درونِ سینہ بدار تا شود قلبِ تو کتابِ امین
بر بسر پیرِ من عنایت ہست فخرِ نوشاہِ مستطابِ امین

غزل

چواز دجرِ کرم درخندہ باشی ہزاراں دل بدام افگندہ باشی
بجمع عاشقاں گر جلوہ سازی چو مہ بر اختراں تابندہ باشی
خلائق مثلِ پروانہ بہ سوزند چو شمعِ حسن افروزندہ باشی
بغارت مے بری جانہائے عشاق چو اسپِ دلبری تازندہ باشی
بتابِ روئے تو جاں باز گیرند چو برجستہ دلاں رخشندہ باشی
بسر دیدارت بیائند بخوابِ ناز چوں خوابندہ باشی

Marfat.com

ای دردِ مشتاقاں زمانے — زلطفِ حق ہمیں پائیندہ باش
شرآفت بندۂ درگاہِ تو ہست — چرا بر روئے جفا ور زندہ باش

غزل

الٰہی تا جہاں خورسندہ باشی — بچرخِ معرفت تابندہ باش
بعالم یافتی چوں عزّ و اقبال — براہِ عشق دام افگندہ باش
چو نامت حضرتِ شاہِ امین ست — چو شاہنشاہِ دیں فرخندہ باش
چو نوشہ پیر نامت مشتہر باد — بملکِ دلبری رخشندہ باش
ستم ہا مے کنی بر جانِ عشّاق — زنگہِ ناز چوں بینندہ باش
زعشقِ تو شرآفت بے قرار ست
باد جام لقا بخشندہ باشی

غزل

شہا ازمن چرا منفور گشتی — مگر بر جمعِ خود مغرور گشتی
فدائے نام تو روح الامین ست

ازاں روز یکہ حسنت جلوہ افگند — چو جاں اندر تنم مسطور گشتی
چو نقاشِ ازل نقشم رقم کرد — بصفحاتِ دلم مسطور گشتی
گدائے کوئے تو شاہانِ دیں اند — بدرگاہِ سخی منظور گشتی
بصدرِ اجتبا سلطانِ عشاق — بشانِ معرفت مشہور گشتی
شرافت۔ اے شہیدِ نادکِ یار — چو مقتولانِ حق مغفور گشتی

غزل

عمدۂ اخیارِ محمدؐ امیں — واقفِ اسرارِ الٰہی یقیں
زیبدۂ مسندِ آبائے خود — چمکِ سہنپال مُقامش ببیں
خاصِ مقربِ بحضورِ سخی — عالمِ عرفانِ شہِ محی دیں
خاکِ کفِ پائے سخی پیرداں — خادمِ نوشاہِ شرافت قریں

مناجات

بنام آنکہ نامش بے نیاز ست — بالطاف و کرم ذرہ نواز ست
بود دخت ابرقِ اث عالی — جنابِ صاحبِ مین الکمالی

Marfat.com

سلام وصد دعا بر آل و اصحاب — کہ ہستند آفتاب دین و ماہتاب

ذریں پس پشنوی اے جانِ عشاق — بقولِ شاہ صادق خوب مصداق

"فروغ چہرۂ صبح صباحت — چراغِ محفلِ شامِ ملاحت"

جنابِ حضرتِ فرخ یگانہ — وحید العصر روشن در زمانہ

فضیلت مکرمت رحمت پناہا — کرامت ہم شجاعت دستگاہا

سلامِ سنتِ سالارِ ابرار — دعائے بر مزارِ خوش گہربار

دریں مدت تو تا دردی مرا یاد — گہے از لطفِ خود کردی نہ دل شاد

دلِ مہجور را صد تاب دادی — بمن ابوابِ غم ہا بر کشادی

ز ہجرِ تو شدم لبریز نالہ — بیادِ جلوہ ات شیدا و والہ

ترا اقلیمِ جاں زیرِ نگین ست — کہ نامت حضرتِ شاہِ امین ست

خدا دادہ ترا ایں حسنِ اخلاق — بلطفِ حق شدی از اہلِ اشفاق

چو بر اصحابِ خود شاہِ امینی — چرا از خادماں فارغ نشینی

اگرچہ نازِ محبوباں بجا ہست — مگر بر عاشقاں ایں ہم جفا ہست

جفا بگذاشتہ کارِ وفا گیر — ز راہِ مہر و شفقت مدعا گیر

اگرچہ نازِ تو بر جاست اے شاہ — ولیکن کمترک باید تہ مہر

Marfat.com

ہر آں جلوے کہ در رؤیا نمودی — زیارت دادی و جلوہ نمودی
مگر از یادِ خود کردی فراموش — نبایدایں چنیں سوئے وفا کوش
بسے معروض ہا با تو بگفتم — ز احوالِ دل و جاں در بسفتم
ولے ہیچک بشارت ز اں ندادی — بایں مسکیں در لطفت کشادی
سلوکِ کار تو با من وفا بست — خلوصِ شغلِ من با تو وفا بست
شدہ حرزِ دلم آں عکسِ پُر نور — کہ رُخ نمودہ چوں شعلۂ طور
بر تمثیلِ تو تصویر ہستم — دل و جاں بر خط و خالِ تو بستم
چہ نورے کہ حسنش آشکار است — قمر از فرقتش رُو داغدار است
چہ نورے کہ عالم محوِ داد شد — گلاب از رشکِ او پژمردہ رو شد
چہ نورے کہ او شاہد عظیم ست — ندا از آسماں ملکِ کریم ست
صباحت در ملاحت گشتہ آمیز — فلک با صد دعا گشتہ شکر ریز
شہِ خوباں تو بنما روئے روشن — ز سوزِ فرقت گلخن شدہ تن
خوش آں روزے کہ بینم روئے محبوب — شوم طائف بگردِ کوئے مطلوب
دگر دانی کہ ایں عاجز گنہ گار — بدیدارے تو قابل نیست زنہار
نثار ہر جنابِ شاہ جیلاں — سخی شاہ سلیماں نورِ عرفاں

Marfat.com

طفیلِ حاجیِ نوشاہِ اکمل — طفیلِ شاہِ قل احمد مکمل

بشب در خوابِ روئے خود تو بنما — جمالِ خویش بر درویش بکشا

کہ تا از دیدنت سرمست گردم — باوصافِ تو ہم پیوست گردم

شب و روز از خدا خواہم دعائے — ہمہ اوقات ہست ایں التجائے

"الٰہی غنچۂ امید بکشا — گلے از روضۂ جاوید بنما"

کنی با پیرِ مستغرق بہر بو — یکے جسم و یکے جان دیکھے خو

مکرّر با تو گویم اے شہِ جاں — طبیبِ مرضہائے ما غریباں

کہ اے محبوبِ حق باشی تو ولدار — ز حالِ زارِ من ہر آں خبردار

اگر الحال در ایں حال میرم — بروزِ حشر ز امانت بگیرم

ز من ایں عرض دائم یاد داری — بحقِ فقرِ خود دل شاد داری

نہاں میداشتم رازِ محبت — ہمہ تن سوختم از سوزِ الفت

ولے اکنوں شدہ ایں سرّ اظہار — نماندہ طاقتِ لب خفتنے ایں کار

لہذا چند کلمہ بہر حضرت — بگفتم التجا با دردِ حسرت

امید از حضرتِ قاضی حاجات — شود مقبول و منظور ایں مناجات

خداوندا بحقِ شاہِ سلیماں — شفاعت را کن ایں سائل

Marfat.com

معمّا باسمِ امین

نامِ آں محبوب از اوّل شمار در دلِ من جلوہ گر شد روئے یار

غزل اُردو

توشیح باسمِ محمد امین

م۔ ماہ انور دل رُبا کو دیکھ کر شرمائے ہے شہرہ اس کا ہر زباں پر ہر مکاں ہر جائے ہے

ا۔ حُسنِ محبوبِ خدا کا جلوہ گر دیکھے کوئی مثلِ پروانہ تڑپ کر عشق میں مر جائے ہے

م۔ مصحفِ رخسار اُس کا مصدرِ انوار ہے جاں فدا کرتے ہیں عاشق جب نظر پڑ جائے ہے

د۔ دلربا گر ناز سے سیرِ گلستاں کو چلے دامنِ امید پھولوں سے بھر ابھر جائے ہے

ا۔ آفتابِ حُسن اس کا ہے درخشاں اس قدر ذرّہ ذرّہ کو منوّر نور سے کر جائے ہے

م۔ مشکلیں آساں ہوتی ہیں سدا اس کے حضور اس لئے یہ قلبِ مضطر اس کے در پر جائے ہے

ی۔ یار کی روشن جبیں ہے مظہرِ حسنِ جلال اس کے حُسنِ دلربائے دل مرا بھر جائے ہے

ن۔ نقش ہے دل پر نشانی کے ہوئی تصویرِ یار
اب جہاں دیکھا وہاں محبوب ہر ہر جائے ہے

Marfat.com

غزل

تو شیخ محترم باشم محمد امین شریف احمد

۴ ش مشقِ ذکرِ نام جاناں ہے مرا مقصودِ جاں ش ۴ شمع دل روشن ہے عشقِ دلربا میں جاں ودال

۳ ر حرفِ عشقِ یار جب سے ہو گیا دل پر رقم ر ۳ رحم کے قابل ہوئی ہے میری حالت بیگماں

۴ ی میرے دل سے جز خیالِ یار سب کچھ محو ہے ی ۴ یمن و یسر فوق و اسفل ہو گیا بالکل نہاں

د ف دفترِ علم و عمل سب محو و منسی ہو چکا ف د فدویِ عاجز کا ہر دم وِرد ہے آہ و فغاں

ا ل آشنا کی یاد میں دل مضطر و لاچار ہے ل ا آفتابِ عشق روشن ہو گیا با عزّ و شاں

۴ ح محو ہوں وِرد ازل سے الفتِ دلدار میں ح ۴ حمد کرتا ہوں بدرگاہِ خداوندِ جہاں

ی ۴ یمن سے اس دلربا کے سب جہاں معمور ہے ۴ ی میرِ سامال اس کے گھر کے ہیں سدا کمتر غلاں

ن د ندوہ عشق و محبت کا شرافت ہے امیر دن د دن بدن آنکھوں سے اسکی ہیں سرشکِ خونچکاں

غزل

مجھ کو ہے دل جان سے پیارا عجب نام امین شہد سے مرغوب ہے، شکر فشاں جام امین

رشکِ صد گلزار ہے کوچہ شہِ عرفان کا مرغِ زیرک عقل کو کافی ہے اک دام امین

Marfat.com

حُسنِ لیر کی ضیا سے سب جہاں روشن ہوا
مطلعِ شمس و قمر ہے ہو گیا بامِ امین

مستِ چشمِ یار نے مجھ کو کیا ہے نیم جان
ہے کمندِ عاشقاں زلفِ سیہ فامِ امین

نیم بسمل ہو چکا ہوں ناوکِ مژگان سے
کارگر ہے ہو چکی دل پر وہ ہمصامِ امین

عاجز و مضطر کھڑا ہوں آستانِ فیض پر
چاہتا ہوں جلوۂ دیدارِ انعامِ امین

ہو اگر یاور میری قسمت تو یہ ہے آرزو
چوم کر آنکھوں میں ڈالوں خاکِ اقدامِ امین

دلربا گر لطف سے کر لے غلامی میں قبول
بس یہی کافی شرافت کو ہے اکرامِ امین

غزل

نورِ حق جلوہ نما ہے پیر کے رخسار سے
ہو رہی ہے فیض کی بارش در و دیوار سے

جب سے عشقِ پیر دل پر ہو گیا جلوہ فگن
عزت و ناموس رخصت ہو گئی گھر بار سے

ماسوی المحبوب کا ہرگز نہیں نام و نشاں
دل مصفا ہو چکا ہے خطرۂ اغیار سے

آرزو دل میں نہیں جنت جہنم کی مجھے
ہے یہی خواہش مگر اک شربتِ دیدار سے

ذکر ہے محبوب کا ہر دم میرا مقصودِ جاں
مثلِ بلبل خوشہ چیں ہوں حسن کے گلزار سے

اُلفتِ جاناں میں جب کا دل مقید ہو گیا
برقِ طبعی شعلہ زن ہے شوخیِ گفتار سے

نشۂ عشقِ نبی میں ہے شرافت بیقرار
جلوۂ دیدار کا سائل جنابِ یار سے

غزل

حضرت جنابِ شاہِ امیں مثلِ آفتاب — شرمائیں اُن کو دیکھ کے خورشید و ماہتاب

رشکِ قمر ہے چہرۂ محبوبِ دل نواز — عارض دمک رہے ہیں مثلِ گلِ گلاب

شہرہ جو اس کے گیسوئے مشکین کا سنا — کھائے ہیں بیچ باغ کے سنبل نے پیچ و تاب

اک بار دیکھ لیوے جو حسن و جمالِ یار — ہو جاوے مست بھول دے قرآن اور کتاب

ہے مبدم مدام شرافت کی یہ دُعا — دیوے خدا فقیر کو مقصودِ دل شتاب

مناجات بحضور مزار شریف

حضرتِ شاہ امین فرخ فال — صاحبِ عزّ و شان و جاہ و جلال!

مرقدِ پاک پر ہوں لاکھ سلام — رہو جنت میں خرّم و خوش حال

بعد تسلیم و سنّتِ آداب — عرض کرتا ہوں اک یہ طورِ سوال

میری جاں پر بہت ہے سخت بنی — اک نہیں بلکہ ہے ہزار و بال

زندگی اب جہاں میں ہے مشکل — تیری الفت نے کر دیا پامال

جاں جلتی ہے سوزِ فرقت سے — اس پہ اب وصل کا تو ڈال

Marfat.com

اب تو جور و ستم کی حد نہ رہی — للہ اپنے قتیل کو تو سنبھال
اب تو بہرِ خدا کرم کیجو! — اس طرح سے تو زندگی ہے محال
بسترِ مرگ پر پڑا ہوں میں — لو خبر جلد یا شہِ خوش فال
اک ستم ہے نیا تیری ایجاد — وعدے ملنے کے کرکے دینا ٹال
گر میرے قتل کا تجھے ہے شوق — تیغ فرقت سے مارنے کا خیال
صاف کہدو تو پھر بھی راضی ہوں — رنج ہونا میری کیا ہے مجال
سچ تو یہ ہے کہ تیرے چہرہ سے — خوب روشن ہے ذات حق کا جمال
لِهٰذَا دَخَلْتُ فِی الْبَابِ — خاص قدموں میں اب بہ شوقِ وصال
میسر ہو وے زہے قسمت — ورنہ شومئے قسمت ست کمال
عرف کرنے سلام آیا تھا — کرکے رخصت ہو جاتا ہوں الحال
جی نے چاہا تو پھر ملوں گا کبھی — دل تو ہے بے قرار در ہمہ حال
مستدامین - استدعا — دے شرافت کو اپنے جامِ وصال

معمّا باسم محمّد امین
نقش اسمِ رسولِ بدرِ منیر!
ایک کے بعد میں کرد تحریر

Marfat.com

قسم دوم - در نثر

حقائقِ اسمِ امین

اسمِ امین اسمے ست پر حقائق و معارف - قدرتِ کاملہ حق جملہ اشیاء را از کرشمہ ہمیں اسمِ مبارک ظاہر فرمودہ - ایں اسم مشتمل بر چہار حروف ست اوّل الف - از ہمیں الف - احد - احمد - انبیا - اولیا - ابراہیم - اسمٰعیل - اسلام ایمان - آدم - انسان - ابدال - اوتاد - ازل - ابد - اولوالعزم - امام - اوّل آخر - احکام - الہام - ام الکتاب - احسان بظہور آمدہ

دوم میم :- از ہمیں میم - محمد - محمود - مومن - مسلمان - محب - محبوب - معبود مرسل - مولوی - مفتی - محدث - مفسّر - محقق - مدقق - مخدوم - مشائخ - ملائکہ - ملکوت مریدِ مرشد - مکہ - مدینہ - مدرسہ - مسجد - مقبرہ - مزار - مشرق - مغرب - موسیٰ - مسیح - مفرد مالک - مملوک - مداح - ممدوح - یکین - مکان - محی الدین - معین الدین - مجدد - مجتہد بظہور آمدہ

سوم یاء : از ہمیں یاء - یزدان - یثرب - یوسف - یعقوب - یونس - یحیٰ یمین - یسار - یاد - یار - یٰسین - یقین - یدبیضا - یداللہ - یتیم - یاسین - یاقوت یوم الحساب بظہور آمدہ ؛

Marfat.com

چہارم نون از ہمیں نون بنی۔ نوح۔ نور۔ نار۔ نام۔ نشان۔ نقبا۔ نجبا۔ نفل۔ نماز۔ نقش۔ نقاش۔ نقطہ۔ ناسوت۔ ناظم۔ ناثر۔ نوشہ۔ نیک نام نامو س۔ نفع۔ نقصان۔ بظہور آمدہ۔

غرضیکہ ہمہ جا ظہور امین اظہر وابین ست

مناسبتِ اسمِ شریف باسمِ امین

مابینِ ایں ہر دو اسماء مناسبت طبعی و مطابقتِ حقیقی ست بلحاظِ ترکیب وبلحاظِ معانی وبلحاظ زبان تعلقِ مخصوص درمیانِ ایں ہر دو اسم موجود ست بوجوہ ذیل :۔

۱۔ ایں ہر دو اسم از لغتِ عرب اند

۲۔ ایں ہر دو اسم ہموزن یعنی بروزنِ فعیل اند۔

۳۔ ایں ہر دو اسم از قسمِ معرفہ اند۔

۴۔ ایں ہر دو اسم چہار حرفی اند۔

۵۔ ایں ہر دو اسم از اسماءِ گرامیِ حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اند۔ جنابِ غوث الاعظم رضی اللہ عنہ در قصیدہ شریف کبریت احمر در یک جائے الجوہر

Marfat.com

الشریف الابدی و دیگر جائے الصادق المصدوق الامین

می فرمایند ؛

۶- ایں ہر دو اسم بلحاظِ معانی مرادف مستعمل اند۔ در زبانِ عرب ہرگاہ کہ متبرک اشیا را نام گیرند۔ برائے اظہارِ شرافتِ آنہا لفظِ امین ضمم کنند مثلاً بلدِ امین ۔ مقامِ امین۔ روحِ امین ۔ رسولِ امین۔ مکینِ امین وغیرہ و در زبانِ ہند ہرگاہ کہ اشیائے متبرک را نام گیرند لفظ شریف ضمم کنند مثلاً مکہ شریف۔ مدینہ شریف ۔قرآن شریف ۔ مکان شریف وغیرہ ازیں وجوہ بالا بوضوح پیوست کہ میانِ شریف و امین مغائرت نیست بلکہ از روزِ ازل یگانگت و موافقت ست۔ لہٰذا امید از درگاہِ ذوالجلال ایزدِ متعال عزّ اسمہٗ آن ست کہ از کمالاتِ علومِ جنابِ سید امین ایں حقیر شریف ملقب بہ شرافت را بہرہ در سازد۔ تا آنکہ ایں حقیقت جلوہ گر شود ؎

من تو شدم تو من شدی من جاں شدم تو تن شدی
تا کس نہ گوید بعد ازیں من دیگرم تو دیگری

آیات امان

حق تعالیٰ در کلام مجید خویش لفظ امین را بسیار جا ذکر فرمودہ تبرکاً یک جا جمع کردہ شود۔ ہر کس کہ ایں آیات کریمہ را بعد از ہر نماز سہ مرتبہ خواندہ بر نفس خود و ہر مدام در حفظ و امان حق تعالیٰ باشد

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَاَنَا لَكُمْ نَاصِحٌ اَمِيْنٌ۔ وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِيْ بِهٖ اَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِيْ فَلَمَّا كَلَّمَهٗ قَالَ اِنَّكَ الْيَوْمَ لَدَيْنَا مَكِيْنٌ اَمِيْنٌ۔ اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ (پنج مرتبہ) نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ۔ قَالَ عِفْرِيْتٌ مِّنَ الْجِنِّ اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ تَقُوْمَ مِنْ مَّقَامِكَ وَاِنِّيْ عَلَيْهِ لَقَوِيٌّ اَمِيْنٌ قَالَتْ اِحْدٰىهُمَا يَا اَبَتِ اسْتَاْجِرْهُ اِنَّ خَيْرَ مَنِ اسْتَاْجَرْتَ الْقَوِيُّ الْاَمِيْنُ۔ اَنْ اَدُّوْٓا اِلَيَّ عِبَادَ اللّٰهِ اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ۔ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ مَقَامٍ اَمِيْنٍ مُطَاعٍ ثَمَّ اَمِيْنٍ۔ وَهٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ۔ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ الْاَمِيْنِ۔

بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

دُعائے شرافت

یاآلہ العالمین یاخالق السماوات والارضین بحرمتِ سید المرسلین وبطفیل محمد الامین بفضلِ عظیم خود مرا مقامِ امین مرحمت فرما۔ وبہ بلدِ امین رسانیدہ بزیارت رسولِ امین۔ وبتائیدِ روح الامین مشرف کن۔ واز قوتِ حیدری بہرہ ور کردہ مرا قویِ امین ساز۔ واز عنایاتِ خود مفتخر فرمودہ برائے مخلوق مرا تاج امین ساز ودر اطاعتِ نبوی استقامت عطا کردہ برائے جماعت مسلمین مرا مطاع امین ساز ومستقر مرا شرافت مبذول فرمودہ مرا نزدِ خود مکینِ امین ساز آمین بحرمۃ محمد الامین صلوٰۃ اللہِ وسلامہٗ علیہِ وعلیٰ اٰلہٖ واصحابہٖ اجمعین ۔

شجرۂ طیبہ قادریہ توشاہیہ

اشعار بترتیب حروف تہجی

از الف اول سخن اللہ اکبر گفتہ شد — در ثنائے حضرتِ حق دُر و گوہر گفتہ شد

باز گویم نعتِ پاکِ حضرتِ عالی جناب — خاتمِ پیغمبراں مدحش مکرر گفتہ شد

Marfat.com

تا بود تعریف در شانِ نبی و چار یار — چوں ابوبکرؓ و عمرؓ عثمانؓ و حیدرؓ گفتہ شد

تا بتم از جان دل در عشق و حبِّ اہلِ بیت — فاطمہ زہراؓ و ہم شبیرؓ و شبرؓ گفتہ شد

جانِ من بادا فدائے چار و پنج و ہشت و چار — پنج و نہ معصوم ہم آں پیرِ رہبر گفتہ شد

حضرتِ خواجہ حسن بصری کہ او در بابِ فقر — جانشینِ حضرتِ ساقی کوثر گفتہ شد

خواجہ ہر اہلِ دل حضرت حبیبِ عجمی ست — حضرتِ داؤدِ طائی ہم معطّر گفتہ شد

در رہِ عشقِ حضرتِ معروفِ کرخی شد مرا — شاہ سَرِیِّ سقطی فقرائے افسر گفتہ شد

تذکرہ دارم طلب از عشقِ حضرت شاہ جنید — خواجۂ بوبکر شبلی ہم مقرر گفتہ شد

ہمنوائے منتہیاں شیخ عبدالواحد ست — حضرتِ بوالفرح طرطوسیؒ اطہر گفتہ شد

داں میاں حضرت علیؒ بوالحسن ہنجاری ست — بوسعیدِ مخزمی چوں مشک و عنبر گفتہ شد

گردِ او اولیا سلطان محی الدین پیر — غوثِ اعظم شاہ جیلاں قطبِ شہر گفتہ شد

شمع بزمِ عارفاں شاہ سیف الدین عبدالوہاب — شاہ صفی الدین صوفی پاک جوہر گفتہ شد

صاحبِ من شمع بزمِ فقر سید احمد ست — سیدِ مسعود شاہ مردِ قلندر گفتہ شد

ابنِ من دستگیرم حضرتِ سید علی — شاہ سید میر فائز روزِ محشر گفتہ شد

داں کہ احق ناشد شاہ شمس الدین پیر — شاہ محمد غوثؒ اچوں شمسِ انور گفتہ شد

ہم او استادِ مبارک پیر است — صاحب لطف و سخا زیں سلسلہ سر گفتہ شد

Marfat.com

عارفِ راہِ خدا و معدنِ صدق و صفا — حضرت معروف نامی فرخ

غم نمیدارم چو حضرت سلیمان سنجی ست — ہمت ما دستگیر و یار و یاور گفت

فیض بخش و لطف بخش و ذوق بخش و گنج بخش — حضرت نوشاہِ حاجی شیخ اکبر گفت

قائم سجادۂ نوشاہ برخوردار پاک — بحرِ عشق حضرتِ حق میر دفتر گفت

کاتبِ کلکِ قضا سید جمال اللہ پیر — حضرتِ شاہِ حیات آں پاک اطہر گفت

لذتِ عشق و حقیقت شاہ نور اللہ یافت — شاہِ الٰہی بخش آں بہتر ز بہتر گفت

مست شد از بادۂ حق شاہِ قل احمد ولی — نوشۂ ثانی ولی اللہ محرر گفت

نخلِ باغِ فقر و عرفاں حضرتِ شاہ امین — جملہ عارف در جہاں ز اں نخل چوں بر گفت

وارثِ علمِ شریعت ہم حقیقت معرفت — مرشدم سید محمد شاہ مظفر گفت

ہادیِ راہِ یقین و رہبرِ دنیا و دیں — شاہ غلام مصطفےٰ روشن منور گفت

یافتہ اسرارِ حقانی شرافت زیں جناب
شجرۂ نوشاہیانِ پاک یکسر گفتہ شد

Marfat.com

Marfat.com

Martat.com

دیوانِ سیرت

علیہ الرحمۃ

157

مرتبہ

صاحبزادہ سید امتیاز الحق نوشاہی

ناشر سلسلہ عالیہ نوشاہیہ "دار الفقر" ۳۷ بی شادباغ لاہور

Marfat.com

ذکرِ نوشہ رحمۃ اللہ علیہ

مرتبہ

صاحبزادہ سیّد امتیاز الحق نوشاہی

الناشر
سیکرٹری نشرواشاعت
انجمن سلسلہ عالیہ نوشاہیہ دارالفقر ۳۷ بی شادباغ لاہور

Marfat.com

(جملہ حقوق بحق انجمن سلسلہ عالیہ نوشاہیہ محفوظ ہیں)

مرتب : صاحبزادہ سید امتیاز الحق نوشاہی

بار اول

تعداد : ایک ہزار

تاریخ طباعت ۴ اگست سنہ ۱۹۷۲ء

کتابت : ادارہ پروین کتابت لاہور

مطبع : حمایت اسلام پریس، ریلوے روڈ لاہور

ناشر : سیکرٹری نشر و اشاعت انجمن سلسلہ عالیہ نوشاہیہ

ہدیہ : ایک روپیہ پچیس پیسے 1-25

فہرست مضامین

نمبر شمار	مضمون	صفحہ
۱	نفسیاتی جائزہ	۵
۲	پیدائش کی پیشنگوئیاں	۱۸
۳	مادرزاد ولایت	۲۱
۴	تعلیم و تربیت	۲۳
۵	بیعت	۲۴
۶	درجہ ولایت	۲۸
۷	خطاب نوشہ	۲۹
۸	کرامات	۳۰
۹	بشارات	۳۴
۱۰	غیبی امداد	۳۶
۱۱	آپ کی دعا سے مُردوں کا زندہ ہونا	۴۱

Marfat.com

نمبر شمار	مضمون	صفحہ
۱۲	سادگی	۴۲
۱۳	حسن اخلاق	۴۳
۱۴	توکّل	۴۴
۱۵	جاگیر	۴۵
۱۶	دو لاکھ آدمیوں کا مسلمان ہونا	۴۶
۱۷	تاریخہائے اعراس عظام	۴۹
۱۸	اوراد	۵۵
۱۹	شجرہ طیبہ قادریہ نوشاہیہ منظوم	۵۷

Marfat.com

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ

ھُوَالنَّاصِر

○

نفسیاتی جائزہ

یہ کیا وجہ ہے کہ انسان دوسرے انسان کی پیروی کرتا ہے۔ کیا انسانوں میں فرق ہے۔ یقیناً انسان انسان میں فرق ہے اور یہ فرق محض فضل الٰہی کا نتیجہ ہے جس طرح چاہے جس کو نوازے یہ سب کچھ اس کی اپنی مشیت میں شامل ہے۔ دراصل نفسیاتی طور پر جس شخص میں خطرناک ایک خاص جذبہ ہوتا ہے تو اسی شخص میں مخالفانہ جذبوں کے کئی سلسلے ختم ہو جاتے ہیں۔ اور دوسری قسم ان لوگوں کی ہوتی ہے جو نفسیاتی طور پر مجاہد یا مصلح بننے کی خواہش رکھتے ہیں۔ لیکن جب ان کے

Marfat.com

سامنے فطری جذبہ والے انسان آتے ہیں تو اس وقت مقابلے
پتہ چلتا ہے کہ فطری جذبہ کے بغیر محض ارادہ یا خواہش والا آدمی کس
بے اثر اور بے قوت ہوتا ہے۔ عام انسان کو کسی ایک انداز سیرت
اچھا سمجھ کر قوت ارادی سے اس کو حاصل کرنے کے لئے نفس
کے ساتھ جنگ لڑنا پڑتی ہے لیکن جو شخص فطری طور پر اس سیرت
کا مالک ہو تو اس کو کسی اندرونی کشاکش میں مبتلا ہونے کی
ضرورت نہیں۔ اولیائے کرام ان رکاوٹوں کو محسوس ہی نہیں
کرتے جو دوسرے لوگوں کے لئے زبردست مزاحمت پیش کرتی
ہیں۔ اگر ہر آدمی ان رکاوٹوں کو بے حیثیت اور بے قوت محسوس
کرتا تو سب کے سب ولی اللہ ہوتے۔ کیونکہ بلند نصب العین
کے مطابق زندگی بسر کرنے کی خواہش تو بہت لوگوں میں ہوتی ہے
لیکن عشق اور جذبے کا وہ جوش و خروش نہیں ہوتا جو رکاوٹوں کو
تنکوں کی طرح بہا لے جائے۔ جوش اور جذبہ طبیعت میں شجاعت
پیدا کرتا ہے اور اسی شجاعت کے عنصر کی کمی بیشی انسانوں کے اعمال
سیرت کے فرق پیدا کرتی ہے اور زندگیوں کو مختلف بناتی ہے۔ جذبہ
ذکر چل نکلا ہے کہ جرنیل سکوبلف کہتا ہے کہ میری بہادری کا
فقط اس جذبہ پر ہے کہ میں خطرے کو حقیر جانتا ہوں اصل سکون

Marfat.com

کرتا ہوں۔ جس بات میں جان کا خطرہ ہو اس میں مجھے غیر معمولی لطف آتا ہے۔ کسی خطرے پر غالب آنے کے لیے میرے ساتھ جس قدر مددگار کم ہوں اس قدر میں اس کو پسند کرتا ہوں۔ محض عقلی باتیں مجھے نہیں اکسا سکتیں۔ لیکن جہاں روبرو اور دست بدست مقابلہ ہو اور خطرہ ایسا ہو کہ اس کے اندر میں سر کے بل گھس سکوں۔ اس سے مجھے نشہ ہو جاتا ہے اور میں دیوانہ وار اس کی طرف لپکتا ہوں۔ میں خطرے کی طرف اس طرح کھچا جاتا ہوں جس طرح بعض لوگ عورتوں کی طرف کھچے جاتے ہیں۔

ہم جو مثال اوپر بیان کر چکے ہیں محض بہ فضل الٰہی ہے کہ ایک انسان کے اندر فطرت نے ایک جذبہ پیدا کر رکھا ہے۔ ہاں یہ جذبہ مصمم ارادہ سے بھی پیدا ہو سکتا ہے۔ لیکن وہ لوگ جو محض خواہش رکھتے ہیں کہ ان کے اندر یہ جذبہ پیدا ہو جائے اور مصمم ارادہ نہیں رکھتے وہ بجائے جذبہ پیدا کرنے کے پشیمانیوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ اس کی خاص وجہ یہ ہے۔ سیرت کی تبدیلی میں تمام جذبات کی جنگ شروع ہو جاتی ہے اور جس وقت کوئی قوی خواہش غلبہ پا لے تو

ارادہ تبدیل ہوجاتا ہے اور سوائے پریشانیوں اور مایوسیوں کے کچھ ہاتھ نہیں آتا۔ اور اگر مصمم ارادہ ہو تو عشق، فیاضی، بلندحوصلگی۔ وفاداری اور قربانی جیسے جذبات انتہا تک پہنچ جاتے ہیں اور بزدلانہ رکاوٹیں جو دیوار سکندری بن جاتی ہیں۔ وہ گرجاتی ہیں اور غائب ہوجاتی ہیں۔ رسمی تکلفات۔ آداب و اطوار، جھجک، شبہات بزدلی۔ ناامیدی ان سب میں سے کسی کا وجود نظر نہیں آتا۔

نفسیات کے ان عام اصولوں کی بحث کے بعد اپنے مضمون کی طرف لوٹتے ہیں کہ اولیاء اللہ جن کی زندگی کا مرکز ایک مذہبی شعور ہے، ان کی سرگرمیاں تمام تر روحانی ہوتی ہیں۔ مذہبی جوش نے ان کے لئے تمام ادنیٰ قسم کی رکاوٹیں دور کردی ہیں اور وہ نفس امارہ کے ظلم وستم سے محفوظ ہوجاتے ہیں۔ وہ بلند کریم النفس اور عالی ظرف ہوجاتے ہیں جو عام آدمی کے لئے ممکن نہ ہو۔ پابندی رسوم اور ذلیل محرکات جو عام آدمیوں پر حکمرانی کرتے ہیں۔ ان کے سامنے بے اثر ہوکر رہ جاتی ہیں۔ ان کے باطن کی سنگین دیوار ٹوٹ جاتی ہے اور ان کے دل کی ناپید ہوجاتی ہے۔ ہم جیسے معمولی آدمیوں کو بھی تھوڑا سا تجربہ

Marfat.com

اس قسم کا کبھی کبھی ہو جاتا ہے جو ہمارے اندر رقت پیدا کر دیتے ہیں اور جب ہمارے آنسو جاری ہو جاتے ہیں تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آنسوؤں کے سیلاب نے ہمارے اندر کا بند توڑ دیا ہے اور تمام گنہگاریاں اور اخلاقی خطاکاریاں اس میں بہہ گئی ہیں۔ نفس دھل کر صاف ہو گیا ہے۔ دل نرم ہو گیا ہے اور روح اعلیٰ قسم کی ہدایت کو قبول کرنے پر آمادہ ہو گئی ہے۔ لیکن افسوس صد افسوس۔ کہ ہم پر یہ کیفیت بہت عارضی ہوتی ہے اور دل اپنی پرانی سختی کی طرف لوٹ جاتے ہیں مگر اولیاء میں یہ کیفیت عارضی نہیں ہوتی۔

انسان انسان میں فرق ہے کے موضوع پر اپنے اندر ایک سوال پیدا کر سکتے ہیں کہ سامانِ زندگی، ضروریات پوری کرنے کے لئے ہے یا دل بہلانے کے لئے ہے؟ اس سوال کے جواب میں غفلت و ہوشیاری کی زندگی کے دونوں رخ موجود ہیں۔ جن لوگوں نے مسلسل ریاضت کے ذریعے اپنے دل سے غرور و نخوت اور خود غرضی نکال کر اس میں سوز و گداز، بے نفسی اور خاکساری کے جذبات پیدا کر لئے ہیں۔ انہوں نے سامانِ حیات کو بھی اتنی اہمیت نہیں دی جس کے لئے ایک شخص درندہ بن جائے

Marfat.com

اور اپنے عیش و راحت کے لئے دوسروں کا گھر اجاڑ دیتے ہیں۔ ا
لوگ ان دوسروں سے نفرت کرنے لگتے ہیں جو اپنے فرزندوں
دوسروں کی لاشوں پر اپنے عشرت کدوں کی تعمیر کا درس دیتے ہیں
گزشتہ جنگوں کی تباہ کاریوں کے تصور سے انسانیت کے جسم پر
کپکپی طاری ہو جاتی ہے۔ اس وقت جب انسانی عظمت پر خون
اور دھوئیں کی بارش ہو رہی تھی ایک گروہ بار بار اونچے سروں
میں الاپ رہا تھا کہ اسی آگ اور دھوئیں کے اندر سے ایک نیا
نظامِ زندگی جنم لے گا اور زندگی کی تازہ توتیں آئندہ انسان کے
بنانے اور سنوارنے میں مصروف رہیں گی۔ لیکن ہوا کیا؟ وہی بے چینی
کی آگ، وہی بے سکونی کا ماحول، بلکہ کبھی کبھی پہلے سے زیادہ وحشت
بڑھ جاتی ہے کہ اب اگر جنگ چھڑ جائے گی تو ہماری دھرتی سینہ
بھری مانگ کا کیا ہوگا؟ ایک گروہ ان لوگوں کا ہے جو امن کے
مدعی ہیں اور ان کے پاس جنگ و جدل کا سامان ہونا لازمی ہے
لیکن وہ لوگ جو امن کے پاسبان اور دعویدار ہیں ان کو کیا ہو
کہ وہ بھی نئے نئے ہتھیاروں کی دوڑ میں کسی سے ایک انچ پیچھے
نہیں ہیں۔ اخلاقی اور روحانی قدروں کو ایک واہمہ سمجھنے والوں
نے انجام دیکھ لیا ہے کہ انتہائی ترقی کے بعد جب بغور دیکھتے ہیں

Marfat.com

معلوم ہوتا ہے کہ انسانی قافلہ ایک عجیب ہولناک دیرانہ میں سفر کر رہا ہے اور خود کو ہر بار سو قدم پیچھے پاتا ہے جہاں سے کل روانہ ہوا تھا۔

یہ ساری باتیں اگر سچ ہیں تو سچی بات کی قدر و قیمت اس لئے نہیں گھٹ سکتی کہ اسے اعلیٰ حضرت مجدد اعظم سید حاجی محمد نوشہ گنج بخش علیہ الرحمۃ کے لوحِ مزار سے نشر کیا جا رہا ہے۔

آیئے غور کریں کہ ان درگاہوں سے چند قدم دور فرمانروا ؤں کے گنبدوں پر صدیوں سے سناٹا کیوں چھایا ہوا ہے اور اس کے برعکس جن لوگوں نے چھٹی پرانی چادروں میں زندگی گزاری ہے۔ ان کے مزاروں پر ابھی تک رونقیں کیوں ہیں ؟ کیوں یہاں لوگوں کا مجمع لگا ہوتا ہے جب کہ سلاطین کے درباروں پر حسرت و یاس کی تاریکیاں چھائی ہوئی ہیں۔

فرق یہ ہے کہ سلاطینِ زمانہ اقتدار کے حصول کے لئے پاگل ہو رہے تھے۔ اولیاء اللہ نے خود کو خدا اور مخلوق خدا سے پیم کی اتھاہ گہرائیوں میں غرق کر دیا " من و تو" کے امتیاز سے بلند ہو گئے ؎

Marfat.com

نوشہ ہم لاقید ہیں کون بیگانہ خویش
جگت تماشا دیکھنے آئے ہیں درویش

من میں محبت کی جوت جگائی، ایک خدا کو اپنا بنا کر سارے مخلوق کے بن گئے، پوری زندگی انسانیت کی خدمت کے لئے وقف کردی اور اس طرح انسانیت کی رگوں میں خون بن کر دوڑنے لگے۔ پھر انہیں کیوں کوئی بھلائے! کیونکہ فراموش کردے، یہ طاقت کے زور پر عوام کو جھکانے والے یا سیاسی جوڑ توڑ کے ذریعے اقتدار پانے والے لیڈر نہیں تھے جن کے جنازہ کو زمانہ دیر تک کاندھوں پر لے کر نہیں پھرتا ؎

ہرگز نمیرد آں کہ دلش زندہ شد بہ عشق
ثبت است بر جریدۂ عالم دوام ما

دل کی پاکیزگی اور قلب کی طہارت کے لئے صوفیاء کرام نے سخت امتحانی راستے مقرر کئے ہیں۔ جن میں صداقت کے متلاشی کو قربانی نفس کی تربیت کے لئے برہنہ پا دوڑایا جاتا ہے۔ توکل اور قناعت کے شکنجے میں کسا جاتا ہے۔ اور بے لگام آرزوں پر قابو پانے کی مشق کرائی جاتی ہے

Marfat.com

حضرت داتا گنج بخش علیہ الرحمۃ "کشف المحجوب" میں رقم طراز ہیں۔

"طریقت صوفیاء میں جب کوئی شخص داخل ہونا چاہتا ہے تو بزرگان تصوف اسے تین سال تک روحانی درس دیتے ہیں۔ پہلا سال مخلوق خدا کی خدمت میں بسر کرایا جاتا ہے۔ دوسرا سال عبادت الٰہی میں گزارا جاتا ہے اور تیسرا سال خود اپنے جائزہ قلب میں گزارتا ہے۔"

حضرت شبلیؒ جب حضرت جنید بغدادی (علیہ الرحمۃ) کی خدمت میں روحانیت کا درس لینے پہنچے تو ان کو ہدایت کی گئی کہ انہوں نے اپنی وزارت کے زمانہ میں جن لوگوں کے ساتھ ناانصافی کی ہے پہلے فرداً فرداً سب سے مل کر اس کی معافی حاصل کریں۔ اس میں چار سال گزر گئے۔ اس کے بعد ان کو عوام کی خدمت میں لگا دیا گیا۔ ان سے مشقت اور محنت کے بہت ہی سخت کام کرائے گئے۔ تاکہ ان کے نفس سرکش سے عزت و شہرت کا گھمنڈ نکل جائے۔ ان مرحلوں سے گزرنے کے بعد حضرت جنیدؒ نے حضرت شبلیؒ کو جب اپنا مرید بنایا تو پہلی شرط یہ عائد کی کہ ایک خادم کی

Marfat.com

طرح انہیں مخلوق کی خدمت انجام دینی ہوگی۔ ایک صاحب
مزید خدمتِ خلق انجام دینے کے بعد حضرت جنید علیہ الرحمۃ سے
ان سے پوچھا "اب تم خود کو کیا خیال کرتے ہو"
حضرت شبلیؒ نے جواب دیا "اب خدا کی مخلوق میں اپنے
کو سب سے کمتر سمجھتا ہوں"
مرشدی یا صفا نے جواب دیا "اب تمہارا ایمان پختہ ہوگیا
اہل سادات کے چشم و چراغ سیّد حاجی محمد نوشہ گنج بخش
علیہ الرحمۃ کی ذات گرامی ایک یگانہ و یکتا ذات تھی۔ ہر
کمال اور ہر حسن میں بے مثال اور لیاقت و عمل میں کامل النمو
تھے۔ اور صرف اسی لئے پیدا ہوئے تھے کہ آقائے نامدار سرور
دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اتباع میں دنیا اور اہل دنیا
کے سامنے زندگی کے نظام کا ایک آسان نمونہ پیش فرمائیں
کیا اس معاشرت میں کوئی عقدہ ایسا رہا جسے سرکار دو عالم
نے نہ سلجھایا ہو اور زندگی کا کوئی شعبہ ایسا نہیں ہے جس
حضور پُر نورؐ نے صحیح رہنمائی نہ فرمائی ہو۔ یہ آج ہماری بدبختی
ہے کہ ہم نے طریقہ نوشاہیہ کو محض پیری مریدی تک محدود کر دیا
ہے اور نذر و نیاز کے حصول کو اپنا شعار بنا لیا ہے۔

Marfat.com

آج دنیا باوجود انتہائی ترقی اور مادی وسائل کی فراوانی کے ایک عجیب کشمکش میں مبتلا ہے اور انسانوں کی زندگی بظاہر عیش و طرب سے بھری پڑی ہے مگر بباطن ان کی روحیں امن و سلامتی اور سکون اطمینان قلب کے لئے بے چین ہیں۔

امریکہ کا ایک مشہور سائنسدان "لے کامٹے دو نوئی" (LA COMTE DU NOY) اپنی معرکۃ الآرا تصنیف "انسان کا مقصد" میں لکھتا ہے کہ "انسان کی زندگی کا مقصد اس کی اخلاقی قدروں کو بلند کرنا ہے۔ یہاں تک کہ وہ خالق کائنات کے انوار سے قریب تر ہو جائے" یہ مشہور ماہر سائنس علم الحیات کا مخصوص استاد ہے۔ اور انسان کی آفرینش سے عہد بہ عہد کے ارتقاء کی تفصیل بیان کرتے ہوئے یہ نتیجہ نکالتا ہے کہ انسان اب تک عالمگیر اخلاقی تخیل پر قادر نہیں ہوا ہے اور اس میں حیوانیت کے عناصر بہت باقی ہیں۔ ہزاروں بلکہ لاکھوں برس کی اخلاقی تبدیلیوں کے بعد بھی انسان بلند اخلاقی مراتب تک نہیں پہنچا ہے اور دنیا کی عظیم المرتبت ہستیاں (حکمران جماعتیں اور سیاسی لیڈرین جو بظاہر انسانوں کی رہنمائی کرتے ہیں اور ان کے جسم وجان اور مال و دولت پر حاکم ہیں) وہ انسان کی

Marfat.com

رہنمائی کے لئے بالکل ناقابل اور نااہل ثابت ہوئی ہیں۔
یہ نام نہاد عظیم المرتبت ہستیاں بظاہر مدعی ہیں
تلاش امن کے ذرائع ووسائل کے لئے سرگرداں نظر آ
ہیں۔ لیکن فی الحقیقت طاغوتیت اور فرعونیت کے اقتدا
اور لازوال دولت اور طاقت کی خواہشمند ہیں۔ انہیں نہیں
معلوم کہ امن وسلامتی خدا کی بتائی ہوئی راہ پر گامزن ہونے میں
ہے اور انبیائے کرام اور اولیائے پاکباز کی تعلیم وتربیت
کے حصول سے انسان اپنی اخلاقی قدر بڑھا سکتا ہے
اور حقیقی معنوں میں انسان بن سکتا ہے اور صحیح طور
امن قائم کر سکتا ہے۔

اگر ہم عام اختلافِ آرا کو مدنظر رکھیں جو کہ کسی شخ
کے اوجِ کمال کے متعلق ہوتا ہے تو ہم دیکھیں گے کہ ا
سے مخلوق کا یہ شیوہ رہا ہے کہ وہ کبھی کسی پہلو سے ایک
شخصیت کو اعلیٰ وافضل مانتی ہے لیکن مخالف نقطہ
والے انسان کسی انسان کے ہر اعتبار سے حاملِ مرتبت
قائل کبھی بھی نہیں ہوتے۔ اگر ایک زمانہ میں زہد و اتقا
مانا گیا ہے تو دوسرے زمانہ میں سخاوت کو، کبھی حقانیت

Marfat.com

ردج حاصل ہوا ہے اور کبھی شاہانہ کروفر کو دنیا میں سب سے بہتر معیار مان لیا گیا لیکن کسی کی بلندی کے لئے کوئی بھی معیار بنا لیا جائے تو مجدد اکبر حاجی محمد نوشہ گنج بخش علیہ الرحمۃ اس معیار پر اعلیٰ و اعظم قرار پاتے ہیں۔

سچ بولنا، جھوٹ کی برائی، علم بے عمل کی مذمت، عام عفو و درگزر، توکل، صبر، شکر، حق پر استقامت، سخاوت اور خیرات کا حکم، اسراف و فضول خرچی کی ممانعت، میانہ روی کی تاکید، عزیزوں اور قرابت داروں، یتیموں، مسکینوں اور پڑوسیوں کے ساتھ نیکی، مسافروں، سائلوں اور غریبوں کی امداد، ملازموں کے ساتھ احسان، فخر و غرور کی برائی، اماتداری، ایفائے وعدہ، صدق و خیرات، آپس میں لوگوں کے درمیان محبت پیدا کرنا، کسی کو برا بھلا نہ کہنا، زمین پر اکڑ کر نہ چلنا، ایمان ہادی اور انسان برادری، اکل حلال، روزی خود حاصل کرنا، بدگوئی کی ممانعت، ایثار، تحمل، دشمنوں سے درگزر، ناظرین و مخالفین سے گفتگو میں آداب، صدقہ اور خیرات کے بعد لوگوں پر احسان جتانے کی برائی، پاکبازی جتانے کی برائی، تہمت لگانے کی ممانعت، غیبت نہ کرنا، بدگمانی نہ کرنا،

Marfat.com

پسند اور نمائش کی ناپسندیدگی، معاملات کی پیچیدگی اور ان
بلاشبہ اس قرآنی تعلیم کا نمونہ، آقائے حضرت سید حاجی محمد نو
گنج بخش علیہ الرحمۃ کے ہر قول و فعل میں ہم کو ملتا ہے اور آپ
کے اقوال و اعمال سے اخلاق کی اگر ایک فہرست مرتب کی جا
تو وہ کسی طرح اوپر لکھی ہوئی فہرست سے کم نہ ہوگی۔ آپ کی زند
کا ہر لمحہ اس قرآنی اخلاق کا نمونہ تھا اور یہی سبق اور عمل
سننے اور دیکھنے والے کے لئے مشعل راہ بنا اور اسی سے
بگڑے اخلاق سدھر گئے اور یہی اخلاق تھے کہ باعث سکو
قلب ہوئے۔

○

پیدائش کی پیشگوئیاں

جب اعلیٰ حضرت سید حاجی محمد نوشہ گنج بخش علیہ الر
ابھی شکم مادر میں تھے تو حضرت سید شاہ علاؤالدین علیہ الرحمۃ
فریضہ حج ادا کرنے گھر سے روانہ ہونے لگے تو اپنی اہلیہ محترمہ سے
کہ تمہیں خوشخبری دیتا جاؤں کہ اللہ تبارک و تعالیٰ ایک لڑکا
فرمائے گا جس کا نام حاجی محمد رکھنا ہے اور خدا نے ذوالجلا

سے نوشہ خلعت سے نوازے گا۔

بمکہ رواں شد پدر پاک او
بہ بی بی بداد ایں بشارت نکو
کہ حق با تو فرزند نیکو دہد
کہ او قطب دور زمانہ شود
ولی نام حاجی محمد نہی
دہد حق باو خلعت نوشہی

آنذات (علیہ الرحمۃ) کی پیدائش کی جو دوسری پیشنگوئی ہمیں دستیاب ہوئی ہے وہ والد محترم کے علاوہ آفتاب فقر قادریہ ذات بے مثال حضرت سخی بادشاہ شاہ سلیمان تونسوی قادری علیہ الرحمۃ کی تھی۔ قصہ یوں بیان ہوتا ہے۔ کہ جب حضرت سخی شاہ سلیمان نوری قادری علیہ الرحمۃ موضع بکھا والی تشریف لائے تو آپ نے حضرت نوشہ پاک علیہ الرحمۃ کی والدہ ماجدہ سے فرمایا تھا کہ آپ کی پیشانی سے نور جھلکتا ہے کیونکہ آپ ولی زمان اور باکمال بیٹے کی ماں بننے والی ہیں جو عالم اس سے فیضیاب ہوگا اور اس کی غلامی اختیار کرے گا اور ساتھ یہ بھی فرمایا کہ آنذات دنیا میں تشریف لے آئیں تو

Marfat.com

مجھے اطلاع دی جائے۔ لہٰذا سوموار یکم رمضان المبارک ۱۰۹
بمطابق ۱۵۵۲ء نوشہ گنج بخش علیہ الرحمتہ کی پیدائش مو
گھگانوالی میں ہوئی تو حضرت سخی شاہ سلیمان نوری علیہ الرحمت
کے ارشاد کے مطابق انہیں اطلاع دی گئی۔ دریائے سخاوت
موجزن ہوا۔ کرم نوازیوں کی بارش ہوئی۔ حضرت سخی شاہ سلیما
نوری تشریف لے آئے اور ایک چادر[1] بطور تبرک عطا فرما
اور حکم صادر فرمایا کہ اس چادر میں نومولود کو لپیٹا جائے
نومولود کو حاجی نام سے موسوم فرمایا ؎

چو زو یافت شاہ سلیماں خبر
رسید از پئے دیدنش زود تر
زلطف و کرم نام حاجی نہاد
زپوشاک خود پارچہ جامہ داد

قاعدہ ہے کہ گاؤں کی عورتیں دودھ گرم کر کے اس میں لسی یا
ملا دیتی ہیں پھر اسے گرم کپڑوں سے ڈھانپتی ہیں۔ اس احتیاط
بعد جب دودھ بلوتی ہیں تو مکھن دستیاب ہوتا ہے
اسی طرح وہ شخص جس کی پیدائش ایک نیک بہرت اور با

---

[1] یہ چادر مولف کے پاس محفوظ ہے جس کی زیارت ہر خاص و عام کر سکتا ہے۔
پتہ "دارالفقر" ۳۷ بی شاد باغ لاہور

Marfat.com

کھڑا ہے میں ہو اور اسے ڈھانپنے کے لئے ایک مرد باصفا کی چادر عطا ہو۔ تو پھر یہ کیسے ممکن ہے کہ وہ ولی کامل نہ ہو۔

○

مادر زاد ولایت

حضرت جناب نوشہ گنج بخش علیہ الرحمۃ کو ذات باری تعالےٰ نے پیدائش سے ہی پاکیزہ بنایا اور یہ کیسے ممکن تھا کہ کوئی ناپاک چیز ان کے نزدیک ٹھہر سکے ۔ روایت یوں بیان کی جاتی ہے کہ ایک روز حضرتؒ کی والدہ ماجدہؒ آپ کو پنگھوڑے میں لٹا کر کسی کام میں مصروف ہوئیں تو ایک ناپاک عورت پنگھوڑے کی طرف بڑھی تاکہ آقذات علیہ الرحمۃ کو اٹھالے جونہی نزدیک ہوئی تو پنگھوڑے میں اسے سانپ دکھائی دیا۔ وہ ڈر سے کانپ اٹھی اور شور مچایا کہ مجھے سانپ ڈسنے لگا ہے۔ چنانچہ آپ کی والدہ محترمہ نے اس ہمسایہ عورت کی چیخ و پکار سنی تو جلدی سے پنگھوڑے کی طرف دوڑیں۔ کیا دیکھتی ہیں کہ غصہ کی حالت میں سوئے ہوئے ہیں۔ والدہ محترمہ اس عورت سے یوں مخاطب ہوئیں۔

Marfat.com

بگفتش چہ باشی تو ناپاک تن
نبینی بہ بزدیک فرزند من

دوسرا واقعہ یوں بیان کیا جاتا ہے کہ جب آنذاتؒ نے بیٹھ
اور گھٹنوں کے بل چلنا سیکھا تو اپنی حویلی کے صحن میں پھرتے
تھے۔ حویلی بہت کشادہ تھی۔ چونکہ گاؤں کے دوسرے لوگ
بھی اسی حویلی میں اپنے مویشی بھی باندھ جاتے۔ مویشی مزاحم
ہو گئے۔ گاؤں کے لوگ حضرت شاہ سخی سلیمان نوریؒ کی
خدمت میں پہنچے اور عرض کیا کہ ہم بہت پریشان ہیں۔ ہمارے
مویشی مر جاتے ہیں۔ دعا فرمائیں کہ ہم اس بلا سے محفوظ رہیں
جواباً سخی شاہ سلیمان نوری علیہ الرحمۃ نے فرمایا کہ ... ملا
حاجی محمد (علیہ الرحمۃ) نے گھٹنوں کے بل چلنا شروع کر دیا
اور آسمان سے فرشتے اس کے ساتھ کھیلنے آتے ہیں۔ کھیلتے کھیلتے
جب حاجی محمد کے ہاتھ پاؤں گوبر سے لوث ہو جاتے ہیں تو بے ادبی
کے باعث مویشی مر جاتے ہیں لہٰذا شاہ کی حویلی کے صحن میں
لوگوں کو مویشی نہ باندھنا چاہیئے۔

بباید کہ زین بعد در صحن شاہ
نہ بندد کسی گاو را ہیچگاہ

Marfat.com

چو ایں کار کردند شان اختیار

سپس مال ایشاں شدہ بیشمار

گاؤں کے لوگوں نے حضرت سخی بادشاہؒ کے حکم کی تعمیل
اور ان کے مویشی پھر بے شمار ہو گئے۔

○

تعلیم و تربیت

ایک روز اعلیٰ حضرت مجدد اعظم سید حاجی محمد نوشہ گنج بخش
علیہ الرحمۃ نے اپنے والد محترم سید حاجی علاؤ الدین علیہ الرحمۃ
سے ظاہری علم حاصل کرنے کی خواہش کا اظہار کیا۔ اس زمانہ
میں موضع جاگو تارڑ میں ایک بہت ہی لائق اور مشہور استاد
کام کرتے تھے۔ استاد صاحب حافظ بھی تھے اور قاری بھی۔
والد محترم آنجناب علیہ الرحمۃ کو استاد صاحب کے پاس
لے گئے اور ان کی شاگردی میں دے دیا۔ قرآن حکیم کا سبق
لیتے ابھی کچھ دن ہی گزرے تھے کہ ایک رات آپ کو خواب
میں غیب سے آئے ہوئے دو فرشتے دکھائی دیئے۔ راتوں
رات ان دو فرشتوں نے آپ کو قرآن مجید پڑھا دیا۔ سراپ

Marfat.com

قرأت سکھا دیئے اور اس کے معانی سے بھی واقف کرا دیا
صبح استاد محترم نے آپ کے مخارج کی ادائیگی پر غور کیا
سے پوچھا "اے حاجی محمد! علم لدنی کا راز کیا
آپ نے سارا ماجرا کہہ سنایا اور مدرسے سے رخصت
گئے اور اپنے گاؤں واپس تشریف لے گئے۔

○

بیعت

باوجود اس امر کے کہ آنداد (علیہ الرحمۃ) مادرزاد ولی
لیکن تمنا تھی کہ اس مردِ باصفا کے ہاتھ پر بیعت کریں
نے کہ ان کی پیدائش کی پیشگوئی کی تھی اور چادر مبارک
کی تھی لیکن اپنے پیشوا سے ملاقات کی صورت نہ بن آئی
ایک دن کسی نے حضرت سے عرض کیا کہ ملاں کریم جو نیک
پارسا ہیں، یادِ الٰہی میں مصروف ہیں، حضرت سخی شاہ
نوزی کے یارانِ طریقت میں سے ہیں۔ چنانچہ سنتے ہیں
سرکار" موضع جوکالیاں تشریف لے گئے اور مرشد پاک"
بارے میں گفت و شنید کی۔ ملاں کریم نے مرشد پاک کا

Marfat.com

اس طرح چھیڑا کہ آپ کا اشتیاق دیدار بڑھتا گیا۔ آخر یہ کہہ آئے کہ ملاں کریم! جب کبھی دربار مرشد" پر حاضری دیں تو مجھے بھی اپنے ہمراہ لے چلیں۔ پھر ایک دن دونوں دوست اپنے قبلہ و کعبہ ہادی رہنما حضرت سخی شاہ سلیمان نوری" کے دربار پہنچے۔ حضرت سخی بادشاہ موجود تھے اور منتظر نظر آرہے تھے۔ ملاں کریم نے مدعا بیان کیا تو مرشد پاک فرمانے لگے:۔ اے ملاں کریم! میں اس نوجوان کا بہت دیر سے منتظر تھا۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ پہنچ گیا ہے اور میں اس کی امانت اسے دیتا ہوں۔ پھر جناب حاجی محمد سے یوں مخاطب ہوئے:۔

"اے حاجی محمد! تیرے ہجر میں میں بہت غمگین تھا۔"

اتنی ہی بات ہوئی کہ عالی سرکار حضرت نوشہ گنج بخش علیہ الرحمۃ نے اپنے مرشد کے قدموں پر سر رکھ دیا۔ تو سخی بادشاہ نے حضرت کو گلے لگا لیا۔

پھر کیا تھا کہ مرشد کی ایک ہی نظر سے عالی سرکار علیہ الرحمۃ پر حالت جذب طاری ہو گئی اور تین ماہ تک اسی کیفیت میں رہے اور اسی مدت میں فیوض حضور کا قرب حاصل ہو گیا۔ تمام مراتب سلوک

Marfat.com

طے فرمالیے۔ جب سخی بادشاہ نے دیکھا کہ عالی مرتبہ نے عمل طور پر فنا فی الشیخ کی منزل عبور کر لی ہے تو اعلان فرمایا ؎

ہمہ تابع امر حاجی شوید
براہ کہ گوید ہماں رہ روید
میارید نسبت قدیمی میاں
مقدم شدہ از شما ایں جواں
بدانید حاجی سلیمان شدہ
سلیمان و حاجی یکی جان شدہ

یعنی سب جان لو کہ تم میں سے ہر شخص پر لازم ہے ... کہ حاجی محمد (علیہ الرحمۃ) کے حکم کی بجا آوری کرے اور جس راہ پر یہ چلائے وہی راہ اختیار کی جائے۔ کوئی شخص بھی میرے ساتھ نسبت قدیمی کا خیال نہ کرے کیونکہ یہ جوان تم سب پر سبقت لے گیا ہے اور یہ بھی جان لو کہ "حاجی" "سلیمان" ہو گیا ہے اور "سلیمان" اور "حاجی" یک جان ہو گئے ہیں۔ اور پھر فرمایا: جو شخص بھی حاجی محمد کا مطیع ہو گا وہ بلند درجہ پائے گا اور جو کوئی اس کے حکم کی بجا آوری نہ کرے گا وہ اپنے گلے میں طوق ذلت باندھ لے گا۔

Marfat.com

بعد ازاں اپنے دونوں فرزندوں حضرت تاج محمودؒ اور حضرت رحیم دادؒ کو طلب فرمایا اور ان کو عالی سرکار علیہ الرحمۃ کے حوالے کر دیا اور فرمایا کہ :

اے حاجی محمد! میں نے اپنے فرزند تیرے حوالے کر دیئے ہیں اب ان کی تربیت تمہارے سپرد ہے۔ میرے بیٹے اصل میں تمہارے ہی بیٹے ہیں کیونکہ یہ دونوں تمہارے حالات سے واقف نہیں ہیں۔ اگر ان سے کبھی کوئی خطا سرزد ہو جائے تو انہیں معاف کر دینا۔ ان کی خاطر و مدارات کا بھی خیال رکھنا، اور یارانِ طریقت سے پھر ایک دفعہ فرمایا کہ جس شخص کو بھی شوق الٰہی ہو تو حاجی محمد کے پاس جائے ؎

کسے را کہ شوق الٰہی بود

بباید کہ نزدیک حاجی رود

Marfat.com

○

درجہ ولایت

اس زمانہ میں ضلع گجرات درویشوں اور ولیوں سے بھرا پڑا تھا۔ مثلاً حضرت شاہ دولہ علیہ الرحمۃ، کیلیانوالی والے عبدالسلام سلیمان چدھڑ، شاہ مسکین قلندر، میاں طاہر، حسام اور میراں شریف رحمۃ اللہ علیہم اجمعین جیسی بزرگ و برتر ہستیاں موجود تھیں رخصت سے پہلے عالی سرکار حضرت نوشہ گنج بخش علیہ الرحمۃ نے ان تمام بزرگوں میں اپنا مقام پوچھا تو حضرت سخی شاہ سلیمان نوری علیہ الرحمۃ نے فرمایا، اس راز کو میں صبح عیاں کروں گا۔ رات گزر گئی۔ اگلے روز علی الصبح طالب حق اپنے مرشد باکمال کے قدموں میں جا بیٹھا تو خود ہی مرشد پاک نے فرمایا۔ حاجی محمد! رات جو تم نے سوال کیا تھا۔ میں تمہیں جواب سناتا ہوں۔ رات میں نے دیکھا ہے کہ تمہارے پاس تمام اولیاء آئے ہیں اور سب کے سب ایک طرف کھڑے ہیں اور دوسری طرف تو اکیلا ہے اور فریقین کے درمیان چوگان کا کھیل شروع ہو گیا ہے۔ کھیل کے میدان میں حدیں بھی مقرر ہوئیں۔ ایک حد قندھار تھی

Marfat.com

دوسری حد ہندوستان۔ جب میدان میں گیند پھینکی گئی اور کھیل کا آغاز ہوا تو تمہاری ایک ضرب سے گیند ہندوستان کی سرحد پار کر گئی۔ اور دوسری ضرب سے گیند خراسان سے بھی آگے نکل گئی۔ فریق ثانی میں کوئی بھی نہ تھا کہ تم سے سبقت لے جاتا۔

○

خطاب نوشہ

اولاً تو والد محترم حضرت حاجی سید علاؤالدین رحمۃ اللہ علیہ نے پیدائش سے پہلے ہی بشارت دی تھی اور حج بیت اللہ کو جاتے ہوئے فرمایا تھا ؎

ولی نام حاجی محمد نہی
دہد باو خلعت نوشہی

آخر نوشہ کا خطاب بارگاہ الٰہی سے عطا ہوا۔ خطاب کا ملنا ہی تھا کہ ذرہ ذرہ میں چمک آگئی تھی۔ انسان اور جن، ماہی اور مرغ اور بحر و بر "نوشہ" "نوشہ" پکار اٹھے۔

Marfat.com

از قرب حق چو نوشہ نوشہ خطاب شد
ذرہ ز پرتوہ ازلی آفتاب شد
ہر ہر کہ ذکر نوشہ ہمی نمود
انسان و جن از نظرش فیضیاب شد
ماہی و مرغ بحر و بر اندر ثناء او
در حرم کبریای رہش بے حجاب شد

○

کرامات

معجزہ اور کرامت میں فرق یہ ہے کہ معجزہ صرف نبی کی ذات سے وابستہ ہے اور کرامت "ولی" سے۔ نبی اور ولی کا مقصد ایک ہی ہوتا ہے یعنی تبلیغ اسلام۔ لیکن فرق یہ ہے کہ نبی پر وحی نازل ہوتی ہے اور ولی پر وحی نازل نہیں ہوتی بلکہ وہ اتباع رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) میں دنیا اور اہل دنیا کے سامنے زندگی کے نظام کا ایک نمونہ پیش کرتا ہے۔ چونکہ حضرت مجدد سید حاجی محمد نوشہ گنج بخش علیہ الرحمۃ ولی زماں تھے۔ ان سے بھی کرامات رونما ہونا لازمی امر تھا

لہٰذا ان میں سے چند کا ذکر اس کتابچہ میں کیا جاتا ہے۔

۱۔ ایک روز آپؒ اپنے ایک درویش کے ہمراہ سفر میں تھے کہ راستے میں چند ساعت کے لئے ایک مقام پر آرام فرمانے کے لئے ٹھہر گئے اور سو گئے۔ سفر میں ہمراہ درویش نے پیاس محسوس کی اور پیاس بجھانے کی خاطر نزدیک ایک کنوئیں پر گیا۔ کیا دیکھتا ہے کہ ایک مرد اور عورت اونٹ پر سوار اس کی طرف آرہے ہیں۔ جب وہ درویش کے نزدیک پہنچ گئے تو مرد جو کہ بلوچ معلوم ہوتا تھا اونٹ سے اترا اور درویش کے پاس آیا اور بتایا کہ ہم خوشاب سے چلے ہیں اور ساہنپال جانے کا ارادہ ہے۔ ہمیں راستہ معلوم نہیں۔ درویش کے استفسار پر بلوچ نے بتایا کہ ہم ساہنپال حضرت نوشہ گنج بخش علیہ الرحمۃ کے دیدار کو جا رہے ہیں۔ درویش نے بتایا کہ جس مرد باصفا کی تلاش میں تم ساہنپال جا رہے ہو وہ تو یہاں خوابیدہ ہے — بلوچ جستی سے ناچ اٹھا اور نوشہ پاک علیہ الرحمۃ کی بیداری تک منتظر بیٹھا رہا۔ جب حضرت بیدار ہوئے وہ بلوچ فوراً بوس ہوا اور اپنے مدعا کا اظہار کیا۔ دراصل اس کی جو اس کے ہمراہ آئی تھی وہ نابینا تھی اور بلوچ اپنی بیوی

Marfat.com

کی بصیرت کی بازیابی کے لئے اسے ساتھ لایا تھا۔ عرض کیا۔ اے
رازدار الست! میری بیوی اندھی ہو گئی ہے اور میرے گھر کا
دارومدار اسی پر ہے۔ اگر آپ توجہ فرمائیں تو اس کی بصیرت واپس آجائے
اگرچہ حضرتؒ بیگانہ عورت کو پاس نہیں آنے دیتے تھے
لیکن اس وقت ازراہ کرم بلوچ سے کہا کہ اپنی بیوی کو میرے
سامنے لاؤ۔ عورت اونٹ سے اتر کر کچھ اس طرح بھاگی آئی جیسے
کوئی پیاسا پانی کی طرف بھاگتا ہے۔ پھر بلوچ سے فرمایا کہ عورت
سے کہو کہ میری طرف دیکھے۔ جونہی عورت دوزانو بیٹھ کر جناب نوشہ گنج
بخشؒ کی طرف روبرو ہوئی۔ اسی لمحہ اس کی آنکھوں میں بصیرت
لوٹ آئی۔

۲۔ قاضی رضی الدین سے روایت ہے کہ وہ ایک روز پاؤں ننگے
ہمسفر تھے۔ راستہ ریتیلا تھا۔ ادھر دوپہر ہو رہی تھی اور ریت
گرم ہو رہی تھی۔ چنانچہ قاضی رضی الدین کے پاؤں میں آبلے پڑنے
شروع ہو گئے۔ کہتے ہیں کہ جب حضورؒ نے توجہ فرمائی تو اپنے پاؤں
مبارک پہننے کے لئے فرمایا۔ میں نے سوئے ادب جوتے پہننے
سے گریز کیا۔ پھر دوبارہ گھوڑے پر اپنے پیچھے بیٹھنے کو فرمایا
نے عرض کیا کہ میری یہ مجال کہ میں گھوڑے پر سواری کروں اگر کہا

Marfat.com

کرم نوازی ہو جائے تو بہتر ہوگا تو پھر فرمایا کہ فقیر اک پکڑ لے۔ جب
نے فقیر اک کو پکڑا تو بادل آ گئے اور یکایک پانی برسنا شروع
ہو گیا۔ ریت بالکل ٹھنڈی ہو گئی اور ہم منزلِ مقصود تک بآرام
پہنچ گئے۔

○

بشارات

اعلیٰحضرت مجدد اعظم سید حاجی محمد نوشہ گنج بخش علیہ الرحمۃ سے
بشارات وابستہ ہیں ملاحظہ ہو :۔

حافظ معمور علی الحق [illegible] حضرت کی
خدمت اقدس میں بیٹھا تھا اور دل ہی دل میں خیال پیدا ہوا کہ
حضرت سے پوچھا جائے کہ قیامت کا نظارہ کیا ہوگا۔ لیکن حضرت
حسین قلندر تشریف لے آئے اور آپ دونوں کے مابین گفتگو
ہونے لگیں۔ میری بات دل میں ہی رہی اور میں
ان کی باتیں سنتے سنتے سو گیا۔ کیا دیکھتا ہوں کہ لوگ گروہ در گروہ
آ رہے ہیں۔ میں نے ایک شخص سے اس اجتماع کا سبب پوچھا

وہ تسمہ جو زین کے دائیں اور بائیں لٹکا ہوتا ہے۔

Marfat.com

تو اس نے کہا کہ تمہیں معلوم نہیں یہ قیامت کا دن ہے چنانچہ
نے ذات خداوندی کو تخت عدالت پر بیٹھے دیکھا اور یہ بھی
کہ دنیا داروں کا روزنامچہ کھلا پڑا ہے اور ادھر ادھر بہت
جھنڈے نظر آئے اور ہر جھنڈے تلے ایک ایک ڈیرہ تھا
ایک جھنڈا بہت بلند نظر آیا۔ میں نے دریافت کیا کہ کس
ڈیرہ کا جھنڈا ہے۔ معلوم ہوا کہ یہ جھنڈا تو محبوب سبحانی علیہ الرحمۃ
ہے۔ پھر میں نے پوچھا کہ میرے پیشوا حاجی محمد نوشہ گنج بخش
کا ڈیرہ کہاں ہے تو مجھے بتایا گیا کہ محبوب سبحانی کے جھنڈے
سے ذرا نیچا اور عام جھنڈوں سے بلند جناب نوشہ علیہ الرحمۃ
علم ہے اور اس کے نیچے ہی ان کا ڈیرہ ہے جب میں وہاں
پہنچا تو دیکھا کہ عالی سرکار ایک مرصع تخت پر جلوہ افروز ہیں
اور ان کے گرد مریدان اس طرح حلقہ باندھے ہیں جیسے چاند
کے گرد ستارے۔ جب میں قدم بوس ہوا تو مجھ سے پوچھا
کہ تو اتنی دیر کہاں رہا۔ اتنے میں جاگ اٹھا اور جلدی جلدی
مرشد پاک کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا۔ ذات بابرکات نے
فرمایا کہ بالکل اسی طرح ہوگا کہ مرید پیر کے جھنڈے کے نیچے
وار و نگر بیٹھے ہوں گے۔

Marfat.com

۲۔ شیخ جمال سے روایت ہے کہ مجھے جناب نوشہ گنج بخش علیہ الرحمۃ کی دو باتوں سے تعجب تھا کہ باوجود اس امر کے کہ آپؒ اس قدر باکمال ہیں سماع کے سوا کچھ کلام نہیں سنتے ہیں اور پھر ان پر وجد طاری ہو جاتا ہے۔ میں اس راز کو پانے کی تلاش میں تھا کہ ایک رات میں نے خواب میں دیکھا کہ مجھے ہادی رہنماؐ کا دیدار ہو گیا۔ بلند کردار لوگوں کی مجلس ہے اور تمام لوگ خوش و خرم نظر آ رہے ہیں اور میں اس بزم میں بالکل خاموش تھا کہ ایک آدمی نے نعرہ اسم ذات بلند کیا۔ پھر کیا تھا کہ سب پر وجد طاری ہو گیا اور میں بھی نہ بچ سکا۔ سب نے بیک زبان کہا کہ اب سرود کی محفل ہونی چاہیئے اور میں نے بھی ہاں میں ہاں ملا دی۔ میں نے آسمان کی طرف دیکھا تو مجھے حضور پر نورؐ گھوڑے پر سوار ہوا میں تیرتے نظر آئے۔ مجھے بھی آنحضرات کی قدمبوسی کی آرزو ہوئی اور آپ نے فوراً میرے دل کا راز معلوم کر لیا اور پوچھا کہ تو بھی چاہتا ہے کہ اس بندی پر تیرے ہمسائے نے عرض کیا کہ میری بھی یہ آرزو ہے کہ آپ کی قدم بوسی کروں۔ اسی اثنا میں ایک شخص آیا اور اس نے نغمہ و ساز شروع کر دیا میں سماع و سرود کی بدولت زمین سے اٹھا اور

اوپر کو اڑتا جا رہا تھا کہ آخر حضرتؒ کی قدمبوسی کا شرف حاصل ہو گیا۔

○

غیبی امداد

میاں تاج دین بن حافظ معموری علیہ الرحمۃ سے روایت ہے کہ ایک رات ہم لوگ عالی سرکار علیہ الرحمۃ کے گرد حلقہ باندھے ہوئے تھے کہ یکدم حضورؒ نے اپنا ہاتھ بلند کیا اور فرمایا: "نہ مارو، نہ مارو" اس واقعہ سے سب کے سب مرید حیران و ششدر رہ گئے اور عرض کیا کہ حضور! کیا واقعہ ہوا ہے۔۔۔؟ آپ نے فرمایا کہ تمہیں خود بخود معلوم ہو جائے گا۔ چنانچہ سورج طلوع ہوا تو ایک شخص گھوڑے پر سوار حاضر ہو گیا۔ وہ شمشیر نامی چوہدری تھا اور وہ موضع پانڈووال کا سردار تھا اور بہت بڑا دولت مند تھا۔ وہ سردار حضرتؒ کے قدم بوس ہوا تو آنحضرتؒ نے استفسار کیا "کیوں بھئی چوہدری خیریت تو رہی؟" چوہدری نے عرض کیا کہ آپ کی کرم نوازی سے میری جان بخشی ہو گئی — یارانِ طریقت پہلے ہی سے متجسس تھے۔ چوہدری سے پوچھنے لگے کہ کیا واقعہ رونما ہوا تھا؟ اس نے بتایا کہ کل رات میں سویا ہوا

Marfat.com

تھا کہ ایک لشکر میرے سرہانے آکھڑا ہوا۔ یہ مسلح لشکر تقریباً تین سو آدمیوں پر مشتمل تھا۔ تقریباً چالیس آدمی تو اندر گھس آئے تھے تاکہ میں باہر نہ بھاگ سکوں اور باقی افراد نے گاؤں کو گھیرے میں لیا ہوا تھا۔ میں اٹھتے ہی کبلاان کی طرف لپکا۔ میں نے دیکھا کہ ہر طرف تلواریں اور نیزے ہیں، میں نے حضورؒ کو یاد کیا اور بے ہوشی کے عالم میں گر پڑا۔ جب مجھے ہوش آیا تو دیکھا وہاں کچھ بھی نہ تھا۔

۲۔ محمد امین سے روایت ہے کہ میرے لڑکپن کے دن تھے اور میں تحصیل علم کے لئے لاہور گیا تھا۔ ایک دن مجھ پر تجلی وارد ہوئی اور جناب نوشہ گنج بخش علیہ الرحمۃ کا دیدار ہوگیا۔ اب مجھے حضور پرانور علیہ الرحمۃ کی قدمبوسی کا شوق ہوا اور میں آپؒ کی طرف چل نکلا۔ جب میں دریائے راوی پر پہنچا تو بارش اس زور سے شروع ہوئی کہ آسمان اور زمین کے درمیان سوائے بارش کے اور کچھ دکھائی نہ دیتا تھا۔ ملاح کشتیوں کو دریا کے کنارے باندھ کر جا چکے تھے۔ لہذا میں نے جذبہ شوق میں کپڑے اتار سر پر باندھ لئے اور دریا میں کود پڑا۔ چنانچہ لاہور سے شاہدرہ تک طغیانی اور باد و باراں کے طوفان میں تیرتا چلا گیا۔ اسی طرح

جب میں دریائے چناب کے کنارے پہنچا تو وہاں بھی طغیانی
زور تھا۔ دریا کے کنارے ایک چوہدری اور اس کا لاؤ کر کھڑے
تھے۔ ملاحوں نے چوہدری کے لحاظ سے کشتی دریا میں ڈال دی
اور میں بھی اسی کشتی میں سوار ہو گیا۔ کشتی ساحل پر پہنچی ہی تھی
کہ ایک لہر آئی اور دوبارہ کشتی کو دریا میں لے گئی۔ اگرچہ ملاحوں
نے انتہائی زور لگایا۔ لیکن کشتی واپس کنارے پر آنے کا نام ہی نہ
لے رہی تھی۔ بالآخر پانی کے زور سے کشتی دو ٹکڑے ہو گئی اور
چوہدری اس کا نوکر اور ملاح ڈوب گئے لیکن مجھے صرف کمر
تک پانی تھا۔ رات اسی کیفیت میں گزری اور مجھے آنچ تک
نہ آئی۔ جب صبح ہوئی تو ایک اور کشتی نمودار ہوئی۔ اور میں اس میں
سوار ہو گیا۔ جب آنذات کے پاس پہنچا اور آداب بجا لایا تو
جناب نوشہ گنج بخش علیہ الرحمۃ نے پوچھا کہ اس قدر طغیانی میں
کیسے آ گیا تو عرض کیا کہ یا حضرت مجھے تو آپ کے دیدار کی تمنا
یہاں تک لے آئی۔ آنذات نے فرمایا کہ تو بات درست کر رہا
ہے لیکن تیرے اس فعل نے مجھے بہت تکلیف پہنچائی ہے
اس گفتگو کے دوران ایک شخص ایک لنگی نذرانے کے طور
پر لے آیا چونکہ میں برہنہ تن تھا اور سردی بھی بہت تھی۔ میں

Marfat.com

دل میں خواہش پیدا ہوئی کہ اگر نذرانے والی لنگی مل جائے تو کیا ہی بہتر ہو۔ میرے دل میں یہ خیال پیدا ہی ہوا تھا کہ لنگی مجھے عطا ہو گئی اور فرمایا کہ تو جہاں کہیں بھی ہو گا ہم تمہاری امداد فرمائیں گے۔

۳۔ ایک روز ایک چرواہے نے جناب نوشہ گنج بخش علیہ الرحمۃ سے عرض کیا کہ اے سرور قطب الاقطاب! کسی شخص کے پاس علم ہے اور کوئی زاہد کوئی عاشق ہے اور کوئی شاہد اور کوئی بے ریا عبادت کرتا ہے اور کوئی خدا کے حضور میں سربسجود رہتا ہے لیکن میں تو ایک چرواہا ہوں۔ اگر مجھ سے کل روز حشر سوالات ہوں تو وہاں میں کیا جواب دوں گا تو آنداتؒ نے فرمایا کہ کل تمہیں ہدایت فرمائیں گے۔ جب صبح ہوئی تو وہ چرواہا چل بسا۔ آنداتؒ کو اس کے مرنے کی خبر دی گئی تو آپ اس کے گاؤں پہنچ گئے اور اس کے خویش و اقارب سے اس کی قبر کی نشاندہی کی۔ آپؒ نے اسے آواز دی تو قبر پھٹ گئی اور چرواہا باہر آ گیا اور نوشہ گنج بخش علیہ الرحمۃ کے قدم بوس ہوا۔ عالی سرکارؒ نے پوچھا۔ بھائی تمہارے ساتھ قبر میں کیا گزری۔ تو عرض کیا یا حضرتؒ! جب میرے پاس

Marfat.com

منکر نکیر آئے تو انہوں نے مجھ سے پوچھا کہ اہل تمیز النساء سے تجھے کیا حاصل ہوا تیرا خدا کون ہے اور دین کونسا تیرا رسول کون اور ایمان کیا ہے ؟ میں نے معاً کہہ دیا کہ میں نہیں جانتا۔ مجھے تو صرف نوشہ (علیہ الرحمۃ) کا نام یاد ہے جب میں نے آپ کا نام لیا وہ میرے سامنے سے ہٹ گئے اور فردوس اعلیٰ کا دروازہ کھل گیا کہ اچانک آپ کی آواز آئی اور میں جلدی جلدی آپ کی خدمت میں حاضر ہوگیا ہوں اور آپ کے دیدار عالی سے کامیاب ہوگیا ہوں۔

۴۴۔ ایک دفعہ شاہجہان بادشاہ کشمیر کی سیر کو نکلا۔ ایک دن کشتی میں بیٹھا لطف اندوز ہو رہا تھا کہ مخالف ہوا اسے گھسیٹ کر دوسری طرف لے گئی۔ ملاحوں نے بہت زور مارا لیکن ان کے بس سے معاملہ باہر ہو چکا تھا اور کشتی گرداب میں پھنس گئی اور بادشاہ طوفان میں گھر گیا۔ چنانچہ اس وقت آنداتے نے غیب سے امداد کی اور طوفان سے بچا لیا۔

Marfat.com

آپ کی دُعا سے مُردوں کا زندہ ہونا

عالی سرکار حضرت سید حاجی محمد نوشہ گنج بخش علیہ الرحمۃ مسجد تعمیر کروا رہے تھے کہ قضا الٰہی سے بڑھئی نے جو آرا چلایا تو اس کے سر پہ جا لگا اور اس کا سر دو حصوں میں تقسیم ہو گیا اور وہ آرے کے ساتھ ہی معلق ہو گیا۔ گاؤں میں شور و غل ہوا کہ بڑھئی جناب نوشہ کا کام کرتے مرا۔ چنانچہ حضور پر انوار علیہ الرحمۃ نے اس بڑھئی کا سر اپنے ہاتھ سے جوڑا اور فرمایا۔ اے مرد استاد! مرنے کا وقت ابھی دور ہے۔ اس وقت ہمیں کیوں بدنام کرتے ہو اور مرنے کا کام کسی اور دن پر چھوڑ دو۔ چنانچہ اس پر چادر ڈال دی اور دو گھڑی بعد وہ اٹھ بیٹھا اور سلام عرض کیا بعد ازاں چھ سات سال زندہ رہا۔

۲۔ احمد نامی معمار نے بے وقوفی کا اظہار کیا کہ آندات" کی لکڑی بے جا کاٹ ڈالی۔ حضرت رح اس پر ناراض ہو گئے اور فرمایا تیرے سر پر بھی آرا ہی چل جائے۔ حضرت سائیں پال آپ کے مرید خاص نے عرض کیا۔ عالی جاہ! ابھی حویلی تو نامکمل ہے اگر یہ مر گیا تو

Marfat.com

حویلی نامکمل ہی رہے گی۔ آپؒ نے فرمایا۔ اچھا ہماری حویلی کی تکمیل تک آپ زندہ رہے گا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ کام کرنے سے فارغ ہوا۔ اسی روز اس کی جان قفس عنصری سے پرواز کر گئی

سادگی

عالی سرکار نوشہ گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ اخلاق محمدی کا مجسم نمونہ تھے۔ آپؒ کھانے پینے، پہننے، اوڑھنے اور بچھونے، اٹھنے بیٹھنے کسی چیز میں تکلف نہ برتتے تھے۔ کھانا جو سامنے آجاتا تھا کھا لیتے تھے، پہننے کو جو مل جاتا تھا پہن لیتے تھے، زمین پر، چٹائی پر، فرش پر جہاں جگہ ملتی تھی بیٹھ جاتے تھے۔ لباس میں نمائش کو ناپسند فرماتے تھے۔ عموماً کھدر ہی کا لباس زیب تن ہوتا تھا آرائش کے سامان سے آپ کو طبعاً نفرت تھی اور ہر چیز میں آپ سادگی پسند فرماتے تھے۔

اسلام رہبانیت اور جوگ کا سخت مخالف ہے لاھبانیۃ فی الاسلام (اسلام میں جوگی بننا نہیں ہے) اس بنا پر آپ جائز لذتوں سے نفع اٹھاتے تھے اور دوسروں کے لئے

Marfat.com

بھی ان کو جائز رکھتے تھے۔

○

حسنِ اخلاق

شیخ جمال سے منقول ہے کہ جب انہوں نے تحصیل علم کر لیا۔ تو پھر درس و تدریس میں مشغول ہو گئے کہ اچانک جناب ہادیٔ رہنما کے دیدار کا شوق پیدا ہوا تاکہ درویشی کا بخرہ بھی حاصل ہو۔ شیخ جمال کہتے ہیں کہ میں دربار میں حاضر ہوا اور نماز مسجد میں ادا کی آنحضرتؐ بھی نماز ادا کرنے مسجد میں تشریف لائے اور میرے ساتھ مصافحہ کیا۔ جب دوبارہ گھر تشریف لے جانے لگے تو مجھے بھی گھر جانے کی دعوت دی۔ میں نے خدمت عالیہ میں درخواست کی کہ میرے ہمراہ شاگرد ہیں اور مسجد میں رہنا پسند کرتے ہیں... تو فرمایا کہ ہاں یہیں رہیں۔ میں کھانا گھر سے بھیجوں گا۔ جب رات ہوئی تو کھانا گھر سے پہنچ گیا اور ہم کھانا کھانے کے بعد سو گئے۔ جب رات آدھی گزر گئی تو خود تشریف لے آئے چنانچہ آپ نے مجھے میرے نام سے پکارا اور میں بیدار ہو گیا۔ میرے نزدیک تشریف فرما ہوئے اور مجھ سے پوچھا کہ بتاؤ

Marfat.com

کیا کام تھا ؟ رعونت علم آڑے آگئی اور میں مدعا بیان کر
سے قاصر رہا جس کا مجھے آج تک افسوس ہے۔

○

توکّل

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے :۔

وَمَنْ يَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ یعنی جو
اللہ پہ بھروسہ رکھے گا اللہ اس کے لئے کافی ہوگا۔

دوسری آیت میں ہے :۔

وَعَلَى اللّٰهِ يَتَوَكَّلُوْا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ
یعنی اگر تم ایمان والے ہو تو خدا پر توکل کرو۔

تو ثابت ہوا کہ پوری طرح خدا پہ بھروسہ کرنا اور کسی
بادشاہ کے دربار سے مال و متاع کی لالچ نہ رکھنا" توکل
کہلاتا ہے۔ ایک دفعہ عالی سرکار حضرت مجدد اعظم
سیّد حاجی محمد نوشہ گنج بخش علیہ الرحمۃ کے
فرزند اکبر حضرت حافظ سیّد محمد برخوردار علیہ الرحمۃ سے
کسی نے درخواست لکھوائی اور نواب سعد اللہ کے پاس

Marfat.com

لے گیا۔ نواب سعد اللہ نے جب تحریر کو دیکھا تو دل میں خیال
ا کہ کیوں نہ اس شخص کو دربار شاہی سے عہدہ منصبداری
یا جائے۔ چنانچہ اس خیال کے پیش نظر آپ کو دربار میں
بھیجا۔ حضرت برخوردار بحر العشق" وہاں تشریف لے گئے اور
اب سعد اللہ نے اپنے خیال کا اظہار کیا تو آپ نے معذ
ہ دیا کہ میں اپنے والد محترم حاجی کھیم سے اجازت کے
د ہی بات کر سکتا ہوں۔ چنانچہ گھر تشریف لائے اور حضرت
ے سامنے ماجرا پیش کیا۔ تو عالی سرکار گنج بخش علیہ الرحمۃ نے
مَنْ يَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ کی آیت
ارک سنائی۔ تو سرکار بحر العشق" نے نواب سعد اللہ کو
اب میں لکھ بھیجا کہ" ماچاکرانِ خدائیم"

○

جاگیر

شاہ جہان بادشاہ کو آپ کی دعا سے قندھار پر فتح حاصل
ی تو اس نے دو گاؤں" موضع ٹھٹھہ عثمان" و" بادشاہ پور قنا"
ذرانہ پیش کئے۔ جن کا خراج ایک لاکھ تیرہ ہزار ایک سو ساٹھ

Marfat.com

درم یعنی ۲۰۷۱ دو ہزار اکہتر روپیہ رائج الوقت سالانہ در
کو موصول ہوتا تھا حضور پرانوار علیہ الرحمۃ نے مصارف
کے لئے وقف کر رکھا تھا۔

○

دو لاکھ آدمیوں کا مسلمان ہونا

آپ نے روحانی توجہات سے اسلامی خدمات کو
کمال انجام دیا۔ بے شمار لوگ آپ کی تبلیغ سے حلقہ اسلا
میں داخل ہوئے۔

چنانچہ پروفیسر ٹامس آرنلڈ نے پریچنگز آف اسلام میں
ایک نژاد انگلستانی مستشرق کی کتاب خطبات گارسن دی تاسی کے
حوالے سے لکھا ہے کہ ہندوستان میں کوئی باقاعدہ اسلا
تبلیغی سوسائٹی تو نہیں جس کا کوئی مرکز یا نظام ہو، البتہ انفرا
طور پر بعض لوگوں نے تبلیغی خدمات انجام دی ہیں۔ چنانچہ
اسلام کے ایک محترم بزرگ حاجی محمد علیہ الرحمۃ
کی کوششوں سے دو لاکھ آدمی حلقہ بگوش اسلام

Marfat.com

مولف گوگارسن دی تاسی اور پروفیسر ٹامس آرنلڈ سے اتفاق نہیں ہے کہ یہاں تبلیغی سوسائٹی نہ تھی۔ ہم ان خلفائے عظام کی ایک فہرست پیش کرتے ہیں، جنہوں نے حضرت مجدد اعظم سید حاجی محمد نوشہ گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ کے شانہ بشانہ تبلیغ اسلام کے لئے کام کیا۔ اور ان سب کا مرکز بانی سلسلہ عالیہ نوشاہیہ حضور پرانوار جناب نوشہ گنج بخش علیہ الرحمۃ ہی تو تھے۔

۱۔	شیخ رحیم داد بن سخی شاہ سلیمان نوری رح	بھلوال شریف	ضلع سرگودھا
۲۔	شیخ تاج محمود بن سخی سلیمان نوری قریشی	بھلوال شریف	"
۳۔	سید حافظ محمد برخوردار بحرالعشق بن نوشہ گنج بخش	[illegible]	ضلع گجرات
۴۔	سید محمد ہاشم دیوانہ دل بن نوشہ گنج بخش رح	سانہپال شریف	"
۵۔	مولانا حافظ محمد معصومی رح	ہیلاں	"
	شیخ پیر محمد سچیار کیانی رح	نوشہرہ شریف	"
	شیخ محمد تقی مجذوب رح	"	"

Marfat.com

۸۔	صالح محمدؒ	چک سادہ	ضلع گجرات
۹۔	قاضی خوشی محمدؒ	کنجاہ	〃
۱۰۔	قاضی محی الدینؒ	〃	〃
۱۱۔	شیخ مٹھا	〃	〃
۱۲	شیخ صدرالدین عقیلیؒ	رہٹہ چٹھہ	ضلع گوجرانوالہ
۱۳۔	شیخ عبدالرحمٰن پاکؒ	بھٹری شاہ رحمان	〃
۱۴	شیخ اللہ دادؒ	〃	〃
۱۵۔	شیخ نانک مجذوبؒ	کلاسکی چیمہ	〃
۱۶۔	شیخ حافظ نور محمدؒ	محلہ رنجورہ	سیالکوٹ
۱۷۔	شیخ اسمٰعیلؒ	کوٹلی جلال	〃
۱۸۔	سید شاہ محمد شہید بھاکریؒ	رنتاس	〃
۱۹۔	[illegible] دیوانؒ	ساگری	〃
۲۰۔	سید عبداللہ مجذوب بخاریؒ		لاہور
۲۱۔	حافظ طاہر مجذوب بخاریؒ		کشمیر
۲۲۔	خواجہ سید محمد فضائل	بیرہ حصار	کابل

Marfat.com

تاریخ ہائے اعراس مشائخ عظام

○

محرم الحرام

یکم محرم الحرام شیخ ابوالحسن بخاری رح

۲ " شیخ معروف کرخی رح

۳ " شیخ حسن بصری رح

۴ " شیخ عبدالرحمٰن رپاک رحمان رح

۴ " سیّد علی احمد بن سید بوٹے شاہ برخورداری

۵ " قاضی شیخ ابوسعید مبارک رح

۱۱ " شیخ محمد معروف خوشابی رح

۱۲ " سیّد حسن عالم بن سیّد عمر بخش برخورداری رح

۲۲ محرم الحرام — سید حافظ محمد شاہ برخوردارؒ

۳۰ " — شیخ سکندر شاہ نوربوریؒ

صفر المظفر

۶ صفر المظفر — سیّد فتح دینؒ

— سیّد حافظ نور اللہؒ

۸ " — مولانا سیّد بشیر احمد بشارت برخورداریؒ

۹ " — سیّد فاضل شاہ صاحب برخورداریؒ

۱۶ " — سیّد حافظ روح اللہ برخورداریؒ

ربیع الاوّل

۸ ربیع الاوّل — حضرت نوشہ گنج بخش مجدد اکبر علیہ الرحمۃ

۱۲ " — حضرت محمد رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

۱۳ " — سیّد عمر بخش برخورداریؒ

Marfat.com

۲۰ ربیع الاوّل سیّد غلام علی برخورداریؒ

سیّد کرم حیات جینبھلیؒ

۲۵ ؍ " شیخ پیر محمد سپیارؒ

۲۸ ؍ " شیخ داؤد طائیؒ

ربیع الآخر

۳ ؍ ربیع الآخر شیخ حبیب عجمیؒ

۱۱ ؍ " غوث الاعظم سید عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ

۱۲ ؍ " سیّد حافظ جمال اللہ برخورداریؒ

۱۹ ؍ " سیّد ضیاء اللہ رسول نگریؒ

۲۳ ؍ " سیّد حافظ قل احمد پاک ذاتؒ

جمادی الاولیٰ

سلسلہ شریف کے مشائخ میں سے سید احمدؒ۔ سید مسعودؒ

سید علیؒ ۔ سید شاہ میر شمس الدینؒ ۔ سید مبارک حقانیؒ
سید حافظ محمد حیات ربانیؒ ۔ کی صحیح تواریخ وفات ابھی تک
نہیں مل سکیں۔ اس لئے ان سب اولیائے کرام کا عرس اس
مہینہ کی گیارہویں تاریخ کو اکٹھا ہی کر لینا چاہیئے۔

جمادی الآخر

۹ر جمادی الآخر شیخ عبدالواحد تمیمیؒ
۱۰ر " سید محمد ابن برخورداریؒ
۱۹ر " سید محمد شفیع برخورداریؒ
۳۰ر " سید نورالہیٰ برخورداریؒ

رجب المرجب

۱۴ر رجب المرجب سید عفی الدین صوفی گیلانی بغدادیؒ
۲۴ر " سید اصل حق بن سید مکھن شاہ برخورداری لاہوریؒ

Marfat.com

۷ رجب المرجب مخدوم سید محمد غوث گیلانی اوچیؒ
۱۱ " سید بوٹے شاہ برخورداریؒ
۱۴ " سید شاہ عصمت اللہ حمزہ پہلوان برخورداریؒ
۲۷ " سید الطائفہ شیخ جنید بغدادیؒ

شعبان المعظم

۳ شعبان المعظم شیخ ابوالفرح یوسف طرطوسیؒ
۱۶ " شیخ فیض رسول فاروقیؒ
۱۹ " سید فیض احمد صاحب المعروف بکھن شاہ لاہوری
۲۴ " سید شیر علی بن سید محمد شفیع برخورداریؒ

رمضان المبارک

۴ رمضان المبارک شیخ ابوالحسن سرّی سقطیؒ
۸ " سید حافظ الٰہی بخش برخورداریؒ
۱۸ " سید افضل ولی المعروف بکھن شاہ ثانی لاہوریؒ
۲۱ " سیدنا امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم

Marfat.com

شوال المکرم

۲۵ر شوال المکرم سید سیف الدین عبدالوہاب جیلانی بغدادیؒ

ذیقعدہ

۱ر ذیقعدہ سید غلام احمد برخورداریؒ

۵ر " سید حافظ محمد برخوردار بحر العشقؒ

ذی الحجہ

۲۲ر ذی الحجہ سید محمد ہاشم دریادلؒ

۲۸ر " شیخ ابوبکر شبلی بغدادیؒ

Marfat.com

اوراد شریف

۱۔ آدھی رات یا پچھلی رات کو اٹھ کر باوضو ہو کر نوافل تہجد بارہ رکعت ادا کرے۔ پھر ایک ہزار بار کلمہ طیبہ بطریق نفی اثبات ذکر کرے اور گیارہ سو مرتبہ درود شریف ہزارہ اور اسم غوثیہ ملا کر پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ مِاْئَۃَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّۃٍ ۔ یَا شیخ عبد القادر جیلانی شیئاً للہ مدد کن فی سبیل اللہ۔

۲۔ نماز فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اکتالیس بار سورہ فاتحہ پڑھے اور نماز کے بعد لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ۔

۳۔ نماز ظہر کے بعد ایک دفعہ درود اور ایک سو بار آیہ کریمہ۔

Marfat.com

۴۔ نماز عصر کے بعد اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ ایک سو بار پڑھے۔

۵۔ نماز شام کے بعد کلمہ طیبہ ایک سو بار پڑھے، پھر اسم غوثیہ ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھے۔

۶۔ نماز عشاء کے بعد کلمہ تمجید سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ایک سو بار پڑھے۔

اس کے بعد ایک بار شجرہ طیبہ سلسلہ قادریہ نوشاہیہ پڑھے۔

وظائف بالا کا طریقہ حسب الحکم مجدد اعظم
سید حاجی محمد نوشہ گنج بخش علیہ الرحمتہ
اپنے پیشوا سے سمجھ لے اور باجازت شیخ پڑھے۔

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شجرۂ طیّبہ

سلسلہ قادریہ نوشاہیہ

منظوم

اے مسلماں گر تجھے درکار ہے دارالاماں
شجرۂ پیرانِ نوشاہی تو کر وردِ زباں
اور اگر تو چاہے کہ ہو قُرب معبودِ جہاں
سلسلہ نوشاہیہ کا لو وسیلہ درمیاں
پھر زبانِ عجز سے اور خلوصِ دل کے ساتھ
بارگاہِ رب میں تو یہ عرض کر پھیلا کے ہاتھ

Marfat.com

اے مرے معبود اسمِ کبریا کے واسطے
اپنی الفت بخش محبوبِ خدا کے واسطے
دین پر ثابت قدم رکھ از پئے شاہِ امم
اور علی المرتضیٰ شیرِ خدا کے واسطے
یا خدا خواجہ حسن بصری کے صدقے میں مجھے
کر عطا چشمِ بصیرت اولیا کے واسطے
شیخ حبیب عجمی ولی داؤد طائی کے طفیل
حضرتِ معروف کرخی پیشوا کے واسطے
کر عطا سرِ الٰہی سری سقطی کے لئے
اور جنیدِ باصفا مردِ خدا کے واسطے
دہر میں زندہ دلی کے ساتھ مجھ کو زندہ رکھ
شیخ ابوبکر شبلی رہنما کے واسطے

از طفیل عبدالواحد جاہ وحدت کر عطا
بوالفرح طرطوسی خواجۂ لرباکے واسطے
نفس امّارہ کے شر سے اے خدا محفوظ رکھ
بوالحسن اور بوسعیدِ پیشوا کے واسطے
سن میری فریاد اے کونین کے فریادرس
غوث العظم شاہ جیلاں رہنما کے واسطے
شیئاً لِلّٰہ شیئاً لِلّٰہ ہے وظیفہ روز و شب
مقصدِ دل ہو عطا غوث الورا کے واسطے
خواجۂ عبدالوہاب قطب عالم کے لئے
چشمِ باطن کر عطا اپنی لقا کے واسطے
فیض باطن سے الٰہی کر مجھے بھی مستفیض
پیر کامل سید صوفی باصفا کے واسطے

Marfat.com

میں بھی طالب ہوں مجھے بھی ہو عطا صدق و صفا
سیّد احمد موج رحمت پارسا کے واسطے

ہو عطا مجھ کو سعادت اے مرے پروردگار
حضرتِ مسعود سیّد سے ریا کے واسطے

یا الٰہی میں ہوں میدانِ عمل میں ناتواں
کر توانا سیّد علی مردِ خدا کے واسطے

میر میران شمس الدین سید محمد غوث اچی
سیّد مبارک حقانی شمع ہدا کے واسطے

از پئے معروف چشتی رنگ عرفانی میں رنگ
اور سلیمان نوری مقتدا کے واسطے

گنجینۂ اسرار سے تو مجھ کو مالا مال کر
حاجی نوشہ گنج بخش اہل بقا کے واسطے

Marfat.com

روشنی معرفت سے دل کو روشن کر مرے
پیر کامل حاجی نوشہ پُر ضیا کے واسطے

اے مرے خالق مری ہر گام پر کر یاوری
حاجی نوشہ پیر آلِ مرتضےٰ کے واسطے

پاک رحمان اور حضرت عصمت اللہ کبلئے
شیخ محمد عظیم باجیا کے واسطے

دے فتح اس جہاد بالنفس میں اے ذوالجلال
فتح دین شیخ محمد رہنما کے واسطے

عمر بھر یارب رہوں مدہوش ارمان نبی
پیر عمر بخش کامل پیشوا کے واسطے

ل اس سے آگے اپنے اپنے سلسلے کے اشعار تیار کرلیں (مولف)

پیر مکھن شاہ واصل حق کے صدقے میں خدا
مجھ کو وصل اللہ عطا ہو اولیا کے واسطے

مجھ پہ بھی ہوتا رہے فضل و کرم ترا سدا
حضرت افضل ولی فضلِ خدا کے واسطے

میں بھی حاجت مند ہوں پوری کر حاجت مری
اے خدا افضل ولی حاجت روا کے واسطے

ساز و سامان کر عطا میں بے سر و سامان ہوں
امتیاز الحق میرے پیشوا کے واسطے

ہے ولی ابنِ ولی ابنِ ولی ابن ولی
بخت خوابیدہ جگا مشکل کشا کے واسطے

Marfat.com

انجمن سلسلہ عالیہ نوشاہیہ کی دیگر مطبوعات

۱۔ اِعجازِ نبیؐ (زیرِ طباعت)

۲۔ ہمارا رسولؐ (زیرِ طباعت)

۳۔ اصل نماز کیا ہے؟ (زیرِ طباعت)

۴۔ فِکرِ نوشہؒ (زیرِ طباعت)

۵۔ ذِکرِ افضلؒ (زیرِ طباعت)

ملنے کا پتہ

شعبہ نشر و اشاعت انجمن سلسلہ عالیہ نوشاہیہ

صدر دفتر "دارالفقر" ۳۷ بی شادباغ لاہور

Marfat.com

Marfat.com

سلسلہ الہاشم (۹)

تذکرۂ شمسیہ

تالیف

ابوالضیا قادری ہاشمی
سید محمد منظور الحق بی اے (آنرز) ایم اے

ناشر:
جی این سنز پبلشرز
حفاظ منزل ○ رابپوت روڈ ○ وتن پورہ ○ لاہور

Marfat.com

Marfat.com

جملہ حقوق بحق پبلشرز محفوظ ہیں

سلسلہ الہاشم نمبر ۹

اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ ۝

کتاب مستطاب موسومہ بہ

تذکرہ ہاشمیہ

یعنی

مختصر سوانح حیات معہ کشف و کرامات و تعلیمات و ارشادات جناب قدوۃ السالکین زبدۃ العارفین حضرت سید محمد ہاشم شاہ قدس سرہ العزیز

مؤلفین

ابو الضیاء قادری ہاشمی

سید محمد منظور الحق ایم۔اے

شرجی۔ این سنز پبلشرز۔ راجپوت روڈ حفظ منزل۔ لاہور
دن پورہ

Marfat.com

جملہ حقوق بحق پبلشرز محفوظ ہیں

اہتمام : سیّد محمد احسان الحق ہاشمی
سیّد محمد اکرام الحق شمشیر
جی این سنز پبلشرز۔ حفاظ منزل۔ راجپوت روڈ۔ وتن پورہ
تعداد : ایک ہزار
طابع : مسعود پرنٹرز میکلوڈ روڈ لاہور۔
طریق طباعت : ونڈ ائیک آفسٹ
بارِ دوّم : فروری ۱۹۷۰ء
بارِ اوّل : ۱۹۵۵ء (دو ہزار صد)

-1

قیمت : ایک روپیہ

دیباچہ طبع اوّل

قارئین کرام! مدّت سے یہ آرزو تھی کہ معالج روحانی وجسمانی جناب سیّدنا حضرت محمد ہاشم شاہ قدس سرہٗ العزیز کے حالاتِ زندگی معرض تحریر میں لا کر کتاب کی صورت میں یکجا کئے جائیں لیکن بعض مصروفیتوں کی وجہ سے اس کی تکمیل نہ ہو سکی۔ تاہم اس خیال نے دل کو چین نہ لینے دیا کیونکہ کسی نے کچھ لکھا کسی نے کچھ۔ آخر ماہ رجب ۱۳۷۴ھ میں اپنے بزرگوں کی مختلف کتب دستی کا انتخاب کر کے اور حضرت والدی ومرشدی، سیّدی ومولائی سیکھم غلام قادر صاحب مدظلہ العالیٰ کی صدری معلومات سے جو حضورؒ نے اپنے والد ومرشد عاشق رسول حضرت سیّد محمد عرف ننھے شاہؒ پوتا جناب ہاشم شاہؒ سے حاصل فرمائے تھے۔ استفادہ کر کے اس بوجھ کو ہلکا کیا۔ میں اس محنت کا اجر اپنے والد محترم کے نام نامی سے منسوب کئے تا ہوں۔ اللہ تعالیٰ قبول فرمائے۔ آمین۔

وما توفیقی الا باللہ

ابو الضیا قادری ہاشمی عفی عنہ نبیرۂ حضرت محمد ہاشم شاہ

ماہ رجب ۱۳۷۴ھ

Marfat.com

دیباچہ طبع دوم

(۱۹۷۰ء)

حضرت سید محمد ہاشم شاہ فارسی اور پنجابی کے قادر الکلام ادیب اور شاعر
باکمال صوفی، خدا آشنا ولی اور ماہر طبیب تھے۔ آج کل آپ زیادہ تر پنجابی کلام کی وجہ
سے جانے پہچانے جاتے ہیں اور آپ کے پنجابی کلام میں سے بھی اکثر لوگ آپ کو "سسی"
کے مصنف کی حیثیت سے جانتے ہیں۔ اس لئے کہ آپ کا زیادہ کلام غیر مطبوعہ ہے اور آپ
کے حالاتِ زندگی پر ابھی تک قلم نہیں اٹھایا گیا۔ نیز آپ کے طبی جواہر پارے، معمولات
معلومات کتابی صورت میں عوام کے سامنے پیش نہیں کئے گئے۔ ایسی صورت میں آپ کی آفاقی
شہرت کا ناآگہی کے بادلوں کی اوٹ میں رہنا سمجھ میں آتا ہے۔ یہ المیہ صرف حضرت ہاشم
کے ساتھ ہی نہیں، ہمارے تقریباً ہر بڑے لکھاری کے ساتھ پیش آ رہا ہے۔ انکے علم کی
بہت سی وسعتیں اور کلام کی بہت سی جہتیں دریافت کرنا باقی ہیں۔ تحقیق کا سمندر بظاہر
پایاب لگتا ہے لیکن درحقیقت نہ اس کی تھاہ ہے نہ کنارہ۔ بہت سوں کو من کی موج ہلا
دے کر ادھر لاتی ہے اور وہ اس میں پاؤں دھرتے ہیں۔ جب ڈبکیاں کھانے لگتے ہیں،
اسے پاٹنے کا حوصلہ نہیں پاتے اور قدم پیچھے کی طرف کھینچتے ہیں کیونکہ اکثر استقلال مزاج
نہیں رکھتے اور نہیں جانتے کہ گوہر ڈبکیاں کھائے بغیر نہیں نکلا کرتے اور یہ کہ اس میں ڈبکیاں
کھاتے کھاتے جان کھو جائے تو انسان خود امر ہو کر ان بڑوں کی صف میں جگہ پاتا ہے جن کی
بڑائی اور عظمت کے استحکام میں اس نے جان دی۔

Marfat.com

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ھُوَ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ فَادْعُوْہُ مُخْلِصِیْنَ لَہُ الدِّیْنَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ۔ ذٰلِکَ بِاَنَّ اللّٰہَ مَوْلَی الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَاَنَّ الْکٰفِرِیْنَ لَا مَوْلٰی لَھُمْ وَالْعَاقِبَۃُ لِلْمُتَّقِیْنَ وَاعْبُدْ رَبَّکَ حَتّٰی یَاْتِیَکَ الْیَقِیْنُ

ترجمہ:۔ وہ ذات ہمیشہ سے زندہ ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ صرف اسی کی
کرو۔ سب تعریفیں اللہ کے واسطے ہیں جو رب العالمین ہے جو ایمان لانے والوں کا مولیٰ ہے
روں کا کوئی مولیٰ نہیں۔ عاقبت پرہیزگاروں کے لئے ہے۔ تم مرتے دم تک اپنے پروردگار کی عبادت

بنام آنکہ نامش روح جانہا — بیانش زیور و حسنِ زبانہا
کلید ہر درد مقصود ہر دل — نجاتِ و عفو و حرمت بخشِ ایں گل
ہمہ جا اوست و جائے ندارد — کلید کنہ او رائے ندارد
چگونہ طے کنم دریائے آتش — سمندر می شود پنہاں ز ذاتش
چہ باشی مرغ و ہم آنجا چہ باشی — کند تیغ تحیر پر تراشی
شکستہ طالب و مطلوب بہ بام — ہزاراں دام در رہ گام بہ گام
زبانم کے تواں گفت این بیانہا — طول است ایں بہ بند استخواں ہا
ثنائش ہر کہ در گفتار آراست — شطِ بیقید را در کاسہ انداخت
خیالم تیز رو چوں برق تند است — دل در عرصہ میدانش کند است
مپرسے فکر در ذاتش مگس دار — دریں واماندہ اند عقار بسیار
اگر جوئی کہ آں بیچوں چگوں است — زحد فکرت آں ذاتش بروں است

Marfat.com

ولی پرواز تو اینجا تمام است　　کہ غیر از ذات تو دیگر کدام است

جناب رسول کریم حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر ہزار تحیات و درود ہوں جن کے متعلق پاک میں ارشادِ باری ہے هُوَ الَّذِیْ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰی وَدِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَی الدِّیْنِ كُلِّهٖ ؕ۔ وہ ذات جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور سچا دین عطا فرمایا تاکہ اس ہدایت سچے دین کو خلقت پر ظاہر کردے۔ لا إله الا الله محمد رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خلق خدا کی رہنمائی کے لئے اس دنیا میں آئے۔ وہ کریم اور امین تھے۔ ان کی شان میں کان قاب قوسین او ادنیٰ وارد ہے اور یہ وہ اعزاز ہے جو انبیاء علیہم السلام میں سے کسی کو بھی حاصل نہیں ہوا۔ آپ اس مقام تک چلے گئے جہاں حضرت جبرائیل علیہ السلام مقرب فرشتہ ہونے کے باوجود بھی نہ پہنچ سکے۔ اور انہیں کہنا پڑا

اگر یک سر موی برتر پرم　　فروغ تجلی بہ سوزد پرم

آپ نے اس ذات کو سر کی آنکھوں سے دیکھا اور تبسم کناں رہے جس کے جلوے سے موسیٰ بے ہوش ہوگئے اور طور جل اٹھا۔

موسیٰ ز ہوش رفت بیک جلوۂ صفات　　تو عین ذات بنگری و در تبسمی

اللہ تعالیٰ کا درود اور سلام ان پر ان کے اصحابہ اور اہل بیت سب پر ہو۔

درشانِ شفیع المذنبین رسول رب العالمین صلی اللہ علیہ وسلم

صانع کدام ہست بہ بیں نور و نار را　　در تن کہ بست باہم خلط چہار را

ظاہر کہ کرد پردۂ آں پردہ دار را　　صورت کہ داد باگل و ہم برگ و خار را

جملہ ظہور پرتوِ ذاتِ محمدؐ است

جنبش کہ داد ز آدل باب چگون ہود　　نابود را کہ داد ایں ہیبود و ہم نمود

پیدا کہ کرد اینساں تدبیر ایں وجود　　قائم کہ کرد ہستیٔ اندر زیاں و سود

جملہ ظہور پرتوِ ذاتِ محمدؐ است

Marfat.com

عشقے کہ داد جنبش با ذات بے نشاں — آں عشق بست صورت آمد بدیں جہاں
نامش رسول ہست تو ای بیخبر بداں — ایں سر اد بہ حکمت دانست عارفاں

جملہ ظہور پرتو ذات محمدؐ است

بے صورتے کہ صورت مے بست دشد پدید — آں تخم ایں درخت جہاں است چوں مید
ایں شاخ و برگ و بار از و جملہ سر کشید — آں بود نور احمد در پردہ کو درید

جملہ ظہور پرتوِ ذات محمدؐ است

آں حرف کن کہ گفت خناس آں کدام بود — او از احد با احمد آمد پیام بود
یعنی بجنبش خویش کنندہ کلام بود — روحِ ملک ز نور محمدؐ تمام بود

جملہ ظہور پرتو ذات محمدؐ است

ایں جملہ کارخانہ لولاک را بہ بیں — فردوس و عرش و کرسی و افلاک را بہ بیں
از ہر قماش دصل و دگر چاک را بہ بیں — روئندہ اندریں و ہم ایں خاک را بہ بیں

جملہ ظہور پرتوِ ذاتِ محمدؐ است

در شان محبوب سبحانی غوث صمدانی قطب ربانی شاہباز لامکانی حضرت سیدنا سلطان شیخ سید عبدالقادر جیلانی محی الدین قدس اللہ سرہ العزیز۔

ثنار محی الدین ایمان و دین است — وظیفہ ہر دل عابد ہمیں است
بہ بیشہ لامکاں کو راہ جو اند — بزیر سایۂ اقبال او اند
کسے کو ہست زیر سایۂ آں — نخواہد جام جم مہر سلیماں
زمینے کاندراں یک لحظہ گشت — سر کونین را چوں کعبہ ہست
بجاں بخشے کہ عیسیٰ را غرد است — چہ ہست ایں از غلامانش نہ دور است
اگر یوسف رخے پیرم بہ بیند — زلیخا وار در راہش نشیند
جہاں را مہر و ماہ کرد است آباد — دلانرا رونق است از نور بغداد

Marfat.com

پناہ اوست ایں دورِ سیاہ را — زخاک پاکش آب ایں مہر و مہ را
کمندِ ہمتش افتادہ پرُ زور — کند شیرِ فلک در بند چوں مور
بہ بحر و حد تش ابدال اوتاد — چو عوک و ماہیاں مست اند و دلشاد
سگے در غفلتم افتادہ گمراہ — ولے در سائش الحمد للہ!
سگاں را جز زیاں کاری چہ ہوش است — ہر آں کو صاحب است او پردہ پوش است
چناں پیرم نمی کن بارِ عصیاں — شوم بے حرمت و حیران پریشان
مرا ہم خود باقبالت غرور است — کہ کارت پرورش نامت غفور است
بطاعت مایۂ دارد نکو کار — ندارد تکیہ جز لطفت گنہ گار
نہ از من شد گنہ وز تو سخاوت — چہ شد در صاحب و بندہ تفاوت
برایں آتش کہ از عصیاں بدارم — ز ابر رحمتت اُمید دارم!
دریں طوفان جہاں برزشتے من — نگہبان لطف تو ایں کشتے من
منم بس روسیاہ کن شست و شوئی — بآب مرحمت دہ آبروئے
تو ئے عصیاں بہ بخشے عالمے را — کدام است آں خطا بخشد یکے را
دگر بخشند کسے یک بار باشد — نہ چوں تو دم بدم غفار باشد
مرا جز معصیت مایۂ اگر نیست — ترا جز مغفرت کار دگر نیست
دئی دیگراں باصد تمنا — برائے بندگی آمد دریں جا
توئی کان آمدی بخشت جہانرا — برائے پردہ پوشی مجرماں را
شفیع ورا حم و دانا و بینا ست — پئے مردہ دلاں نامت مسیحا ست
مسیحا بدرائی روح بردہ — نہ چوں تو ہر آں کس روح مردہ
شفیع دو جہاں و قطب عالم — ہویدا در دو عالم غوث الاعظم

در شان سلطان العارفین حضرت حاجی شاہ محمد شریف

Marfat.com

Marfat.com

مزار پُرانوار حضرت سید حاجی محمد شریفؒ (جگدیو کلاں ضلع امرتسر)

بیای ہنر در بدوکان عشق — زمن بشنوی حرف فرمان عشق
بگیرای بتعجیل دامان عشق — بہ بیں ایں سخن را بدیوان عشق
قلم زن نوشتہ بادل ردیف — بخواں نام حاجی محمد شریف
گر ایں نام یاد آوری جوہرے — مقرر بسا برتری گوہرے
دگر نہ چو زن میدہ بے شوہرے — تہی مانی از معدن گوہرے
دری بی بہار ا بگیرا ے ظریف — بخواں نام حاجی محمد شریف
آبداں کفر دم منشیں بہ آبی اعتقاد — گر اورا ہمہ علم ہا ہست یاد
لعین است مردود شیطان نہاد — بیا میز با صادق و با مراد
کہ گوئند ترا با زبان لطیف — بخواں نام حاجی محمد شریف
بفرماتو ایں نام باحق پرست — نہ با خود پرستے کہ او خود نخواست
بداند یقین ہر کہ نیک اختراست — کہ در دو جہاں نام ایں رہبر است
مگو با کسے نعتی و کثیف — بخواں نام حاجی محمد شریف
یقین نام ایں پارس و کیمیا است — خدارا دریں دان ترا ایں رواست
خدا و خدا دان نہ ہرگز جدا است — شدن بے یقین زیں ہمیں بس خطا است
ترا بارہا گفت و گوید حریف — بخواں نام حاجی محمد شریف
چو اکسیر ایں نام بیمار را — رہ مغفرت بیں گنہ گار را
حصار آہنی ہست زردار را — یقین ذوالفقار است پیکار را
قوی تن شوی ہیچ کوہ اے نحیف — بخواں نام حاجی محمد شریف
فلک اژدہائے پر از نیش ہست — گریں چرخ با تو جفا کیش ہست
بسا مشکل و درد درپیش ہست — مجرب دوائی بر ایں ریش ہست
بکن تا شود جملہ آفت ضعیف — بخواں نام حاجی محمد شریف

زعرفان شنو نقطۂ بے مثال — اگر ہستیے ای مرد فرخندہ فال
بیابی دریں رحمت لایزال — ز آفات ہرگز نگیرد زوال
متاع تو فصل ربیع و خریف — بخواں نام حاجی محمد شریف
اگر صادق ایدل بریں در شوی — وگر مفلسِ کیمیا گر شوی
بکرم معظم مقرر شوی — بہر در بہر کار بہتر شوی
گراں مایہ باشی نہ باشی خفیف — بخواں نام حاجی محمد شریف
فنِ فقر ہاشم تو دانندہ باش — رہ پارسایاں شناسندہ باش
دریں رہ شوی صادق دم شریف — بخواں نام حاجی محمد شریف

Marfat.com

والد اور خاندان

حضرت ہاشم شاہ کے والد بزرگوار سیّد حاجی محمد شریف عرب کے ایک بزرگ سیّد اور روشن گھرانے کے چشم و چراغ تھے۔ نہایت شریف النفس، حلیم المزاج اور سرچشمہ فیض و الطاف تھے۔ ان کی پیدائش ۱۲ جمادی الاوّل ۱۰۵۳ ہجری میں مدینہ منورہ میں حضور نبی کریم کے روضۂ مقدسہ کے قریب ظہور میں آئی۔ حاجی صاحب کے پانچویں پشت کے جدِّ امجد حلب سے تحصیل علم کی خاطر مختلف ممالک سے ہوتے ہوئے مدینہ منورہ تشریف لائے تھے اور مسجدِ نبوی میں درس و تدریس کا آغاز کیا تھا۔ حاجی صاحب تک یہ سلسلہ جاری رہا۔ آپ اپنے بزرگوں کی مانند راہ شریعت و طریقت پر گامزن تھے۔ آپ نے چالیس سال تک درس و تدریس کی خدمت انجام دی۔ چالیس حج کئے جو سب کے سب پاپیادہ تھے۔ حضرت ہاشم شاہؒ نے اپنے والدِ بزرگوار کی بزرگی اور شان کا حال ایک قصیدہ میں رقم کیا ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ آپ کے والد کس قدر بلند مدارج پر فائز تھے۔ یہ قصیدہ آپ کی تصنیف چہار بہار میں سے گزشتہ صفحات میں نقل کیا گیا ہے۔ قصیدہ کیا ہے معرفت و طریقت کے رموز بیان کئے گئے ہیں جنہیں گرہ میں باندھ کر کسی بھی شخص کے لئے راہ حق کی تلاش چنداں مشکل نہیں رہتی۔ یہ قصیدہ حضرت حاجی شریف کی بزرگی اور شان کا آئینہ تو ہے ہی اس سے حضرت ہاشم شاہ کے مقام اور اپنے والد ماجد سے عقیدت کا بھی کما حقہٗ اظہار ہوتا ہے اور معلوم ہوتا ہے کہ وہ اپنے والد کے علم و عمل اور ورثہ کے پوری طرح وارث تھے۔

حضرت حاجی شریف آپ کے والد ہی نہیں مرشد بھی تھے۔ مذکورہ قصیدہ سے آپ کے مریدانہ جذب و عقیدت کا اظہار پوری طرح نمایاں ہے۔ چہار بہار ہی میں ایک اور نظم میں جو آپ نے اپنے والد کی شان و مدح میں لکھی ہے فرمایا ہے۔

مراد دو حرمت کونین او یافت — کہ سایۂ حاجی الحرمین او یافت

جسے حاجی الحرمین محمد شریف کا سایہ مل گیا اسے دو جہاں کی عزت اور مراد مل گئی۔

دلیلش رہ نمائی عاشقان است — وجودش قبلۂ ہفت آسمان است

Marfat.com

شجرۂ نسب [illegible]

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حاجی [illegible] بن سید [illegible]

بن سید عبدالرحمن بن سید موسیٰ [illegible]

بن سید موسیٰ بن سید حاجی بن [illegible]

بن سید [illegible] بن سید [illegible]

بن سید [illegible] بن سید [illegible]

بن [illegible]

سید ابوالوفا [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

از فقرنامہ فارسی و شجرہ ہائے طریقت صفحہ ۲۰

Marfat.com

جنبش مطلع انوار یزداں، کشش مظہرِ اسرارِ جاناں

آپ کی گفتگو اور توجہ عاشقوں کی رہنما ہے۔ آپ کا وجود سات آسمان کا قبلہ ہے۔ آپ کی مطلع انوار یزداں ہے۔ آپ کا کلام معشوق کے رازوں کا مظہر ہے

پھر فرماتے ہیں۔

بحمد اللہ کہ این سال رہبرم است ۔ خیالِ آں شہنشہ در سرم است

اللہ کا شکر ہے کہ مجھے ایسا رہبر ملا اور میں اس والا قدر شہنشاہ کے تصور میں رہتا ہوں۔

ولادت اور نام

آپ کی ولادت باسعادت ۲۲ رجب المرجب کے روز ۱۱۴۸ھ میں مدینۃ النبی میں طلوع آفتاب سے پیشتر ہوئی۔ آپ کی ولادت بھی ایک ظاہر اکرامت ہے کہ پیدائش کے وقت آپ کی والدہ اور والد کی عمر نوّے پچانوے سال تھی۔ یہ عمر تو الد و تناسل کے لئے ناامیدی کا زمانہ ہوتا ہے۔ گویا آپ کا وجود بطور خرق عادت ظاہر ہوا۔ پیدائش کے ساتویں روز باتباع خیر الانام صلی اللہ علیہ وسلم رسم عقیقہ ادا کی گئی اور آپ کا نام محمد ہاشم شاہ رکھا گیا۔

آپ کی پیدائش کے وقت بڑی بڑی مقدس ہستیوں نے آپ کے گھر والوں کو مبارک بادیں دیں اور مولود مسعود کی خوشی میں گھر والوں نے بھی جو کچھ پایا راہِ حق میں لٹا دیا۔ حضور کی پیدائش کے وقت قدرت کے عجیب و غریب کرشمے ظہور پذیر ہوئے۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ کسی نہایت مبارک اور مفید خلائق ہستی کی آمد کا پیش خیمہ ہے۔ حضور پر خدا کی یہ بڑی نوازش تھی کہ آپ بچوں کی طرح رو رو کر پریشان نہیں کرتے تھے بلکہ ہر وقت خوش و خرم رہتے تھے۔ والدہ وقت پر دودھ پلا دیتیں اور لٹا کر اپنے کام میں مصروف رہتیں ماں کے کپڑے اور بستر ہمیشہ پاک و صاف رہتے۔

اخلاق و عادات

حضور عام بچوں کی شوخی اور شرارت نہ کرتے تھے اور حضور کے منہ پر کھیلتے وقت بُرے الفاظ نہ آتے بلکہ آپ کے ہاتھ اور زبان

Marfat.com

ت ومناجات صفحہ ۴۰

کسی کو کبھی تکلیف نہ پہنچی بچپن ہی میں نہایت مؤدب، مہذب اور متین ہے۔

حضور میں ولایت اور سیادت کے نشان دن بدن بڑھتے گئے۔ ہر ایک بھانپ جاتا کہ یہ ہستی ایک نہ ایک دن آسمانِ ولایت پر سورج ہو کر چمکے گی اور اس کے ضیاء کرم سے بہت سی خوش قسمت ہستیاں منور ہوں گی۔ آپ ہمیشہ چُپ اور مست رہتے۔

چار سال کے ہوئے تو والدِ مکرم بہ حکم رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم تبلیغ دینِ حق کے لیے ہندوستان تشریف لائے اور جگدیو کلاں ضلع امرتسر میں فروکش ہوئے۔ یہاں پندرہ سال تک فیوض و برکات کے گوہر لٹاتے اور لوگوں کو ہدایت کرتے رہے۔ ۱۱۶۷ھ میں ایک روز معمول طبیعت بگڑ جانے سے دنیا والوں کی نظروں سے اوجھل ہو کر حیات جاودانی حاصل کر گئے۔ اس وقت حضرت ہاشم شاہ کی عمر ۱۹ سال تھی۔ آپ نے یہ سب عرصہ والدِ مکرم ہی کی خدمت میں گزارا۔ ابتدائی تعلیم بھی انہیں سے حاصل کی۔ وفات کے وقت والد نے آپ کو پاس بلایا اور اپنے سینہ مبارک پر لٹا کر پیار کیا۔ پیشانی پر بوسہ دیا اور تمام امانت خداوندی آپ کے سینۂ مبارک میں منتقل فرما دی اور ضروری ہدایات آپ کی والدہ ماجدہ کو اشاروں میں ہی سمجھا دیں جو اپنی وفات تک آپ کو تعلیم دیتی رہیں۔ چھ ماہ بعد والدہ کا سایہ بھی سر سے اٹھ گیا۔

آپ تین بھائی تھے۔ سید ہاشم شاہ، سید رحمت اللہ شاہ اور سید قاسم شاہ۔ سید قاسم چھوٹی عمر میں لاولد فوت ہو گئے تھے۔ چونکہ یہاں سید محمد ہاشم کے تذکرے سے غرض ہے۔ اس لئے آپ کے بھائی کا ذکر نہ کیا گیا ہے۔

تعلیم ظاہری و باطنی

ظاہری طور پر آپ نے اپنے والدِ بزرگوار کی ارادت سے اور باطنی طور پر حضور سیدنا غوث الاعظم محی الدین شیخ سلطان سید عبدالقادر جیلانی سے فیض حاصل کیا۔ والد کی وفات کے بعد ان کے مزار (جگدیو کلاں ضلع امرتسر) اکثر حاضر رہتے۔ حتیٰ کہ چودہ علوم پر حاوی ہوئے۔

علم و فضل کا یہ حال تھا کہ بڑے بڑے کہنہ مشق اور فی البدیہہ شاعر، سخن طراز اور فصیح و بلیغ ادیب زانوئے

ازسی حرفی ہائے صفحہ ۳۶

Marfat.com

کرتے اور کسی کو تاب نہ تھی کہ حضور کے فضل و کمال کے سامنے خواہ مخواہ کتنا ہی علم و فضل جھوم جھوم جائے۔ جناب کے کلام کو قدر دانوں نے تبرکاً حرزِ جان بنا کر بجائے خود تمام آج تک سنبھالا ہوا ہے۔ حضرت اصول، معقول، منقول، نحو و حدیث، منطق و فلسفہ، تفسیر میں مستدل کی حیثیت رکھتے تھے۔ علمائے وقت اپنے زمانہ کے مرد یگانہ تھے۔ مرتاض، مجاہد، زاہد، شب خیز، سجادہ رہے تھے۔ انوارِ حق اور صولت ولایت سے آپ کا چہرہ ایسا منور اور بارعب تھا کہ حکام وقت بھی آپ کی طرف نظر بھر کر نہیں دیکھ سکتے تھے اور کیا مجال کہ کوئی نعوذ باللہ بے جا جرأت زبان سے نکلے اور بجائے کلام بڑے بڑے پہلوانوں جن کی اہل سطوت کی زبان لڑکھڑا جاتی اور بت بن کر سامنے کھڑے رہ جاتے۔ بڑے بڑے فن سوداگر اور حاکم وقت بے پا بوس ہوتے۔ غرضیکہ حضور کے دربار میں جو بھی آتا، محو حیرت اور خاموش رہتا اور رخصت کے وقت پیچھے پاؤں ہٹتا۔

حلیہ مبارک آپ کا قد میانہ، رنگ گندم گوں، خوش شکل اور لاغر بدن تھے۔ سبز پگڑی باندھتے، لمبا چوغہ اور بھاری شلوار زیب تن فرماتے۔ پاؤں میں جوتا پہنتے۔

شغل آپ کا شغل یاد الٰہی اور تبلیغ دین حق تھا ـــــ فرائض عبادت کے بعد آپ کا یہ روزانہ کام تھا کہ آپ اپنے شاگردوں اور ملنے والوں کو ظاہری و باطنی تعلیم دیتے اور مختلف قسم کی مذہبی اور دنیاوی مشکلات کا حل بتاتے۔ قریباً پانچ صد اشخاص کا اجتماع ہمیشہ ہر وقت رہتا تھا۔ مسخرات اور تصرفات و دیعت خداوندی آباؤ اجداد سے تھے۔ خلق خدا عام آتی اور منہ مانگی مرادیں پاتی اور حسب منشا خوراک بھی مل جاتی۔ روزانہ دو وقت پانچ پانچ سو آدمی آپ کے دسترخوان سے کھانا کھاتے۔ آپ کے مطبخ میں ہمیشہ چار آدمی کام کرتے تھے لیکن باوجود اس کے اکثر ان کا ہاتھ بٹانے

آپ کا مرتبۂ بزرگی اسی شان و شکوہ سے متاثر ہو کر جملہ اجداد نجیب سنگھ نے ہر اس گاؤں میں جہاں آپ کے تعلقات تھے۔ حسب ضرورت جاگیریں دیں تو آپ نے بھی اپنے انہی صوبے داروں کو دے دیں۔ ماسوائے تھریال ضلع سیالکوٹ اور مگر یوکلاں جہاں اقامت رکھتے بھائی کلاں اور تھریال والی بھی خود رکھنا نہیں چاہتے تھے لیکن اپنے دوست جاب کے اصرار پر آپ نے

Marfat.com

صاحبزادے حضرت محمد شاہ کو وہاں رہنے کا حکم دیا۔

جگدیو کلاں اور تھریال کے علاوہ خطرائی، کندووالی اور ملک پور میں بھی آپ کی حاکمانہ دسترس تھی۔ جس کی مثال دنیاوی نظام سے بخوبی سمجھ میں آسکتی ہے کہ ایک گورنر جنرل ہو اور مختلف صوبوں اور اضلاع میں دوسرے حاکم۔ بلکہ ان کے علاوہ ہر ضلع میں ایک دو مقام ایسے ہیں جن کا تعلق آپ کی ذات سے ہے۔

عبادت و ریاضت

آپ کی طہارت اور عبادت کا یہ حال تھا کہ آپ کا کبھی وضو نہ ٹوٹتا آپ اکثر روزہ رکھتے۔ فرائض نماز کی پابندی کے علاوہ رات دن مراقبے اور مشاہدے میں رہتے۔

اس علم و فضل اور کمال ولایت کے باوجود آپ اپنے ملنے والوں بلکہ ہر وقت پاس رہنے والوں کو اپنے ہاتھ سے کھانا کھلاتے۔ مہمان کی حد درجہ مہمان نوازی فرماتے۔ سچ بولتے، وعدہ کو ایفا فرماتے۔ رحم دلی، خلق طینتی اور پاکیزگی ازلی ودیعت تھی۔ چنانچہ ذیل کے ایک دو واقعات سے آپ کے اخلاق حمیدہ کا اندازہ ہو سکتا ہے۔

ایک دفعہ سخت وبا پھیلی جس سے ہزاروں مخلوق خدا کا خاتمہ ہو گیا۔ آپ نے خدا کی مخلوق کے لئے منادی کرادی کہ جو مریض ہمارے کنویں سے پانی پیئے گا۔ اللہ اسے شفا بخشے گا۔ چنانچہ ہزاروں آدمی، عورتیں اور بچے پانی لے جاتے، پیتے اور فوراً تندرست ہو جاتے بلکہ آج تک عقیدت مند حضرات مستفید ہوتے ہیں۔

کرامات

آپ کی کرامتیں تو بیشمار ہیں مگر مشتے از خروارے پیش قلم کی جاتی ہیں۔

۱۔ ایک برہمن کی نوعمر لڑکی مدت سے بیمار تھی۔ اس کو کوڑھ کا مرض تھا۔ حتیٰ کہ اگر اس کے گھر والوں نے اسے گھر سے نکال دیا تھا۔ لہٰذا جب اُسے کوئی پناہ کی جگہ نہ ملی تو حضور کے دامن پناہ گزی۔ آپ کی توجہ نظری سے ہی وہ دن بدن اچھی ہوتی گئی حتیٰ کہ بالکل تندرست ہو گئی۔

۲۔ اب چونکہ وہ تندرست تھی۔ لہٰذا گھر والوں نے لوگوں کے طعن و تشنیع پر اسے اپنے گھر واپس لے جانا چاہا لیکن وہ نہ گئی کیونکہ اسے تکلیف و دکھ کے وہ دن نہیں بھولے تھے جبکہ دنیا میں اس کا کوئی عزیز و اقارب اس کا پرسان حال نہ تھا اور بجائے ملاج معالجہ کے گھر سے نکال چکے تھے۔

Marfat.com

لہٰذا اس نے شاہ صاحب کی خدمت میں ہی رہنا قبول کیا۔ وہاں جھاڑو وغیرہ دیتی اور اللہ
بد باطن برہمن لوگوں نے اتفاق کر کے دیوان دینا ناتھ اور دیوان ساون مل وغیرہ جو کہ رنجیت سنگھ کے نا
مصاحب بلکہ وزراء تھے۔ ان کو اس واقعہ کی اطلاع عشقیہ رنگ میں دی اور سارا قصور شاہ صاحب
تھوپا۔ انہوں نے مہاراجہ صاحب کو اطلاع دیئے بغیر تین دفعہ تھوڑے تھوڑے عرصے کے بعد سپاہیوں کو
بھیجا کہ شاہ صاحب کو پکڑ کر لے آئیں لیکن جو آدمی جاتے ان کی یہ جرأت نہ ہوتی کہ آپ سے بات
بھی کریں کیونکہ آپ کی ہیبت اور رعب کافی تھا اور آپ ہمیشہ جلالت میں رہتے تھے۔ یہاں تک کہ
آپ کے پاس چالیس سپاہی جمع ہو گئے۔

۳۔ چوتھی بار جنرل بدھ سنگھ کی معیت میں ایک دستہ فوجی سپاہیوں کا بھیجا کہ انہیں زبردستی لایا
جائے۔ جب جنرل بدھ سنگھ حضور کے دربار میں پہنچا تو دس روز گزر گئے۔ اسے بھی اپنا کام بھول
گیا۔ آخر گیارہویں حضور نے بدھ سنگھ کو بلایا اور فرمایا کہ انسان کو اپنے فرض منصبی سے غافل نہیں
چاہیئے۔ میرا خیال ہے کہ اب ہمیں لاہور جانا چاہیئے۔ لہٰذا آپ اپنے تمام دستوں کو حکم دیں کہ آج واپسی
ہو گی۔ جنرل بدھ سنگھ نے حضور کے حکم سے سب کو حکم دے دیا اور روانہ ہوئے۔ اتنے میں سب کو معلوم
ہوا کہ ہم شالامار باغ لاہور کے قریب پہنچ چکے ہیں اور اتنی مسافت ایک آن واحد میں طے ہو گئی۔

۴۔ جنرل بدھ سنگھ آپ کے ساتھ تھا۔ آپ نے فرمایا کہ دیوان صاحب نے مجھے چونکہ جیل میں لے
جانے کا حکم دیا تھا۔ لہٰذا مجھے داروغہ جیل کے سپرد کر دو اور انہیں اطلاع کر دو۔ جنرل بدھ سنگھ صرف والا
شاہی کے حکم سے مجبور نہیں تھا بلکہ اس وقت حضور کے حکم سے سرتابی نہیں کر سکتا تھا لہٰذا طوعاً و کرہاً چلا گیا اور
اطلاع کر دی کہ شاہ صاحب کو لا کر جیل میں دیدیا گیا ہے۔

۵۔ اسی رات سہ پہر رات گئے مہاراجہ صاحب کو کسی نے گہری نیند سے بیدار کیا اور کہا کہ آپ
نیند سو رہے ہیں اور آپ کے کارندوں نے یہ کام کیا ہے۔ مہاراجہ صاحب فوراً اٹھے اور اسی وقت وزراء کو
بلایا اور دریافت کیا کہ آج آپ نے کس شخص کو جیل میں دیا ہے۔ چونکہ یہ سب کارروائی مہاراجہ صاحب
کے بالا بالا تھی۔ لہٰذا وہ کانپنے لگا لیکن سچ بتانا پڑا۔ اسی وقت مہاراجہ موقع پر گئے۔ لیکن کیا ملاحظہ

Marfat.com

